بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکتوبات طالب رحمۃ اللہ علیہ کنجاہی

باہتمام

جناب ڈاکٹر محمد ضیاء اللہ روح الامین صاحب

سجادہ نشین دربار عالیہ طالبیہ کنجاہ شریف ضلع گجرات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکتوبات شریف

قدوۃ السالکین ، امام المتقین ، شیخ طریقت ، قطب زماں

اعلیٰ حضرت عالیجناب الحاج ڈاکٹر شیخ محمد اللہ دتا صاحب طالب کنجاہی

مکتوباتِ طالب رحمۃ اللہ علیہ کنجاہی

باہتمام

جناب ڈاکٹر محمد ضیاء اللہ روح الامین صاحب

نقشبندی ، مجددی ، جماعتی ، طالبی

سجادہ نشین دربارِ عالیہ طالبیہ کنجاہ شریف ضلع گجرات

Marfat.com

جملہ حقوق بحق دربار عالیہ طالبیہ نقشبندیہ محفوظ ہیں

نام کتاب ——— مکتوبات طالبؒ
ناشر ——— جناب صاحبزادہ ڈاکٹر محمد ضیاء اللہ روح الامین صاحب
صفحات ———
اشاعت ——— اوّل
تعداد ——— ۵۰۰
تاریخ ——— رمضان المبارک بمطابق مارچ ۱۹۹۲ء
کتابت ——— محمد ضیاء اللہ
مطبع ——— شرکت پرنٹنگ پریس ۴۳ نسبت روڈ، لاہور
قیمت ——— ۳۵/- روپے

ملنے کا پتہ

دربارِ طالبؒ، کنجاہ شریف، ضلع گجرات

بسم الله الرحمن الرحيم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ

باسمِ سُبحانہٗ

انتساب

اُن مجاہدین صف شکن و پنجہ فگن کے نام جنہوں نے اعلائے کلمۃ الحق کے لیے اپنی جانیں قربان کیں اور دینِ اسلام کی سربلندی کے لیے اپنی زندگیاں وقف کر دیں اور سلسلۂ نقشبندیہ میں منسلک ہو کر

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن۔
خدا رحمت کند ایں بندگانِ پاک طینت را

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

ما كان محمد

أبا أحد من رجالكم

ولكن رسول الله وخاتم النبيين

القرآن الكريم

Marfat.com

فہرست

مکتوبات نمبر	ارشادات عالیہ	صفحہ نمبر
۱ -	بندگی	۱۹
۲ -	محبت بشیخ	۲۶
۳ -	تبلیغِ اسلام اور پاکستان	۲۸
۴ -	آداب سلوک	۳۰
۵ -	دُنیا و دین	۳۳
۶ -	محبت صالحین	۳۴
۷ -	آدابِ زمانہ	۳۵
۸ -	اولیائے عظام کی تبلیغ کا طریقہ	۳۶
۹ -	استقامت	۳۹
۱۰ -	آنکھ والے تیرے جوبن کا	۴۱
۱۱ -	بری خوابیں اور علاج	۴۲
۱۲ -	مذمت دُنیا و حقوق نسواں	۴۵
۱۳ -	وظائف نقشبندیہ	۴۹
۱۴ -	عزت سرمایہ ایمان ہے	۵۰
۱۵ -	اسلام اور افرنگی نما مسلمان	۵۳
۱۶ -	پریشانیاں اور علاج	۵۷
۱۷ -	مراقبہ اور اثرات	۶۰
۱۸ -	حقوق العباد	۶۳
۱۹ -	اتباعِ سنت	۶۵
۱۹ا -	خواہشات نفسانی	۶۹
۲۰ -	تیرا جلوہ ہو گر	۷۰
۲۱ -	مثالی کردار	۷۱
۲۲ -	اجرا اعمال صالح	۷۲
۲۳ -	صراط مستقیم	۷۴
۲۴ -	صحبت بشیخ	۷۷
۲۵ -	جہاد فی سبیل اللہ	۷۸
۲۶ -	رضائے مولا کریم	۸۰
۲۷ -	دُنیا و آخرت	۸۲
۲۸ -	پاکستان اور اسلام	۸۳
۲۹ -	منتہائے مقصود	۸۵
۳۰ -	پابندی وظائف	۸۶
۳۱ -	نظامِ کائنات	۸۷
۳۲ -	پیغام حق تعالیٰ	۸۹
۳۳ -	جہادِ اکبر	۹۳
۳۴ -	حبِ مال	۹۴
۳۵ -	الاعمال بالنیات	۹۷

Marfat.com

۳۶ - یارانِ طریقت — صفحہ ۹۸
۳۷ - فنا سے بقا — ۹۹
۳۸ - رضائے مولا تعالیٰ — ۱۰۲
۳۹ - مکاشفات — ۱۰۴
۴۰ - مشکلے نیست — ۱۰۵
۴۱ - تخیلاتِ سالک — ۱۰۶
۴۲ - افرنگی مسلمان — ۱۱۰
۴۳ - تبلیغِ اسلام — ۱۱۲
۴۴ - وظائف اور فوائد — ۱۱۳
۴۵ - پابندیٔ شریعت — ۱۱۶
۴۶ - انفاق فی سبیل اللہ — ۱۱۷
۴۷ ا - اتباع — ۱۱۹
۴۷ ب - بر سرِ فرزندِ آدم — ۱۲۰
۴۸ - پاکستانی پالیسی — ۱۲۳
۴۹ - اسلام اور پاکستان — ۱۲۵
۵۰ - حقوق اللہ اور حقوق العباد — ۱۲۷
۵۱ - نگاہِ مردِ مومن — ۱۳۰
۵۲ - مالک و مختار — ۱۳۲
۵۳ - من کان للہ کان اللہ لہٗ — ۱۳۳
۵۴ - انتقام — ۱۳۷
۵۵ - پاکستان امن و سلامتی کا گہوارہ — ۱۳۸
۵۶ - رمضان المبارک اور اعتکاف — ۱۴۰
۵۷ - دعا کی قبولیت — ۱۴۲
۵۸ - اتباعِ رسولؐ — ۱۴۴
۵۹ - سلوکِ نقشبندیہ — صفحہ نمبر ۱۴۵
۶۰ - نظامِ حکومت — ۱۴۶
۶۱ - توکل علی اللہ — ۱۵۴
۶۲ - طالبِ مولا — ۱۵۶
۶۳ - اُسوۂ حسنہ — ۱۵۹
۶۴ - خواہشات — ۱۶۱
۶۵ - نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم — ۱۶۳
۶۶ - فضلِ عظیم — ۱۶۵
۶۷ - عاشقِ پیر — ۱۶۷
۶۸ - صحبت — ۱۷۱
۶۹ - اسلامی زندگی — ۱۷۳
۷۰ - تسلیم و رضا — ۱۷۵
۷۱ - رباعیاتِ زمانہ — ۱۷۷
۷۲ - اتباع — ۱۷۹
۷۳ - درسِ بندگی — ۱۸۱
۷۴ - عملِ پیہم — ۱۸۲
۷۵ - سفرِ حجاز — ۱۸۷
۷۶ - مادر زاد ولی — ۱۸۹
۷۷ - لیلۃ القدر — ۱۹۳
۷۸ - قرتہا باید — ۱۹۴
۷۹ - پھلدار اور اپھل درخت — ۱۹۷
۸۰ تا ۸۲ - اہلِ خانہ کے نام — ۱۹۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ صحبہ الکرام ۔

ابتدائیہ

اہل اللہ کے ارشادات وکلمات جب مکتوبات کی صورت میں جلوہ گر ہوتے ہیں تو ان کی روشنی میں مشائخ عظام کی قلبی کیفیات اور اندرونی احساسات وواردات کا جلوہ انتہائی آب وتاب کے ساتھ پیش نظر ہو کر دعوت کیف وسرور دیتا ہے۔ ان متبرک مکتوبات میں اللہ تعالےٰ اور اس کے حبیب پاکؐ کے ارشادات کی ترجمانی ۔ دینی دعوت تزکیۂ نفس اور ذکر اللہ کی تلقین ۔ دنیا کی بے ثباتی اور آخرت پر یقین رب کائنات کی بے پایاں عنایات کا تذکرہ اور اس پر اعتماد و توکل کی ترغیب کے علاوہ قرآن و حدیث کی عظمت اور ان کے حقائق ومعارف منکشف ہوتے ہیں ۔ ان کو پڑھ کر دل میں اللہ ورسولؐ کی محبت اور کتاب اللہ کی عظمت پیدا ہوتی ہے ۔ ذکر اللہ ۔ اتباع رسول اللہ کا شوق بیدار ہوتا ہے ۔ صحابہ کبارؓ کا عشق اور طریق اہل سنت والجماعت پر اطمینان ویقین کی دولت نصیب ہوتی ہے ۔

جہاں علمائے امت نے تبلیغ دین اور اشاعت اسلام کی خاطر تفسیر حدیث اور فقہ کی تصنیف وتالیف کے ذریعہ گراں مایہ خدمات سرانجام

Marfat.com

دین۔ اس کے ساتھ اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کی ایک پاکیزہ جماعت نے بھی حضور نبی اکرمؐ اور حضرت سلیمانؑ کی اتباع میں اسلام کی سربلندی اور وابستگانِ طریقت کی باطنی تربیت اور تزکیہ نفس کے لیے ارسال مکتوبات ہی کو ذریعہ تبلیغ بنایا۔ حضرت سلیمانؑ نے ملکہ بلقیس کو بذریعہ مکتوب دعوت اسلام دی۔ جس کا ذکر ملکہ نے اپنے سرداروں سے یوں کیا۔

"بلاشبہ میری طرف ایک عزت (تکریم) والا مکتوب بھیجا گیا۔ بلاشبہ وہ حضرت سلیمانؑ کی طرف سے ہے اور بلاشبہ وہ اللہ کے نام سے ہے جو نہایت مہربان رحم والا" پ۱۹ ع ۱۶

حضور نبی اکرمؐ نے بھی دعوت حق کے سلسلہ میں مختلف حکمرانِ وقت کو مکتوبات گرامی قدر ارسال فرمائے جس سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ مکتوبات ایک مؤثر ذریعہ تبلیغ ہے۔ چنانچہ چند نورانی ہستیوں کے اسمائے گرامی جنہوں نے اس سنت نبویؐ کی پیروی کرتے ہوئے ارسال مکتوبات کو ذریعہ تبلیغ بنایا۔ ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں۔

۱۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی جناب شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ کے ہر سہ دفتر مکتوبات جنہیں بقائے دوام نصیب ہوئی معارف الہیہ کا بحرِ بیکراں ہیں۔

۲۔ مکتوبات حضرت خواجہ سید محمد باقی باللہ صاحبؒ دہلوی۔ آپ پاک و ہند میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے بانی ہیں۔

۳۔ مکتوبات حضرت شیخ شرف الدین منیریؒ۔ صوفیائے متقدمین میں آپ کی عظمت مسلّم ہے۔

۴۔ مکتوبات حضرت سید محمد گیسو درازؒ۔ پاک و ہند میں سلسلہ عالیہ چشتیہ کے فیوض و برکات آپ کے دس قدم سے پھیلے۔

۵۔ مکتوبات قدوسیہ۔ حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہیؒ کے مکتوبات پر مشتمل ہے۔

Marfat.com

۶- مکتوبات معصومیہ - عروۃ الوثقی قیوم زماں حضرت جناب خواجہ محمد معصوم مجددی سرہندیؒ کے پاکیزہ ارشادات - اسرار الٰہیہ اور انوار قدسیہ کا ایک لازوال شاہکار ہیں۔

۷- مکتوبات حضرت شیخ کلیم اللہ شاہجہان پوریؒ

۸- مکتوبات سعیدیہ - حضرت امام ربانیؒ کے صاحبزادہ خواجہ محمد سعیدؒ کے ارشادات عالیہ کا مجموعہ ہے۔

۹- مکتوبات حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ

۱۰- مکتوبات حضرت حاجی دوست محمد قندھارویؒ

۱۱- مکتوبات امیر ملت - اعلیحضرت امیر ملت الحاج حافظ پیر سید جماعت علی شاہ صاحب محدث علی پوریؒ کے نورانی ارشادات کا مجموعہ ہے۔

مکتوبات طالبؒ کا یہ مجموعہ جو ہدیہ قارئین ہے ۔عرفان و حکمت سے لبریز ہے - اندازِ بیان نہایت پاکیزہ اور عین اسلامی ہے - اعلیحضرت الحاج ڈاکٹر شیخ محمد اللہ دتا صاحب طالب کیجاہی نے مکتوب الیہ کے مختلف مسائل کا جواب نہایت دلنشیں پیرائے میں رقم فرمایا ہے۔ آپ کے مکتوبات سنت نبویؐ کی اتباعِ کامل - اسرار طریقت - ذکر فکر مراقبہ - نماز تہجد کی تاکید - بدعات سے اجتناب - پاکستان سے محبت اور وطنِ عزیز کی بے لوث خدمت - دوام حضور اور دیگر لطائف و برکات سلسلہ عالیہ نقشبندیہ پر مشتمل ہیں - نیز تقویٰ - طہارت - عبادت تہذیب اخلاق - تزکیہ نفس اور دیگر متصوفانہ نکات وضاحت سے بیان کئے گئے ہیں - انشاءاللہ تعالیٰ تشنگانِ معرفت اور وابستگانِ طریقت اپنی باطنی تربیت اور تزکیہ نفس کے لیے پاکیزہ ارشادات پر مشتمل اس نسخہ کیمیا اور شاہکارِ لازوال سے اپنا دامن بھرتے رہیں گے۔ الحمدللہ - والدِ گرامی جناب اعلیحضرت الحاج کیپٹن خواجہ محمد امین

صاحب قدس سرہٗ کے ایک اور مشن کی تکمیل ہوئی۔ مکتوبات طالبؒ کے لیے انتساب آپ نے اپنی زندگی میں خود اپنے قلم سے تحریر فرمایا۔ فقیر جناب الحاج شیخ نعمت علی صاحبؒ۔ جناب محترم حاجی محمد رفیق صاحب والٹن لاہور جناب شیخ محمد افضل حق صاحب سلطانپورہ۔ لاہور اور چوہدری عبدالرحمٰن خاں کے لیے دعاگو ہے۔ جنہوں نے دوستوں سے رابطہ کرکے نیز اعلحضرت سرکار کنجاہی طالب الہٰیؒ کے ذاتی کتب خانہ سے قلمی مکتوبات شریف کی نقول حاصل کرکے اس مبارک مشن کی تکمیل میں خدمات سرانجام دیں۔

فقیر ڈاکٹر محمد ضیاء اللہ عفی عنہ

تعارف

پیش نظر کتاب مکتوبات طالب اعلیحضرت عالیجناب الحاج ڈاکٹر شیخ محمد اللہ دتا صاحب طالب کنجاہی کے یارانِ عقیدت کے نام تبلیغی نوعیت کے مکتوبات گرامی قدر پر مشتمل مجموعہ کا نام ہے آپ کی ذاتِ ستودہ کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ اعلحضرت عظیم البرکت امیر ملّت مجدّد مائۃ حاضرہ الحاج حافظ پیر سیّد جماعت علی شاہ صاحب محدّث علی پوریؒ کے منظورِ نظر خلفاء کبار میں سے تھے۔ آپ نے اپنی تمام زندگی اتباعِ شیخ میں بسر کی۔ اسی رنگ کا اثر تھا کہ کئی بار جان پر بن جانے کے باوجود بڑے سے بڑے جابر حاکم کے سامنے بھی اعلائے کلمۃ الحق کہنے سے دریغ نہیں فرماتے تھے۔ شیخ سے عقیدت اہلِ تصوّف کی نگاہ میں روحانی ترقی کا پہلا زینہ ہوتی ہے۔ محب اسی زینے سے عشق کی تمام منازل اور مسافت طے کرتا ہے۔ یہ پہلا قدم ہی بعض خوش نصیبوں کو مقصود تک پہنچا دیتا ہے کیونکہ عاشق کا کام زینے پر قدم رکھنے کا ہے۔ اور باقی سارا کام زینے والے کا۔ جہاں زینے کی انتہا ہوگی وہاں عاشق کا مقام ہوگا۔ الحدیث اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔ دوستوں کی خواہش تھی کہ آپ کے وصال فرمانے کے بعد آپ کی زبان ترجمان حقیقت بیان سے ادا شدہ کلمات وملفوظات شائع کئے جائیں تاکہ آپ کی یاد ہمیشہ دلوں کو گرماتی رہے اس لیے کہ:

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

اور آپ کے پند ونصائح وابستگانِ طریقت کی روحانی تسکین کا باعث

Marfat.com

بن کر روحانی ترقی کی راہیں واشگاف ہوں اور اس تعلق کی بنا پر سرکارِ دوعالم سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک درجہ بدرجہ رسائی نصیب ہو کیونکہ اتباعِ سنت عین محبتِ الٰہی ہے۔

آپ ۱۸۸۶ء میں کنجاہ ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ ۲۲ برس کی عمر میں کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور سے ڈاکٹری تعلیم مکمل ہونے پر فوج میں ملازمت اختیار کی۔ ۱۹۰۹ء میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں اعلیٰ حضرت امیرِ ملت پیر حافظ سید جماعت علی شاہ صاحب محدث علی پوری سے بیعت ہوئے۔ جذب وسلوک کی بدرجہ اتم تکمیل پر خلافت سے سرفراز فرمائے گئے۔ فوجی ملازمت میں جنگ عظیم اوّل کے دوران عراق۔ ایران۔ فرانس۔ انگلینڈ۔ اٹلی۔ مصر حجاز۔ جزائر انڈیمان اور برما کے ممالک میں بحیثیت فوجی ڈاکٹر خدمات انجام دیں۔ جہاں غیر مسلم عیسائی اور ہندو بھی آپ سے متاثر ہو کر حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے۔ اور مسلمان تو ہزاروں کی تعداد میں آپ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے۔ ۱۹۲۰ء میں ملازمت سے فارغ ہوئے تو اعلیٰ حضرت ممدوح الشان کی اقتدا میں ۱۹۲۳ء سے ۱۹۲۵ء تک شدھی اور سنگھٹن جیسے فتنہ کے انسداد کے لیے کام کیا۔ ہزاروں مرتدین کو اسلام میں داخل کر کے پکا اور سچا جانثار بنایا۔ ۱۹۳۱ء میں کشمیر ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں ملتان جیل میں قید و بند کی سختیاں جھیلیں۔ مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں دن رات کام کیا۔

آزادی سے قبل متحدہ ہندوستان میں رہتک، حصار، کرنال، متھرا ریاست الور دجانہ اور راجپوتانہ کے اضلاع کے راجپوت ملکانوں میں سالہا سال تک دورے کر کے تبلیغِ اسلام میں منہمک رہے۔

وطن عزیز ملک پاکستان میں ہزارہا بندگانِ خدا کو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں منسلک کر کے رہنمائی اور دستگیری فرمائی۔ ریلوے اور فوج کے ملازمین کو خاص طور پر تبلیغ فرمائی۔ اپنے وطن مالوف میں مسلمانوں کی خدمت کے لیے سکول کے اجرا اور انتظامی معاملات میں مختلف سطحوں پر

Marfat.com

مسلمان ممبروں کو شامل کرنے میں پوری توجہ دی۔ ۱۹۵۸ء میں واصل بحق ہوئے۔

المختصر اپنی بہتر سالہ مثالی زندگی میں آپ نے ہزار ہا نفوس کو غفلت کی نیند سے بیدار کیا۔ ذکر اللہ کے نور سے ان کے دلوں کو زندہ و منور فرمایا مقصدِ حیات سمجھا کر ان کی زندگی حیاتِ طیبہ میں بدل دی۔ نہایت محنت اور مسلسل تربیت سے ان کو اسوۂ حسنہ میں رنگ دیا۔ سید عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی محبت میں سرشار کر کے ان کو عرفان و تکمیل سلوک کی منزل تک پہنچایا۔ باقیات الصالحات میں ایک جماعت کو اس کام کو جاری رکھنے کے لیے امیر حلقہ بنایا۔ مجلسوں اور صحبتوں کے علاوہ فرداً فرداً حسبِ حال خطوط لکھ کر بھی رہنمائی اور تربیت فرماتے رہے۔ جن سے مسترشدین کو ذاتی معاملات میں خصوصی مدد ملتی رہے گی۔

اعلیٰ حضرت امیرِ ملت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جاری کردہ ماہوار رسالہ انوار الصوفیہ میں بھی آپ متفرق مضامین لکھتے رہے۔ لیکن ۱۹۵۰ء سے تصوف کے مستقل عنوان کے تحت تسلسل سے لکھنا شروع کیا۔ جب کہ آپ کی عمر مبارک اس وقت چونسٹھ (۶۴) برس تھی۔ اس میں آپ نے عملی اسلام کو سلوک کے طور پر قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں شرح و بسط سے بیان فرمایا۔ اس میں تصوف کی تعریف و حقیقت و اسناد۔ پھر بالترتیب تعارف اولیاء اللہ۔ ضرورت شیخ۔ آدابِ مرید۔ رابطہ صحبت شیخ نہایت مؤثر و مدلل انداز میں لکھے۔ یہ سلسلہ آپ کے سن وصال ۱۹۵۸ء تک جاری رہا۔ چونکہ آپکے یہ مضامین تصوف کے موضوع پر ایک نہایت بلند پایہ۔ عام فہم مستقل نوعیت اور افادیت کے حامل تھے۔ لہذا انہیں رسالہ انوار الصوفیہ سے یکجا کر کے کتابی شکل میں بنام تصوف طبع کرایا گیا جس کا تیسرا ایڈیشن اب الفضل تعالیٰ مارکیٹ میں دستیاب ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

مکتوبات

Marfat.com

مکتوباتِ طالبِ عظیم ترہیں
رَوایاتِ مکتوبِ قدیم ترہیں

عبدالرحمٰن

مکتوب نمبر ا

بندگی

بنام ایڈیٹر رسالہ انوارالصوفیہ

مندرجہ ذیل مضمون کا ایک خط عرصہ ڈھائی سال سے ڈاکٹر اللہ دتہ صاحب کی طرف سے مصر سے میرے نام آیا تھا اس استدعا کے جواب میں جو مارچ ۱۹۱۹ء کے رسالہ میں ان کے لڑکے کی درازی عمر کی نسبت چھپی تھی۔ اب لڑکے کے فوت ہو جانے پر پانچ ماہ کے بعد ڈاکٹر صاحب کی اجازت سے استفادۂ احباب کی خاطر درج رسالہ کیا جاتا ہے۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بندہ کے خیال میں رسالہ میں دعائے مولود کے لئے استدعا کرنا غیر ضروری تھا اور ہے کیونکہ اس میں شہرت ہے اور شہرت میں نجالت ہے اس لئے بندہ اس استدعا کو غیر ضروری خیال کرتا ہے اور رسالتہً ہی حضور انور شہنشاہ قبلہ علی پوری کے دربار شریف میں بھی درخواست کرنے سے محترز ہے کیونکہ بندہ اپنی حقیقی استدعا میں غیر حقیقی اور غیر ضروری اور فانی چیز کے لئے استدعا کی ملاوٹ کرنا نہیں چاہتا اور ازل سے آخر تک ایک ہی خواہش اور طلب میں مرنا چاہتا ہے اور ایک ہی خواہش اور طلب رکھتا ہے اور اس ایک ہی طلب کے لئے مکلف بھی ہے۔ آیہ کریمہ "وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونَ" اس کی تصدیق کر رہی ہے۔ کوئی چیز آئے یا جائے، مرے یا جیئے، بندہ اگر بندہ ہے تو کچھ اثر اس نفع و نقصان کا اس پر نہیں کیونکہ یہ نفع و نقصان اس کا نہیں جب کسی کو کوئی چیز عاریتہً دی جائے اور پھر بعد از استعمال اس سے واپس لی جائے تو قرض حسنہ لینے والا کسی خوشی یا غمی کا مستحق نہیں۔ قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی کی مانگی ہوئی چیز اسے واپس کر دی جاتی ہے تو اس کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے نہ کہ آہ و بکا کر کے اظہار ناراضگی۔ جب مالک

Marfat.com

نے اپنی چیز واپس لے لی تو ہمارا نفع و نقصان کیا معنی؟ بفرض محال اگر اس کو نفع و نقصان سمجھ بھی لیا جائے تو وہ عارضی اور چند روزہ ہے اور مقصود حقیقی پر اس کا کچھ اثر نہیں۔ فانی چیزیں فانی تعلقات مقررہ وقت پر سب علیحدہ ہو جائیں گے۔ ایسی اشیا کے ساتھ دلی وابستگی کسی مذکورہ بالا آیت شریف بتا رہی ہے کہ اس زندگی کی غایت اور غرض فقط معرفت الٰہی ہے اور بس۔ معرفت الٰہی حاصل نہیں ہو سکتی۔ جب تک ماسوائے اللہ سے روئے دل نہ پھیرا جا دے۔ وہ آنکھ روئے جاناں کے دیکھنے کی مستحق نہیں ہو سکتی جو کہ غیر صورتوں کے دیکھنے میں دلچسپی لیتی ہے کیونکہ یہ اغیار سے دلچسپی اس کے دعوئے طلب روئے جاناں کو غلط اور جھوٹ ثابت کر رہی ہے۔

دلا رامے کہ داری دل درو بند　　　　دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

ہاں معرفت الٰہی حاصل نہیں ہو سکتی۔ جب تک محبت اور عشق الٰہی دل میں پیدا نہ ہو محبت اور عشق خدا کے حاصل کرنے کے طریقے مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ یوں بیان فرماتے ہیں۔

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد　　　　بسا کیں دولت از گفتار خیزد

یہ ہر دو طریقے بایں الفاظ محال اور ناممکن ہیں جب تک محبوب کو مجسم اور مثالی تصور نہ کر لیا جائے اور ایسا خیال خدائے وحدہٗ لاشریک کی نسبت کرنا شرک ہے ہاں مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے جو طریقہ بتایا ہے وہی ایک طریقہ ہے فرماتے ہیں۔

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا　　　　او نشیند در حضور اولیاء

محض حضور اولیا اللہ سے ہی بندہ دیدار اور گفتار ہر دو طریق سے فیض اٹھا سکتا ہے۔ آیۃ کریمہ (کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ) میں بھی یہی راز پوشیدہ ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر کمال شفقت اور ترحم فرما کر مداومی معیت اولیا کی طرف حکم فرما رہا ہے کیونکہ ان سے علیحدہ رہنا خدا سے دور رہنا ہے اور خدا سے دور اور علیحدہ دترک محبت میں رہنے والوں کو معرفت خدا حاصل نہیں ہو سکتی۔ مولانا روم فرماتے ہیں۔

Marfat.com

دور گشتی از حضور اولیاءٔ   درحقیقت گشتہ دور از خدا

معرفت الٰہی حاصل کرنے کے لئے محبت اور عشق الٰہی کی ضرورت ہے اور محبت اور عشق الٰہی حاصل کرنے اور سیکھنے کے لئے خدا تعالےٰ اپنے برگزیدہ اور پاک بندوں کی معیت مدامی کی طرف رہنمائی فرماتا ہے۔ آیۃ کریمہ (قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ) اس آیۃ کریمہ سے ظاہر ہو رہا ہے کہ اللہ تعالےٰ کی محبت کے دعوے کی تصدیق محض اتباع حضرت سرور کائنات فخر موجودات سید الانبیاء احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلعم سے ہی ہو سکتی ہے اگر یہ نہیں تو دعویٰ محبت خدا جھوٹا ہے اور بے اتباعِ محبوب محب کی محبت معتبر نہیں اور یہ اتباع بجائے خود محال ہے۔ جب تک کہ کوئی کامل متبع اور اسوۂ حسنہ ہماری (جسمانی) آنکھوں کے سامنے نہ ہو جس کے نقش پا پر چل کر قابلیت اتباع پیدا ہو جس کا نمونہ اپنے ساتھ رکھ کر اپنے اقوال افعال اور عادات کو اس کے مطابق بنایا جائے۔ یہی اس پنجابی ضرب المثل کا صحیح مفہوم ہے کہ خربوزہ کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے اور یہی بھید ہے كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ کے حکم میں۔

اتباع کامل بغیر عشق اور محبت کے محال ہے ثابت ہوا کہ معرفت الٰہی حاصل نہیں ہو سکتی جب تک محبت اور عشق الٰہی دل میں جلوہ گر نہ ہو اور محبت و عشق الٰہی بغیر محبت و عشقِ رسول کے ناممکن ہے اور عشقِ رسولؐ بغیر محبت و عشقِ پیر کے حاصل نہیں ہو سکتا

اعتقادات کے بعد اسلامی زندگی کے دو حصے بیان کئے جاتے ہیں۔ (۱) عبادات (۲) معاملات۔ پیدائش سے موت تک کے سب تعلقات اور وقوعات اسی میں آجاتے ہیں یا یہ سمجھ لیا جائے کہ یہ دو صیغے سرمایہ زندگانی ہیں جن کو خرچ کر کے معرفت الٰہی کا گوہر مقصود حاصل ہوتا ہے جب ہم عبادات کو لیتے ہیں تو اس میں رکن اعظم فرائض اسلام ہیں اور پھر ان میں بھی سب سے اول اور ضروری نماز ہے۔ نماز یہ ہے کہ شرح محمدی علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والتسلیم کے موافق اپنے خدا کے حضور میں کھڑے ہو کر اپنی عبودیت

Marfat.com

کا اقرار کرنا۔ لیکن جب ہم نماز پڑھتے ہیں تو ہمارا دل معاملات میں جا کر ایسا پھنس جاتا ہے کہ بارہا ہم کو معلوم ہی نہیں ہوتا کہ ہم نے کتنی نماز پڑھ لی ہے اور کتنی باقی ہے۔ ہم کھڑے تو ضرور نماز میں ہیں لیکن نماز سے بے خبر۔ ہم نماز میں کھڑے ہوئے بھی معاملات کو انجام دے رہے ہیں۔ اسی پر دوسری عبادات بھی قیاس کی جائیں۔ یہ حال تو ہمارا اس عبادت کے ساتھ ہے جو افضل العبادات اور اہم فرائض سے ہے (اَلصَّلٰوۃُ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ) جس نے معاملات کی کدورتوں سے بچا کر معراج المؤمن کا درجہ دلانا ہے جب یہ معرفت الٰہی کا پہلا زینہ ہی درست نہیں تو معاملات کی کدورتیں کیسے دور ہو سکتی ہیں اور جب تک معاملات سے فحشا والمنکر دور نہ ہو جائیں معاملات معرفت کلی حاصل کرنے میں کیسے مدد کر سکتے ہیں۔ نماز باایں ہمت وصورت کہ ہم پڑھتے ہیں نماز نہیں کہلا سکتی۔ حدیث شریف لا صلوٰۃ اِلّا بحضور القلب اس پر شاہد ناطق ہے۔ کسی کام میں بھی دل حاضر نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس میں دلچسپی موجود نہ ہو۔ اور دلچسپی چاہتی ہے محبت اور شوق کو۔ اس لئے حضور قلب نماز میں بھی بغیر عشق اور محبت الٰہی کے میسر نہیں ہو سکتا۔ اور اوپر عرض کیا جا چکا ہے کہ محبتِ خدا کے لئے محبت پیر کی ضرورت ہے اور محبت پیر کی حاصل کرنے کے لئے (جس کے بغیر نہ عبادات صحیح ہو سکتی ہیں نہ معاملات ہی صاف ہو سکتے ہیں اور ان کے صحیح اور صاف ہونے کے بغیر معرفت الٰہی نامکمل ہے) مولانا روم کا شعر پڑھ لینا چاہیئے ؎

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد ۔۔۔ بسا کیں دولت از گفتار خیزد

دیدار اور گفتار سے فائدہ اٹھانے کے لئے صحبت پیر حتی الامکان رہنا چاہیئے صحبت ظاہری ہو یا باطنی یکساں فائدہ رکھتی ہے۔ مثنوی۔

ان کی صحبت مردہ کو زندہ کرے ۔۔۔ زندہ ایسا ہو نہ پھر ہرگز مرے
ان کی صحبت دیو کو کر دے ملک ۔۔۔ ہے اثر صحبت میں انکی یاں تلک

Marfat.com

ان کی صحبت میں نہیں آتا شقی　　یہ خبر دی مصطفیٰؐ نے اے اخی
صحبت عاشق ترا عاشق کند　　صحبت فاسق ترا فاسق کند

دوسرے معاملات

یہ تو خود ایسے تعلقات ہیں کہ بڑے بڑے عالم اور دانا بھی ان کے چکر میں آکر ایسی بھول بھلیاں میں پڑ جاتے ہیں کہ معاملات کو تقرب خدا کا ذریعہ بنانے کی بجائے۔ ان کے سبب اس سے دور رہنے شروع ہو جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ اس انہماک فی الدنیا کو اپنا کمال سمجھنے لگ جاتے ہیں۔ ان کی آنکھیں تب کھلتی ہیں جب کہ اس دنیا کی طرف ان کی آنکھیں ہمیشہ کے لئے بند کر لی جاتی ہیں۔ تب ان پر وہ خدا کی طرف سے غافل رہنا اور دنیا میں شاغل رہ کر اپنے کمال پر ناز کرنا اپنا پہلا اثر بصورت عذاب جانکنی نازل کرتا ہے۔ ؎

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا　　آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا

اس عذاب جانکنی سے اس عشق دنیا کا خمیازہ بھگتنے کی ابتدا ہوتی ہے قلم میں یہ طاقت نہیں اور زبان قاصر ہے کہ اس خمیازہ کی حقیقت بیان کر سکے۔ عذاب جانکنی عذاب قبر، عذاب حشر، عذاب پلصراط، عذاب دوزخ وغیرہ کی تشریحات حقیقت میں کتابیں بھری پڑی ہیں۔ عبرت حاصل کرنے کے لئے ایسی ایسی کتابوں کا مطالعہ کرنا گاہ گاہ ضروری ہے۔ خداوند کریم سب مسلمانوں کو ان عذابوں سے محفوظ رکھے آمین۔

ہاں جب معاملات زندگی کا ایک ضروری حصہ ہیں جن میں حصہ لینے کے لئے ہر ایک انسان مکلف کیا گیا ہے اور معاملات زندگی اس ڈھب پر واقع ہوتے ہیں کہ بڑوں بڑوں کو دام تیز و تیر میں پھنسا لیتے ہیں تو حکمت الٰہی نے کونسا طریقہ بنا رکھا ہے کہ ان معاملات میں شراکت بھی بدستور رہے۔ ان کے اثرات بد سے بھی نجات رہے اور معرفت الٰہی کی طرف بھی قدم بڑھتا چلا جائے۔

Marfat.com

سنت الٰہی قدیم سے اسی طرح جاری ہے کہ رشد و ہدایت کے لئے انسانوں میں سے ہی ایک انسان کو ہر پہلو سے کامل مکمل کر کے ایک نمونہ کے طور پر مامور فرمایا جاتا ہے جس کا مقصود یہ ہوتا ہے کہ باقی انسان بھی ہر پہلو میں اس نمونہ کی نقل کرتے جائیں اور اپنی زندگی اور طرزِ بود و باش کو اس کے مطابق بناتے جائیں یہ بہترین اور آسان ترین طریقہ ہے۔ کسی کام کے کرنے کرانے کا۔ کہ انسان ایک نصب العین مقرر کر کے اس کے مطابق سب کام کرتا چلا جائے۔

اب ہمارے لئے بھی یہی ایک در کھلا ہے اگر ہم چاہتے ہیں کہ انسانی زندگی کا اعلیٰ معیار (معرفت الٰہی) حاصل کریں اور یہ ہمارا چاہنا محض اپنی خوشی پر ہی موقوف نہیں بلکہ آیۃ شریف (وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ) کے زیر حکم مکلف بھی کئے گئے ہیں۔ تو ہمیں ایسے بندگانِ خدا کی خدمت میں جانے کی ضرورت ہے جن پر صادقین کا لفظ صادق آتا ہے۔ غالباً اس اطلاق کی وجہ بھی یہی ہے کہ انہوں نے ایک ایسا راہِ صدق و صفا اختیار کر رکھا ہے کہ کوئی دنیاوی مشغلہ ان کے راہ میں حارج نہیں ہو سکتا اور نہ ہی ان کے آئینۂ صدق کو مکدر کر سکتا ہے ہماری اور ان کی زندگی معاملات میں یکساں واقع ہوئی ہے لیکن وہ تو اس کے ذریعے سے خدا کے نزدیک ہو گئے ہیں اور ہم خدا سے دور ایک ہی طرزِ عمل ان کے لئے اکسیر ہو رہی ہے اور ہمارے لئے زہرِ قاتل۔ یہ راز تب ہی کھلتا ہے جب ہم ان پاک وجودوں کی خدمت میں جا کر ان کے احوال کا معائنہ بچشم خود کرتے ہیں۔ وہاں ان کے پاک قدموں میں رہ کر معلوم ہوتا ہے کہ ان کے دلوں میں ایک ایسی چیز موجود ہے جو ان کے دلوں کو دنیوی مشاغل میں مشغول نہیں ہونے دیتی۔ مزید برآں انہی مشاغل کو وہ اپنے راہ کا ممد اور معاون سمجھ کر کرتے ہیں۔ بلکہ ان مشاغل کو حکم شرعی سمجھ کر تعمیل کی امید ثواب رکھتے ہیں۔ اپنے نفس کو خوش کرنے اور اس کی خواہشات کے زیر اثر ہو کر نہیں کرتے

Marfat.com

مثلاً ہم بھی اپنی بیویوں کے پاس جاتے ہیں وہ بھی اپنی بیویوں کے پاس جاتے ہیں ہم تو اپنی نفسانی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے اعتدال سے بھی بڑھ جاتے ہیں اور وہ بقائے نسل انسانیت کی نیت سے اور حقوق زوجہ کے خیال سے سنت نبوی (علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسلام) جان کر جاتے ہیں۔ صرف نیت کی تبدیلی سے ان کے معاملات ہماری عبادات سے بڑھ کر شمار کئے جاتے ہیں اور ہمارے معاملات خواہشات نفسانی مجسم ہونے کے سبب گناہ گنے جاتے ہیں۔ معاملات تو درکنار ہماری عبادات بھی محض شہرت اور دکھاوے کے ہونے کے باعث ہمیں خدا سے دور لئے جاتے ہیں کیونکہ ہماری نیت میں عبادات سے بھی قرب الٰہی مقصود نہیں ہوتا بلکہ شہرت دکھلاوا اور فخر و کبر مقصود ہوتا ہے۔ لہٰذا اشد ضرورت ہے کہ ظاہرداری کو چھوڑ کر حقیقت کی طرف رجوع کیا جاوے۔ وقت گزرتا چلا جا رہا ہے اور ابھی تک انّا للہ وانّا الیہ راجعون پر ہمارا ایمان کامل طور پر نہیں ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اپنے دنیاوی معاملات کو دینی اور روحانی ضروریات سے مقدم سمجھتے ہیں اور اگر ہم اس شاہراہ کے بدرقوں کے پاس جاتے بھی ہیں تو محض بناوٹ اور ظاہرداری کے لئے۔ نہ اس راہ پر چلنا ضروری اور فرض جان کر۔ ہم نے صادقین کے ساتھ رابطہ (رسمی) پیدا کیا ہے لیکن محض دکھاوے کی خاطر لوگوں میں اچھا بننے اور کہلوانے کی خاطر۔ یہ ظاہرداری مکر و فریب اور ریا کے پردے بہت جلدی اٹھ جانے والے ہیں لیکن افسوس کہ جب آنکھوں سے یہ پردے اٹھ گئے پھر آنکھیں ہمیشہ کے لئے اس عالم کی طرف سے بند ہو جاویں گی۔ اس وقت ضرورت واقفیت عرفانِ الٰہی حاصل کرنے کی ظاہر ہوگی لیکن کچھ کرنے کا یارا نہیں ہوگا۔ یہی رابطہ شیخ جس کو ہم رسمی طور پر کام میں لا رہے ہیں۔ یہی محبت شیخ جس کے اظہار میں ہم اپنی بناوٹ سے کام لیتے ہیں کہ ہمارے دل بھی اس سے ناآشنا رہتے ہیں۔ یہی رابطہ اور محبت شیخ معرفت الٰہی کی کنجی ہے۔ آدَ

ظاہر داریاں اور بناوٹیں چھوڑ کر حقیقتاً اس کی طرف رجوع کریں۔ شیخ کی موجودگی کو دونوں جہان کی نعمتوں سے افضل جان کر اس پر سر دھڑ کی بازی لگادیں۔ بیعت تو ہم آگے ہی ہو چکے ہیں۔ آؤ آج پیج بھی ہو جائیں اپنے آپ کو میت بدست غسال جان کر اپنی آرزوں اور مرادوں سے گزر جاویں۔ اور اس عالم میں آکر پھر دنیا پر ایک نظر ڈالیں تو یہی دنیا جنت نظر آنے لگے گی۔ ادھر ہم اپنی اپنی نیت اور ایمان کو ان خیالات سے درست اور مضبوط ہی کر رہے ہوں گے کہ معرفت الٰہی دروازہ کھٹکھٹانے لگے گی۔ مبارک ہیں وہ لوگ اور خوش خبری ہو ان لوگوں کو جو آخری آنکھیں کھلنے سے پہلے اپنی آنکھیں کھول لیں۔ خواب غفلت سے بیدار ہو کر اپنے کام میں لگ جائیں اور دونوں عالم سے بے خبر ہو جائیں۔ یا الٰہی اپنی توفیق اور عنایت ہم دور افتادوں کے بھی رفیق حال فرما۔ بحرمت باعث کون و مکان سید انس و جان صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔ آمین۔

دعائے خیر کا طالب احقر الناس
اللہ دتہ عفی اللہ عنہ کنجاہی

مکتوب نمبر ۲ ——— بنام شیخ معز الدین صاحب لاہور

محبت شیخ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

جو کچھ آپ نے لکھا ہے اس کا جواب کیا دیا جا سکتا ہے ؎

محبت محبت تو کہتے ہیں سب ۔۔۔ محبت کو سامان بڑا چاہیئے۔

Marfat.com

آپ نے تو خیال ہی نہیں کیا کہ آپ کتنے عرصہ سے غیر حاضر ہیں اور اس غیر حاضری کے جواب میں پھر وہی بات ہوگی کہ یہ شعر اس پر صادق آئے گا۔

ہم خدا خواہی وہم دنیائے دوں — ایں خیال است و محال است و جنوں

تو ایسے حالات میں نشہ کیسا اور اس کا خمار کیا اور اس کا ہمیشہ قائم رہنا کیسا؟ یہ بات کئی دفعہ عرض کی جا چکی ہے کہ اپنے مبارک سلسلہ نقشبندیہ صدیقیہ زادہا اللہ شرفاً و تعظیماً میں دارومدار صحبت شیخ پر ہے۔ وردو وظائف ممد و معاون مقصود ہیں۔

پہلے عشق پیر ہے اور بعدہٗ عشق رسولؐ
بعدہٗ ہے عشق حق اس قاعدے کو نہ بھول

انوار الصوفیہ میں تصوف کے مضمون میں بھی یہ بات گزر چکی ہے۔ اب حالات دنیوی سے آپ لوگ مجبور و معذور اپنے آپ کو سمجھیں تو فقیر کا کیا قصور؟ اللہ تعالیٰ آپ کے حال پر رحم فرمائے۔ اگر بیمار دوائی بھی نہ کھائے کہ کڑوی بھی ہے اور قیمتی بھی اور حکیم سے دور دور بھاگے تو اس کا انجام آپ سوچ کر بتائیں؟ حق سبحانہٗ و تعالیٰ آپ کو اپنی طرف کھینچے اور اپنی بارگاہ سے جوع الارض کو مٹائے اور لقمۂ نور سے آپ کو سیر فرمائے۔ آمین۔

گر خوری یک لقمہ از نانِ نور — خاک ریزی بر سرِ نانِ تنور

وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہیئے حوصلہ و صبر سے ہر کام لینا چاہیئے۔ معیت الٰہی صبر کرنے والوں کے شامل حال ہے دعاؤں میں جلدی نتیجہ چاہنا بوالہوس کا کام ہے ہر کام اپنے وقت پر ہوتا ہے اس لئے توکلاً علی اللہ اپنے وظائف کو پابندی اور شوق خلوص قلبی کے ساتھ ادا کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرف کامیابی نصیب ہوگی۔ جو وظائف و عبادات ہونے اور رہنے سے عاری ہوں وہ بھی کسی جگہ نہیں پہنچاتے فافہم فتدبر۔ اللہ تعالیٰ اپنی محبت روز افزوں زیادہ و زیادہ نصیب کرے آمین۔ حتیٰ کہ یہ محبت لاسوا اللہ کی گرفتاری سے نجات کا باعث ہو جائے یہ محبت اللہ سبحانہٗ تعالیٰ و رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ہی ایمان ہے اور یہ محبت ہی سلوک کی جان! اس کے بغیر انسان بھی حیوان ہے جتنی محبت زیادہ ہوگی ایمان کامل ہوگا۔ اور قربِ حق حاصل! اللّٰھم زد فزد! آمین یا وَھَّابُ ھَبْلِیْ مُلْکَ نَشْنِقُکَ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح مع درود شریف اوّل و آخر ۳ بار پڑھ لیا کریں۔

مکتوب نمبر ۳

بنام شیخ محمد نصیب صاحبؒ ملتان جو بعد میں آفس سپرنٹنڈنٹ ٹر ہوئے۔

تبلیغ اسلام اور پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

فقیر نے تو آپ کے تبدیل ہو جانے کے وقت سے ہی آفس سپرنٹنڈنٹ ہونے کے لئے اللہ تعالےٰ کی بارگاہِ اعلیٰ میں عرض کرنا شروع کر دیا ہے۔ مولا کریم جلدی آپ کو اس عہدہ پر ترقی دے۔ تاکہ تبلیغ کا کام جو آپ کے ذمہ رکھا گیا ہے اس کو آپ باحسن وجوہ ادا کر سکیں۔ آمین۔ تہجد پڑھنا کوئی جرم نہیں کہ تخلیہ ہے تو پڑھیں اور تخلیہ نہ ہو تو نہ پڑھیں یہ خیال تو تبلیغی مشن کے خلاف ہے۔ آپ کا تعلق اللہ جل وعلا سے کرایا گیا ہے اس کی رضا و منشا کے ماتحت آپ نے ہر کام کرنا ہے۔ آپ تنہا ہوں یا مجلس میں۔ وظائف بندگی کی پابندی نہایت اہم اور ضروری ہے اور ان کی بوجوہ احسن اور مکمل طور پر ادائیگی ہی میں تبلیغ اسلام کا راز مضمر ہے۔ فافہم فتدبر۔ سٹاف کے ساتھ نماز پڑھنے کا واقعہ پڑھ کر بہت خوشی ہوئی کیا عجب کہ آپ تبلیغی جماعت بنانے میں وہاں بہت جلد کامیاب ہو جاویں۔ اللھم آمین آمین۔ آپ کی پہلی تقریر یہ ہونی چاہیئے تھی یا ہونی چاہیئے۔

"خدا کا شکر ہے کہ اب ہم سب یہاں مسلمان جمع ہیں۔ ایک وقت تھا کہ ہندو ہمیں دفاتر میں کامیاب نہیں ہونے دیتے تھے اللہ تعالےٰ نے کفار اور کافروں کی نجاست (اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ) سے ہمارے ملک کو پاک کر کے پاکستان بنا دیا ہے اب ہم سب مسلمان ہیں اور پاکستان ہے۔ ہم سب کا فرض ہے کہ قوم و ملت اور ملک کی تہ دل سے خدمت کریں اور ہر طرح سے غیر ممالک سے اسے بہتر بنا کر دنیا پر اپنا رعب و داب قائم کریں اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ ہم اپنی گذشتہ کوتاہیوں ولغزشوں اور اپنے سابقہ غیر اسلامی رویہ و فیشن سے سچے دل سے تائب ہو جائیں توبہ نصوحی کرنے کے بعد آئندہ اسوہ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ فیشن رسولی صورتاً اور سیرتاً کو اختیار کر کے فَاتَّبِعُوْنِی کے ماتحت اپنے آپ کو پاک بنا... وَاللّٰہُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ واللہ تعالےٰ پاک لوگوں کو دوست رکھتا ہے اُن کا انعام پاک پاکستان کے قیام و استحکام و خوشحالی کا باعث نہیں جب تک ہم سچے مسلمان اور صحیح وپکے مومن (پاک) نہیں بنتے۔ پاکستان کا قیام ہمیشہ خدشہ میں رہے گا پاکستان کو بفضلہ تعالےٰ کسی بیرونی ملک سے کوئی خطرہ و اندیشہ نہیں اور نہ کوئی بڑی سے بڑی طاقت مسلمانوں پر غالب آسکتی ہے، بشرطیکہ ہم ظاہر و باطن میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین کا نمونہ بن جائیں ہمارا ہر کام ہر ادا ہر نقل و حرکت سے اسلامی انوار و برکات درخشاں و نمایاں ہوں۔ آمین۔ پاکستان کو اگر کوئی خدشہ یا خطرہ ہو سکتا ہے تو وہ مسلمانوں کے ہی غیر اسلامی رویے و حرکات و سکنات سے ہو سکتا ہے اسلئے آؤ سب سچے دل سے ایماندارانہ سابقہ گناہوں سے توبہ کر کے مسلمان بن جائیں اسطرح سب ایک اور نیک ہو کر اعلیٰ و ادنیٰ افسر ما تحت سب مل کر ملک و قوم اور دین کی خدمت میں لگ جائیں اور پھر سے ایک دفعہ اہل جہان کو اسلام کی اخلاقی و روحانی تلوار سے تسخیر کرلیں۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا آمین۔ اگر آپ نے اس خدائی پروگرام کو اپنا نصب العین بنایا اور اپنی عادت کے موافق دیا نتداری

ایمانداری سے کام کیا۔ نفسانی جذبات میں نہ بہہ گئے۔ تو انشاء اللہ تعالےٰ کیا افسر کیا ماتحت سب آپ کے ساتھ ہوں گے اور آپ کی عزت کرنے پر مجبور ہوں گے ؎

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

رب راضی تے سب راضی۔ رب مہربان تے سب مہربان۔ آپ جو کام بھی کریں اپنے مولا تعالےٰ کی خوشنودی اور رضامندی کے لیے کریں۔ غلط لوگ خود بخود بفضلہٖ تعالےٰ درست ہو جائیں گے۔ یا میدان خالی کر جائیں گے۔ فقیر انشاء اللہ تعالےٰ دعا سے غافل نہیں۔ اور اگر خیال و توجہ سے کام لیں گے تو انشاء اللہ تعالےٰ اپنے ساتھ ہی پائیں گے۔ فقیر کو توی امید ہے کہ آپ کے ذریعہ ملتان میں راولپنڈی سے بڑھ کر سلسلہ کی اشاعت ہو گی (جس کو فقیر حقیقی اشاعت اسلام سمجھتا ہے) اور آپ اَلدَّالُ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ (حدیث) کے مصداق بنیں گے۔ اللہ تعالےٰ ہم سب کو اپنی رضامندی پر چلنے اور دین اسلام پر مستقیم الحال بننے اور اس کی تبلیغ کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین ثم آمین یا رب الکریم۔

مکتوب نمبر ۴ :- بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

آدابِ سلوک

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بزرگ نامہ مسرت شمامہ شرف صدور لا کر باعث تسلی و مسرت ہوا۔ الحمد للہ! کہ آپ خود تبدیلی محسوس کر رہے ہیں۔ ورنہ عام طور پر کسی کو محسوس نہیں ہوتی۔ تبدیلی داحوال بفضلہٖ تعالےٰ ضرور ہوتی ہے لیکن بعض مصالح کی بنا پر طالب کو اطلاع نہیں دی جاتی۔ حق سبحانہٗ و تعالےٰ آپ کے ذوق و شوق اور محبت کو روز افزوں ترقی بخشے۔ آمین

Marfat.com

آپ نے مختلف واردات کا ذکر کیا ہے ۔ اول تو یہ خوابیں قابلِ اعتبار ہی نہیں ہوتی ہیں کیونکہ خواب کا دیکھنا یقینی نہیں بلکہ ظنی ہوتا ہے بعض دفعہ طالبوں کے شوق کو بڑھانے کے لئے ایسی ایسی دل خوش کن خوابیں دکھلاتے ہیں ۔ ان کا شکریہ تو ادا کرنا چاہیئے مگر اس طرف سے آنکھیں بند کر لینا چاہیئے اور ان خواب و خیال کو بے اعتبار سمجھ کر بھلا دینا چاہیئے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سرہندیؒ اپنے مکتوبات میں لکھتے ہیں کہ خواب و خیال و مکاشفات میں غلطی کا احتمال ہوتا ہے ۔ کیونکہ وہ ظنی ہیں مثال دے کر سمجھاتے ہیں کہ خواب میں کوئی بادشاہ بن جائے یا خواب میں اس کو قطب یا غوث بنا دیں تو اس کی کیا حقیقت ؟ جب تک اس کو کھلی آنکھوں ان مناصب پر مقرر نہ کیا جائے اس لئے طالب سالک کو چاہیئے کہ اپنے وظائف کو محبت خلوص قلبی سے ادا کرنے میں مشغول رہے اپنے محبوب و مطلوب کی طرف توجہ رکھے غیر محبوب اشیا سے آنکھیں بند کرے تاکہ راہ میں رکاوٹ پیش نہ ہو اور راستہ بے روک ٹوک طے ہوتا جائے ۔ کبھی ذوق اور کبھی بے ذوقی ۔ کبھی تسلی آمیز واقعات اور کبھی غیر تسلی بخش ۔ یہ تو اس راہ میں ہوتا ہی رہتا ہے ادھر بھی توجہ دے کر وقت ضائع نہ کرنا چاہیئے اصطلاح تصوف میں انہیں قبض و بسط کے نام سے یاد فرمایا گیا ہے ۔ ہمیشہ قبض ہی اچھی ہے نہ ہمیشہ بسط ہی اپنے اپنے وقت میں دونوں ہی سالک کی ترقی کا باعث ہوتی ہیں بشرط اعتدال ۔ الحمدللہ ۔ اکہ غلیظ پانی کا آپ پر گرنا کسی شیطان کا فعل تھا ۔ جیسا کہ اس حصہ والے کا پانی نہ دینا ۔ آپ کا اس میں قصور نہیں تھا شیطان ہمیشہ انہونی اور غلط باتوں سے رہزنی کرتا ہے حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو ظاہری و باطنی شیطان سے بچائے اور ان سے حفاظت میں رکھے ۔ آمین ۔ سانپ کو مار کر ٹکڑے کرنا مبارک فعل ہے یہ بھی شیطان کو مارنا ہے ۔ شیطان (جن) کا سانپ کی شکل اختیار کرنا حدیثوں میں آیا ہے ۔ دونوں شیطان غائب ہو گئے ۔ الحمدللہ ا قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ الخ ثم الحمدللہ ۔ عجیب بات ہے کہ یہ پیر قابلِ تقلید نہیں

Marfat.com

تو جن استادوں کے پڑھائے سکھائے تم یہ باتیں کہہ رہے ہو تم ان کی تقلید کیوں کرتے ہو اور وہ کیوں قابل تقلید ہیں؟ ان کا تو نہ ظاہر درست ہے نہ باطن اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی پیر و مرشد تھے تو کیا ان پر بھی یہی فتویٰ ناقابلِ تقلید ہونے کا لگاؤ گے؟ ان کفار کی طرح جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لینے اور ان کی راہ چلنے (تقلید) سے بھی صحابہ کرام کو روکتے تھے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تقلید اس لئے درست ہے کہ وہ اللہ کے بھیجے ہوئے رسول ہیں اور ان کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ نے اپنی اطاعت فرمایا ہے۔ وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ (القرآن)، تو پھر اس لحاظ سے وہ پیر بھی قابلِ تقلید ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب اور وارث ہیں۔ جنہیں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خلفاء (نائب) کے نام سے یاد فرمایا ہے (بخاری شریف) اور قرآن کریم میں بھی ان کی صحبت و معیت اور اتباع کا حکم آیا ہے اس کے لئے فقیر کا مضمون ضرورت شیخ انوار الصوفیہ میں شروع سے دیکھنا چاہیے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تسلی ہو جائے گی۔ کیا ایسے لوگوں کا خیال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو تو کھلا چھوڑ دیا ہے کہ وہ لوگوں کو راہ راست سے بھٹکا کر گمراہ کرے اور رشد و ہدایت کا سلسلہ بالکل بند کر دیا ہے شیطان کے پنجے سے چھڑانے والوں، صراطِ مستقیم پر چلا کر خدا تک پہنچانے والوں اہل اللہ کا وجود ختم کر دیا ہے۔ بدی کا بیج زندہ رکھا ہے اور نیکی کا بیج مار دیا ہے۔ قرآن کریم اور حدیث شریف سے ناواقفی کا سبب ہے۔ ع

سخن شناس نئی دلبرا خطا اینجا است

اللہ تعالیٰ رحم فرمائے اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے صراط مستقیم (انبیاء و اولیاء کی راہ) پر ثابت قدم رکھے۔ آمین یارب الکریم آمین۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۵

بنام محمد سلطان صاحب وزیرآباد

دنیا و دین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

اگر دنیا میں یہ حال نہ ہوں تو پھر یہ دنیا ہی نہیں جب کوئی رکاوٹ ہی نہ ہو تو خدا کا پانا کیا مشکل بات رہ جائے اس دنیا پر نفس عاشق ہے اس کی طرف کھینچتا رہتا ہے مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ے

ہم خدا خواہی وہم دنیائے دوں　　ایں خیال است ومحال است وجنوں

فرماتے ہیں یہ دیوانگی اور جنون ہے کہ ایک دل میں دو کی محبت سما جائے دنیا و آخرت دو سوکنیں ہیں دو ضدیں ہیں) ایک کو خوش کریں تو دوسری ناراض۔ ایسا ہی حدیث شریف میں آیا ہے مولانا فرماتے ہیں خدا طلبی اور دنیا طلبی ایک ہی وقت میں ناممکن (محال) ہے نفس کو دنیا سے باز رکھ کر خدا کی طرف لگانا ہی جہاد بالنفس ہے جس کو حدیث شریف میں جہاد اکبر فرمایا گیا ہے۔ خوف خدا اور توکل علی اللہ کے ساتھ جو کچھ کہ معاملہ کرتے رہیں حتیٰ کہ داخل سلسلہ ہونے کا وقت آجائے اور طریقت کا مکمل کورس آپ کے سامنے ہو۔ دنیاوی امور کے کورس اپنے اپنے موقعہ پر ہوتے رہیں گے اور جو خدا کو منظور ہوگا وہی ہوگا اور جو کچھ کہ ہوگا اس میں بھلائی ہے بھلائی اور بہتری ہی بہتری ہوگی اس لئے کہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ الخیر فی ما صنع اللہ (بہتری اس میں ہوتی ہے جو اللہ کرتا ہے) ماں کی محبت سے بھی بڑھ کر کئی گنا اللہ اپنے بندے سے محبت کرتا ہے (او کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) ایسے رحیم وکریم خالق ومالک چاہنے والے سے سوا بھلائی اور کچھ توقع ہو ہی نہیں سکتی۔ فعل الحکیم لا یخلو عن

Marfat.com

الحکمت۔ حکیم مطلق کا فعل خالی از حکمت نہیں ہوتا۔ ہم جان نہیں سکتے اور اپنی نادانی اور ناواقفی کے سبب خواہ مخواہ پریشان ہوتے ہیں۔ ورنہ ادھر سے ہماری بھلائی کے لیے ہی ہر کام کیا جاتا ہے۔ مولا کریم رحم فرمائے اور آزمائشوں سے بچائے۔ اپنی پناہ میں رکھے اور اپنا ہی بنالے۔ آمین۔ الحمد للہ کہ آپ نے مطلب کو پالیا۔ فقیر جس راہ پر چل رہا ہے چاہتا ہے کہ فقیر کے دوست واحباب بھی فقیر کے ہمراہ اس راہ پر گامزن ہوں اس لیے بعض باتیں مناسب جان کر عرض کی جاتی ہیں تاکہ محبت و رجوع الی اللہ کا شوق زیادہ سے زیادہ ہوتا جائے جس سے راہ حق جلدی اور آسانی سے طے ہو سکے یہ دنیا سب کچھ ہے لیکن اللہ تعالے کی رضا ولقا کے سامنے کچھ بھی نہیں اس لیے اعلیٰ کو چھوڑ کر ادنیٰ کی طرف آنا کوئی عاقل پسند نہیں کرے گا۔ اور نہ ہی اعلیٰ پر ادنیٰ کو اختیار کرنا چاہیئے کیونکہ یہ تو ترقی معکوس ہے اور مقامِ غفلتُ ہلاکت۔ مولا کریم ہمیں اس سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

مکتوب نمبر ۶ ——— بنام شیخ معز الدین صاحب۔ لاہور

محبت صالحین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

الحمد للہ کہ آپ بمعہ اہل وعیال بخیریت ہیں۔ اللہ تعالے آپ کو سلامتی ایمان جان۔ عزت وآبرو سے بمعہ اہل وعیال خوش وخرم رکھے اپنی اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اپنے نیک بندوں کی محبت عطا فرمائے۔ وہ محبت جو عین ایمان ہے آمین! خیال تھا اور اسی غرض کے لیے لاہور کارڈ اطلاعاً لکھا گیا تھا کہ شاید آپ بھی اکال گڑھ چھٹیوں میں پہنچ جاویں گے لیکن یہ آرزو پوری نہ ہوئی اکثر ایسا بھی ہو ہی جاتا ہے یہ خاں صاحب سلمہ ربہ (جناب بابا جی ملک فیروز خاں صاحب) کی محبت کا ہی کھیل ہے ورنہ یہ فقیر حقیر کہاں

Marfat.com

اور آپ لوگ کہاں! اللہ تعالےٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے آمین ۔ اعلیٰ حضرت امیر ملت حضرت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری مدظلہ العالی کی عادت مبارک ہے کہ بغیر کسی کے بلائے کسی کے ہاں تشریف نہیں لے جاتے اسی پر ہی یہ فقیر حقیر کہترین خلائق بھی کاربند ہے باوجودیکہ اشتیاق ملاقات رکھتا ہے لیکن ؎

اگر راہ جانب معشوق نہ باشد کسے
کوشش عاشق بے چارہ بجائے نرسد

نیز خاں صاحب کا جانا فقیر کا ہی جانا ہے مقصود تو اسباق و وظائف کی یاددہانی ہے سو وہ انشاء اللہ العزیز ہوتی ہی رہتی ہے ۔ اللہ تعالےٰ آپ لوگوں کو دونوں جہان میں کامیاب کرے ۔ آمین

مکتوب نمبر ۷ —— بنام ملک عبدالعزیز صاحب لاہور

آداب نماز

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ تعالےٰ آپ کو مع اہل و عیال کے سلامتی ایمان و جان سے خوش و خرم رکھے اور ظاہری و باطنی نعمتوں سے سرفراز فرمائے ۔ آمین ؎

رب کے کرم سے سب کی سلامت ہے زندگی
اس کا کرم نہیں تو قیامت ہے زندگی

ٹوپی خواہ کسی قسم کی ہو ۔ مشرکوں اور کافروں کی بشرطیکہ نہ ہو اس سے نماز ہو جاتی ہے ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ٹوپی سے نماز پڑھنا ثابت ہے البتہ حضورؐ نے ٹوپی سے یا خالی (بغیر ٹوپی) پگڑی سے کبھی امامت نہیں کرائی ۔ ہمیشہ عمامہ سے جماعت کی امامت فرماتے تھے اس لئے اگر کوئی امام صرف ٹوپی سے امامت کرائے تو حضورؐ کے اسوۂ حسنہ کے خلاف

Marfat.com

ہو گی جو آداب امام سے باہر ہے مقتدی کی نماز ٹوپی یا خالی پگڑی سے جائز ہے بشرطیکہ سر کی چوٹی برہنہ نہ رہے ۔ ڈھکی ہوئی ہو ورنہ مکروہ ہو گی ۔

۲۔ نماز میں عمل قلیل بھی بغیر عذر مکروہ ہے (فتاوی عالمگیری)

نماز پڑھنے والے کو اپنے کپڑے یا داڑھی یا بدن سے کھیلنا یا سجدہ جانے وقت اپنے سامنے یا پیچھے سے کپڑا اٹھانا مکروہ ہے ۔ کرتہ آتارنا، پاجامہ کھولنا، ٹوپی اوڑھنا اور آتارنا اور لگام آتارنا ۔ یہ عمل قلیل میں شمار ہیں اگرچہ دونوں ہاتھ سے کئے جائیں ۔

۳۔ دائیں پاؤں کے انگوٹھے کے متعلق کوئی مسئلہ مفسدات نماز میں نہ مکروہات نماز میں نظر سے نہیں گزرا ۔

۴۔ نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک اور بعد نماز عصر غروب تک اور بعد نماز عشاء دنیا کی باتیں نہ کرنا احادیث سے ثابت اور اپنے مشائخ کا ان پر عمل ثابت ہے ۔

۵۔ حقہ پینے والے کا جوٹھا پانی ہمارے لئے منع کیا گیا ہے نہ کہ اس کے پیچھے نماز پڑھنا بعض لوگ عادتہً ہی پیتے ہیں ہمارے لئے تمباکو پینا طریقت میں حرام ہے نہ کہ باقی دنیا کے لئے ۔

مکتوب نمبر ۸ بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

اولیائے عظام کے تبلیغ اسلام کا طریقہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

دیدہ ور عالم جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ اقدس پر نظر رکھتے تھے ۔ تو دیکھتے ہی پکار اٹھتے تھے کہ یہ منہ جھوٹ بولنے والا نہیں ہے ۔ آپ کی نبوت زادہا اللہ شرفاً و تعظیماً کی تصدیق کر کے داخل اسلام ہو جاتے تھے اور چند دنوں میں ہی اسوہ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (صورتاً و سیرتاً) اختیار کر کے صبغۃ اللہ کے رنگ میں رنگے جاتے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

Marfat.com

وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً پ ۱ ع ۱۶ اور اللہ سے بہتر کس کا رنگ؟ جس طرح رنگ کپڑے کے ظاہر و باطن میں نفوذ و سرایت کرتا ہے اسی طرح دین الٰہی یعنی اسلام کے اعتقادات حقہ ان کے رگ و پے میں سما جاتے۔ ظاہر و باطن، قلب و قالب صبغۃ اللہ میں رنگے جاتے قرآن کریم میں ہے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پ ۱۸ ع ۱۱ اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِيْ (الحدیث) سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور پیدا فرمایا اسی نورانی رنگ نے صبغۃ اللہ کا نام پایا یہی وجہ ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے طالبانِ مولا (اپنی طرف آنے والوں، قرب الٰہی چاہنے والوں اور نجات پانے کے خواہشمندوں) کو اسوۂ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مکلف فرمایا کہ جو کوئی اپنا ظاہر و باطن اس محمدی رنگ سے رنگین بنائے گا وہی اللہ تعالیٰ کے ہاں منظور و مقبول ہوگا چنانچہ فرمایا قرآن مجید میں۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ پ ۲۱ ع ۱۹ جو اللہ اور پچھلے دن (قیامت) کی امید رکھتا ہو۔ اس کے لئے تم میں سے صبغۃ اللہ میں رنگے جانے کے لئے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صورت و سیرت میں نمونہ بننا اللہ کے نزدیک بہترین ومحبوب ترین خوبصورت نمونہ ہے جس طرح آفتاب کے نور سے ماہ و انجم (چاند و تارے) منور ہیں اسی طرح آفتابِ رسالت (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کے نور سے تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین حسب استعداد نور حاصل کرکے منور ہوئے یہی وہ نور (صبغۃ اللہ) ہے جس کا ذکر قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ پ ۶ ع ۷ میں ہے بے شک آیا تمہاری طرف اللہ کی طرف سے نور اور اَنَا مِنْ نُّوْرِ اللّٰهِ (الحدیث) (میں اللہ کے نور سے ہوں) یعنی اللہ کا نور ہوں آیا ہے۔ الٰہی ہمیں بھی اس نور کے صدقہ اس نور سے منور (ظاہر و باطن) فرمائے آمین۔ چنانچہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اَصْحَابِيْ كَالنُّجُوْمِ بِاَيِّهِمُ اقْتَدَيْتُمْ اِهْتَدَيْتُمْ (الحدیث) میرے سب

Marfat.com

صحابہ ستاروں کی مانند (میرے نور سے منور) ہیں۔ جس کی تم اقتداء کرو گے ہدایت یعنی راہ پالو گے۔ اس ارشاد پاک کا اثر تھا کہ صحابہ کرام جس طرف نکل جاتے تھے۔ ان کو دیکھنے والے اور ان سے راہ رابطہ رکھنے والے وہی نورِ اسلام و صبغۃ اللہ ان کے اندر اور باہر سے چمکتا پاتے اور خود بھی داخلِ اسلام ہو کر اس رنگ میں رنگے جاتے۔ مثل مشہور ہے کہ خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عام، خاص مومنین کو اپنے مخلص سچے بندوں کی معیت میں رہنے کا حکم فرمایا ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ پ ۱۱ ع ۲ اے ایمان والو اللہ سے ڈرتے رہا کرو۔ اور صادقین (صادق الایمان و مخلص حضرات) کی صحبت و معیت میں رہا کرو۔ حق یہ ہے کہ تبلیغ اسلام کا بہترین اور نافع ترین طریقہ یہی ہے جو صوفیائے کرام اور اولیائے عظام نے اختیار کر رکھا ہے کہ خود کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا صورتاً و سیرتاً نمونہ بنا کر صحابہ کرامؓ کی طرح عملی نمونہ پیش کیا جائے۔ ایسے پاک اور مقدس نفوس کے ماحول میں جو بھی رہے گا انشاءاللہ العزیز ان کے رنگ میں رنگا جائے گا امید ہے زمانہ اپنی بے راہ روی سے تنگ آکر مجبوراً صراطِ مستقیم کی طرف دوڑے گا اور اس صراط مستقیم کے پانے کے لیے انہیں طوعاً و کرہاً صوفیائے کرام و مشائخ عظام کثرہم اللہ تعالیٰ کے قدم لینے پڑیں گے۔

اخبار نوائے وقت ۳۱ مارچ ۱۹۵۴ء صفحہ ۵ پر ڈاکٹر بشیر احمد صاحب وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی کا خطبہ شائع ہوا ہے۔ جس میں آپ نے کہا ہے کہ دانش اور اخلاق کا حصول نہ کلاس روم میں لیکچروں سے حاصل ہوتا ہے، نہ درسی کتابوں سے اور نہ رسمی تدریس سے یہ اوصاف نوجوانوں میں اسی صورت میں پیدا ہوتے ہیں جب کہ ان کا واسطہ ایسے لوگوں سے ہو جو خود ان اوصاف کے مالک ہوں۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں ان امور کا فقدان بہت نمایاں ہے۔ کیا ڈاکٹر صاحب آج وہی بات نہیں کہہ رہے جو ہمارے بزرگ ہمیشہ سے

Marfat.com

کہتے رہتے ہیں۔ ؎

نہ کتابوں سے نہ درسوں سے نہ زر سے پیدا
دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا

مولا کریم ہمیں اس مبلغ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحیح نمونہ کی توفیق بخشے۔ تاکہ ہم بھی صحابہ کرامؓ کے نقش قدم پر چل کر اسلام کے کچھ کام آسکیں۔ آمین ثم آمین۔

مکتوب نمبر ۹ ______ بنام محمد رشید صاحب ڈی۔ ایم۔ ای پاکستان ریلوے راولپنڈی۔

استقامت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

فقیر عزیزم شیخ محمد نصیب کے ہمراہ ملتان جانے کو تیار تھا اس لئے کنجاہ سے جواب نہ دیا جا سکا۔ آج ملتان سے لکھا جا رہا ہے۔ الحمد للہ کہ "نہ" کے بعد ہاں ہوئی اور ایسا ممکن ہے اور امید بھی ہے کہ آپ نے "نہ" اور ہاں کے اسباب و وجوہات پر بھی غور فرما لیا ہوگا۔ پچھلے خط میں ایک شعر لکھا تھا اختصار کی خاطر اسی کو دوبارہ لکھا جاتا ہے ؎

دونو جہاں کی نعمتیں مولا کے پاس ہیں   لیتے ہیں وہ ہی جو کہ غلامانِ خاص ہیں

کفار اور بدعقیدہ فی قلوبہم مرض ان کے دل بیمار ہیں لوگوں کو بھی یہاں دنیا میں سب کچھ ملتا ہے لیکن چونکہ آخرت میں ان کے لئے کچھ حصہ نہیں اس لئے ان کے لئے یہاں کی نعمتیں رحمت نہیں بلکہ زحمت ہیں جو ان کو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے نزدیک جانے نہیں دیتی ہیں۔ بلکہ ادھر سے خدا سے غافل رکھ کر جہنم کا ایندھن بناتی ہیں لیکن مومن و مسلمان اگر کفار کی راہ و رسم اور جاہ و حشم سے بچ کر چلے تو اس کے لئے دونوں جہاں کی نعمتیں مہیا ہیں وہ ان سے پورے طور پر متمتع بھی ہو سکتا ہے اور عاقبت میں بھی جنت الفردوس

ہیں جگہ پا سکتا ہے کینیڈا کی پرواز مبارک ہو اور اس سیر کی آفتوں اور شر سے مولا کریم آپ کو اپنی حفاظت میں رکھے اور غیروں کے سپرد نہ کرے۔ آمین۔

اگر آپ اپنے وظائف پابندی سے ادا کرتے اور بعد از تہجد مناجات شجرہ شریف پڑھتے رہیں گے تو انشاء اللہ تعالےٰ ہر طرح کے مکروہات، محرمات و آفات و بلیات سے محفوظ و مامون رہیں گے بلکہ وہاں پر اسلامی اخلاق و عادات کا نمونہ پیش کر سکیں گے جو ایک مومن مسلمان کا فرض اولین ہے کہ جہاں بسے اپنے پیچھے بہترین نشانات و تاثرات اسلامی کی یادگار چھوڑے اچھا ہوا کہ آپ کو کینیڈا میں ڈیزل انجنوں کے متعلق مزید ٹریننگ کا موقعہ مل رہا ہے لیکن اگر آپ کوشش کرتے اور دل ان لذات دنیوی سے ہٹا کر اپنے خالق و مالک و رب کی طرف لگاتے اور ایک معمولی سی نفسانی اور جذباتی لذت میں نہ رک جاتے تو آپ کو بفضلہٖ تعالےٰ عنقریب وہ پرواز (عروج روحانی سیر الی اللہ) نصیب ہوتی جو آپ کی دونوں جہان میں کفیل ہوتی یہاں بھی معزز و مکرم اور وہاں بھی مکرم ہوتے۔ آفاقی انجنوں کی بجائے انفسی انجن کی ٹریننگ میں دلچسپی لیتے اس کی فکر کرتے تو اس کی رفتار پرواز آپ کو اتنا بلند و بالا لے جاتی کہ دنیا آپ کو دیکھ کر حیرت میں رہ جاتی اور ممکن ہے کہ آپ کی اس کامیابی اور سعادت دارین سے دوسرے مومن بھی سبق لیتے اور اس کے حصول میں بھی اپنی کامیابی اور سعادت سمجھتے آپ اپنی خوابوں پر پھر غور کریں حاضرین محفل کے احتجاج کا مطلب بھی یہی تھا کہ جو مناجات آپ پڑھنے لگے ہیں اور اس کے پڑھنے کے اپنے آپ کو اہل مستحق نہیں بناتے۔ لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ (القرآن) کیونکہ ایسی بات کرتے ہو جس پر خود عمل نہیں کرتے اور ان سب کے خلاف فقیر اس کوشش میں ہے کہ آپ اس مناجات کی برکات و تاثیرات سے مستفیض ہوں۔ اللہ تعالےٰ سمجھ عطا کرے۔ آمین۔ آپ کی نیکی پاکیزگی اور ایمان کو کیا ہو گیا ہے جب آپ نے سچے دل سے اقرارٌ باللسان و تصدیقٌ بالقلب (توبہ کی تھی تو اس وقت یہ سب نعمتیں آپ کو حاصل تھیں آپ مفت میں حاصل شدہ نعمت کی قدر نہ کر سکے اور نہ سمجھ سکے اور اب

بے رحمی اور ظلم کے طریق پر ضائع کرنے پر تل گئے۔

خدا کا خوف کرو کہ سدا بہار نہیں ۔ خزاں قریب ہے جینے کا اعتبار نہیں

اب بھی کچھ نہیں گیا اس پیرزال (دنیا) کے فانی حسن اور دلفریبیوں سے آنکھ بند کر لیں مولا تعالےٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھیں وہ تو درحقیقت آپ کے ساتھ ہی ہے آپ بھی اس کو محسوس کریں کہ وہ آپ کی ہر نقل و حرکت کو دیکھ رہا ہے پوری طرح نگران ہے تاکہ صراط مستقیم سے آپ کا قدم ڈگمگانے نہ پائے۔ فقیر بھی انشاء اللہ تعالےٰ دعا سے غافل نہیں۔ آپ بھی فقراء کی صحبت و تعلق سے پورے طور پر فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں کہ ایسے مواقع کسی خوش نصیب کو ہی میسر و حاصل ہوتے ہیں اپنے علم و عقل سے کام لے کر اپنا کچھ بنا لیں تاکہ کل کو پچھتانا نہ پڑے۔ حق سبحانہٗ و تعالےٰ ہمیں اس پر غور و خوض کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق بخشے اور اس کے بہترین ثمرات سے متمتع فرمائے آمین۔ اللہ تعالےٰ بیگم صاحبہ کو بھی آپ کے موافق و مطابق بنائے آمین۔ کہ وہ سب دیگر دلچسپیوں کو چھوڑ کر ضروری دلچسپی میں دل لگائے اور راہ حق میں آپ کی ممد و معاون ثابت ہو۔ آمین یارب الکریم آمین۔

مکتوب نمبر ۱۰ — بنام شیخ محمد نصیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ ملتان

آنکھ والا تیرے جوبن کا تماشہ دیکھے

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

الحمد للہ کہ فقیر کو اپنی ملاقات سے مشرف فرمانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اللہ سبحانہٗ تعالےٰ بخیریت سرانجام پائے۔ آمین۔ کسی اتوار کو ہو تو شاید عزیزم محمد سلطان صاحب سے ملاقات کا یہیں موقع بن جاوے۔ کیا عزیزم ریاض الدین صاحب کو آپ کے ہمراہ آنے کا کوئی چانس (موقع) نہیں؟ آج کل کے لوگ بھی عجیب لاپرواہ ہیں

Marfat.com

کہ مفید مطلب کام سے بھی گریز کرتے نظر آتے ہیں۔ کاش! کہ یہ لوگ دنیاوی اغراض و فوائد سے بھی EQUALLY دست بردار ہو جاتے! اگر فقیر کا دل ان کے سینوں میں ہوتا تو ان کو معلوم ہو جاتا کہ محبت کیا شے ہے اور خط اور ملاقات میں کیا فرق ہے اللہ سبحانہٗ تعالےٰ فہم فہیم و قلب سلیم عطا فرمائے۔ آمین۔ سالکان راہ حق کے لیے اس سے اہم جرم اور کیا ہو سکتا ہے بلکہ محرومی کا نشان اور کیا ہو سکتا ہے کہ وہ صبح و شام حاضر ہونے کی بجائے دنوں مہینوں غائب رہے اور غیر ضروری عذر لنگ پیش کرتا رہے۔ معلوم ہونا چاہیے کہ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی۔ ایک جانب کی محبت تب ہی بار آور اور ثمر ہو سکتی ہے جب کہ اس جانب سے دگنا تگنا بلکہ کئی گنا محبت میں جواب دیا جائے۔

آپ کو ایک ہفتہ خط کا انتظار کرنا پڑا جو کہ مجبوری پر مبنی تھا۔ ناراضگی وغیرہ کا تو بفضلہٖ تعالےٰ یہاں گزر بھی نہیں البتہ آپ لوگوں کی سست رفتاری طبیعت پر شاق گزرتی ہے اللہ سبحانہٗ تعالےٰ آپ حضرات کو راہ سلوک میں تیز رفتار کرے اور وہ جذبہ محبت عطا فرما دے۔

ع ہزاراں گام را گیرد بگامے

کا مصداق ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا کمینی تو اس قابل بھی نہیں کہ بھول کر بھی اس کا ذکر آئے اللہ سبحانہٗ تعالےٰ کی مغضوب الیہ ہے اللہ سبحانہٗ اس کے مکر و فریب اور مضرات (ضرر رساں) سے بچائے آمین۔

مکتوب نمبر ۱۱ ـــــ بنام سید محمود شاہ صاحب لاہور

بُری خواہشیں اور علاج

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کے دونوں بزرگ خط یکے بعد دیگرے بشرف صدور لا کر کاشف حالات

Marfat.com

ہوئے ۔ عدیم الفرصتی کی وجہ سے جواب جلدی عرض نہ کر سکا۔ نزلہ زکام وغیرہ کے متعلق عرض ہے کہ کسی یونانی دواخانہ سے "حب شفا"، گولیاں دو درجن منگوا لیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام پانی کے ساتھ کھا لیا کریں نزلہ زکام کے لیے یہ دوائی اکسیر ہے فائدہ معلوم ہو تو اور منگوا کر استعمال فرمائیں۔ ہمیشہ کے استعمال سے صحت قائم رہتی ہے۔

پریشانیوں اور بری خوابوں کے متعلق غالباً عرض کیا گیا تھا کہ سونے وقت الحمد شریف (سورہ فاتحہ) قل شریف (سورۃ اخلاص) اور معوذتین (سورہ فلق والناس) پڑھ کر ہاتھ کی ہتھیلیوں پر دم کر کے ہاتھ سارے جسم پر جہاں تک پہنچے پھیر لیا کریں اور اسی طرح تین بار کیا کریں۔ اور اگر کوئی ناگوار خواب دکھائی دے تو دونوں سورتیں (قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس) تین تین بار پڑھ کر اپنی بائیں طرف جاگ آتے ہی تھوک دیا کریں (آنکھ کھلتے ہی) انشاء اللہ تعالےٰ ان آیات شریف کی برکات سے ان بری خوابوں کا برا اثر ظاہر نہیں ہوگا اور خیریت رہے گی کوئی ضرر نہ ہوگا ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اصحاب کو سکھایا کرتے تھے اور خود بھی ایسا عمل کرتے تھے باقی رہا تبدیلی کے متعلق۔ اگرچہ دعا تو یہی ہے کہ خداوند کریم آپ کو اپنے فضل و کرم سے ناگوار اور خراب تبدیلیوں سے بھی نجات بخشے اور مع اہل و عیال کے سلامتی ایمان و جان کے ساتھ خوش و خرم رکھے۔ آمین لیکن اللہ تعالےٰ علیم و خبیر ہے۔ جانتا ہے کہ آپ کا یہاں رہنا بہتر ہے یا آپ کا وہاں جانا آپ کے حق میں بہتر ہے۔ اللہ تعالےٰ وہاں ہی آپ کو رکھے گا یا لے جائیگا خواہ وہ آپ کی نفسانی خواہش کے ظاہراً خلاف ہی پڑے۔ مولا تعالےٰ احسن یہ بہتری دیکھتا ہے وہی کرتا ہے اور یہ اس کا خاص لطف و کرم ہے اور احسان ہے کہ ہم نادانستگی اور لاشعوری سے اپنے نفسانی خواہشات کے ماتحت بعض چیزیں طلب کرتے ہیں جو علم الٰہی میں (عند اللہ) ہمارے لئے مفید نہیں۔ بلکہ مضر ہوتی ہیں

Marfat.com

اور وہ سبحانہٗ تعالےٰ اپنے رحم سے اس آنے والی تکلیف یا شر یا نقصان سے ہمیں بچا لیتا ہے اور بہتر و مفید عطا فرماتا ہے (گو وقتی طور پر ہمیں اس کی خبر نہیں ہوتی) وہ ہمارا دشمن نہیں بلکہ اپنے بندوں سے بہت محبت کرتا ہے اور خیر خواہ و مہربان ہے اس لئے ہمیں اپنے تئیں اس مالک کل، رازقِ کل خالق کل خدا کے سپرد اور حوالے کر دینا چاہیئے تاکہ جہاں وہ ہمیں ہماری بہتری اور فائدے کے لئے رکھنا چاہے وہاں ہی رکھے اسی واسطے بزرگانِ دین کا ارشاد ہے۔ ؎

بہر جائیکہ باشی باخدا باش

یعنی جہاں تو رہے خدا کے ساتھ رہے اپنے آپ کو اس کی پناہ میں دے اور سمجھے اور اس کی یاد میں ہر وقت رہ کر دنیا کی طرف سے بے نیاز ہو جائے یہی ایک طریقہ ہے دنیا کی تکالیف اور پریشانیوں سے بچنے کا مولا کریم ہمیں توفیق بخشے کہ ہم ایسے ہو جائیں اور ہمیں اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے آمین ہر نماز کے بعد تین بار یہ شعر دعا میں پڑھ لیا کریں۔ ؎

اپنی پناہ میں لے اور اپنا ہی بنا لے
دنیا کے مخمصوں سے یارب ہمیں چھڑا لے

آپ نے جو وظائف خواجگانِ نقشبندیہ کے سیکھے اور حاصل کئے ہیں ذوق شوق اور محبت و خلوص قلبی سے پابندی اوقات کے ساتھ ادا فرماتے رہا کریں پھر دیکھیں کہ آپ نے کیا نعمت حاصل کی ہے

اٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے ۔ پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

فقیر کے قبلہ و کعبہ پیر و مرشد اعلیحضرت امیر ملت جناب شاہ صاحب محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے۔ ؎

کام رکنے کا نہیں اے دلِ ناداں کوئی ۔ خود بخود غیب سے ہو جائیگا ساماں کوئی

Marfat.com

گستاخی معاف! آپ کو اپنی حسب و نسب کی شان اور وقار ہر حال میں قائم رکھنا چاہیے۔ آپ کے بزرگوں کی شان یہ تھی کہ وہ فقط خدا سے ڈرا کرتے تھے اور ساری خدائی ان سے ڈرتی تھی وہ زمانہ کی ناموافقتوں اور تکالیف و مصائب سے گھبراتے نہ تھے بلکہ گھبرانے والوں کے پشت و پناہ ہوتے تھے۔ فقیر کے پیر و مرشد سید السادات فخر خاندانِ نبوت سرکار علی پوری رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے جو سید ہے وہ ڈرتا نہیں اور جو ڈرتا ہے وہ سید نہیں۔ مولا کریم آپ کو اپنے آبا ؤ اجدادِ اعلیٰ کے مراتب و مقامات نصیب فرمائے اور ظاہری و باطنی نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

مکتوب نمبر ۱۲ ——— بنام شیخ معز الدین صاحب لاہور

مذمت دنیا
حقوق نسواں

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

محبت نامہ مع کتابوں کا غذات موصول ہوا۔ اللہ تعالےٰ جزائے خیر دے آمین تذکرۃ الاولیاء پڑھنا شروع کر دیا ہے بہت مختصر سی کتاب ہے قیمت بلحاظ حجم بہت زیادہ لیکن غالباً مضامین کی قیمت وصول کی گئی ہے۔ حضرت داتا صاحبؒ کے حالات میں آپ کی تصنیف کشف المحجوب کے مضامین پر تبصرہ نہایت گراں مایہ ہے مختصر اوقات میں تھوڑا تھوڑا پڑھا جاتا ہے۔ اعتکاف کی وجہ سے اچھا موقعہ مل گیا ہے۔ الحمدللہ! اللہ تعالےٰ افادہ و استفادہ کی توفیق بخشے۔ آمین۔ اور کتاب بھیجنے والے یعنی آپ کو سب کے برابر اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ دنیا کی لذات اور شہوات اور جاہ طلبیاں چند روزہ ہیں اور عارضی۔ اور دنیا میں فساد اور بد امنی کا باعث ہیں ان سے الگ اور علیحدہ ہو جانا ہی امن و سلامتی کی راہ ہے جو چیز دنیا میں بھی کام آئے۔ محمد معاذ ان

Marfat.com

ثابت ہو اور آئندہ ساتھ بھی جا سکے ۔ اور بارگاہِ رب العزت میں نجات اور سرخروئی کا باعث بھی ہو اس کے حصول ہی میں کوشش کرنی چاہیئے۔ حدیث شریف من کان للہ کان اللہ لہٗ پر نظر رکھ کر اسی کا ہو رہنا۔ اسی کی ذات اقدس پر توکل و بھروسہ کرنا۔ اسی کے حصول رضا اور اسی کے وصول میں اس کے ماسوا سے بیزار ہونا ہی عبدیتِ عبودیت کے سزاوار ہے اور یہ سعادت دارین کی کلیہ اور جملہ مشکلات کا حل ہے رزقنا اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ ھٰذا المقام بحرمت خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام آمین۔ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو آپ سے بھی زیادہ اپنی محبت عطا فرمائے۔ آمین اور اس گاڑی کے دونوں پہیے برابر برابر چل سکیں آمین۔ آپ کی خواب تو بہت اچھی ہے اور آپ کے لئے حوصلہ افزا۔ ابھی تک تو فقیر کا لاہور آنے کا خیال تک بھی نہیں ممکن ہے آپ کی خواب ہی اس کا پیش خیمہ ثابت ہو جائے۔ محبت سے ہی انسان کچھ بنتا ہے اور موجودہ مادیت کی دنیا میں صحبت اہل اللہ ہی میسر نہیں آتی اس لئے کہ دنیادی مصروفیتیں ہمیں فارغ ہی ہونے نہیں دیتی ہیں اگر کسی کو موقع ملے بھی تو پھر حبِ مال کا سوال سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ ہم ضروریات زندگی کے حصول اور رسومات دنیوی کے پورا کرنے کے لئے تو بڑی سے بڑی قربانی کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں وہاں نہ حب مال رکاوٹ ہوتا ہے نہ کفایت شعاری کا عذر۔ ذرا ذرا سی ضروریات زندگی کے لئے فوراً بے دریغ روپیہ خرچ کیا جاتا ہے لیکن راہِ حق میں خرچ کرتے وقت کفایت شعاری ہزار حجت بنا کر سامنے آجاتی ہے۔ گویا کہ راہ حق پر چلنا اور حصول رضائے مولا ضروریات زندگی میں سے ہے ہی نہیں۔ حالانکہ ضروریات زندگی میں تنگی سے بھی گزر ہو جائے تو خیر ہے کیونکہ کھانے پینے پہننے، رسومات دنیوی ادا کرنے کی نسبت یہ سوال نہ ہوگا کہ معمولی کھانا کیوں کھایا تھا۔ کم قیمت کپڑا کیوں پہنا یا ادائیگی رسوم پر کم خرچ کیوں کیا۔ بلکہ اس میں اسراف اور فضول خرچی پر مواخذہ ہوگا لیکن راہ حق

میں ہاتھ کھینچنے پر جوابدہی کا خنجر سر پر لٹک رہا ہے جو دنیاداروں کو نظر نہیں آتا آیت کریمہ لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ پر قرآن شریف میں کبھی نظر ہی نہیں پڑی۔ اور آیت کریمہ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ نظر میں آتی ہی نہیں۔ کتنی بھول ہے۔ دنیاوی ضروریات کی ہر منزل اور ہر رنگ کو بغیر روپیہ خرچ کرنے کے ہرگز طے نہ ہو سکے اور راہ حق میں حصول رضائے مولا و وصول الی الحق کی منازل بغیر خرچ کیے ہی طے ہو جائیں جاننے والے جانتے ہیں کہ انفاق فی سبیل اللہ کے احکام قرآن کریم و حدیث شریف میں بکثرت بھرے پڑے ہیں اور کہ راہ حق وہ منزل ہے جہاں عاشقانِ کرام و مومنان عظام (طالبانِ مولا) سر دھڑ کی بازی لگا دیتے ہیں۔ تن من دھن سب کچھ قربان کرنے سے رضائے مولا کچھ حاصل بھی کر لیں۔ تو اس سودا کو بہت سستا سمجھتے ہیں۔ ؎

جما دچند دادم جاں خریدم — بحمد اللہ عجب ارزاں خریدم

ہم خدا خواہی وہم دنیائے دوں — ایں خیال است و محال است و جنوں

آیت کریمہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ میں دنیا کی چیزوں کو محبت کرنا خدا کی محبت کے برابر شرک قرار دیا ہے مومن کی شان یہ بیان کی گئی ہے کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی محبت اور اس کی راہ میں وہ دنیا وَمَا فِیْہَا کو بے دریغ قربان کر دیتا ہے اور ایسا کرنا اپنی سعادت اور خوش قسمتی سمجھتا ہے۔ ؎

جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی — حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

حب مال و جاہ اور ازواج اور اولاد کی محبت میں پھنس کر رہ جانے والے حلاوت ایمانی سے محروم اور ناآشنا رہتے ہیں آیت مذکورہ بالا میں خٰسِرُوْنَ کا لفظ آیا ہے جو بہت بڑی وعید قرآنی ہے اللہ تعالےٰ فہم سلیم عطا فرمائے اور

Marfat.com

اپنی محبت اتنی عطا فرمائے کہ اس کے غیر کی محبت و گرفتاری سے بے نیاز ہو جائے آمین ثم آمین۔ لہٰذا قابل غور اور اہم سوال ہے جس کی طرف سے آنکھیں بند رکھی جاتی ہیں اور دنیا کے محبوب و مطلوب کو حاصل کرنے اور ملنے کے لئے تو جس طرح بے جہاں ملے جس قیمت پر ملے سب کچھ روا رکھا جاتا ہے لیکن محبوب حقیقی کے حصول و وصول کے لئے نہ وقت ہے نہ فرصت، جد و جہد ہے نہ کوشش اور سب سے بڑھ کر بد قسمتی اور محرومی کا سبب تنگ دلی اور بخیلی کا اظہار۔ بال بچوں کے اخراجات سے پیسے نہ بچنے کا عذر صاف یہ ہی کیوں نہیں کہہ دیتے کہ جو دل گزرگاہِ جلیل اکبر ہونا چاہیئے تھا وہاں اس کا غیر ڈیرہ لگائے بیٹھا ہے۔

دل ہمہ مخزن الست رحمانی   خانۂ دیو راچہ دل خوانی

مولا کریم سبحانہٗ و تعالیٰ ہمارے دل (خانہ دیو) کو مخزن رحمان اور گزرگاہ جلیل اکبر بنائے آمین۔ یارب الکریم۔ سب یاروں کی طرف مضمون واحد ہے بار بار پڑھنے غور کرنے پر توجہ دلائی جاتی ہے۔ شاید کہ مولا تعالیٰ مشکلیں آسان کر دے اور یہ مرحلہ بھی طے ہو جاوے جس کے بغیر وہاں راہ بھی نہیں۔

ہیچکس را تا نگردد او فنا   نیست رہ در بارگاہِ کبریا

یہاں تک صبح لکھ چکا تھا کہ آپ کا محبت نامہ بھی آج کی ڈاک میں موصول ہو گیا قدرت خدا ہے کہ آپ کے اس لفافہ کی تقریباً ساری باتوں کا جواب اس میں تھوڑا بہت موجود ہے۔ غور سے پڑھیں دوبارہ لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی آپ نے اپنی اہلیہ کے متعلق جو کچھ لکھا ہے فقیر کو علم ہے۔ اپنے ہاتھ سے گھر کا کام کرنا فقیری یا بزرگی کے خلاف اور منافی نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے اکثر کام اپنے دست مبارک سے کر لیا کرتے تھے آپکی اہلیہ اس معاملہ میں حق بجانب ہیں اور حق تو یہ ہے کہ چونکہ رشتہ میں آپ بڑے ہیں۔ الرّجال قوّامون علی النساء قرآن میں آ چکا ہے اس لئے درگزر

رنے اور برداشت کرنے کا مادہ آپ میں زیادہ ہونا چاہیے اور سب سے بڑی بات جو نگاہ رکھنے کی ہے وہ یہ ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آخری وقت میں جو وصیت فرمائی تھی اس میں عورتوں پر شفقت و مہربانی اور ان کے حقوق کا خیال رکھنا خاص طور پر ذکر فرمایا تھا۔ آپ کی اہلیہ بے وقوف نہیں آپ کی فرمانبردار ہے جو کام پیار و محبت سے لیا جا سکتا ہے اس کے لئے سختی کرنے کی ضرورت نہیں میاں بیوی کا شرعی تعلق وہ ہے کہ ان دونوں کو ایک دوسرے کا محب و محبوب اور عاشق و معشوق بن کر رہنا چاہیئے تاکہ اس دنیاوی زندگی میں بھی ان کا گھر جنت بنا رہے۔ آمین۔ کبھی موقع ملا تو آپ دونوں کو اکٹھا بٹھا کر فقیر کچھ عرض کرے گا۔ فی الحال اس پر اکتفا کیا جاتا ہے

مکتوب نمبر ۱۳

بنام شیخ محمد نصیب صاحب
سپرنٹنڈنٹ ریلوے ملتان

وظائف نقشبندیہ اور ان کی پابندی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ کہ رمضان شریف بہت اچھا گزر رہا ہے فقیر ۲۰ رمضان المبارک سے حسب معمول مسجد میں ہے الحمد للہ علی ذالک دو تین دن سے دھوپ تیز پڑ رہی ہے لیکن ہوا کے چلنے سے معتدل ہو جاتی ہے غالباً عید ہفتہ کے روز ہوگی۔ وظائف کے متعلق اپنا فریضہ جان کر یاران طریقت کی بہتری کے لئے آداب طریقت کے ماتحت کچھ نہ کچھ لکھنا پڑ جاتا ہے نہ کہ اپنی بزرگی کے اظہار کے لئے اور نہ یاران طریقت کی دلآزاری کے لئے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو جان بوجھ کر صحیح مسئلہ نہ بتائے وہ گونگا شیطان ہے قیامت میں آگ کی قینچی سے اس کی زبان کاٹیں گے

Marfat.com

سالکوں کے حالات ہمیشہ یکساں نہیں رہتے۔ کبھی قبض ہے تو کبھی بسط۔ کبھی احسان ہے تو کبھی امتحان (آزمائش)، اولیاء تو اولیاء، انبیاء کے ساتھ بھی ایسا ہوتا رہا ہے۔ قرآن کریم شاہد ناطق ہے کامیاب وہی ہے بفضلہ تعالیٰ جو شوق خلوص و محبت اور پابندی کے ساتھ اپنے وظائف پورے ادا کرتا ہے اور پھر سبحان اللہ! وظائف نقشبندیہ جن کی برابری کسی سلسلے کے اسباق نہیں کر سکتے ان کی فضیلت کے لیے مکتوبات مجدد الف ثانیؒ کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ سب سے بڑی خوبی یہ کہ ان کی وجہ سے کوئی دنیاوی رکاوٹ کسی دینی کام میں نہیں ہوتی۔ کرنے والے کو رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ کا پورا مصداق بنا دیتے ہیں جتنا توکل علی اللہ مضبوط اور مستحکم ہوگا اتنی ہی ظاہری و باطنی طور پر کامیابی ہوگی۔ حسن عقیدت، صبر و تقویٰ سالکوں کے اڑنے کے پر ہیں مولا کریم ہم سب کو نصیب کرے اور استقامت بخشے یہ شعر ہمیشہ پڑھنے کے قابل ہے:

کام رکنے کا نہیں اے دل ناداں کوئی
خود بخود غیب سے ہو جائے گا ساماں کوئی

مکتوب نمبر ۱۴ — بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

غیرت سرمایۂ ایمان ہے

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

گرامی نامہ مع مضمون مبارک عطرف صدور لا کر کاشف حالات و باعث فرحت و انبساط ہوا۔

انسان میں یا اہل ایمان میں دو خصلتیں پائی جاتی ہیں جس میں ہر ایک تمیز نہیں کر سکتا ایک ہے غیرت دوسرا غصہ (غیظ و غضب) غیرت مایہ ایمان ہے حدیث شریف میں ہے لَا اِيْمَانَ لَهٗ لِمَنْ لَّا غَيْرَتَ لَهٗ جس میں غیرت نہیں اس میں ایمان نہیں یا ایمان کامل نہیں۔ غصہ یعنی غیظ و غضب تمام مذاہب میں حرام ہے جس سے ہر مسلمان کو ہی نہیں بلکہ ہر انسان کو بچنے رہنا چاہیے اگر دنیاوی مفاد اور نفسانی لذات

Marfat.com

کے باعث طبیعت میں جوش آئے تو وہ غصہ ہے اور گر خلاف اسلام ہو تو وہ غیرت ہے اس میں تحمل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا وہاں تحمل کرنا منافقانہ عمل ہے۔ اور مسئلہ حق کے خلاف دیکھ کر خاموش ہو جانا گونگا شیطان بنتا ہے عجب حال ہے بعض لوگوں کا۔ اور کہ اگر ان کی اولاد یا کوئی نوکر ان کے حکم کے خلاف کام کرے اور متواتر کرتا ہے تو نہ فقط یہ کہ غصہ آکر فقط ان کی مار پیٹ تک نوبت پہنچ جائے گی بلکہ بعض اوقات اولاد کو عاق کر کے ورثہ سے خارج اور نوکر کو اس کی تنخواہ وغیرہ بھی ضبط کر کے نکال دیں گے اس ضمن میں اگر ان کو کوئی سمجھائے اس سے بھی لڑنے کو تیار ہو جائیں گے لیکن اگر کوئی اسلام کے خلاف کرے خدا اور رسول کے ارشادات کی نہایت بے باکانہ خلاف ورزی کرے تو ان کے کان پر جوں بھی نہ رینگے اور ناصح مشفق کو تحمل مزاجی کا درس دینے لگیں۔ ع الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ سبحان اللہ کیا تحمل ہے اور کیا ایمان؟ آپ کے تینوں نوٹ پڑھے۔ اور شکر خدا کا کیا۔ الحمد للہ یہ غصہ نہیں غیرت ایمان و اسلام ہے ناصح مشفق کی حدود سے آگے نہ بڑھنا چاہیئے۔ ماموں صاحب سے باادب گذارش کی جاسکتی تھی کہ اگر زبان اور دل موافقت نہ کریں تو اسی نفاق کا نام منافقت ہے جس سے ہر مومن کو بچنا چاہیئے قرآن کریم میں ہے لِمَا تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ ۰ دوسرا حکم کہ زبان سے کسی کا دل نہ توڑنا چاہیئے۔ اس وقت تک درست ہو سکتا ہے کہ اس کا اثر شرعی مسئلہ پر نہ پڑے اگر کوئی شرعی حکم کو توڑے تو وہاں خاموشی جرم (مجرمانہ فعل) ہے سند میں وہ حدیث شریف پیش عرض کی جاسکتی ہے جس کا مضمون مبارک میں اضافہ کیا گیا ہے۔

ترجمہ حدیث مذکورہ:۔ جو تم میں سے کوئی غیر شرعی کام ہوتا دیکھے تو ہاتھ یعنی قوت سے اسے درست کرے اگر اس کی طاقت نہیں تو پھر زبان سے کہے اور اگر اس کی بھی طاقت نہیں تو دل سے تو برا جانے (یعنی کنارہ کرے) اور یہ (آخری درجہ) کمزوری ایمان ہے۔ حدیث شریف پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تحمل نہیں جو غیر شرعی

Marfat.com

کام دیکھ کر خاموش رہا جائے بلکہ بے غیرتی ہے جو ناقص ایمان ہے۔
حضرت شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں۔

اگر بینی کہ نابینا و چاہ است — وگر خاموش بنشینی گناہ است

بھلا ماموں صاحب کو کوئی عزیز یا لنگوٹیا یار مے نوشی کی دعوت دے یا کوئی فاحشہ اپنے ساتھ بدفعلی کرنے کرانے پر اصرار کرے تو یہ ظاہر ہے کہ ان دونوں فعلوں سے انکار زبانی ان کی دل شکنی کا ضرور سبب ہوگا تو کیا ماموں صاحب ان کے زبان سے دل توڑنے سے ڈر کر دونوں کی باتیں مان لیں گے؟ امید نہیں کہ وہ ایسا کریں خصوصاً جب کہ ابھی ابھی سچی توبہ کا اظہار فرما چکے ہیں۔ بلکہ ان کو نصیحت کریں گے کہ یہ نہایت برے کام ہیں تم کو بھی چاہیئے کہ خدا سے ڈرو اور یہ فعل چھوڑ دو۔ یہاں تو دل شکنی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ آپ نے جو مرزائی رشتہ دار کو جواب میں فقرے فرمائے۔ آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں اور آپ کے کامل الایمان ہونے کا ثبوت ہیں سچا مومن کبھی خلاف اسلام پر راضی نہیں ہوتا اور مرزائی تمام اسلامی دنیا کے نزدیک خارج از اسلام ہیں اس لئے واقعی ہمارا اور ان کا کوئی تعلق نہیں رہا۔ اسلام کا کفر کے ساتھ کوئی رشتہ نہیں دوسرے نوٹ میں اچھا ہوا کہ آپ نے اپنے دوست کی دلجوئی فرما دی۔ ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ صوفی ٹھنڈے نہیں ہوتے۔ نہایت سرگرم کارہ ذکر اللہ میں محو ہوتے ہیں ٹھنڈا ہونے کے معنی ہیں مرجانا جب تک انسان زندہ ہے گرم ہے اور گرم رہے گا صوفی حب الشہوات اور لذاتِ دنیوی کے لحاظ سے تو ضرور مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا کا نقشہ پیش کرتے ہیں لیکن خدا اور رسول (جن کی محبت ہی ان کا ایمان ہے) کے ارشادات کے خلاف ہوتے دیکھ کر خاموش نہیں رہ سکتے ان کی رگ حمیت اسلامی و ایمانی جوش میں آ جاتی ہے اور ہر مناسب طریق سے اس غلطی کی اصلاح کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں آپ کے حلقہ ذکر کی بڑھتی ہوئی رونق کا پڑھ کر دل بہت خوش ہوا۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ آمین۔ محترم

Marfat.com

ملک زین العابدین صاحب کے حادثہ سے بہت افسوس ہوا۔ اللہ تعالےٰ ان کی ٹانگ مبارک کو صحیح سالم و تندرست فرما دے۔ آمین۔ وہ تو بڑے دل گردے کے بزرگ ہیں ان کو تو گھبرانا نہیں چاہیئے۔ فقیر جیسا گنہگار اگر کسی مصیبت میں گھبرائے تو اک بات بھی ہے اپنی بھی تلافی مافات (مومن کو کانٹا بھی چبھے تو اس کا گناہ معاف کر دیا جاتا ہے) کے خیال سے گھبراہٹ دور ہوسکتی ہے۔ وہ تو ماشاء اللہ صالح نوجوان اور شریعت کے پورے متبع ہیں ان کو تو اپنے درجات بلند ہونے کے خیال سے کہ تکلیف نیکوں کے درجات بڑھاتی ہے تو بالکل نہیں گھبرانا چاہیئے بلکہ خدا کی رضا پر جس میں کہ حقیقتاً ہمارا ہی فائدہ مدنظر ہے خوش رہنے کی کوشش کرنی چاہیئے اللہ تعالےٰ ان کو زیادہ سے زیادہ راحت نصیب فرمائے۔ آمین۔

راقم

فقیر محمد اللہ دتا عفی اللہ تعالےٰ عنہ بقلم خود

کنجاہ۔ گجرات

Marfat.com

مکتوب نمبر ۱ ـــــ بنام محمد رشید صاحب ڈی۔ ایم۔ ای پاکستان ریلوے

دین اسلام اور افرنگی نما مسلمان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

آج فقیر سیالکوٹ کی طرف سے کنجاہ پہنچا تو آپ کا محبت نامہ آمدہ ۳۰-۱۲-۵۱ پڑھ کر خوشی حاصل ہوئی جو کچھ آپ نے لکھا ہے عین ثواب ہے سو ڈیڑھ سو سال فرنگیوں کی

غلامی اور صحبت نے ہمیں اسلام اور حقیقتِ اسلام سے اتنا دور کر دیا ہے کہ اسلام کے صحیح خد و خال ہمارے دل و دماغ سے محو ہو کر رہ گئے ہیں افرنگی رسم و رواج و آئین و تہذیب میں پلے ہوئے (تربیت یافتہ) تخیلات ہی ہمیں صحیح اسلام نظر آتے ہیں۔ دشمنانِ اسلام (یہود و نصاریٰ) کا یہی سب سے بڑا کارنامہ ہے کہ وہ خود تو کسی مجبوری سے ہمیں چھوڑ کر چلے گئے ہیں لیکن مخالفت و عداوتِ اسلام کے یہ جراثیم ہم میں چھوڑ گئے ہیں یعنی مخالفتِ اسلام کا جو کام وہ اتنی مدت خود کرتے رہے ہیں وہی کام آج اسلام کے ان نام لیواؤں (دگر دیدگانِ فرنگ) کے سپرد کر گئے ہیں گویا اسلام کی مخالفت خود یہ ننگِ اسلام نام کے مسلمان بحج "برعکس نہند نام زنگی کافور" کر رہے ہیں اور اپنے تخیلات و خرافات کو یہ انگریزی مسلمان اسلام سمجھ رہے ہیں انا للہ و انا الیہ راجعون۔ اور جو کوئی بھی خدا کے کلام (قرآن مجید) کو خدا کے رسول کے کلام (حدیث پاک) کے بغیر محض مغربی فلاسفروں کی تھیوری کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کرے گا وہ بھی اسی گڑھے میں گرے گا جس میں یہ انگریزی مسلمان گر کر اسلام اور آئین اسلام سے بیزار نظر آتے ہیں۔ ایک اس بات سے ہی آپ ان کی عقل و فہم کی داد دیجئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۹﴾ ہم نے قرآن کریم کو نازل کیا اور ہم اس کے محافظ ہیں۔ ان کی خوش فہمی کے مطابق تو اللہ تعالیٰ نے اس کی حفاظت (قیامت تک) کا ذمہ معاذ اللہ بے سود...

بعض اوقات احکام کی آڑ میں لگا کر یہ لوگ بہترین نظام حکومت (اسلام) کو چھوڑ کر اس کی برکات و فیوض سے محروم ہونا چاہتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ان کی غیر اسلامی روش کو شیطانی راہ قرار دے کر ان کو اسلام میں پورے طور پر داخل کرنے کو فرما رہے ہیں ملاحظہ ہو۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ پ ۲۹

Marfat.com

"اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ (اور فاسد خیالات میں پڑ کر) شیطان کے قدم بقدم نہ چلو واقعی وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ کیونکہ اسی ضابطہ حیات و نظامِ عالم یعنی قانونِ اسلام کو اللہ تعالیٰ اپنا مقبول و پسندیدہ قرار دیتے ہیں فرمایا اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ پ۳ع۱۰ بلا شبہ دین (حق و مقبول) اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسلام ہی ہے اور فرمایا اگر اس کو چھوڑ کر کوئی دوسری راہ اختیار کرے تو وہ خدا کو قبول نہیں! وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ پ۳ ع ۱۷ اور جو کوئی اسلام کے سوا کسی دوسرے دین (راہ عمل) کو طلب و تلاش کرے گا۔ اس سے (خدا کے نزدیک) مقبول نہ ہو گا اور وہ شخص آخرت میں تباہ کاروں میں سے ہو گا یعنی نجات نہ پائے گا) آخر آیت تک اور اسی رکوع میں اوپر ایک آیت میں فرمایا! افغیر دین اللہ یبغون۔ کیا اس دین خداوندی کے سوا کسی اور طریقہ کو چاہتے ہیں بطنزاً فرمایا کہ کیوں چاہتے ہیں جب کہ اس سے روگردانی فسق اور کفر ہے اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں کو فہم سلیم عطا فرمائے اور ہدایت دے۔ ذیل کی آیت میں فیصلہ فرما دیا کہ اسلام ہی کامل و مکمل ناقابلِ تبدیل قانونِ الٰہی و ضابطہ حیات ہے یہ ہماری طرف سے ایک نعمت (بلکہ انعام) ہے اور تمہارے لئے اس پر چلنا اور عمل کرنا ہماری خوشنودی اور رضامندی کا باعث ہے فرمایا اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا پ۶ ع آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو میں (اللہ) نے مکمل و کامل کر دیا۔ اور میں نے تم پر اپنا انعام تمام کر دیا اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے ہمیشہ کے لئے پسند کر لیا۔

ان تصریحات کے بعد بھی اگر کوئی عقل کا پتلا اور اپنی جان و مال کا دشمن قانون اسلام کو وقتی ٹھہرا کر اس سے اعراض (منہ موڑے) کرے اور تہذیب و تمدن و آئین

کفار کا گردیدہ (عاشق) رہے تو وہ قرآن کریم میں اپنا مقام ڈھونڈنا تلاش کرے کہ ایسا عقیدہ رکھنے والوں کا حشر کیا ہوگا ع

اس پر بھی وہ نہ سمجھے تو اس بت سے خدا سمجھے

آج حشر و نشر کا انکار کرتے سے اس کے انجام بد سے ہم بچ نہیں سکتے ۔ ؎

بروز حشر شود ہمچو صبح معلومت کہ با کہ باختہ عشق در شب دیجور

تجھے کل روز روشن کی طرح معلوم ہو جائے گا کہ کل اندھیری رات (حیات دنیا) میں کس کے ساتھ عشق بازی کرتے رہے ہو۔ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ہ بیشک اللہ تعالیٰ خبر رکھتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔ جو لوگ زندگی بعد از موت کے قائل نہیں وہ اپنے مسلمان ہونے کا کیا ثبوت پیش کر سکتے ہیں حالانکہ ایمان کی صفتوں میں والبعث بعد الموت کے الفاظ آئے ہیں اور قرآن کریم کا مکی حصہ اکثر بَعْثُ بَعْدَ الْمَوْت کی تائید اور تصدیق سے بھرا پڑا ہے کفار مکہ بھی اس کے منکر تھے جن کے رد و ابطال میں یہ حصہ قرآن نازل ہوا۔ یہی انکار ان کا کفر تھا آج اسلامی عقیدہ کے لئے بن گیا خدا کی شان آج اللہ کے دوست (حبیب اللہ) بھی عَدُوَّ اللّٰہ (اللہ کے دشمنوں) کی سی باتیں کرتے ہیں اور انہی کا سا اعتقاد رکھتے ہیں۔ یا للعجب! نماز پڑھنے والے مسلمان روزانہ نمازوں میں کئی بار سورہ فاتحہ (الحمد شریف) پڑھتے ہیں جو دیباچہ قرآن (ام القرآن) مانی گئی ہے اس میں صراط مستقیم پر چلنے اور قائم رہنے کی توفیق و ہدایت کی درخواست کی گئی ہے (اھدنا الصراط المستقیم) اور اس کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے صراط مستقیم کا روشن نشان و پتہ بتا دیا ہے۔ صراط الذین انعمت علیھم وہ راستہ ان لوگوں کا ہے جن پر تو نے (یا اللہ) انعام کیا (انبیا صدیق شہدا صالحین) کا غیر المغضوب علیھم ولا الضالین ہ نہ ان کا جن پر غضب نازل ہوا (یہود) کا اور نہ گمراہوں (دیگر مشرکین) کا جب نزول قرآن کریم کے وقت سے ہی پہلی

Marfat.com

ان یہود و نصاریٰ اور دیگر مشرکین کی راہ و رسم، تہذیب و تمدن، روش و طریقہ چال ڈھال سے روک دیا گیا ہے اور ان کی راہ کو غلط اور متروک العمل قرار دیا ہے تو آج جو مسلمان ہو کر ادھر دیکھے ان کا خیال کرے اور اس راہ پر چلے تو وہ فریب خوردہ نہیں تو کیا ہے اللہ تعالیٰ اپنی سیدھی راہ (اسلام) پر قائم رکھے اور عمل کی توفیق بخشے آمین۔

اندکے پیش تو گفتم غم دل ترسیدم · کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

مکتوب نمبر ۱۶ ——— بنام شیخ محمد لطیف صاحب سپرنٹنڈنٹ ریلوے ملتان

پریشانیاں اور ان کا علاج

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

آپ کی پریشانی اور مایوسی کا حال پڑھ کر صدمہ ہوا حق سبحانہٗ تعالیٰ اپنے خاص لطف و کرم اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے آپ کی پریشانی کو دور فرمائے اور تائید غیبی سے امداد فرما کر آپ کو خوش نصیب فرمائے۔ آمین۔ فقیر دعا سے تو بفضلہٖ تعالیٰ غافل نہیں لیکن بعض ایسے قدم اٹھ جاتے ہیں بعض دفعہ انسان ایسے اقدام کا مرتکب ہوتا ہے کہ جو منشاء و مرضی الٰہی کے خلاف ہوتا ہے اور کسی مخلص دوست کی طرف سے اس کے امتناع کا اشارہ ہی اس پر دال ہوتا ہے لیکن ہونے والی بات کسی بہتری کو مدنظر رکھ کر کی جاتی ہے ہو ہی جاتی ہے۔ حق سبحانہٗ آپ کو اور ہم سب کو معافی دے اور اس پریشانی و مایوسی سے آپ کو کلی طور پر نجات بخشے آمین۔

ہر ایک کام کے لئے وقت مقرر ہوتا ہے جب وہ وقت آتا ہے تو تائید غیبی سے خود بخود ہو جاتا ہے اسی طرح اعلیحضرت امیر ملت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری مدظلہٗ نے اس شعر میں ارشاد فرمایا تھا ؎

کام رکنے کا نہیں اے دل ناداں
خود بخود غیب سے ہو جائیگا ساماں کوئی

اور یہی مطلب اس شعر میں کسی نے کیا اچھا ادا کیا ہے۔

دل دیوانہ تیری تدبیر سے کیا ہوتا ہے وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے

لہٰذا ہماری بہتری، بھلائی اور بہبودی اسی میں ہے کہ ہم حق سبحانہ وتعالےٰ کی ذات پر ہی کامل توکل و بھروسہ کریں اور نہ فقط خود ہی اس کے ہو رہیں بلکہ اپنے ہر کام کو خلوص نیت سے اس کے حوالے اور اس کے سپرد کریں اس پر کامل ایمان رکھتے ہوئے ہر قسم کے فکروں سے بے فکر ہو جائیں استاد ذوق نے فرمایا (نعم ما قیل)

کیا فائدہ فکر بیش و کم سے ہوگا ہم کیا ہیں جو کوئی کام ہم سے ہوگا

جو کچھ کہ ہوا، ہوا کرم سے تیرے جو کچھ کہ ہوگا تیرے کرم سے ہوگا

اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا بِنَصْرِكَ وَبِكَرَمِكَ وَبِلُطْفِكَ ۔ وَاحْفَظْنَا مِنْ كُلِّ بَلَاءِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ آمین ثم آمین ۔ آپ ناچیز گنہگار، ناقص العقل اور جو چاہیں اپنے آپ کو کہہ سکتے ہیں (ایسا کہنا اگر خلوص دل سے ہو تو مفید ہے) لیکن اپنے آپ کو بدنصیب نہیں کہہ سکتے کیونکہ "محمد نصیب" ہیں سوچئے تو آپ "بد" کا لفظ کس پاک، مبارک مقدس و معظم لفظ کے بدلے استعمال کر رہے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ آپ بدنصیب نہیں بلکہ خوش نصیب ہیں۔ یہ دکھ تکلیف اور پریشانیاں عارضی چیزیں ہیں اور آپ کے گناہوں کا کفارہ ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ مومن کو ایک کانٹا بھی چبھے تو اس سے اس کا ایک گناہ دور ہوتا ہے وہ شخص کتنا خوش نصیب ہے جس کے گناہوں کی پاداش اور بدلہ اس کو دنیا میں ہی مل جائے اور وہ صاف اور مزکی ہو کر بارگاہ رب العزت میں جائے یہ سب عنایتیں حضور علیہ السلام کے صدقہ ہو رہی ہیں ورنہ جو لوگ خدائے تعالےٰ کی طرف سے غفلت و نسیان میں پڑے ہوئے ہیں اور خوش حال زندگی بسر کر رہے ہیں ان کو فردائے قیامت معلوم ہو جائے گا کہ وہ کفار تھے یا مشابہ بکفار۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ إِنَّ

Marfat.com

اللّٰہ مَعَ الصّٰابِرِین ہ پ۲ ہیں صبر سے مراد ہر دکھ تکلیف مصیبت و سختی کو جو پیش
آئے زبان شکایت کھولے بغیر برداشت کرنا۔ الصلوٰۃ سے مراد ہر وہ عبادت ہے
جو لیعبد ون میں چاہی گئی ہے اگر اس آیت کریمہ پر ایماناً واحتساباً عمل ہو تو انشاء
اللہ تعالےٰ آپ ان اللہ مع الصابرین سے برخوردار ہونگے اور معیت الٰہی ایک بہت
بڑی نعمت ہے جو محمد نصیبوں (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نصیب رکھنے والوں) کو
ہی میسر آسکتی ہے اور ایسے خوش نصیب ہی اس سے مشرف ہو سکتے ہیں لی مع اللہ وقت
ارشاد پاک ہے اللھم ارزقنا ہ بحرمت حبیب الکریم صلی اللہ علیہ الف الف الصلوٰۃ
والسلام۔ آمین یارب الکریم آمین۔ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ
پر توجہ دیا کریں اس کی برکت سے سب قرض ھَبَاءً مَنْثُوْرًا ہو جائیں گے اور آدمیوں
کے غیض وغضب لطف وکرم میں تبدیل ہو جائیں گے انشاء اللہ تعالےٰ بفضلہٖ وکرمہٖ
آپ شجرہ شریف ومناجات اجو انوار الصوفیہ ماہ مارچ میں چھپ چکا ہے تہجد کے
بعد قبل از طلوع فجر ضرور پڑھا کریں اور پڑھنے کے بعد عرض کیا کریں کہ تیرے حبیب صلی
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ آخری رات کو اللہ تعالےٰ آسمان دنیا (پہلے آسمان) پر
نزول اجلال فرماتا ہے اور پکارتا ہے۔ کوئی مانگنے والا ہو ہم اس کو دیں۔ کوئی بخشش
چاہنے والا ہو۔ ہم اس کو بخشیں۔۔۔ الخ الٰہی گنہگار، سیہ کار اس تاریک رات میں کہ
جب لوگ نیند کے لطف اٹھا رہے ہیں تیری بارگاہِ معلیٰ میں حاضر ہو کر دست بر داشتہ
تیری رحمت تراعفو کرم مانگتا ہوں۔ مولا! تو نے فرمایا ہے اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ
اِذَا دَعَانِ۔ میں اپنے گناہوں سے شرمسار دنیا کے مصائب میں گرفتار تجھے پکار رہا
ہوں۔ تجھ سے مانگ رہا ہوں اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ قبول فرمائیے
اپنی حفظ وامان میں لے لے تاکہ تیرا ہی ہو کر رہوں اور تیری رضامندی کے لئے زندگی بسر
کردوں۔ آمین۔ آمین آمین۔ بادیدہ گریاں وسینہ بریاں (مذکورہ بالا الفاظ آہستہ

Marfat.com

آہستہ زبان سے نکل رہے ہوں۔

جو آنکھوں میں آنسو تو لب پر ہو آہ موافق یہ آب و ہوا چاہیئے

مکتوب نمبر ۱۷ بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

مراقبہ اور اس کے اثرات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

الحمدللہ کہ آپ اس راہ میں بشوق و خلوص گامزن معلوم ہوتے ہیں اللّٰھم زِدْ فَزِدْ۔ آمین۔

بشارت پر مبارک باد۔ جہاں تک مطالعہ اور پڑھنے کا تعلق ہے۔ مبتدی سالک پر سوائے فرمودہ و عطا کردہ شیخ کے کوئی چیز فرض و واجب نہیں اور نہ وہ اس کو شرعی فرائض و واجبات مؤکدہ کے بعد کچھ مفید ہو سکتی ہے۔ کلام حق تعالےٰ کے پڑھنے سے ثواب تو ضرور ہوگا لیکن درجات قرب میں شیخ کا فرمودہ ذکر اذکار ہی مبتدی کے لئے ممد و معاون ہوتا ہے جب تک سالک کی توجہ کا مرکز ایک اور پختہ اور مضبوط نہ ہولے۔ اسے جائز نہیں کہ وہ کسی کتاب کو پڑھے خواہ کتنی ہی بزرگ اور مقدس کیوں نہ ہو۔ اگر اسے دنیاوی مشاغل سے فرصت ہو سکتی ہے یا جتنی بھی ہوتی ہے اس کو مراقبہ میں گزارنی چاہیئے اور اس میں اتنی کوشش کرنی چاہیئے کہ ذکر کرتے کرتے مذکور میں استغراق (فنا) حاصل ہو کیونکہ یہی سالک کا مقصود اعلیٰ ہے جب وہ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا (مزمل شریف) پر مامور ہے اور یہ مقام ادھر ادھر دیکھنے اور توجہ دینے سے نصیب نہیں ہو سکتا تو پھر وہ کیسے اصلی مطلب کو فوت کر کے اپنا نقصان کر کے دوسری کتابوں اور وظیفوں میں مشغول ہو سکتا ہے شرعی فرائض و واجبات و سنن مؤکدہ کے ادا کرنے کے بعد جتنا ممکن وقت مل سکتا ہے وہ شیخ کے فرمودہ ذکر اذکار (مراقبہ) میں ہی خرچ کرنا ہوگا۔ یہی حضرت اعلیٰ قبلہ مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالےٰ

Marfat.com

عنہ کا ارشاد پاک ہے ۔

بن مانگے موتی وہ ہوتا ہے کہ جہاں کسی قسم کا بظاہر تعلق و اسطہ نہ ہو اور غیب سے کوئی مرد خدا ظاہر ہو کر کچھ ارشاد فرمائے اس کو بھی اگر اپنا پیر زندہ ہے تو اس کے پیش کر لے ۔ اجازت ہو تو شروع کرے ورنہ نہیں اور جہاں آپ کی تحریر سے ظاہر ہے دنیاوی لڑکے کی ترقی آپ کا ڈیل کرنا وغیرہ وغیرہ سب کچھ موجود ہے تو وہاں بغیر درخواست کے سوال ہی پیدا نہیں ہوتا رشوت لینے والے بھی تو اس کو فضل ربی سمجھتے ہیں ۔ اور کہتے ہیں کہ ہم تو مانگتے نہیں بغیر مانگے ہی اکثر لوگ دے جاتے ہیں فتدبر" التسویہ کا دوسرا رخ یہ ہے کہ جب ایک آدمی بیعت کے بعد کسی دوسرے بزرگ کا بتایا ہوا وظیفہ شروع کر دیتا ہے پڑھتا ہے اور پھر اپنے پیر سے اجازت پڑھنے کی طلب کرتا ہے تو ایسی صورت میں بہ ظاہر ہے کہ کلمہ کلام پڑھنا نیک کام ہے کار ثواب ہے اور نیک کام سے روکنا انسان کا تو کام نہیں ۔ شیطان کا کام ہے تو بزرگ ہو کر ایسے کام سے کیسے روک سکتا ہے باوجود اس کے پیر کا حق ہے کہ وہ اپنے متعلقین کو بہتر سے بہتر پوزیشن اور مقام میں دیکھنے کے خیال سے مضرات سے روکے ۔ اور حقیقی نفع رساں امور پر راغب کرے ۔ ان کے کرنے کا حکم دے اور طالب صادق کا فرض ہے کہ اس حکم کو خدا کا حکم سمجھ کر تعمیل کرے اور اس وقت تک کسی دوسری طرف نظر نہ کرے اور اپنا منہ کسی دوسری طرف نہ موڑے کسی دوسرے مشغلہ میں شاغل نہ ہو جب تک وہ اپنے موجودہ کام میں بامراد اور کامیاب نہ ہو جائے جب دنیا کا کوئی کام بھی کامل توجہ اور ہر طرف سے فارغ البالی کے بغیر نہیں ہو سکتا تو یہ روحانی کام بسبب اپنی نزاکت اور غیر محسوس ہونے کے انتشار طبع اور مرکز توجہ کو بدلنے سے کیسے پایہ تکمیل تک پہنچ سکتا ہے پھر ایسا کرنا اپنی عمر گراں مایہ کا ضائع کرنا نہیں تو اور کیا ہے ؟

حق سبحانہ تعالےٰ سمجھ اور ہدایت دے اور توفیق عمل بخشے آمین ثم ۔

اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا شدی

کا مصداق بننے سے بچنے کی خاطر کوشش کرنی چاہیئے اور حقیقی نقصان سے بچ جانا چاہیئے یعنی خدا کی مہربانی اور نعمت (اس کی عطا کردہ روشنیٔ طبع) سے ناجائز فائدہ نہ اٹھانا چاہیئے روشنی سے اندھیروں کو دور کرنے کا کام لینا چاہیئے نہ کہ نئے اندھیرے پیدا کرکے خود ہی ان کا شکار ہو جانے کا وبال اپنے ذمہ لینا۔ یہ تو نور کو ظلمت بنانا ہے نہ کہ نور سے ظلمت کا دور کرنا حقیقی روشنی اللہ نور السمٰوٰت والارض سے حاصل ہوتی ہے اور اس سے کفر و شرک اور فسق و فجور کی ظلمتیں اور تاریکیاں دور ہو جاتی ہیں اور منازل راہ حق کے طے کرنے میں آسانی اور حق تک رسائی (وصول الی الحق) میسر و نصیب ہوتی ہے چونکہ اصلی اور پہلا سرچشمہ نور حق کا قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ (القرآن، تمہاری طرف حق تعالےٰ کی طرف سے نور (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) آیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں، چنانچہ آپ نے خود بھی فرمایا کہ اوّل ما خلق اللہ نوری (الحدیث، (سب سے پہلے اللہ تعالےٰ نے میرا ہی نور خلق فرمایا) اور آپ کے بعد وہی نور آپ کے ارشادات علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل (میری امت کے علماء و اولیاء عظام و صوفیائے کرام، بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام کی طرح رشد و ہدایت میں) ہیں اور اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَآءِ۔ علمائے (علوم ظاہری و باطنی) ہی انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں (سلسلہ رشد و ہدایت میں) کے مطابق اولیائے کرام و مشائخ عظام میں پایا جاتا ہے اس لئے عقیدت و ارادتمندی کے ساتھ ان بزرگ ہستیوں کی بیعت و صحبت اختیار کرنا لازمی و لابدی ہو جاتا ہے تاکہ ان نورانی ہستیوں سے وہ نور حقانی حاصل کرکے اس کے صحیح بچے اور صادق فرمانبردار اور حقیقی مسلمان بن جائیں یہی اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ کا مفہوم ہے روشن طبع میں حرص و ہوائے نفس بھی چونکہ ملی جلی ہوتی ہے اس لئے لوگ ہوائے نفس کو اپنا لیتے ہیں وہ اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰہَہٗ ھَوٰہُ (القرآن) کیا آپ

Marfat.com

نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنے ہوائے نفس کو اپنا معبود بنا لیا ہے کا مصداق بن کر خسران الدنیا والاخرۃ (دنیا اور آخرت میں نقصان و خسارہ اٹھانا) میں برباد ہو جاتے ہیں۔ نفس کی شرارتوں سے بچنا ہر کسی کے بس کا روگ نہیں حضرت یوسف علیٰ نبینا علیہ السلام جن کے تقدس و عصمت و صلاحیت کا خود خدا گواہ ہے فرماتے ہیں۔ وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ (سورۂ یوسف) میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا بے شبہ نفس برائیوں کی طرف کھینچے جاتا ہے لہٰذا جب تک اس طفل نفس کو کسی نفس کش مودب و مہذب استاد کے حوالے نہ کیا جائے اس کی شرارتیں دور نہیں ہو سکتیں اور یہ بندۂ خدا صحیح معنوں میں نہیں بن سکتا ہے

ہیچ نکشد نفس را جز ظلّ پیر دامن آں نفس کش محکم بگیر (مثنوی)

نفس کا سدھار کسی اہل اللہ کے سایہ کے نیچے ہی ہو سکتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ تو کسی ایسے نفس کش (مصلح) اہل اللہ کے اپنے تئیں حوالے کر دے تاکہ مراد کو پالے مولا کریم رحیم ہمیں نفسوں کو پالنے والے سرکشوں سے بچائے۔ آمین

مکتوب نمبر ۱۸ ——— بنام شیخ معزالدین صاحب لاہور

حقوق العباد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

الحمد للہ کہ آپ حرکت کرتے معلوم ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ توفیق ارزانی فرما دے۔ اللّٰھمّ زد فزد۔ واقعی اس چند روزہ زندگی میں اس چیز کا فکر کرنا اور رکھنا چاہیئے۔ جو ساتھ جانے والی ہو اور جو چیز یہاں رہ جائے گی اس کی محبت اور کوشش میں عمر گراں مایہ ضائع نہیں کرنی چاہیئے اسلامی زندگی انفرادی زندگی نہیں بلکہ جماعتی زندگی ہے یعنی اسلام جماعتی نظام کا نام ہے اگر ہم حقوق اللہ میں پورے نہ بھی اترے تو اس کے فضل و کرم سے معافی اور بخشش کی امید ہو سکتی ہے

Marfat.com

لیکن حقوق العباد میں کوتاہی اور عدم ادائیگی معاف نہیں ہوگی جب تک اہل حقوق خود ہی معاف نہ کریں اس وقت مسلمان تمام قانون اور ضابطے چھوڑ چکا ہے حتٰی کہ قوانین الٰہی کے خلاف کھلم کھلا سرکشی کر کے امتحانِ مسلمانی میں فیل ہو چکا ہے جو اپنے لئے زندہ ہے وہ مردہ ہے اور جو قوم کے لئے زندہ ہے وہ حقیقتاً زندہ ہے بلکہ زندہ جاوید ہے اپنی خاطر ہر شخص بہت کچھ کر سکتا ہے لیکن مردہ ہے جو دوسروں کی خاطر جیے یُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِہِمْ وَلَوْ کَانَ بِہِمْ خَصَاصَۃٌ کا مصداق بنے۔

ہمارا فرض ہے کہ بتوفیق الٰہی ہم پہلے خود سچے مسلمان بن جائیں یعنی اسوۂ حسنہ (طریق) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو صورتاً و سیرتاً اختیار کر کے نمونہ بن کر دوسرے لوگوں کو اس کی طرف دعوت دیں کسی لومۃ لائم سے نہ ڈریں کسی کے رعب میں نہ آئیں اس کو جہاد اکبر سمجھیں۔ تن من دھن بلکہ اپنا سب کچھ اس جہاد اکبر کی خاطر قربان کرنے کو تیار ہو جائیں اور توکلاً علی اللہ اس اہم فریضہ کے ادا کرتے میں لگ جائیں، اپنے یاروں میں یہ جذبہ پیدا کریں اور باقاعدہ تبلیغی جماعت بن کر ملک اور قوم کی خدمت کریں جو اس میں کامیاب ہو گیا وہ ظاہری اور باطنی مرادیں پا گیا اللہ تعالےٰ اپنے فضل وکرم سے ہمیں توفیق بخشیں۔

علاوہ ازیں اپنے دیگر وظائف بندگی و اسباق طریقت کے استغفار کی ہر دو تسبیحات بادیدہ گریاں و دل بریاں پڑھنی چاہئیں۔ قل شریف کی تسبیح بھی پورے خلوص و توکل سے پڑھنی چاہیے۔ ہمیں ہمارا مقدر بفضلہٖ تعالےٰ ضرور مل کر رہے گا وہ بڑی غفور رحیم و کریم ذات پاک ہے استغفار کی تسبیحات کے بعد تین تین بار بردو رباعیاں حضرت خواجہ خواجگان سید بہاؤالدین نقشبند بخاریؒ کی تبرکاً نہایت خشوع و خضوع سے پڑھ لیا کریں کوئی بدخواہ آپ کے خلاف کامیاب نہیں ہو سکے گا اور نہ آپ کو نقصان پہنچا سکے گا ہمیں اس کی بدخواہی نہیں کرنی چاہیئے ہمیں جو کچھ لینا ہے اپنے مولا تعالےٰ رحیم وکریم سے لینا ہے اسی کو خوش کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

(رباعیات اگلے صفحہ پر ہیں)

Marfat.com

(۱) آمد بر درت امید وارے
کورا نبود بجز تو یارے
محنت زدہ نیاز مندے
خجلت زدہ گنہگارے

---

(۲) وز کردۂ خویش روسیاہے
وز گفتۂ خویش شرمسارے
حاشا ز در تو باز گردد
نومید چنیں امیدوارے

مکتوب نمبر ۱۹

بنام کیپٹن اکبر علی صاحب ڈنڈوط

اتباع سنت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی مذہبی کوشش کا شکریہ جو رمضان شریف میں نماز تراویح کے لئے کی گئی لیکن جس انداز میں نیک کام کا تذکرہ کیا ہے اس نے اس کے اصلی حسن وخوبی کو بحال نہیں رہنے دیا یہ کیا فخر کی بات ہے کہ، چند ایک بندہ جیسے داڑھی منڈوں کی محنت کا نتیجہ تھا: اگر آپ کی اور آپ کے ساتھ کوشش کرنے والوں کی داڑھی ہوتی تو کیا یہ کام آپ لوگوں سے نہ ہو سکتا تھا؟ اس طرز بیان سے داڑھی منڈانے کا جواز پیش کیا گیا ہے۔ غالباً آپ لوگوں کو آج تک معلوم ہی نہیں ہو سکا کہ داڑھی کی شرعی حیثیت کیا ہے اور یہ کہ امام الانبیاء والمرسلین محبوب رب العالمین سید الاولین والآخرین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے داڑھی کو کیا اہمیت دی ہے۔ سنئے اور مومنوں کی طرح خدا و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک

ارشادات سے اپنے ایمان کو تازہ کیجئے۔ ساتھ ہی یاد رہے کہ محب و عاشق (مومن) کو
اپنے محبوب و معشوق (رسول رب) کی ہر ادا پیاری و محبوب ہوتی ہے۔ چہ جائیکہ۔ محبوب کا
حکم حکم ہی نہ سمجھا جائے۔ اس سے پہلو تہی کرنے کے لئے بہانے تلاش کئے جائیں اور پھر بھی
اپنے آپ کو محب (پکا مومن) سمجھا جائے سبحان اللہ کیا خوش فہمی ہے۔ مختلف کتابوں میں
تقریباً سات حدیثیں آئی ہیں جس میں داڑھی بڑھانے اور مونچھوں کو کترانے کا حکم ہے اور
آیۃ کریمہ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى۔ پ۲۷۔ ہمارے محبوب اپنی
خواہش سے کچھ نہیں بولتے مگر وہی جو ان پر وحی کیا جاتا ہے کے مطابق بھی حضور صلی اللہ
علیہ وسلم کا حکم بھی جانتے اور مانتے ہوں گے۔ اور آیۃ کریمہ وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ
اللّٰهَ جو رسول کی اطاعت کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے یعنی جو مطیع رسول نہیں خدا
اس کو اپنا مطیع قرار نہیں دیتا۔ جو تیرا نہیں وہ میرا نہیں۔ کے ماتحت حضور کا فرمان خدا
کا فرمان ہے اس میں بھی کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ بخاری شریف میں ہے تم مشرکین کی مخا لفت
میں داڑھی بڑھایا کرو اور مونچھیں کٹایا کرو۔ اگر اس حدیث میں مشرکین کی مخالفت کے الفاظ
نہ بھی ہوتے جب بھی سات بار کی تکرار اہمیت کے لئے کافی تھی تاہم موجودہ عاشقان فیشن
کفار و فرنگ کی خاطر گوارا کیا جا سکتا ہے کہ عام حکم ہے۔ کوئی رکھے تو اچھا نہ رکھے تو بھی خیر۔
مگر مشرکین کا مترشح کے الفاظ سے صاف ہے کہ یہ علامت ممیزہ اسلامیہ سے ہے اور تمیز کے
لئے ناگزیر ہے پس ان کا یہ کہنا کہ کیا داڑھی میں اسلام دھرا ہے وغیرہ من الفرقان کیا وقعت
رکھتا ہے اس حدیث کی رو سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جس طرح ہر قوم اور ملک نے اپنی
یونیفارمٹی کے لئے الگ الگ یونیفارم (وردیاں) تجویز کر رکھی ہیں اس طرح شارع علیہ السلام
نے داڑھی کو مسلمانوں اور کافروں میں امتیاز کے لئے اسلامی شعار قرار دیا ہے یہی وجہ ہے
کہ آئمہ مجتہدین نے ان آیات و احادیث پر غور فرما کر داڑھی مونڈنا اور شرعی حد سے کم کرنا حرام
قرار دیا ہے جس کا مرتکب شرعی اصطلاح میں فاسق کہلاتا ہے۔

Marfat.com

لوگ سمجھتے ہیں کہ داڑھی رکھنا محض ایک سنت ہے کوئی فرض واجب تھوڑا ہی ہے کہ اسلام میں فتور آئے حالانکہ داڑھی سنت ہے۔ سنت سے مراد وہ مقام نہیں جو نماز میں فرض اور واجب کے مقابل میں آتا ہے بلکہ اس سے یہ مراد ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ دستور۔ چال چلن اور معمول شرعی احکام میں بدرجہ واجب کے ہے اور سنت محض ہوتا تو اس کے خلاف کرنا حرام نہ ہوتا سا اور نہ اس کا خلاف کرنے والا فاسق قرار دیا جاتا۔ مثلاً نماز میں اگر کسی سنت کا ترک ہو جائے نہ تارک فاسق ہوتا ہے اور نہ ہی اسے سجدہ سہو کرنا پڑتا ہے۔ بخلاف واجب کے کہ سہواً اس کا تارک بھی سجدہ سہو کرے گا ورنہ نماز درست نہ ہوگی اور ترک بالعمد فسق کا مترادف ہوگا۔ احکام شرعیہ کی دو قسمیں ہیں۔ اوامر اور نواہی۔ پھر ان کی چار چار قسمیں ہیں یعنی کل آٹھ قسمیں ہیں۔ کوئی شرعی حکم ان آٹھ سے باہر نہیں ہوگا۔

اوامر:۔ فرض، واجب، سنت مؤکدہ، نفل۔ نواہی:۔ حرام، مکروہ تحریمی یعنی قریباً حرام، مکروہ تنزیہی، مباح جس کی مختصر تشریح اوپر سطور میں آچکی ہے۔

دوسرے اگر داڑھی منڈانے والوں کے خیال کو درست بھی مان لیا جائے کہ داڑھی رکھنا بھی ویسا ہی سنت ہے۔ جیسا کہ نماز میں فرض واجب کے مقابلہ میں الگ سنتیں پڑھی جاتی ہیں۔ تو اگر انہی سے پوچھا جائے کہ آپ میں سے کتنے نمازی ہیں جو صرف فرض پڑھ کر چلے آتے ہیں باقی نوافل اور سنن نہ پڑھتے ہوں تو یقیناً صرف ایک بھی ایسا نہ نکلے گا۔

اب انصاف شرط ہے جب خالی فرض پڑھنے سے نماز مکمل نہیں سمجھی جاتی بلکہ ہر نمازی سنت ضرور ادا کرتا ہے اور نیت کرتے وقت کہتا ہے کہ اتنی رکعت سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ تو پھر اس شعار اسلام داڑھی جو سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور حکم میں واجب ہے۔ چھوڑ کر کیوں کفار و فرنگ کی سنت کو اختیار کیا ہے۔ اور حدیث پاک مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ "جو کسی قوم کی شکل و شباہت اختیار کرے وہ انہی میں سے سمجھا جائے گا،، کی وعید شدید کا کیوں خیال نہیں کیا جاتا انصاف کیوں نہیں کہ

دینے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت فرض، واجب نہیں۔ ہم آزاد ہیں جس حکم کو چاہا مان لیا جس حکم کو چاہا معاذ اللہ ترک کر دیا۔ یہ ہے وہ اسلام جو آج کل کے انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ اور نقالانِ فرنگ (گستاخی معاف) لیے پھرتے ہیں یاد رہے کہ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ کے ماتحت جس طرح خدا تعالےٰ کا حکم ماننا فرض ہے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ماننا بھی فرض ہے۔ تفصیل کی گنجائش نہیں ورنہ معلوم ہو جاتا اور کان کھل جاتے کہ مومن کو جس کی شان وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ (قرآن کریم) اور لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَ وَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (بخاری شریف) ہی وارد ہے لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ کی تعمیل میں اسوۂ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صورتاً و سیرتاً اختیار کرنے کے بغیر چارہ ہی نہیں اگر کسی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت و سیرت محبوب و مطلوب نہیں۔ اور وہ اس کو اختیار نہیں کرتا یا اسے پسند نہیں کرتا تو وہ اپنے ایمان کی خیر منائے کیونکہ یہ منافی ایمان ہے دنیا میں کوئی ایسا محب دیکھا ہے جس کو اپنے محبوب کی شکل و صورت پیاری نہ ہو اور اس کی پرواہ نہ کرتا ہو۔

عزیز من یہ فخر کا مقام نہیں بلکہ اپنی کمزوری اور لغزش پر رونے کا مقام ہے جس سے توبہ کرنا اور حق تعالےٰ سے معافی مانگنا واجب ہے پھر کمزوری بھی ایسی کہ محب محبوب کی ادا کو پسند نہ کرے اور اس کے دشمنوں کے طریقہ کو پسند کرے اور اختیار کرنے میں فخر سمجھے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی کو پیش نظر رکھ کر ذرا ٹھنڈے دل سے غور کریں اور چند بار اس کو پڑھیں شاید سمجھ میں آجائے اور حق واضح ہو جائے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَالْبَاطِلَ بَاطِلًا آمین

Marfat.com

مکتوب نمبر ۱۹ الف ــــــ بنام شیخ محمد تھیب صاحب ملتان

خواہشات نفسانی

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

دنیوی اغراض اور نفسانی حرص و ہوا اچھے بھلے انسانوں کو تباہ و برباد کر ڈالتی ہیں حُبُّ الشّھوات نیک و بد کی تمیز نہیں رہنے دیتی۔ مولا کریم اس کے چنگل سے نجات بخشے اور اپنی مخلوق کو بدترین، ظالم، بدکار اور موذی وجود وں سے محفوظ و مامون رکھے اور ان کو ہدایت دے کہ وہ ملک اور قوم کے کام آئیں ورنہ ان کو دوسروں کے لئے عبرت گیر بنائے۔

آمین۔ کہ ساںچ کو آنچ نہیں

آپ دیانتداری سے دین و ملت، اور ملک و قوم اور اپنی حکومت کی بہتری کے لئے کام کرتے چلے جائیں۔ نفع و نقصان اللہ تعالےٰ کے حوالے کریں اس کی رضامندی اور خوشنودی کے لئے کریں اسی کے توکل و بھروسہ پر کریں شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں ؎

گر گزندت رسد ز خلق مرنج ۔۔۔ کہ نہ راحت رسد ز خلق نہ رنج

از خدا داں خلافِ دشمن و دوست ۔۔۔ کہ دل ہر دو در تصرف اوست

اگر تجھے خلقت (کسی) سے تکلیف یا ضرر پہنچے تو رنج نہ کر۔ کہ خلقت سے نہ کسی کو راحت پہنچتی ہے اور نہ رنج پہنچتا ہے یہ دوست اور دشمن جو تیرے خلاف کر رہے ہیں خدا تعالےٰ کی طرف سے جان کیونکہ ان ہر دو (دوست دشمن) کے دل اللہ تعالےٰ کے تصرف اور قبضہ میں ہیں جدھر وہ چاہتا ہے ان کو پھیر دیتا ہے اس لئے ہمارے لئے بہترین طریق عمل یہی ہے کہ ہم حق سبحانہٗ و تعالےٰ کے دروازہ پر جھکے رہیں اور اسی پر کامل توکل رکھتے ہوئے اپنے ملک اور قوم اور حکومت کی خدمت کریں اسلام اور پاکستان کی خدمت میں خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں اور ان حرص و ہوا کے بندوں خواہشات نفسانی اور جذبات

Marfat.com

حیوانی کے اسیروں کو ان کی حالت پہ چھوڑ دیں اور دعا کرتے رہیں کہ مولا تعالےٰ ہمارے موجودہ حکام کو محمدی مسلمان اور اسلام کے سچے خدمت گزار بنائے اور اسلام کے انوار و برکات نئے ملانوں کے سینے بھر دے اور جہاں بھر کو اس نور سے روشن و منور کر دے۔ آمین

مکتوب نمبر ۲ ——— بنام شیخ نعمت علی صاحب لاہور

تیرا جلوہ ہو گر نار ہے جنت مجھ کو

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

الحمد للہ! حالات قابل شکریہ حق تعالےٰ ہیں۔ اللّٰھم زِد فزد۔ آمین حقیقت تو بتلادی گئی ہے مولا تعالےٰ توفیق بخشے۔ اس پرخلوص و محبت سے مداومت نصیب ہو جائے تو دونوں جہاں میں کچھ پرواہ نہ رہے کہ سعادت دارین اسی میں ہے۔ ہاں گاہ بگاہ ہدایات ملتی رہیں گی۔ انشاء اللہ تعالےٰ مثلاً ہر نماز کے بعد تین بار دعائے حدیثہ جو مخلصم یوسف صاحب بتا دیں گے پڑھ لیا کریں اور فجر کی نماز کے بعد صرف سات بار سورہ لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ ظاہر و باطنی دشمنوں کا خیال کر کے پڑھنا۔ مولا تعالےٰ ان سے کامل طور پر مستفیض ہونے کی توفیق اور اہلیت بخشیں۔ آمین۔ حاضرین مجلس پرسان حال و یاران طریقت کی خدمت میں السلام علیکم۔ گھر میں سلام مسنون

ہوں طلب گار مگر حسرتِ دیدار نہ پوچھ
تیرا جلوہ ہو گر، نار ہے جنت مجھ کو

مکتوب نمبر ۲۱ —— بنام ملک عبدالحمید صاحب

مثالی کردار

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،
الحمدللہ کہ آپ مع ہمراہیوں کے بخیریت منزلِ مقصود پر پہنچ گئے ہیں ثم الحمدللہ! حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو مع ساتھیوں کے سلامتی ایمان وجان اور عزت وآبرو سے خوش وخرم رکھے اور کامیاب وکامران کرکے بخیریت وطن لائے اور ملک وملت کی خدمت کی توفیق بخشے۔ آمین! آپ کو اور آپ کے ہمراہیوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اگرچہ آپ لوگوں کو حکومت پاکستان نے ٹریننگ (تربیت) کے لئے وہاں بھیجا ہے لیکن درحقیقت آپ پاکستان اور اسلام کے نمائندے ہیں کیونکہ آپ مسلمان ہیں لہٰذا آپ کے ہر قول وفعل اور ہر نقل وحرکت سے اسلام کا نمونہ اور اسلام کی شان آپ کے دیکھنے والوں کو نظر آنی چاہیئے آپ کا ہر قدم اور ہر ادا صداقت اسلام کا مظاہرہ ہونا چاہیئے۔ امام الانبیا خاتم المرسلین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ (فیشن رسولی) صورتاً وسیرتاً آپ کا مشعل راہ ہونا چاہیئے اور اس فیشن رسولی سے جس کو حق تعالیٰ نے تمام دنیا کے سامنے بطور بہترین نمونہ اور محبوب ترین مثال کے پیش فرمایا ہے سرِمو بھی ادھر ادھر نہ ہونا چاہیئے اس لئے کہ دونوں جہان سعادت اور سربلندی اس کی اتباع میں ہے۔ فَاتَّبِعُونِی یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ کی آیت مبارک تو متبعین (پیروی کرنے والوں) کو محبوبیت رب العالمین کے مقام کی خوشخبری سنا رہی ہے اور اس سے آگے وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ (اور تمہارے گناہ تم کو بخش دے گا) کا فرمان پاک سچے فرمانبرداروں اور

اتباع کرنے والوں کو گذشتہ لغزشوں اور سرکشیوں کی معافی کا اعلان فرما کر سربلندی اور جہان پر غالب ہونے کی بشارت دے رہا ہے۔ اللّٰھم یسّرنا آمین۔ پاکستان اسلام کے نام پر دنیا میں قائم ہوا۔ اس لئے بھی آپ کو بحیثیت پاکستانی (مسلمان) ہوتے کے اپنا اعلیٰ کیریکٹر (چال چلن) وہاں پیش کرنا چاہیئے جو صبغۃ اللّٰہ (اللّٰہ کے رنگ) سے رنگین ہو اور جس کے سامنے بناوٹی تہذیبیں اور جھوٹے رنگ سب ماند پڑ جائیں اور اسلام اور پاکستان کا اخلاقی رعب اپنے حلقے والوں کے دلوں پر قائم کرکے آئیں۔ آمین۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ دعا سے غافل نہیں اپنے وظائف عبادات پابندی کے ساتھ ادا کرتے رہیں۔ انشاء اللّٰہ تعالیٰ ہر موقع اور ہر مقام پر نمایاں کامیابی نصیب ہوگی۔ آپ خدا کی زمین پر ہیں اور خدا آپ کے ساتھ ہے اسی کے ہو کر رہیں اسی پر کامل توکل و بھروسہ کریں وہ ہر وقت اور ہر آن آپ کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین۔

مکتوب نمبر ۲۲ —— بنام شیخ محمد نعیب صاحب سپرنٹنڈنٹ ریلوے

اجر اعمال صالح

السلام علیکم ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہٗ

الحمد للّٰہ کہ عزیزم شیخ محمد سعید سلمہٗ ربہٗ بفضلہ وکرمہٖ تعالیٰ صحت یاب ہوا۔ ثم الحمد للّٰہ علیٰ ذالک! مولا کریم اس کو معہ اپنے بھائیوں کے صحیح و سلامت رکھے اور سب اپنے والدین کے زیر سایہ و تربیت اپنے کمال کو پہنچیں۔ آمین۔ رمضان شریف کا مبارک اور برکتوں سے معمور مہینہ آیا ہے حق سبحانہٗ و تعالیٰ ہم سب کو اس کے انوار و برکات سے مستفیض فرما کر کامل متقی و متوکل بنائے اور دنیا و آخرت میں ہمارے لئے چین کا باعث ہو۔ آمین۔ اگر عزیز نے سخت محنت کی ہے تو فکر نہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ سے نیک اور بہتر اجر کی توقع رکھنی چاہیئے اللّٰہ تعالیٰ خود فرماتا ہے بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ نیز فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا

Marfat.com

يُضِيعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ہ اللہ تعالیٰ عزیزوں کو حقیقی معنوں میں اسم بامسمیٰ بنائے کہ وہ ظاہری اور باطنی طور پر اسلام کی وہ خدمت کریں کہ لوگوں پر فخرِ ذوالفقرا اسلام کے نام سے ملقب و مشہور ہو کر والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنیں۔ آمین۔

آپ کو معلوم ہے کہ فقیر کے پاس تو ہے ہی کچھ نہیں محض مولا تعالیٰ کے فضل و کرم اور لطف و احسان پر دار و مدار ہے جس کا ذریعہ محض دعا ہی دعا ہے اس لیے فقیر انشاء اللہ دعاؤں سے غافل نہیں اور نہ ہی دعاؤں کے سلسلے میں یاروں میں کسی تفریق کو روا رکھتا ہے سب یاروں کا اپنا اپنا اخلاص و محبت متاثر ہوتا ہے جس کو مولا تعالیٰ ہی جانتا ہے اور وہی اپنا بندہ نوازی بندہ پروری فرما کر ان کے حق میں قبول کرتا ہے ہر یار محترم کو حق حاصل ہے کہ وہ جو چاہے مانگے منگوائے۔ البتہ دعائیں قبول فرمانے والے کا حق و اختیار ہے کہ اپنی مصلحتوں اور حکمتوں کے ماتحت سب کے ساتھ یکساں سلوک کرے یا نہ کرے اور وہ غفور الرحیم بھی ایسا نہیں کہ بے وجہ اور بے سبب کسی کے ساتھ بے انصافی کرے اور اس کا پورا حق اسے نہ دے کیونکہ وہ فرماتا ہے۔ لَيْسَ اللّٰهُ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ

اور اللہ جہان والوں پر ظلم نہیں چاہتا یعنی کسی سے بے انصافی کرنا نہیں چاہتا ایک شاگرد کا دوسرے شاگرد سے یہ مذاق تو ہو سکتا ہے کہ تھوڑے رکم نمبروں والا زیادہ نمبر حاصل کرنے والے کی برابری چاہے یعنی نمبر تو اتنے ممتحنوں سے نہیں پا سکا کہ فسٹ ڈویژن میں آ جاتا لیکن مطالبہ یہی کرتا ہے کہ مجھے فسٹ ڈویژن کیوں نہیں ملی۔ استاد بیچارے نے تو سارا سال ایک جیسی محنت کی اور کرائی ہے اور چاہتا بھی ہے اور دعائیں بھی مانگتا ہے کہ کثرت رہ جائے زیادہ سے زیادہ فسٹ ڈویژن میں آ جائیں لیکن نمبر دینا اور فسٹ سیکنڈ ڈویژن لگانا یہ ممتحنوں کا کام ہے اختتام نماز پر دعائے ابراہیمی میں پڑھا جاتا ہے رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ..... الخ ہ آپ اچھی طرح جانتے ہیں دعا تو تمام مسلمانوں کے لیے مانگی جارہی ہے کوئی تفریق بین المسلمین روا نہیں رکھی

جاتی لیکن آپ کے سامنے کتنے مسلمان ہیں جو اس دعا سے مستفیض نہیں ہو رہے کیوں؟ یہ قبول فرمانے والا جانتا ہے کہ کون قبولیت دعا یعنی حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور کون نہیں کرتا یا کم ورزش کرتا ہے آپ کو ان باتوں کا خیال کرنا چاہیئے بلکہ کر ہمت باندھ کر سب سے بڑھ جانے کی جد وجہد کرنی چاہیئے آپ خواہ مخواہ کیوں کسی بدظنی میں مبتلا ہوتے ہیں مومنوں پر بدظن ہونا گناہ ہے آپ یا ان تدیے ہیں ہی اسلیے بھی کہ SENIOR IS SENIOR سنیئر سنیئر ہی ہوتے ہیں۔ دوسرا آپ خاص یاروں میں ہیں الحمد للہ ایں کہ جن کا نام بفضلہ تعالے خدا کے دوستوں میں ہے۔ سفر حج مبارک کا آخری پروگرام روانگی سے کچھ دیر پہلے معلوم ہو جائے گا انشاء اللہ اسی وقت مفصل عرض کر دیا جائے گا۔

مکتوب نمبر ۲۳ —— بنام سید محمود شاہ صاحب لاہور

صراط مستقیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ‘

حقیقی سید سب آل رسول ہیں صلی اللہ علیہ وسلم اور اس نسبت سے حضور کی ظاہر و باطنی ورثہ کے وارث۔ اگر اپنے آپ کو اسوہ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صورتاً و سیرتاً وراثت رسولی میں بھی رنگ لیں تو ورثہ کے مالک بھی بن جائیں اور وہ رنگ چڑھے کہ کالنبیاء یعنی بنی اسرائیل کے انبیاء کی مانند کہلائیں بلکہ ان سے بھی بڑھ کر درجہ پائیں۔ اپنی پریشانیوں سے ہی نجات نہ پائیں بلکہ دوسروں کی پریشانیاں بھی ان کی خدمت و صحبت میں بیٹھ کر دور ہو جائیں اور اطمینان قلب حاصل کریں۔ آمین۔ آپ کے اس مقدس فقرہ نے کہ بزرگوں کی خدمت کو خوش قسمتی سمجھتا ہوں۔ اس فقیر حقیر کو جرأت دلائی کہ طرفین کی بہتری اور نفع کے لیے کچھ عرض کرے ورنہ جرأت تحریر کی گستاخی نہ کرتا۔ میرے مخدوم۔ اس پر دورنگا اور منعم حقیقی سے یہ توقع کہ

Marfat.com

اگر نہیں دے تو صبر! فقیر کے خیال میں بہت بڑی جسارت ہے نذرِ ذاتِ اقدس سے معافی مانگنی چاہیئے۔ ہم کیا اور اس کی توفیق کے بغیر ہمارا صبر کیا؟ وہ تو ایسا داتا ہے کہ وہاں سے "نہ" کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس دروازہ سے کوئی محروم نہیں رہتا۔ اسکی بارگاہِ معلیٰ سے مایوسی کفر سمجھی جاتی ہے اگر ہماری دعا کا نتیجہ ہماری خواہش کے مطابق برآمد نہ ہو۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ دعا قبول نہیں ہوئی اور اس نے ہمیں دیا کچھ نہیں۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ دعا بھی قبول ہوئی اور ہماری مطلوبہ شئی سے بہتر اور نفع بخش چیز ہمیں اس کے فضل وکرم سے عطا فرمائی گئی قرآن کریم میں آتا ہے عَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ قریب ہے کہ تمہیں چیز اچھی نہ لگے ناپسند آئے (اس سے بچنے کی دعا کرو اور اس سے بچنا چاہو۔ اور وہ تمہارے حق میں خیر (بہتر اور فائدہ مند ہو) اور قریب ہے کہ تمہیں کوئی اچھی لگے اور پسند آئے (اس کو چاہو اور اس کے حصول کی دعا کرو) اور وہ تمہارے لئے شر (ضرر رساں اور نقصان دہ) ہو۔ اللہ تعالےٰ ہی ان باتوں کو خوب جانتا ہے اور جو ہمارے حق میں مفید اور بہتر ہوتی ہے وہی کرتا ہے اور وہی چیز دیتا ہے۔ اَلْخَيْرُ فِيْ مَا صَنَعَ اللّٰهُ بہتری اور بھلائی اسی میں ہے جو اللہ تعالےٰ کرتا ہے یہ الگ بات ہے کہ ہم اس کی مرضی کے خلاف چل کر اس کو ناراض کرلیں اور کبھی کبھی وہ ہمارے کسی گناہ پر مواخذہ فرمالے جس سے ہم تکلیف محسوس کریں حالانکہ وہ مواخذہ (تکلیف) بھی ہماری ہی اصلاح درستی اور بہتری کے لئے ہوتا ہے جیسا کہ ماں کبھی کبھی اپنے بچے کو اور استاد اپنے شاگرد کو حکم نہ ماننے پر سزا دیتا ہے کوئی نہیں کہہ سکتا کہ بچے اور شاگرد کو سزا اس واسطے ملی ہے کہ ماں اور استاد بچے اور شاگرد کے دشمن ہیں بلکہ ہر کوئی یہی کہے گا کہ اس سزا میں ہی ان کی اصلاح، درستی اور بہتری ہے اللہ تعالےٰ قرآن کریم میں فرمایا ہے وَمَا اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ اور جو کوئی مصیبت تمہیں پہنچتی ہے تو وہ

Marfat.com

تمہارے ہی ہاتھوں کی کمائی ہوئی ہے (تمہارے ہی شامت اعمال ہے) وہ اللہ تو بہت معاف کرتا رہتا ہے اس آیہ کریمہ میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ اگر تم دنیا میں تکالیف و مصائب اور ناکامیوں سے بچنا چاہتے ہو تو احکامِ الٰہی اور منشائے ربّی کی خلاف ورزی سے بچتے رہو اور وہ سیدھا راستہ (صراطِ مستقیم) اختیار کرو جس پر نبی صدیق شہدا اور صالحین چلتے رہے اور انعام الٰہی کے پاتے والے ہوئے ہر عاقل فہیم پڑھا لکھا جانتا ہے کہ خط مستقیم وہ خط ہے جو دو نقطوں کے درمیان (ان کو ملانے والا) سب سے سیدھا ہو۔ اس میں کجی نہ ہوگی اور وہ سب سے چھوٹا بھی ہوگا۔ اس کے علاوہ جتنے بھی خط دو نقطوں کو ملانے والے ہوں گے منحنی (ترچھے ٹیڑھے) ہوں گے۔ جتنا ان میں ترچھا پن بڑھتا جائے گا ان نقطوں کا درمیانی فاصلہ بھی بڑھتا جائے گا۔ یہ ایک مثال ہے صراط مستقیم کی۔ صراط مستقیم عابد (عبد، بندہ) اور معبود (حق تعالےٰ) کے درمیان نزدیک ترین راستہ ہے یعنی چھوٹے سے چھوٹا (SHORTEST WAY) سیدھا آسان شاہراہ جس پر شاہی انعام پانے والے مقبولانِ بارگاہ رب العزت اور مقربانِ ذات احدیت چلتے رہے اور چلتے رہتے ہیں اسی پر چلنے کی ہمیں دعوت دی گئی ہے اور اسی صراطِ مستقیم کے حصول کے لئے اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (سورۂ فاتحہ) میں دعا کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اس آیتہ کریمہ (دعائے قرآنیہ) سے پتہ چلتا ہے کہ اس خالقِ کل پروردگار عالمین کو اپنے بندہ پر کتنی شفقت اور پیار ہے کہ پنج وقتہ نماز فرض فرمائی اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کو پڑھنا مقرر فرمایا جس میں صراط مستقیم پر چلنے کی ہدایت طلب کی جاتی ہے جو پنج وقت نماز پڑھے۔ وہ پچاس نمازوں کا جو شب معراج مقرر ہوئی تھیں یعنی رات دن کی عبادت کا ثواب بھی پائے اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق بھی۔ تاکہ وہ اس مختصر سی زندگی میں جلد از جلد صراط مستقیم کے آخری سنگ میل تک بآسانی پہنچ جائے اور انعام پانے والوں میں شامل ہو جائے۔ آمین اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَاہُ آمین۔ یارب الکریم آمین۔

Marfat.com

اندکے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم
کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

مکتوب نمبر ۲۴ — بنام شیخ معزالدین صاحب لاہور

صحبتِ شیخ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کا دستی خط مع نفافہ موصول ہوا۔ پراسپکٹس شام کو ملے صبح اتنی فرصت نہ مل سکی کہ مفصل طور پر مطالعہ کیا جاتا جو کچھ جلدی میں مناسب سمجھا کہ لڑکے کو آپ کی خدمت میں بھیج دیا گیا اچھا ہوا کہ یہاں سے درخواست رجسٹری کرا کر نہ بھیجی گئی آپ کے پہنچنے سے غلطی نکل آئی معاملہ صاف ہو گیا جو کچھ مولا تعالیٰ کو منظور تھا ہو کر رہا۔

دلِ دیوانہ تیری تدبیر سے کیا ہوتا ہے
وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے

آپ حضرات کے آنے کی خبر عزیزم سلطان صاحب کو دی گئی تھی تو اس نے اپنی بیماری اپنی بیوی کے عدم حاضری پر حسرت ظاہر کی اور لکھا ہے کہ لاہور والوں کا یہ فعل قابل رشک ہے خدا انہیں توفیق بخشے آویں اور بار بار آویں اس در سے کبھی کوئی نامراد نہیں جا سکتا بشرطیکہ طبیعت میں نیکی رکھتا ہو نیز لکھا ہے "ان کو انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے عرصہ میں پتہ چل جائے گا کہ دربار کنجاہ شریف میں حاضری انہیں کہاں تک پہنچا دیتی ہے وغیرہ وغیرہ" یہ اس عزیز کا حسن ظن اور اعتقاد ہے ورنہ من آنم کہ من دانم۔ البتہ ایک ادنیٰ خادم آپ حضرات کا اپنے آپ کو جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی پناہ میں لے اپنا ہی بنا لے۔ آمین۔ الحمد للہ کہ آپ مطمئن لوٹے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا حُبَّکَ۔ محبت ہی ہے جو محب کو محبوب سے ملا دیتی ہے محبوب خواہ کتنی بلندی پر ہو۔ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (حدیث شریف)

Marfat.com

(خط)

از لاہور

بنام شاہد نازک خیالاں قبلہ و کعبہ پیر و مُرشدی مدظلہٗ العالی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

طالب خیریت بخیریت۔ سنا ہے دریاؤں سے سونا نکلتا ہے۔ وہ تو ریت کے ذرّوں میں خوب ملا جُلا ہوتا ہوگا۔ اسے حاصل یعنی اکٹھا کرنے کیلئے (مثلاً تولہ بھر) ریت کے ایک ذرے کا ملاحظہ کرکے علیحدہ کرنا مکمل توجہ ان تھک محنت و کوشش اور خاص ترکیب چاہیئے۔ بہرحال سونے سے محبت رکھنے والے یہ سب کچھ کرتے ہی ہوں گے۔

اسی طرح مجھے ایمان کی دولت بھی حواس خمسہ کی ایک ایک حرکت اور سانس میں (جو ریت کے ذروں کی مانند ہیں) انسانی روزی منتشر معلوم ہوتی۔ جس کی تکمیل تب ہی ہوسکتی ہے جب ذکر اللہ (اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول) کے پارس سے استقامت اور توجہ کلی سے یہ سونا بنتے چلے جائیں۔ سعید حضرات کو یہ نصیب ہے۔ مسیحا دم! ادھر اس عاجز خادم نا خادم کی گلی سڑی لاش جس کا رُواں رُواں نجاست ہے کو بھی اپنے قدم کی ٹھوکر سے سامانِ جنوں عنایت ہو کہ ماسوا کی الجھنوں کو بھول کر ایمان کی تکمیل کرتے ہُوئے روحانی زندگی حاصل کرے تصوّر تریاق ہے۔ مگر وہ اتنا پاکیزہ ہے کہ آئینہ ساں دلوں پر ہی اترتا ہے۔ اور یہ عاجز ماسوا کے شرک میں آلودہ۔ اغثنی یا شاہا!

والسلام

آپ کا غلام: محمد یوسف مغل

مکتوب نمبر ۲۵

— جواب —

عزیزم مخلصم و محترم محمد یوسف صاحب زاد محبتکم و اعلیٰ درجاتکم ظاہراً و باطناً

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

الحمد للہ! کہ یہ دیدِ قصور وہ اعلیٰ مقام ہے کہ کسی بوالہوس کو نصیب نہیں ہوتا۔ ؎

ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

یہ عاشقانِ صادقین کا ہی نصیب ہے جن کا یہ حال ہے۔ ؎

وعدۂ وصل چوں شود نزدیک آتشِ شوق تیز تر گردد

خم کے خم ختم کیے جاتے ہیں اور ھَلْ مِنْ مزید کا نعرہ لگاتے جاتے ہیں۔ ان کا حال مستسقی کا سا ہے کہ پی پی کر پیٹ پانی سے بھرتا جاتا ہے اور پیاس نہیں بجھتی۔ العطش العطش زبان پر ہے۔ راہ حق میں جان لٹائے جا رہے ہیں اور ھَلْ مِنْ مُّبَارِزُ کا نعرہ لگائے جاتے ہیں خدا کرے اس حال میں صداقت اور حقیقت کارفرما ہو۔ فقط قال ہی قال نہ ہو تا کہ لِمَا تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ ہ کی وعید سے حق سبحانہ' وتعالےٰ بچائے رکھے آمین جَاھِدُوْا فِیْ سَبِیْلِہٖ پ ۱۰ ع کے بغیر فلاح میسر نہیں ہوتی۔ گوہر مقصود ہاتھ نہیں آتا ایک شخص مسلمان (مومن) ہے۔ (بقولہٖ) اللہ تعالےٰ سے ڈرتا بھی ہے اور ایک کامل رہنما کو وسیلہ بھی بناتا ہے۔ لیکن راہ حق میں گامزن نہیں ہوتا اس کی راہ میں کوشش نہیں کرتا جہاد بالنفس جس کو کہ حدیث شریف میں جہاد اکبر فرمایا ہے۔ کرنے کی بجائے خود مطیع نفس اور پابند حرص وہوا رہتا ہے اور اپنی خواہشات نفسانی کو اپنا معبود بنانے کا مرتکب اور مصداق بنا ہوا ہے وہ کبھی بھی منزل مقصود کو نہیں پہنچ سکتا اس کو جاننا چاہیئے اس کے عدم جدوجہد (جہاد بالنفس) کے سبب وہ اپنے ایمان وتقویٰ اور وسیلہ پر ضرب کاری لگا رہا ہے یعنی ان کو جھوٹا ثابت کر رہا ہے مولا کریم اپنے خاص لطف وکرم اور فضل سے جَاھِدُوْا فِیْ سَبِیْلِہٖ کی کامل توفیق بخشے بجاہ خیر خلقہٖ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ آمین

مکتوب نمبر ۲۶ ——— بنام شیخ محمد نصیب صاحب آفس سپرنٹنڈنٹ ریلوے ملتان

رضائے مولا کریم ورحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

الحمدللہ! کہ حالات کو تسلی بخش پایا۔ مفصل حالات پڑھ کر دل خوش ہوا مزید خوشی ہوئی کہ لکھے ہوئے حالات سے آپ کا مستقبل روشن نظر آیا اللہ تعالےٰ اپنے خاص فضل و کرم سے اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے آپ کو جملہ مقاصد نیک میں کامیاب و بامراد کرے اور آپ کی دیانتداری۔ ایمانداری اور ملک وقوم کی خاطر محنت شاقہ کرنے کا بدلہ اس دنیا میں بھی بصورت ترقی درجات ظاہری و باطنی عطا فرمائے اور آخرت میں بھی ذریعہ نجات گردانے۔ آمین ثم آمین ۔

دفتر کے حالات ایسے ہی تھے کہ آپ پر افسروں کی نگاہ پڑی آپ کو اس قابل سمجھا کہ آپ کو ملتان کی آب وہوا میں سانس لینا نصیب ہوا اور بہت ممکن ہے کہ اس کا بدلہ یعنی کریڈٹ آپ کو ملے اور یہی آپ کی بہتری کا سبب بن جائے آمین۔ بندے اگر نہیں دیکھتے اور قدر نہیں کرتے تو مولا تعالےٰ تو دیکھتا ہے وہ کسی کا اجر ضائع نہیں فرماتا اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ارشادِ باری ہے بشرطیکہ کام کرنے والا محسنین میں اپنے آپ کو شامل کرے۔ فَاِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ ،، ہمیں بھی چاہیئے کہ اپنے کام اپنے مالک رب العالمین کے دکھانے کے لیے اس کی رضامندی و مرضی حاصل کرنے کے لئے کریں اور صرف اسی سے بہتری کی امید رکھیں اور التجا کریں۔ شرارتی اور مخالف خود بخود بفضلہٖ تعالےٰ اپنے کیے پر پشیمان ہوں گے۔ ورنہ اپنے کیے کی سزا پائیں گے۔ خدا کے ہاں اندھیر نہیں ہاں بعض مصلحتوں کی بنا پر دیر ہو جاتی ہے۔ سو حوصلہ اور صبر سے کام لینے والے آخر کار جیت میں رہتے ہیں اور کامیاب ہو جاتے ہیں آپ کسی انسان سے سفارش کی توقع نہ رکھیں اور نہ ہی

Marfat.com

کسی کی سفارش پر بھروسہ کریں۔ آپ براہِ راست ہی مولا تعالےٰ سے توقع اور کامل بھروسہ رکھیں جس کو خوش کرنے کے لئے آپ کام کر رہے ہیں اور جس کی مرضیات پر پہنچنے کے لیے آپ کو نا فرمانوں، نا اہلوں سے کسی کی بھی پرواہ نہیں کرنی چاہیئے۔ اللہ بس باقی ہوس قرضہ آپ کا بفضلہ تعالےٰ دیکر مہ بہت جلد ھباءً منثورًا ہو جائے گا۔

پنجگانہ نماز کے بعد وہ دعا نہایت خشوع و خضوع سے تین بار پڑھا کریں اور استغفار کی تسبیحات کسی حالت میں بھی ناغہ نہ ہونی چاہیئں۔ فقیر جب آپ کو ذکر فکر مراقبہ، تہجد اور پابندی شریعت کی طرف توجہ دلاتا ہے تو اس وقت خیال ہوتا ہے کہ آپ کی مشکلات اس کی برکت سے آسان اور حل ہو جاویں اور آپ انہی مشکلات میں پھنسے ہونے کی وجہ سے اس طرف سے معذوری کا اظہار کر دیتے ہیں۔ فقیر چاہتا ہے کہ آپ اہل اللہ میں سے ہو جائیں اور آپ کے کام اللہ تعالےٰ کے حکم سے اس کے فرشتے کیا کریں کیونکہ اللہ تعالےٰ اپنے خاص بندوں کا خود کارساز ہوتا ہے اور غیب سے ان کے کام بآسانی تمام کرنے کے اسباب مہیا فرما دیتا ہے اور آپ اس کی طرف سے معذوری کا اظہار فرما کر انہی مشکلات میں پھنسے رہنا چاہتے ہیں۔ ؎

بہ بیں تفاوتِ راہ است از کجا تا بکجا

مَنْ کَانَ لِلّٰہِ کَانَ اللّٰہُ لَہٗ کی خوش خبری کو نہ بھولنا چاہیئے وہ خود مہربانی سے فرماتا ہے وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ۔

فقیر مشاہدات و مکاشفات پر اعتماد نہیں رکھتا کیونکہ وہاں غلطی کا احتمال موجود ہے ظاہری حالات کا مقابلہ کر کے تَوَکُّلًا عَلَی اللّٰہِ جو سمجھ میں آئے کر گزرتا ہے اور مولا تعالےٰ سے بہتری کی توقع رکھتا ہے۔ فقیر ایک نہایت ہی سہل راستہ پر جانا چاہتا ہے اور یار دل کو بھی اسی طرف بلاتا رہتا ہے اور وہ ہے توکل علی اللہ عملاً نہ قولاً اور توکّل یہ ہے کہ اپنی بہترین عقل و فراست سے اور کامل جدوجہد سے مطلوبہ و مفروضہ کام کو کرنا اور اپنے آپ کو

اور اپنے کاموں کی جدوجہد کو اللہ تعالےٰ کے حوالے کر دینا اور کامیابی کی امید اس سے رکھنا۔ پوری تفویض و تسلیم سے کام لینا ہے

سب کام اپنے کرنا تقدیر کے حوالے
نزدیک عارفوں کے تدبیر ہے تو یہ ہے

مکتوب نمبر ۲۷ ——— بنام شیخ معزالدین صاحب لاہور

دنیا و آخرت

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ'

کارڈ ملا کاشف حالات ہوا خوشی ہوئی کہ تحریر سے ارادت کی خوشبو آتی ہے اللہ تعالےٰ خلوص قلبی عطا فرمائے کہ یہ حقیقت ہو جائے آمین۔ ع "مَنْ جَدَّ وَجَدَ" جس نے در کھٹکھٹایا اس کے لیے کھولا گیا۔ پھر مشکل کیا ہے؟ دنیا و آخرت دو بہنیں ہیں جو ایک گھر میں خوش نہیں رہ سکتی ہیں ایک دل میں دو محبوب نہیں سما سکتے۔ ؎

ہم خدا خواہی و ہم دنیائے دوں   ایں خیال است و محال است و جنوں

پہلی محبت کو غالب رکھنا پڑے گا اور دوسری کو مغلوب ورنہ سلامتی ایمان دنیا میں اور خاتمہ بالایمان آخر میں مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن۔ کیا اچھا فرمایا ہے۔ ؎

با دو قبلہ در رہ توحید نتواں برد راہ
یا رضائے دوست باید یا رضائے خویشتن

ارشاد پاک الٰہی ہے (قرآن کریم) "اے مومنو! تمہارے اموال اور اولاد تم کو ذکر اللہ سے روک نہ لیں (خبردار) اور جو ایسا کرے گا (حب دنیا میں پھنسے اور ذکر اللہ سے ہٹے) پس وہی خاسرون (تباہ شدگان) سے ہوگا۔" اللہ تعالےٰ رحم فرمائے ہمارے دلوں میں یقین اور ایمان پختہ ہو جاوے اپنی خاص محبت عطا فرما کر ہمیں اپنا بنالے آمین

تعمیل ارشاد دینی کوشش کرنا ہمارا کام ہے قبولیت ادھر سے ہے جو لفضلہٖ تعالےٰ ہو ہی جاتی ہے۔ ؎ عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نہ کرد۔

حاضرین مجلس و پرسانِ حال کی خدمت میں السلام علیکم جس کو فقیر کے ساتھ تعلق اور محبت ہے اس خط کی نقل اپنے پاس رکھے اور اس کو پڑھتے رہا کریں۔ تا آنکہ راہ آسان ہو۔

مکتوب نمبر ۲۸ ——— بنام شیخ محمد نصیب صاحب۔ ملتان

پاکستان اور اسلام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

محبت نامہ شرف صدور لا کر کاشف حالات ہوا۔ فقیر نے اپنا فرض ادا کر دیا اور راہ حق کی تبلیغ ان کو کر دی۔ حق سبحانہ' تعالےٰ انہیں ہدایت نصیب کرے کہ ان کے پیارے نصیب سے نحوست اتر جائے آمین! عزیزم محمد عالم خاں کو جواب میں ضروری ہدایات لکھ دی تھیں اگر ان پر اس نے عمل کیا تو انشاء اللہ تعالےٰ وہ خسارہ میں نہیں رہے گا دعائیں تو لفضلہٖ تعالےٰ ہمیشہ ہوتی ہی رہتی ہیں دل کو اور نیت کو درست کرنے کی ضرورت ہے افسوس کہ بعض حضرات ابھی تک فرنگی دورِ حکومت کے پرانے خیال پر ہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ملازمت کو (پاکستانی) بدترین غلامی اپنے آپ کو بھاڑے کے ٹٹو اور افسروں کو فرعون صفت سمجھتے ہیں اور کام کی زیادتی کو تکلیف اور مصیبت۔ کاش کہ وہ پاکستان کو اپنا ملک بلکہ اپنا گھر اور افسروں کو بڑے بھائی اور کام کاج کو اپنا روزانہ گھریلو فرائض کی بجا آوری سمجھتے تو ان کو اپنی تکلیف اور دکھ محسوس نہ ہوتے جتنا کہ وہ اب محسوس کر رہے ہیں دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا انسان ہوگا جو ماں باپ یا اہل و عیال کی خدمت کو تکلیف سمجھے۔ اگر آپ ایسے محنتی دیانتدار کام کرنے والے جو ملک کی بہترین خدمت انجام دے رہے ہیں ایک ایک کر کے نوکری چھوڑ جائیں تو پاکستان کا کیا حال ہوگا۔

Marfat.com

اندھا راج بیداد نگری والا معاملہ ہوگا۔ کیا وہ گھر آباد رہ سکتا ہے جس کے بہترین خیرخواہ کارکن ممبر گھر کا کاروبار کرنا چھوڑ دیں۔ ابھی پاکستان کو کھانے دنفع اٹھانے کا وقت نہیں بلکہ اس کو بنانے کا وقت ہے ابھی تو تعمیر ہو رہی ہے تعمیری کام کے لیے حد سے زیادہ محنت اور دیانتداری اور خداترسی کی ضرورت ہے ہمیں پاکستان کے سپوت بننا چاہیئے نہ کپوت۔ ہمیں فرہاد کی طرح کوہ کن ہونا چاہیئے نہ کہ کام چور۔ اللہ تعالےٰ کی اس نعمت (خطۂ پاکستان) کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ اس کے فضل کرم سے کفر کا سایہ ہم پر سے اٹھ گیا ہے لہٰذا اللہ تعالےٰ کے اس عطیہ پر ہمیں تن من دھن سے قربان و نثار ہونا چاہیئے تاکہ کفرانِ نعمت کے ہم مرتکب نہ ہوں۔ تسلی۔ اطمینان، دیانتداری اور نیک نیتی سے توکلاً علی اللہ تعالےٰ کو خوش کرنے کے لئے کام کئے جائیں وہ دیکھ اور سن رہا ہے۔ سمیع و بصیر اور علیم و خبیر ہے آپ انشاءاللہ تعالےٰ کبھی خسارہ میں نہ رہیں گے کامیاب ہوں گے اور بفضلہٖ تعالےٰ سعادت دارین حاصل کریں گے فکر اور غم کی بات نہیں بلکہ خوشی اور ترنم کی بات ہے کہ ہم اپنے گھر (پاکستان) کا کام کر رہے ہیں نہ کہ غیر (فرنگیوں) کے گھر کا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ حق سبحانہٗ و تعالےٰ آپ کو صحت عطا فرمائے اور اس سے بھی زیادہ بلند ہمت بنائے اور اس سے بڑھ کر آپ ملک اور قوم کی خدمت اپنی ذات (نفس) کی خدمت سمجھ کر کریں۔ آمین۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ (اللہ تعالےٰ احسان یعنی نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں فرماتے) کا مژدہ اور خوشخبری کبھی فراموش نہ کرنی چاہیئے۔ آپ یہ خط اپنے تمام دفتریوں اور متعلقہ احباب کو دکھا سکتے ہیں اور تبلیغی رنگ میں سنا سکتے ہیں۔ باوجود اس قدر عدیم الفرصتی کے وظائف کی پابندی ذوق و شوق محبت والہانہ خلوص قلبی سے کرنا۔ احساسات تکالیف میں تخفیف کا باعث ہوگا۔ انشاءاللہ تعالےٰ۔ یاد رہے کہ اہل اللہ کا کام خدا کے فرشتے کرتے ہیں۔ مَنۡ کَانَ لِلّٰہِ کَانَ اللّٰہُ لَہٗ (الحدیث) جو اللہ کا ہو جائے اللہ اس کا ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۲۹ ——— بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

منتہائے مقصود

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

الحمد للہ کہ حالت تسلی بخش ہے اللّٰھم زِد فزِد۔ آمین ۔ حجابات بھی ترقی کا زینہ ہیں۔ آتے جائیں اور اٹھتے جائیں حتیٰ کہ کہ "بے حجابانہ درآ بردر کاشانۂ ما" والا معاملہ آ پہنچے ۔آمین ۔ اس راہ میں لذت اور نہ لذت دونوں ملے جلے مقام ہیں۔ بسط اور قبض وہی حجابات کی طرح ترقی کے سنگ میل ہیں ہر طرف سے منہ پھیر کر ذکر فکر اور مراقبہ میں لگے رہنا چاہیے حتیٰ کہ حضور دوام میسر ہو جائے اَقصَی الغَایَات ہے (منتہائے مقصود) خطوط کے ذریعے وہ تبلیغ نہیں ہوتی جو صحبت سے ہوتی ہے غالباً آپ اس راز کو جانتے ہوں گے قرآن کریم ہم میں سے روزانہ پڑھتے ہیں لیکن مستفیض نہیں ہوتے لیکن جب قرآن اہل اللہ کی زبان سے سنتے ہیں تو سبحان اللہ کیا سے کیا ہو جاتا ہے بات چیت کرنے میں دو بڑے فائدے ہیں۔ اول زبان پاک دل کی ترجمان ۔ دوسرے پاک نفس یعنی وجود کی صحبت و معیت بھی اپنا کام کرتی ہے کہتے ہیں ناقص سے کامل نہیں بنتا یعنی ناقص کسی کو کامل نہیں بنا سکتا لیکن ناقص عالم ہو تو اس کے علم سے راہ پا سکتے ہیں وہ بے عمل ہونے کی وجہ سے ناقص ہے عمل اور کوشش کرنے والا انشاءاللہ تعالیٰ کبھی ناقص نہیں رہتا۔ ؎

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

ع کچھ کر لو نوجوانو! اٹھتی جوانیاں ہیں۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۳ ——— بنام شیخ معز الدین صاحب لاہور

پابندیٔ وظائف

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

فقیر آپ سے رخصت ہو کر جمعہ کی نماز کو پہنچ گیا چونکہ برادرم خاں صاحب سلمہ' کے ساتھ شام کا وعدہ تھا اس لئے بمشورہ عزیزم سلطان صاحب جمعہ پڑھا کر ایکسپریس پر اسی دن وزیر آباد واپس چلے گئے سلطان صاحب کو اتوار کی شام کو چناب ایکسپریس پر راولپنڈی چلے گئے فقیر کو خاں صاحب نے نہ چھوڑا۔ آج منگل کو بمشکل رخصت حاصل کر کے کنجاہ پہنچا اور آپ کا محبت نامہ ملا۔ عزیزم غلام حیدر خاں صاحب کو اور جملہ دیگر احباب کرام کو بھی اللہ تعالےٰ اسلامی ایمان وجان وعزت وآبرو سے ہمیشہ خوش رکھے آمین۔ فقیر اس کو ایک بات کہہ کر آیا ہے جو بڑی ضروری ہے جس پر بہت سے لوگوں کا فائدہ منحصر ہے اس کو اس کی تاکید کریں۔ آپ باقاعدہ طور پر ختم خواجگان اور حلقہ ذکر ہفتہ وار قائم کیا کریں اگر کوئی دوسرا یار بھی اس کی دعوت اپنے ہاں پڑھانے کے لئے رکھے تو اس کو بھی موقعہ دینا چاہیئے تاکہ یہ برکت ورحمت سب کے گھروں میں پہنچ جائے اپنے سب وظائف پابندی وقت کے ساتھ نہایت ذوق وشوق سے کرنے چاہئیں اور سب کاروبار دنیاوی سے مقدم سمجھنے چاہئیں کوئی دنیا کا کام رہ جائے تو رہ جائے لیکن ان وظائف میں ناغہ نہ ہو اور ذوق وشوق اور محبت دن بدن بڑھتا جائے۔ آمین سب یاروں کے حالات سے بھی اطلاع دیتے رہا کریں۔ سب کو السلام علیکم۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۱۳ ——— بنام الحاج شیخ محمد نجیب صاحب لاہور

نظام کائنات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

نظام عالم اس احکم الحاکمین جل وعلا کی قدرت کے تحت چلتا رہے گا اور اسی طرح ہمارے سب کام جو بظاہر ہماری طرف منسوب اور ہمارے کرنے کے رہین منت ہوتے ہیں اسی کی مشیت کے ماتحت چلتے رہیں گے ہمیں جو کچھ کرنا ہے اسی نظام عالم کی مشین کا ایک پرزہ ہونے کی حیثیت سے اپنا مفروضہ ومفوضہ کام کرنا ہے اسی لئے ہمارا فرض ہے کہ دیانتداری وایمانداری سے اپنے فرائض کو انجام دیں. قومی ہوں مذہبی ہوں سیاسی ہوں ظاہری ہوں یا روحانی ہوں. پورا پورا بھروسہ اور توکل اسی کی ذات اقدس پر رکھتے ہوئے اور اپنے آپ کو اس کے آگے جوابدہ سمجھتے ہوئے جب آپ مکمل طور پر خلوص قلبی کے ساتھ اپنے آپ کو اس کی پناہ میں دے دیں گے اسی کے پاس دمراقبہ میں) بیٹھا کریں گے تو انشاء اللہ تعالےٰ کسی مشورہ دینے والے کی ضرورت محسوس نہ ہو گی آپ کو بفضلہٖ تعالےٰ وہ فراست عطا ہو جائے گی جو مومنوں کا حصہ ہے جس کی نسبت حدیث شریف میں آیا ہے کہ "مومن کی فراست سے ڈرو کہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے" او کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم. فافہم فتدبر.

اعلیٰ حضرت اقدس امیرملت شاہ صاحب قبلہ مدظلہ نے جو لطف وکرم آپ پر ظاہر فرمایا ہے وہ آپ کی دیانتداری ونیک نیتی کے سبب سے ہے جس کا پرتو وعکس "آنحضرت مدظلہ" کے قلب مبارک پر پڑا ہے فقیر حقیر پر آنحضرت مدظلہ کی یہ خاص شفقت ومہربانی ہے کہ فقیر کے واسطے سے پہنچنے والے غلاموں پر بہت خوش ہوتے اور خاص مہربانیوں سے سرفراز فرمایا کرتے ہیں. الحمد للہ کہ آپ کو بھی اس سے حصہ وافر ملا امید ہے کہ آپ کو

فقیر کی ،، نسبت ،، کے متعلق اور اپنے حالات کے متعلق فقیر کی کوششوں کے بارے میں کامل تسلی واطمینان حاصل ہو گیا ہو گا۔ آنحضرت مدظلہ کا فقرہ فقرہ ارشاد فرمودہ فقیر کے خطوط کا نچوڑ ہے الحمدللہ کہ فقیر کی محنت ٹھکانے لگی اور حضور پرنور نے مہر تصدیق ثبت کر دی ثم الحمدللہ آج کے بعد آپ کو کبھی پریشان خاطر نہ ہونا چاہیئے اور حضور لامعہ النور کا ارشاد کردہ شعر ہمیشہ پڑھتے رہنا چاہیئے ؎

کام رکنے کا نہیں اے دل ناداں کوئی
خود بخود غیب سے ہو جائیگا ساماں کوئی

مختصراً یہ کہ جب ہم اپنے خالق و مالک و رازق مولا تعالےٰ کو خوش کرنے کی کوشش کریں صحیح معنوں میں اس کے غلام و پجاری بن جائیں۔ اپنے ہر قول و فعل اور نقل و حرکت سے اس کو خوش کریں اور اس کی مرضی پر چلیں تو وہ کبھی اپنے فضل و کرم سے ہمیں محروم نہیں رکھے گا۔ اور ہماری تکلیف یا ناخوشی میں راضی نہ ہو گا۔ ایک مومن کبھی یہ بات مان نہیں سکتا؟ ہمیں یورپ کی تقلید نے اسلام اور اسلامیات سے اتنا دور کر دیا ہے کہ آج یہ بات ہمارے ذہن میں بیٹھتی نہیں کہ وہ خود فرماتا ہے هَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ہم مذہب کو دنیا سے الگ سمجھنے لگ گئے ہیں اور دنیاوی امور سے خدا تعالےٰ کا کوئی تعلق ہی نہیں جانتے فرماتا ہے۔ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ۝ جب وہی سب کچھ پیدا کرنے والا اور دینے دلانے والا ہے (لکم میں اشارہ ہے) تو کیا پھر یہ سب کچھ حاصل کرنے کے لئے اس کی طرف جھکنے کی ضرورت نہیں فقیر کا تو ایمان ہے جتنا زیادہ جھکے گا اتنا ہی زیادہ پائے گا اور جو منعم حقیقی سے منہ پھیرے اور اس سے دور ہو جائے وہ کس منہ سے اس کی نعمتیں پانے کا مدعی اور مستحق ہے؟ اگر ایسوں کو دیتا ہے یا دے رہا ہے تو اس کی شانِ ربوبیت و خالقیت کا تقاضا ہے لیکن ایسوں کو دشمنوں میں شمار کرتا اور کافر کرکے مارتا ہے اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنْهَا اور اپنے دوستوں اور غلاموں

Marfat.com

میں شامل رکھے ۔ آمین ۔

حضرت الحاج محمد امام الدین صاحب قبلہ کا وصال بھی ہمارے لئے زخموں کو ہرا کرنے والا ثابت ہوا آپ کی جگہ بھی پر ہوتی نظر نہیں آتی ۔ الا ماشاء اللہ ! یہ سیر اور سیاحتیں خصوصاً مقامات و مزارات مقدسہ کی زیارت و حاضری بہت ہی مفید اور دل خوش کن ہے بشرطیکہ اپنے شیخ (پیر و مرشد) نے اس کا حکم فرمایا ہو ۔ اگر حکم ہوتا تو آپ کی زندگی میں ہوتا جیسا کہ جناب بہشتی صاحب قبلہ اجازت لے کر آپ کی زندگی میں ہی مدینہ شریف ہجرت کر گئے ہیں آپ کے بعد ایسا کرنا اسی کیٹیگری (CATOGORY) میں ہے جس میں حضرت پیر سید حافظ حیدر علی شاہ صاحب قبلہ مدظلہ کا تشریف لے جانا ہے مرید کے لئے زندگی میں پیر کی زیارت اور ان کے وصال کے بعد ان کی مرقد پاک (نور اللہ مرقدہٗ) کی زیارت سے بڑھ کر کوئی دوسری جگہ جانے کے لئے نہیں اس کو جو کچھ ملنا ہے انہی کے طفیل اور انہی کی وساطت سے ملنا ہے ۔ ہاں اجازت ہو ۔ یا خود مختار ہو تو دوسری بات ہے ۔

مکتوب نمبر ۲۲ ——— بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

پیغام حق تعالیٰ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

آپ کے مکتوب گرامی نے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سرہندیؒ کے مکتوب شریف کی یاد تازہ کر دی وہ بھی اپنے پیر صاحب حضرت خواجہ محمد باقی باللہ دہلویؒ کی خدمت میں اپنے پاس رہنے والے یاروں کے حالات اسی طرح لکھا کرتے تھے گویا کہ آپ نے ان کے مکتوب شریف کی نقل کر دی ہے مولا کریم علم، فہم اور انشراح صدر ۔ روحانیت میں برکت ترقی نصیب فرمائے اپنی پناہ میں لے اور اپنا ہی بنائے آمین یا رب الکریم آمین محترم مرزا

اللہ بخش صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اپنے خیال میں ٹھیک فرمایا ہے آپ کو تو معلوم ہی ہے واقعی فقیر نہ پیر ہے اور نہ پیری کا مدعی نہ دعویٰ بزرگی اور نہ ولایت ! یہ کام تبلیغی رنگ میں جو چل رہا ہے یا ہو رہا ہے۔ یہ فقیر باوجود اپنی نااہلیت کے مجبوراً اور حکماً کر رہا ہے کیونکہ اعلیٰ حضرت امیر ملت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری نے باوجود فقیر کے بسبب اپنی نااہلیت کے بار بار انکار کرنے کے سختی سے حکم فرمایا کہ یہ کام ضرور کرنا ہوگا تم کو اپنے آپ کو نااہل سمجھتے ہوئے بھی یہ کام ضرور کرنا ہوگا اس لئے کہ تمہاری نسبت کامل ہے تمہارے پیر کامل ہیں۔ فقیر نے عرض کیا تھا کہ حضور میں کسی کے پاس جا کر نہیں کہوں گا کہ آؤ تمہیں داخل سلسلہ کروں۔ یا تمہیں بیعت کروں تو حضور نے فرمایا تھا کہ ڈاکٹر صاحب آپ کو یہ کام ضرور کرنا ہوگا جس کو ضرورت ہوگی وہ خود آپ کے پاس چلا آئے گا تو یہ کام فقیر آپ کے حکم اور ارشاد گرامی کے مطابق کر رہا ہے اور ان کی دعا و برکت و توجہ اور فضل و رحمت الٰہی سے چل رہا ہے اور انشاء اللہ تعالےٰ العزیز چلتا رہے گا کیونکہ فقیر کا کام ان کے ارشادات کے ماتحت ان کی تعلیم کو لوگوں تک پہنچا دینا ہے ہدایت دینا یا ہدایت پر قائم رکھنا خدا تعالےٰ کا کام ہے فقیر کا ذمہ نہیں۔ اللہ تعالےٰ نے قرآن کریم میں اپنے محبوب مطلوب امام الانبیاء والمرسلین ۔ سرور عالم ورحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی قسم کے موقعہ پر کئی بار فرمایا ہے وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ پ ۱۸ ع ۱۴ نہیں اوپر رسول کے مگر حکم پہنچا دینا۔ ب فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ۝ سورہ رعد۔ آپ کا فرض ہے (پیغام) پہنچا دینا اور ہمارا کام ہے حساب و کتاب ؛ ج۔ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ سورہ نحل ۱۱۔ اگر وہ اعراض کریں آپ کا فرض صرف روشن پیغام پہنچا دینا ہے۔ پھر جانے والوں کو متنبہ وطنز کے طور پر فرمایا فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ پ ۱۲ ع پھر اگر پھر جاؤ تم تو جان لو کہ نہیں اوپر رسول ہمارے کے مگر پہنچا دینا ظاہر (جب ہمارا حکم تمہیں

Marfat.com

پہنچا دیا۔ تو ان کا فرض ادا ہو گیا، فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝
"نہیں کیا ہے مشن (MISSION) رسولوں کا مگر روشن پیغام کا پہنچا دینا"۔ اور بھی بہت جگہ اسی طرح کی آیات شریفہ آئی ہیں۔ خدا فہم سلیم عطا کرے آمین۔ باقی رہا نام کا پوچھنا اور یاد رکھنا اور پھر قیامت میں مدد نہ کر سکنا یہ کسی لکھت پڑھت میں نہیں اور نہ ہی کوئی مسئلہ کسی کتاب میں ہے کہ اس کا جواب دیا جائے بعض حقیقت ناآشنا لوگوں کو من گھڑت بات بتا دیتے ہیں جس کی کوئی سند نہیں بصیرت کے لیے "حالات خواجگانِ نقشبندیہ" سے حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامیؒ کا واقعہ درج کیا جاتا ہے۔

"آپ کا ایک خادم تیس برس سے آپکے پاس شب و روز (غالباً وضو کی خدمت پر) رہتا تھا۔ آپ ہر روز اس کا نام پوچھتے۔ ایک دن اس خادم نے کہا حضرت میں تیس سال سے آپ کے پاس آپ کی خدمت کر رہا ہوں پھر بھی آپ روزانہ میرا نام پوچھتے رہتے ہیں (غالباً اس نے بھی کہا ہوگا کہ آپ مجھے قیامت میں کیسے پہچانیں گے جبکہ روز نام پوچھتے ہیں؟) تو آپ نے یہی فرمایا تھا۔ ہاں روزانہ نام پوچھتا ہوں پھر بھول جاتا ہوں اسی لیے پھر پوچھتا ہوں۔ ذرا بایزید بسطامیؒ کی شان ملاحظہ ہو۔ تذکرۃ الاولیاء میں ہے کہ حضرت جنید بغدادیؒ جو اپنے وقت کے قاضی القضاۃ اور اولیا وصوفیا وقت کے سرتاج و امام تھے وہ فرماتے ہیں کہ بایزید بسطامی ہمارے درمیان ایسے ہیں جیسے فرشتوں میں جبرائیل۔ فقیر تو عصیاں و نسیاں کا پتلا ہے نام بھولنے کے کئی اسباب ہو سکتے ہیں۔ عام طور پر یاروں کو معلوم ہوگا کہ یاروں کے نام پوچھنا کہ اس کا کیا نام ہے اس کا کیا نام ہے، داخل سلسلہ ہوتے وقت۔ فقیر کی عادت نہیں۔ دوسرا یاروں کے چہروں کی طرف بھی اس وقت دیکھنا فقیر کی عادت نہیں اس وقت توجہ دوسری طرف ہوتی ہے اس طرح کئی دفعہ یہ نوبت آجاتی ہے کہ نام پوچھنا پڑتا ہے بلکہ پہچان

Marfat.com

میں بھی دقت ہوتی ہے۔ تیسرے اگر یار بھی ایسا ہو جو بہت کم ملاقات کو آئے یا نزدیک بیٹھ کر اپنی زیارت سے مشرف نہ کرے تو پھر اور بھی مشکل ہوتی ہے لیکن باوجود ان باتوں کے اسباق پر عمل کرنے والے فیض سے محروم نہیں رہتے اللہ تعالےٰ ان کے اجر ضائع نہیں فرماتے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ o (القرآن) دنیا میں کئی ایک ایسے واقعات ہوئے ہیں کہ چھوٹی عمر میں کوئی گھر سے نکل گیا۔ مدت کے بعد صوفی بزرگ یا مولوی بن کر گھر آئے تو ماں تک نے نہ پہچانا لیکن اس نہ پہچاننے یا نام پوچھنے سے یہ کہاں سے ثابت ہوا کہ وہ اس کا بیٹا ہی نہیں رہا؟ تذکرۃ الاولیاء مصنفہ حضرت خواجہ فریدالدین صاحب عطارؒ میں بھی حضرت بایزید بسطامیؒ کے حال میں ان کا یہ واقعہ درج ہے وہاں سے بھی تسلی کر سکتے ہیں۔ وَاللّٰہُ یَھۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ (القرآن) سیدھے راہ پر اللہ تعالےٰ چلاتا ہے۔ جسے چاہے۔ ہدایت اسی کے ہاتھ میں ہے ہمارا فرض احکام الٰہی کا پہنچا دینا ہے اور بس۔ مولا کریم فقیر کے سب دوستوں کو صراطِ مستقیم پر قائم رکھے اور ظاہری و باطنی نعمتوں سے سرفراز فرمائے آمین۔

عزیزم عبداللطیف کے پیچھے پڑنے کی ضرورت نہیں۔ آپ کا فرض بھی یاروں کو اکٹھا کرنے کی کوشش کرنا ہے آگے آنا نہ آنا ان کی قسمت! آپ کو کوشش کا اجر انشاءاللہ تعالےٰ ضرور مل کر رہے گا۔ محترم محمد عالم صاحب کی بات سمجھ میں نہیں آئی مالی امداد کس کی کرتا ہے؟ اللہ تعالےٰ نے تو نماز روزہ بھی فرض کیا ہوا ہے اور ساتھ ہی زکوٰۃ بھی فرض ہے۔ نماز روزہ کرنے والے کو زکوٰۃ (مالی امداد) معاف نہیں کشمیر والے پیر صاحب ہوں یا کوئی اور پیر صاحب ان کے ارشادات پر عمل کرنے سے ہی نجات ہو گی ورنہ خالی گود میں ڈالنا کام نہیں آئے گا جو صاحب شرقپور شریف والوں کے مرید ہیں بڑی خوشی سے شامل ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۳۲ ——— بنام

جہاد اکبر

محبت نامہ موصول ہو کر کاشف احوال ہوا مولا کریم ہر نیک مقصد میں کامیاب فرمائے آمین! خدا کرے کہ حصول سایہ کی کوشش بار آور ہو۔ اگر اس جہان میں میسر ہو گیا۔ تو وہاں انشاء اللہ تعالے ساتھ ہی رہے گا جو مشکل ہے وہ یہاں اس کے حاصل کرنے میں ہی ہے جب تک سالک فنافی الشیخ کے مقام کو نہ پالے سایہ سے اسے کوئی نسبت نہیں ہوتی۔ شیخ کا سایہ (ظل) سالک تب ہی بن سکتا ہے جب ظاہر و باطن میں شیخ کا نمونہ بن جائے۔ اور نمونہ تب ہی بن سکتا ہے کہ نفسانی خواہشات کے خلاف کام کیا جائے حضرت یوسف علیٰ نبینا علیہ السلام کا قول مبارک قرآن کریم میں بیان فرمایا گیا ہے۔ وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ پ۱۳ ع۱۔ میں اپنے نفس (جی) کو پاک (بری) نہیں سمجھتا۔ بے شک یہ ہمیشہ برائیوں کا حکم ہی کرتا رہتا ہے (برائی کی طرف ہی کھینچتا رہتا ہے) مگر جس پر اللہ رحم کرے (وہ اس سے بچے) یہی جہاد بالنفس ہے جس کو حدیث شریف میں جہاد اکبر فرمایا گیا ہے۔ جس طرح بچوں (شاگردوں) کی شیطنت ماسٹر یا استاد کے جماعت میں آتے ہی دور ہو جاتی ہے اسی طرح نفس امارہ شیخ کامل کے سامنے سے مرعوب ہوتا اور سدھار حاصل کرتا ہے ؎

ہیچ نکشد نفس را جز ظل پیر
دامن آں نفس کش محکم بگیر

مولانا روم فرماتے ہیں کہ نفس سرکش پیر کے سایہ میں ہی مارا جاتا ہے اس کے سوا مشکل ہے اس لئے نفس کے مارنے والے یعنی مطیع بنانے والے کے دامن

Marfat.com

کو مضبوطی سے تھام لو تاکہ یہی نفس کشتہ ذاکر، ہوکر سنہری مقامات عالیہ پر لے جائے عاشقانہ اور والہانہ کوششیں درکار ہیں کامیابی بفضلہٖ تعالیٰ ضرور ہو جاتی ہے۔

ہر کارے کہ ہمت بستہ گردد ۔۔۔ اگر خارے بود گلدستہ گردد

جس کام میں ہمت صرف کی جائے اگرچہ وہ کانٹا کیوں نہ ہو وہ ضرور پھول اور پھولوں کا گلدستہ بن جاتا ہے بلکہ فرمانے والے اور اس راہ کے طے کرنے والے یہاں تک فرما گئے ہیں۔

وہ کون سا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا
ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا

البتہ ایسی ہمت فرہاد جیسے کوہ کن عاشق ہی کر سکتے ہیں جب کسی چیز کی طلب صادق نہ ہو تو کون اتنی قربانی کرتا ہے۔ دنیا و مافیہا سے منہ موڑنا اور نفس کے ہوا و ہوس کو چھوڑنا اور پھر خالق و مالک دنیا و مافیہا کی طرف صحیح طور پر رجوع کرنا مذاق نہیں ہے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست ۔۔۔ تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

دم، درود، منتر، جنتر کے پیچھے دوڑنے والوں کا یہ کام نہیں۔ مولا کریم ذوق سلیم اور شوق عظیم عطا فرمائے آمین۔ تاکہ ان باتوں کی حقیقت کھلے۔ دنیائے غفلت زا سے نفرت بڑھے۔ اور حق تعالےٰ سے الفت۔ آمین۔

مکتوب نمبر ۴۳ ——— بنام شیخ معزالدین صاحب لاہور

حُبِّ مال

الحمد للہ کہ بچے خیریت سے ہیں اللہ تعالےٰ خیریت سے رکھے صالح اور عمر دراز کرے

Marfat.com

اور کسی کا محتاج نہ کرے آمین ۔ آپ کا اشتیاق اور محبت مولا کریم روز افزوں زیادہ کرے آمین ۔ یہ شوق اور محبت جب اپنے مقام اصلی پر پہنچیں گے تو بیوی بچوں کے تعلقات گو بظاہر تو قائم رہیں گے لیکن دل سے عارضی اور غیر معلوم محسوس ہوں گے ۔

تعلق حجاب است و بے حاصلی   چو پیوند ہا بگسلی واصلی

جب تک یہ تعلقات دل میں جمے ہوتے ہیں تو پردہ بنے ہوئے ہیں کچھ حاصل نہیں ہوتا جب یہ دل سے ٹوٹ جاتے ہیں کثرت ذکر اور محبت شیخ کی شدت وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا کا نقشہ جم جاتا ہے تو وصال محبوب کے دن قریب ہو جاتے ہیں ۔ فنا و بقا کے نقشے آنکھوں میں پھرنے نظر آتے ہیں ۔ مولا تعالے یہ مقام جلد از جلد ہمارے آپ کے نصیب کرے ۔

عاشقاں را با مصالح کار نیست   قصد ایشاں جز رضائے یار نیست

واقعی رضائے یار کا انمول موتی بحر عشق میں غوطہ زن ہوئے بغیر میسر نہیں ہو سکتا عاشقان مولا کریم کی صحبت (ظاہری) اور ان کے حالات (معیت باطنی) ہی اس مشکل کا حل پیش کر سکتے ہیں یہ کسی ریاضی دان سے حل نہیں ہو سکتا اسی واسطے فرمایا ۔

با عاشقاں نشیں و ہمہ عاشقی گزیں
ہر کس کہ نیست عاشق یاد مشو قرین

حق سبحانہ و تعالے آپ کی جدائیوں کو مزید فیض بخش ثابت کرے جب تک سوتے اور جاگتے ہیں یعنی شب و روز اس قسم کی صحبتیں میسر نہ ہوں فیضان کے دروازے نہیں کھلتے کثرت اختلاط و صحبت سے ہی وہ نسبت (روحانی) حاصل ہوتی ہے جس کی طرف مولانا جامیؒ نے اپنے اس شعر میں اشارہ فرمایا ہے ۔

در راہ عشق مرحلۂ قرب و بعد نیست
مے بینمت عیاں و دعا مے فرستمت

Marfat.com

عشق و محبت کی راہ میں دور اور نزدیک کا مرحلہ ۔ ماہ) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا آپ کو سامنے دیکھ رہا ہوں اور درود و سلام بھیج رہا ہوں موجودہ رنگین دنیا دار دنیا کی لذتوں میں پھنسا ہوا اس ذوق سے محروم اور نا آشنا ہے ۔ افسوس ۔ ھیھات

فقیر کے وقت میں ملٹری ڈاکٹروں کو دو قسم کی رخصت ملا کرتی تھی ۔ سال میں ایک دو ماہ کی رخصت اور عند الضرورت دس دن کی اتفاقیہ چھٹی ۔ جب کبھی بھی فقیر چھٹی پر آتا چھوٹی یا بڑی ۔ سامان گھر پہ چھوڑ کر علی پور شریف حاضر ہو جانا اکثر انست سے زیادہ چھٹیاں حضور کی صحبت میں گزرتی تھیں ۔ گھر والے ترستے ہی رہتے تھے کہ ہمارے پاس نہیں رہتے کتنے مبارک دن تھے اب ہمیشہ کے لئے یہ نعمت جاتی رہی ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ۔ اگر اس وقت کی ڈاکٹری ماہوار تنخواہ اور اس کے مقابلہ میں جو خرچ فقیر علی پور شریف جا کر کرتا تھا کا ذکر کیا جائے تو آج کل کے لوگ ڈر جائیں ۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۔

حق سبحانہ و تعالے اپنے فضل و کرم اور رحمت و عنایت سے ایسے ہی پاک ماحول میں رکھے ۔ آمین ۔ آج پچیسویں شب رمضان شریف تھی لیکن لیلۃ القدر کے اثرات ظاہر نہیں ہوئے ۔ الحمد للہ کہ ساری رات شغل میں گزری ثم الحمد للہ ! ع۔ دعائے فقیر الرحم اللہ پر عمل درآمد ہے خدائی تو کسی کے ہاتھ میں نہیں ہو سکتی اور جب ہماری دعائیں (مطلق شئے) ہمارے لئے مفید نہ ہو اور خدا تعالے ہمیں بہترین حالت اور نافع حالات میں رکھنا چاہتا ہو تو پھر ہمیں بھی خوش ہو کر راضی کہنا رہنا چاہیئے محض اس لئے کہ اس کی رضا ہمارے حق میں ہے ایسی صورت میں ہمارا کیا حق ہے کہ مولا تعالے پر ناراض ہوں کہ ہماری دعا سنی نہیں گئی خدا کرے کہ ہماری دعا خدا کی رضا کے موافق بیٹھے ۔ تاکہ ہمارا ایمان سلامت رہے آمین ۔ صالح اور نیک ہونا اور بات ہے اور خدا کی محبت و طلب میں سب غیر حق کو بھول جانا ۔ امر دیگر ۔ مَنْ جَدَّ وَجَدَ ۔ در کھٹکھٹانے والوں کے لئے بفضلہ و کرمہ تعالے کھولا جاتا ہے

Marfat.com

اہل دنیا یعنی لذات و شہوات دنیوی سے محبت رکھنے والے بہتر سے بہتر ملفوظات اور اچھے سے اچھے اولیائے کرام کی صحبتوں سے بھی فیض نہیں اٹھا سکتے جب تک کہ کثرت صحبت اور عدم صحبت میں کثرت ذکر اذکار سے اللہ کی محبت بڑھ نہ جائے۔ اور محبت دنیا کم نہ ہو جائے۔ تن من دھن اللہ کی راہ میں قربان کرنے کا ولولہ اور جذبہ پیدا نہ ہو جائے فیضیاب ہونے کی راہ صاف نہیں ہوتی سالک راہ حق نہیں بن سکتا۔ ؎

ہم خدا خواہی و ہم دنیائے دول

ایں خیال است و محال است و جنوں

لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَا اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ کا یہی منشا ہے یعنی اموال اور اولاد اگر اس کی راہ میں رکاوٹ ہیں تو ان کو اس راہ میں قربان کر دو تاکہ تم خاسرون میں سے نہ بن جاؤ۔ خسارت اور تباہی میں نہ پڑو۔ قربان کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کو ذریعہ قرب الٰہی بناؤ۔ اہل دنیا۔ دنیا کی محبت میں پڑ کر یاد الٰہی سے دور ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے آیت بالا میں حکم امتناعی نہایت سخت وعید کے ساتھ صادر فرمایا گیا ہے۔ مولا کریم و رحیم ہمیں اپنا بنائے اور اپنی پناہ میں رکھے آمین نماز مسلمانوں پر ایک ایسا فریضہ ہے جس کی عدم ادائیگی کفر تک لے جاتی ہے کیونکہ خدا کو اپنا معبود سمجھ کر اسکی عبادت سے گریز کرنا غداری ہے جس کو شرعی اصطلاح میں ارتداد کہتے ہیں باغی کی سزا قتل! اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو نماز کی توفیق بخشے کہ دنیا و آخرت کی بہتری و بھلائی اسی میں ہے۔

مکتوب نمبر ۳۵ ——— بنام چوہدری عبدالرحمن صاحب لاہور

الاعمال بالنیات

محبت نامہ موصول ہو کر مطلع احوال ہوا۔ الحمد للہ کہ آپ مع خاندان بخیریت ہیں مولا کریم ہمیشہ آپ کو اپنے مشاغل میں کامیاب فرمائے۔ اپنی پناہ میں رکھے اور اپنا ہی

Marfat.com

بنائے۔ آمین۔ اس موقع پر نہ آنے سے تو فقیر کا ہی نقصان ہوا۔ ذاکروں کی ملاقات سے محروم رہا آپ لوگوں کو تو نیت کا ثواب مل ہی گیا۔ فانما الاعمال بالنیات (الحدیث) حق سبحانہٗ و تعالےٰ آپ لوگوں کو سلامتی ایمان وجان کے ساتھ خوش و خرم رکھے محبت و خلوص کے ساتھ ذکر فکر مراقبہ تہجد اور پابندی شریعت کی توفیق بخشے اور فقیر کو بھی اَلدَّالُ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ (الحدیث) کے ثواب سے بحرمۃ حبیبہ عطا فرمائے آمین ثم آمین۔ حاضرین مجلس پرسانِ حال و یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم گھر میں سلام مسنون، بچوں کو دعوات و پیار۔

مکتوب نمبر ۳۶ ——— بنام ملک عبدالعزیز صاحب لاہور

یاران طریقت

الحمدللہ کہ آپ مع اہل وعیال بخیریت ہیں۔ اور ثم الحمدللہ کہ عزیزم عبداللطیف کی پوسٹنگ لاہور ڈویژن میں ہی ہوگئی ہے مولا کریم اپنے خاص فضل وکرم اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے صدقہ میں خاص لاہور میں ہی تعینات فرمائے اور آپ لوگوں کی دلی مراد پوری کرے آمین ثم آمین۔

فقیر نے بھی ایک عریضہ لائل پور چک نمبر ۲۷۹ میں اعلیٰ حضرت سراج الملت حضرت قبلہ سجادہ نشین صاحب علی پور شریف کی خدمت اقدس میں لکھا تھا پھر ۲ ستمبر کو حضرت قبلہ ماسٹر صاحب مدظلہٗ بھی وہاں تشریف لے گئے واپسی پر قبلہ ماسٹر صاحب نے سیالکوٹ سے لکھا کہ ۱۸ نومبر ہفتہ کا دن ہے ختم شریف کی تاریخ رکھ لو حضرت قبلہ صاحبزادہ صاحب تشریف لائیں گے امید ہے عنقریب ہی اشتہار روانہ کر دیئے جائیں گے معلوم ہوتا ہے کہ آپ چہار شنبہ کی کارروائی وزیر آباد ہی آکر سنائیں گے نہ لاہور نہ کنجاہ۔ کوئی سالانہ جلسہ

کا بھی فیصلہ ہوا کہ نہیں ؟ کاش کہ یارانِ لاہور میں وہ پہلی سی محبت عود کر آئے اور آپ لوگ پھر دو قالب یک جان کے مصداق بن جائیں اور اس طرح تبلیغ کا کام بحسن وخوبی سرانجام پانے لگے۔ فقیر تو سب کا خادم اور دعا گو ہے اسی نسبت کا خیال کر لیتے تو اچھا تھا۔ اپنے دلوں کو خدا کے ہاں ٹٹولنا چاہیئے۔ جس سے ہمارے دل کی کوئی بات یا خیال پوشیدہ نہیں کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔ خدا کے ڈر اور خوف کے ماتحت ہمارا النفس ہمیں فریب نہیں دے سکے گا اور ہماری غلطیوں کو نیکیاں بنا کر ہمیں نہیں دکھلا سکے گا۔ ہم لوگوں کے سامنے باتیں کرنے میں تو کچھ چھپا سکتے ہیں اور اپنے کو سچا ظاہر اور ثابت کر لیتے ہیں لیکن اس عالم الغیب والشہادۃ سے کچھ نہیں چھپا سکتے اپنی دنیاوی برتری نہیں بلکہ اپنی عاقبت کی بہتری کا خیال کر کے صاف دلی سے کام لے کر ایک ہو جانا چاہیئے اور اپنے خسارہ کو منافع میں تبدیل کر لینا چاہیئے۔

مکتوب نمبر ۴۷ ———— بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

فنا سے بقا

خدا کرے کہ الجھا ہوا مسئلہ یقیناً اور قطعی طور پر سلجھ جائے اور ہم سب اسوۂ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا کر اس کا کامل حظ اٹھائیں جس سے ہماری تبلیغ کو چار چاند لگ جائیں۔ آمین ثم آمین۔ یا رب الکریم آمین۔ خواب کا ظاہر مفہوم یا اشارہ جو سمجھا گیا اس پر عمل درآمد ہو گیا۔ الحمد للہ۔ پھر دعا ہے کہ مولا کریم اس مجاز کو حقیقت بنائے۔ آمین تاکہ یار یار سے مستفیض اور ایک کی یاری دوسرے کو مفید۔ خواب کی حقیقت کچھ اور ہی معلوم ہوتی ہے یعنی نظارہ موت اصلی موت نہ تھا نظارہ اس موت کا تھا جس کے بعد موتی اس

Marfat.com

دنیا میں نہیں آتا اگرچہ سچا مومن اسی موت سے ہی اپنے حبیب کو پاتا ہے مگر اس دنیا کو چھوڑ کر یہاں سے انتقال کے بعد "الموت جسر یوصل الحبیب الی حبیب" لیکن وہ موت (موت دفنا) تھی جس سے اسی دنیا میں رہ کر مع الحبیب (بقا) کے مقام پر پہنچتا ہے فنائے ذات نفس نہ تھی فنائے صفات نفس تھی جس میں سالک بشری صفات رذیلہ کو چھوڑتا اور اخلاق اللہ کو حاصل کرتا ہے (فنا سے بقا) حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رح فرماتے ہیں۔ ؎

ہیچ کس نزد نگردد او فنا نیست رہ در بارگاہِ کبریا

جب تک سالک یہ فنا حاصل نہ کرے بقا تو درکنار اس کا رستہ بھی نہیں پاتا حق تو یہ ہے کہ یہ موت (فنا) پہلی (انتقال) موت سے بہت سخت اور مشکل تر ہے بارگاہ کبریا تک پہنچنے کا رستہ یہاں (دنیا میں) ہی جانا پہچانا جاتا ہے اور طے کیا جاتا ہے ورنہ اگر راہِ منزلِ حبیب سے شناسائی اور واقفیت نہ ہو تو پس مرگ وہاں پہنچنا محال! اس فنا سے حبیب سے شناسائی اور اس کے ساتھ ملنے یا اس کو پانے کی قابلیت اور اہلیت نصیب ہوتی ہے اس تشریح میں آپ کے لئے مژدہ ہے اور شیخ صاحب (عزیزم) کے لئے بھی کہ آخر وہ کامیاب ہو گئے۔ آپ بآسانی اور وہ بہت مشکلات کے بعد۔ خواب میں ان کی مشکلات کا مظاہرہ کیا گیا ہے جن سے بحمد للہ کہ حق تعالیٰ نے نجات بخشی اور گزرے وقت میں فقیر کو بھی یہی بات ستا رہی تھی کہ یاروں کے راہِ سلوک میں رکاوٹیں پیدا ہو گئی ہیں اور بڑھ رہی ہیں۔ ہجر اور فراق کا مسئلہ تو آپ نے خود حل کر دیا ہے۔ جہاں معیت اور حضور حاصل ہو۔ ظاہری ہو یا باطنی تو ہجر و فراق کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ فرق یہ ہے کہ ظاہری مفارقت کے ساتھ باطنی بھی مفارقت ہو اور معیت روحانی نہ ہو تو ہجر و فراق میں جلن سوز بے قراری بہت ہوتی ہے اور ہر وقت ستاتی رہتی ہے اور اگر معیت و حضور باطنی طور پر حاصل ہو تو پھر ظاہری مفارقت میں تپش معلوم نہیں ہوتی البتہ احساس شدید ہوتا ہے جو ہونا ہی چاہیئے کہ خوش نصیبی

پر دال ہے اور یہی احساس اس بے قراری کا بدل ہے جوں جوں معیت تام اور حضور دوام حاصل ہوتا جاتا ہے بے قراری کم ہوتی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ ایک وقت ایسا بھی آجاتا ہے کہ وہ احساس بھی بہت کم ہو جاتا ہے۔ پھر آنا جانا عادتہً اور ادبارہ جاتا ہے مستفیض تو وہ گھر بیٹھے ہی ہو سکتا ہے یہی وجہ ہے کہ وصال شیخ کے بعد بھی نسبت بلند رکھنے والا فیض حاصل کرتا اور منازل طے کرتا رہتا ہے مولا کریم ہمیں بھی وہ مقام اپنے خاص لطف و کرم سے نصیب فرمائے۔ آمین۔ رسالہ انوار الصوفیہ نہ ادھا اللہ نشر فہا واشاعتہا اعلیٰ حضرت امیر ملت شاہ صاحب قبلہ قدس سرہٗ کا رسالہ ہے اس میں حضور پر نور کا پروپیگنڈہ کیا جاتا اور کیا جاسکتا تھا یا اب آپ کی آل اولاد کا کیا جاسکتا ہے اس میں غلاموں کا اور پھر کمترین غلام کی بزرگی کا پروپیگنڈہ نہیں کیا جاسکتا البتہ آپ کی محفلوں کا شگھار ہو سکتا ہے یا اگر خواہ مخواہ ہی رسالہ میں بھیجنا ہو تو گنجائش ذلیف کا عنوان نہیں رکھنا چاہیئے اور عبارت میں کوئی بڑا فرق نہیں۔ جہاں رویت حق لکھا ہے غالباً لغزش قلم ہے رویت پاک یا رویت حق نما لکھ لیں شعر کے ساتھ یہ شعر زیادہ موزوں معلوم ہوتا ہے۔

دل آرامے کہ داری دل درو بند
دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

یقول۔ تصور شیخ غفلت سے چھڑا کر ذکر اللہ پر قائم کرتا ہے اور ذکر اللہ نقش ما سوا کو مٹا کر دل کی تختی کو مجلّا اور منور کرتا ہے محترم نعیم صاحب نے جنتری اور کیلنڈر کا کھوج نہیں نکالا نہ یہاں اس کی کوئی خبر مل سکی۔ کیا وہ مفت لائے تھے مومن کا مال ایسا تو نہیں کہ اس کی پرواہ نہ کی جائے اگرچہ چارآنہ کا ہی ہو پورا خیال رکھنا چاہیئے مخلصم رفیق صاحب کو کئی چیزوں کا عرض کیا تھا۔ وہ بھی وہاں جا کر خاموش ہو گئے۔ واللہ اعلم۔ لاہور کی فضا میں اتنا سکون کہاں سے آگیا۔

مکتوب نمبر ۳۸ ——— بنام سید محمود شاہ صاحب لاہور

رضائے مولا تعالیٰ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت۔ گرامی نامہ شرف صدور لاکر کاشف حالات ہوا۔ آپ کو معلوم ہے اور یقیناً ہونا بھی چاہیئے کہ آپ فقیر کو جملہ احباب میں سے کتنے عزیز ہیں اور جس قدر آپ فقیر کے خیر خواہ و عقیدت مند ہیں اس سے کئی گنا زیادہ بفضلہٖ تعالےٰ فقیر آپ کا خیر خواہ ہے اور خدا اس بات کا گواہ ہے آپ نے جن تکالیف کا اس تبادلے کے متعلق اظہار فرمایا ہے وہ آپ کی قیاسیات اور بے وجود لیے اصل خطرات کا ڈراؤنا مجموعہ ہے جن کو حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہو سکتا آپ نے جس وظیرہ اور طریقہ عمل کا گرامی نامہ میں ذکر فرمایا ہے فقیر اس سے مانع نہیں اور نہ خوش۔ خدا کرے کہ کسی طرح آپ اپنے مقاصد کے حصول میں کامیاب ہو جائیں اور آپ کو اطمینان خاطر نصیب ہو آئیندہ آپ کو دو میں سے ایک تو ضرور ماننی پڑے گی۔ (۱) چند دشمنوں نے غلط پروپیگنڈہ کرکے آپ کا تبادلہ کیا یا کرایا ہے۔ (۲) حق سبحانہٗ و تعالیٰ نے اپنے خاص مصالح کی بنا پر آپ کا تبادلہ پسند فرمایا اور کیا ہے۔

پہلی بات کے تو آپ قائل نہیں ہو سکتے خیالی اور قیاسی پریشانیوں میں گھر کر بھی آپ پروپیگنڈہ کرنے والے مخالفوں کو ذاتی طور پر اور مستقل مؤثر نہیں کہہ سکتے کیونکہ ذاتی اور مستقل مؤثر مخلوقات میں سوائے خدا تعالےٰ کے کوئی نہیں ہو سکتا مخلوقات کی طرف جو یہ نسبتیں کی جاتی ہیں حقیقی اور مستقل نہیں بلکہ مجازی ہیں اور غیر مستقل۔ ان بے چاروں کی حقیقت فقیر کے خیال اور الفاظ میں فقط اتنی ہے کہ وہ خود کچھ شے نہیں۔ کوئی حقیقت اور مستقل اختیار نہیں رکھتے اور یہ اس کی بدنصیبی ہے یا بدبختی یا عاقبت کو خراب کرنے والی حماقت کہ وہ قضا و قدر

کے برے ہتھیار ہیں اس سے زیادہ وہ کچھ نہیں دلا شیئ ہیں۔ ان کی بدقسمتی یہ ہے کہ ان کی بری نیت اور برے ارادوں کے ماتحت قدرت نے ان کو اس برے کام پر لگایا ہے اگر وہ نیک اور اچھے ارادے رکھتے تو ایذا رسانی کی بجائے وہ مخلوقات کی خیر خواہی اور نفع رسانی کا باعث بنتے۔ ع

اگر در خانہ کس است — یک حرف بس است

حدیث شریف میں ہے۔ اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللّٰہِ اَحَبُّھُمْ اِلَی اللّٰہِ اَنْفَعُھُمْ لِعِیَالِہٖ وَاَبْغَضُھُمْ اِلَی اللّٰہِ اَذَاھُمْ لِعِیَالِہٖ یعنی مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔ اللہ کے نزدیک وہ شخص زیادہ محبوب ہے جو اس کے کنبہ کو زیادہ نفع پہنچائے اور زیادہ برا اللہ کے نزدیک وہ شخص ہے جو اس کے کنبہ کو زیادہ اذیت دے۔ الفاظ کی بندش سے کوئی شخص مغالطہ میں نہ پڑے یہاں حدیث شریف میں بھی نسبتیں مجازی ہیں مطلب یہ ہے کہ ان کی بری نیت اور برے ارادوں کی وجہ سے ہی یہ برا کام ان سے لیا جا رہا ہے اور اسی وجہ سے وہ مغضوب الٰہی ہیں اور نیک کام نیک نیت اور نیکوں کی طرف منسوب ہیں اور اسی وجہ سے وہ محبوب الٰہی ہیں نیت ارادے اور کسب کی وجہ سے نسبتیں ہماری طرف منسوب ہیں ورنہ خالق کل وہی ہے جو کچھ کرتا ہے وہی کرتا ہے قرآن کریم میں آتا ہے۔ وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ۔ یعنی تم اور تمہارے اعمال کا خالق اللہ ہی ہے نیت ارادے اور کسب کی وجہ سے ہم تم ذمہ دار ہیں یہ دنیا آزمائش اور امتحان کی جگہ ہے اس پہلی صورت میں آپ اپنی خیالی اور دنیاوی پریشانیوں کی پیاس بجھانے کے لئے جو چاہیں کر سکتے ہیں فقیر کو اعتراض کی گنجائش یا منع کا حق اس لئے نہیں کہ ممکن ہے کہ آپ بزدلوں کے برے اثرات سے کسی حسن نیت کی بنا پر بچ سکیں اگر آپ دوسری صورت کے قائل ہیں اور آپ ایسے دیانت دار نیک نیت مومن انسان کو اس کے سوا چارہ بھی نہیں۔ خصوصاً جب آپ کئی بار خطوط میں لکھ چکے اور اقرار کر چکے کہ میں نے اپنے سب کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیئے ہیں تو پھر یہ آپ کی خیالی پریشانیاں اور خطرات سب

Marfat.com

فضول ہوں گے اور لائق ترک اور پھر راضی برضائے مولا رہنے میں جو لطف ہوگا اور جو فوائد مضمر ہوں گے (جن کو خدا ہی جانتا ہے) وہ نعمت ان اضطراری حرکات یعنی پریشانی آمیز تگ و دو میں شاید میسر نہ ہو سکے۔ فقیر کا اس پر پختہ ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور رحمت کی بنا پر ہمارا دشمن نہیں اور قرآن کریم میں کئی بار فرما چکا ہے کہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم (بے انصافی، تشدد وغیرہ) نہیں کرتا۔ اس لئے جب ہمارا ایمان ہے کہ جو کچھ کرتا ہے خدا ہی کرتا ہے تو جو کچھ اس کی طرف سے ظاہر ہوگا۔ خواہ ہماری عقل اور سمجھ میں آئے یا نہ آئے خواہ وہ بظاہر ہمیں مضر (ضرر رساں) ہی معلوم ہوتا ہو اور نقصان رساں ہی نظر آتا ہو وہ انشاء اللہ تعالیٰ بکرمہٖ وبفضلہٖ ہمارے لئے مفید ہی ہوگا حدیث شریف میں ہے۔ اَلْخَیْرُ مَا صَنَعَ اللّٰہُ (یعنی خیر (خوبی) اسی میں ہے جو اللہ کرتا ہے) ہم حدیث کے خلاف سمجھ کر کیوں اپنا ایمان خراب کریں۔ بہر حال فقیر دعا کرتا ہے کہ مولا کریم و رحیم اپنے خاص فضل و کرم سے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اور طفیل آپ کی مشکلیں آسان فرمائے اور پریشانیاں دور کرے جس سے آپ مطمئن ہو کر پہلے سے زیادہ اپنے مولا تعالیٰ (خالق و مالک) کے ساتھ وابستگی پیدا کریں اور مقام رضا میں مضبوطی سے قدم رکھیں اللہ تعالیٰ آپ کا حافظ و ناصر اور معین و مددگار ہو۔

مکتوب نمبر ۱۴۹ ——— بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

مکاشفات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ
آپ کا دوسرا نامہ بھی مبشرات لئے ہوئے شرف صدور لا کر باعث مسرت ہوا اللّٰھم زد فزد آمین ثم آمین۔ آپ نے لکھا تھا کہ سات آٹھ ماہ کی چھٹیاں ڈیلو (D.L.)

ہیں۔ فقیر بشرط صحت جنوری ۱۹۵۵ء کے دوسرے یا تیسرے ہفتہ میں ملتان کی طرف جانے کا ارادہ رکھتا ہے کیوں نہ اس دورہ میں دو تین ماہ کے لیے آپ کو بھی ساتھ لے لیا جائے ملتان۔ میانوالی۔ ڈیرہ غازی خان جنوبی (مظفرگڑھ) تک اور غالباً پھر اسی سفر میں پہلے یا بعد سکھر جاوید صاحب کی دعوت پر جانا ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔ آپ مکاشفات کے اس مقام پر پہنچ رہے ہیں۔ جہاں اکثر نفوس بگڑ جایا کرتے عجب پندار کا شکار ہو جاتے ہیں اصول یہ ہے کہ جتنا انسان بلندی پر جائے عجز و انکسار بھی ویسے ہی بڑھتا جائے۔ تصنع کے طور پر نہیں بلکہ حقیقتاً پھلدار شاخیں جھک جایا کرتی ہیں اللہ تعالیٰ ان سب معاملات میں آپ کا حافظ و ناصر ہو احتیاطاً عرض کر دیا ہے تاکہ دھوکا نہ لگے

مکتوب نمبر ۸۴ بنام محمد ریاض الدین صاحب لاہور

مشکل نیست کہ آساں نہ شود

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت ہے خط ملا۔ کاشف حالات ہوا۔ الحمدللہ کہ آپ ترقی پر جا رہے ہیں اسباق کو پابندی وقت سے ادا کرتے رہیں تو انشاء اللہ کوئی کمی نہ رہ جائے گی ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ٹھیک ہو جائے گا ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

ایک بات یاد رکھنے اور عمل میں لانے کی ہے جب بھی کوئی کام کرنا ہو کسی قسم کا کام ہو۔ شروع کرنے سے پہلے وضو کر کے دو رکعت استخارہ کی نیت سے پڑھیں بعد از سلام دل کی طرف متوجہ ہو کر اپنے تئیں اور اپنے سب کام اس کے سپرد و حوالہ کریں۔ ع

سپردم بتو مایۂ خویش را تو دانی حساب کم و بیش را

کہتے ہوئے مراقبہ کریں یک سوئی ہو جانے کے بعد جو کچھ دل میں آئے بسم اللہ توکلت

علی اللہ کہہ کر، کر ڈالو۔ انشاء اللہ تعالےٰ نتیجہ بہتر ہی ہوگا۔ خدائی کسی کے ہاتھ میں نہیں اور نہ کوئی بندہ اس کے دربار بندگی کی حد سے نکل کر جرأت کر سکتا ہے۔

بندہ باید کہ در خود داند

ہر قسم کی دریافت طلب بات کا جواب اس میں آگیا۔ عزیزم شیخ محمد نصیب صاحب کو بھی سمجھا دیں۔ بتا دیں۔ فقیر کا تو سوائے اس کے فضل وکرم کے کوئی آسرا و بھروسہ نہیں اپنی گنہگاری پر نادم و شرمندہ ہے اور اس کے عفو وکرم کا امیدوار گھر میں سلام مسنون

مکتوب نمبر ۱۴

فرستادہ مولانا الحاج ڈاکٹر شیخ محمد اللہ دتہ صاحب
برائے اشاعت رسالہ انوار الصوفیہ اگست ۱۹۵۲ء

اعلیٰحضرتؒ کے اپنے دوستوں کے نام مکتوبات میں آپ کی طرف ایک مرید کے خط کی نقل بطور نمونہ دی جاتی ہے تاکہ آپ کی تبلیغ کے اثرات کا اظہار ہو سکے۔

تخیلات سالک یعنی مبتدی

یہ خط ایک مبتدی سالک محترم محمد رشید صاحب ڈی ایم ای ریلوے نے اپنے پیر و مرشد کی طرف لکھا ہے چونکہ سالک کی ابتدائی تخیلات وجذبات کا خاکہ کھینچ کر دکھایا ہے اس لئے یاران طریقت کی عبرت آموزی کے لئے انوار الصوفیہ میں بھیجا جاتا ہے امید ہے کہ حضرت قبلہ ایڈیٹر صاحب رسالہ میں شائع فرما کر مشکور فرمائیں گے۔

مکرمی ومخدومی پیر و مرشد راہبر من قبلہ وکعبہ جناب پیر صاحب مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ آج بہت عرصہ کے بعد یہ خط آپ کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں۔ اور کوتاہی کے لئے معافی کا خواستگار ہوں۔ عید کے دوسرے روز ہمارے ایک رشتے کی ہمشیرہ کا انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اس بیچاری کے کوئی عزیز اقربا یہاں نہیں تھے اس لئے تجہیز وتکفین وغیرہ میں کافی مصروفیت رہی وفات سے چند روز پیشتر بیچاری بہ خواہش ہوئی تھی کہ رمضان مبارک کے بعد

Marfat.com

جب وہ "مری" سے واپس آئے۔ تو اولین فرصت میں آپ کی خدمت میں اسے حاضر کیا جائے مگر زندگی نے ساتھ نہ دیا اس کے مرتے دم تک میری یہ دعا رہی کہ آپ کی حضوری کی طفیل خدا اسے اتنی مہلت عطا فرما دے کہ وہ توبہ کرے اور امور صالحہ زیادہ سے زیادہ اس کی قسمت میں ہوں ویسے بھی مرحومہ بڑی خاموش طبیعت کم گو با اعتقاد اور نیک تھی خداوند تعالےٰ اسے جنت نصیب کرے اور مغفرت عطا فرمائے۔ مرحومہ کی "قل" کے بعد میں عمداً دورے پر چلا گیا۔ وہاں سے واپس آکر ایک دن اور اس کے گھر میں گزارا اور پھر دورے پر چلا گیا کل شام کو واپس آیا اور آج دوپہر کو پھر نکل آیا ہوں۔ اس وقت یہ خط کیمبل پور کے سٹیشن پر سے لکھ رہا ہوں پھر سے معذرت کرتا ہوں کہ آپ میری کوتاہی کو معاف فرما دیں مصروفیت ضرور تھی مگر کوتاہی بھی ضرور ہوئی ہے اس لئے پھر سے معافی کا خواستگار ہوں کل شام کو ختم خواجگان پڑھا گیا اور محفل ذکر ہوئی حاضری کم تھی شاید اطلاع وقت پر نہ مل سکی ہو۔

میں محسوس کرتا ہوں کہ کچھ پھسل سا گیا ہوں یا گر رہا ہوں۔ اپنی کمتری کا اندازہ انوار الصوفیہ کے مطالعہ سے بھی معلوم ہوتا ہے اگر معیار عبادت و ریاضت کیلئے نجات وہی ہے جو اولیاء اللہ اور صوفیائے کرام نے قائم کیا تو معاً یہ خیال آتا ہے کہ ہم جیسے گنہگار عوام الناس اس معیار پر کبھی پورے نہیں اتر سکتے یہ ایک مایوس کن خیال ہے اگرچہ خدا کی رحمت سے مایوس نہیں ہوں لیکن جب اپنی سیاہ کاریاں سامنے آتی ہیں اور دوسری طرف وہ معیار خیال میں ہوتا ہے تو اپنی نجات کی کوئی صورت نظر نہیں آتی اگر بڑے بڑے اولیاء اللہ خداوند کریم کی عبادت کا حق ادا نہ کر سکے تو ہم غلط کاروں اور بے عملوں کی عبادت کس گنتی میں آتی ہے اگر برگزیدہ ہستیاں بھی شیطان سے تادم زیست برسر پیکار رہیں تو کیا ہمارا مقابلہ بھی کوئی معنی رکھتا ہے مبتدی اگرچہ توبہ

کرتا ہے اور یہ بھی امید رکھتا ہے کہ اگر اس کے بعد نیکی کا راستہ اختیار کیا تو انشاء اللہ
اس کے سابقہ گناہ بھی نیکیوں میں بدل دیئے جائیں گے مگر اس کے دل کی کشمکش ایک
حشر کا نقشہ پیش کرتی ہے وہ اگرچہ نیک ہونے کا ارادہ رکھتا ہے مگر گناہ کی لذت
سے اس کی زبان ابھی بھی چٹخارے لے رہی ہوتی ہے گناہ کی لذت سے چونکہ وہ
آشنا ہے اور نیکی کی فضیلت سے چونکہ بہرہ ور نہیں اس لئے بھی لذت گناہ اسے پھر
واپس کھینچتی ہے نیکی کی حد میں اگرچہ داخل ہو چکا ہے مگر گناہ کی حد سے دور نہیں گیا
لذت گناہ بار بار اس کا منہ اپنی طرف موڑ لیتی ہے اور کبھی نہ کبھی یا وہ پھسل جاتا ہے
یا کم از کم ایک آہ ضرور بھر لیتا ہے دونوں گناہ ہیں مگر واہ رے مبتدی ابھی نہ تو ادھر
کا ہے اور نہ ادھر کا۔ اگر عبادت کثرت سے کرے تو معاً دل میں فخر پیدا ہوتا ہے اور
اپنے آپ کو دوسروں سے بہتر تصور کرتا ہے کبھی یہ خیال ہوتا ہے کہ کاش کوئی مجھے عبادت
میں مشغول دیکھے اور میری تعریف کردے کہ یہ نیک آدمی ہے کبھی یہ خیال ہوتا ہے
کہ میں برگزیدہ ہو چکا ہوں اس لئے زیادہ عبادت کی ضرورت نہیں کبھی اپنے پیر و مرشد
کے ارشادات احباب کے سامنے اس انداز سے دہراتا ہے گویا کہ اپنے ہی تخیلات ہیں
تاکہ احباب اسے نیک سمجھیں اور تعریف کریں اور کبھی اس تعریف پر خوش ہو کر عبادت سے
کچھ وقت کے لئے احتراز کر لیتا ہے کبھی یہ خیال ہوتا ہے کہ توبہ تو کر ہی لی ہے عبادت
بھی جاری ہے مرشد کی نگاہ بھی مدد و معاون ہے چلو تھوڑی بے احتیاطی ہی سہی پھر
توبہ کر لیں گے یا یہ گناہ اتنا بڑا نہیں کہ اس کے کفارہ کے لئے خاص تدابیر کی جائیں۔
غرضیکہ اس کا دل واقعی ایک نمونہ محشر ہوتا ہے۔ نفس بغاوت پر آمادہ ہوتا ہے۔
سیاہ کاریاں اپنی طرف کھینچتی ہیں ضمیر ملامت کرتی ہے اور نیک اعمال کی طرف رغبت
دلاتی ہے اور بے چارہ مبتدی بسا اوقات سرزمین گناہ کی طرف منہ کئے حسرت زدہ
دل سے چار و ناچار الٹے پاؤں سرزمین پاک پر یعنی منزل پر کیسے پہنچے گا۔ چلنا ایک طرف

Marfat.com

دیکھنا دوسری طرف خواہش کسی چیز کی اور بھاگنا کسی طرف۔ خداوند کریم ہی ہے جو مبتدی کو اس کشمکش سے پیرو مرشد کی وساطت سے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طفیل سے بچائے اور صراط مستقیم پر چلائے۔ خدا ہی ہے جو مبتدی کو گناہ سے بچائے اس کو تکبر کے پاس نہ جانے دے اسے خوشامد کے پھندے سے آزاد رکھے اس کے دل کو اپنی طرف کر ڈالے اس کی عبادت ریاضت میں برکت ڈال کر اس کی آنکھوں اور دل میں سمائے اس کے دل سے ناامیدیاں دور کر کے امید کی روشنی پیدا کرے اس کی بند آنکھوں پر سے پٹی اٹھا کر معرفت کے جلوے دکھائے اس کے تاریک دل کو منور کرے اور ایسا منور کر کہ پھر کبھی اس میں اندھیرا نہ ہو کبھی اس میں شیطان کا گزر نہ ہو کبھی وہ لغزش نہ کھائے کبھی وہ صراط مستقیم کی مشکلات سے نہ گھبرائے آپ بھی خدارا ہم جیسے مبتدیوں کے لئے دعا گو رہیں۔ ہمیں اپنی نگاہ میں رکھیں تاکہ ہم بھی روز محشر کسی کو منہ دکھا سکیں۔ دعا فرمایئے کہ خداوند کریم مجھے اور میرے خاندان کو تمام گناہوں سے بچائے تکبر سے بچائے شرک سے بچائے اپنے عشق میں دیوانہ کر دے پیرومرشد کا عشق عطا کرے حضور سرور کائنات فخرالانبیاء مالک کون و مکان، باعث دو جہان خاتم النبیین حبیب پاک رحمت اللعالمین کے سایہ مبارک کے تلے لے جائے اور آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت و محبت عطا کرے ہمارے ارادوں کو ایسی استقامت بخشے کہ آئندہ ہمارے قدم کبھی لغزش نہ کھائیں کبھی نہ ڈگمگائیں روز محشر ہم کو سایہ محمدی میں اٹھائے اور جان کنی، قبر، حشر اور پلصراط کی منزلوں سے بے خوف و خطر پار کرے۔ دعا فرمایئے کہ میں اور میرا خاندان پھر کبھی گناہ کی طرف رغبت نہ کرے آمین ثم آمین۔ آپ نے عید پر جو انعام بھیجا۔ اس کے لئے ہم سب آپ کے بے حد مشکور و ممنون ہیں۔ خداوند کریم آپ کا سایۂ عاطفت ہم پر اور باقی اصحاب سلسلہ پر ہمیشہ قائم رکھے اور آپ کے درجات کو اور اعلیٰ کرے اور آپ کے سایہ کو اور وسیع کرے

Marfat.com

تاکہ زیادہ سے زیادہ خلقِ خدا آپ سے فیض حاصل کرسکے۔ آمین ثم آمین۔ گنہگاروں کی دعا کچھ عجیب نہیں کہ اسے بھی شرف قبولیت حاصل ہوجائے آپ کی دعا سے اور خدا کے فضل سے رحمت بی اے میں ۲۴۶ نمبرے کر پاس ہو گیا ہے مگر محمود کا نتیجہ ابھی نہیں نکلا بے چارہ بہت متفکر ہے۔ دعا فرمائیں کہ وہ بھی کامیاب ہوجائے نیز دونوں کے روزگار کے متعلق بھی دعا فرمائیں تاکہ خداوندکریم ان کو باعزت عہدے پر فائز کرے۔ برسر روزگار کر دے آمین ثم آمین۔

آپ کا حقیر خادم

محمد رشید۔ ڈی ایم ای راولپنڈی

مکتوب نمبر ۴۲ — بنام شیخ محمد نصیب صاحب ملتان

افرنگی مسلمان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

اللہ سبحانہ' وتعالےٰ آپ کی جملہ مرادیں پوری کرے قرض سے سبکدوش کرے ظاہری باطنی بہتری کے سامان مہیا کرے بفضلہٖ وکرمہٖ آمین فقیر نے دعا کر دی ہے کہ مولا تعالےٰ اگر لاہور میں آنا سود مند اور بہتری کا باعث ہے تو اپنے فضل وکرم سے عزیزم شیخ محمد نصیب کی تبدیلی لاہور فرمادے تاکہ سب یار نزدیک رہ کر اور اکھٹے ہوکر تیرے دین کی خدمت کرسکیں اور ہم سب کو اپنے دین کی خدمت کرنے کی توفیق اور موقعہ نصیب فرمادے۔ آمین ثم آمین یا رب الکریم آمین۔

انگریزی مسلمان صورت وسیرت افرنگیوں کی رکھنے والا مسلمان بظاہر کتنا ہی آزاد ہوجائے آزاد نہیں کیونکہ افرنگیت اس کی رگ و پے میں سرایت کئے ہوئے ہے

Marfat.com

وہ اسلام سے اتنا ہی دور ہے جتنا خود افرنگی ۔ محمدی مسلمان ہی دنیا میں کامیاب ہوتے رہے ہیں اور اب بھی بفضلہٖ تعالیٰ محمدی مسلمان ہی دنیا میں کامیاب ہوگا اللہ تعالیٰ کا وعدہ غلبہ و حکومت محمدی مسلمان سے ہے انگریزی مسلمان سے نہیں ۔ مبارک اور خوش نصیب وہ ہیں جو اس نازک وقت کی اہمیت کو پہچانیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسوۂ حسنہ کو جو اللہ تعالیٰ کو محبوب و مطلوب ہے اختیار کریں اور پاکستان کو صحیح معنوں میں پاکستان بنا کر عالم کفرستان پر چھا جائیں ۔ سب جگہ اسلام کا پھریرا لہرائے اور دنیا اس کے سائے میں امن و امان پائے آمین ! اگر انگریزی (افرنگی) تہذیب معاشرت تمدن فیشن اور رسوم ہمارے لئے کسی صورت میں بہتر اور نافع ہوتے تو مولا تعالیٰ نماز کی سورہ فاتحہ میں اس سے دور رہنے کے کلمات ہماری زبان سے خاص اپنی حضوری میں نہ نکلواتا ۔ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین ہ پر غور کرنے کی ضرورت ہے گویا نماز کی ہر رکعت میں اللہ تعالیٰ ان سے دور رہنے کا ہم سے وعدہ لیتا ہے بدیں الفاظ کہ اے اللہ ہمیں اپنے منعم علیہ لوگوں کے راستے پر قائم رکھ اور چلا ۔ یہود و نصاریٰ و مشرکین کے راہ روش چلن طریقہ فیشن رسوم سے بچا اور ادھر نہ جانے دے۔

اگر در خانہ کس است یک حرف بس است

کیا کوئی خوش قسمت روح اس پر غور کر کے اپنی غلطی کی تلافی کرے گی اللّٰھم ارزقناہ آمین ۔ اپنے احباب کو سنا دیجئے ۔ وقت گزرتا جا رہا ہے ایسا نہ ہو کہ حسرت ہی حسرت رہ جائے ۔

پھر پچھتاوے ہووت کیا   جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

اللہ تعالیٰ تو اپنے پسندیدہ دین (ان الدین عند اللہ الاسلام) کو سلامت رکھے گا اور پاکستان کو عروج دے گا لیکن ہمارا ایمان پرکھا جائے گا ؟

حاضرین مجلس ۔ پرسان حال و یاران طریقت کی خدمت میں السلام علیکم بصد شوق

Marfat.com

گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو دعا و پیار

مکتوب نمبر ۴۳ بنام چوہدری محمد شفیع صاحب رام گڑھ لاہور

تبلیغ اسلام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت۔ آج پرانے خطوط کا اتفاقیہ جائزہ لیا گیا تو ۸ سے زیادہ لفافے ملے جن کا جواب اس غرض سے نہیں دیا گیا تھا کہ فقیر خود حاضر خدمت ہو رہا ہے لیکن ہوتے ہوتے نوبت یہاں تک پہنچی کہ رمضان شریف نزدیک ہو جانے کے سبب پروگرام ملتوی کرنا پڑا آپ کی اہلیہ کی والدہ کو اللہ تعالےٰ جنت نصیب کرے اور آپ حضرات کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ؎

موت سے کس کو رستگاری ہے۔

آج وہ، کل ہماری باری ہے

حلقہ ذکر کی باقاعدگی مبارک۔ کبھی موقعہ ملا تو انشاء اللہ تعالےٰ ختم خواجگان کی برکات پر کچھ عرض کر دیا جائے گا۔ فی الحال فرصت نہیں۔ فقیر پہلے ہی جواب میں دیر ہو جانے پر شرمندہ ہے اس لئے خیر و عافیت پر اکتفا کرتا ہے مولا کریم سب کو ظاہری باطنی نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ حاضرین مجلس پرسان حال و یاران طریقت کی خدمت میں السلام علیکم۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو دعوات

Marfat.com

مکتوب نمبر ۴۴ بنام شیخ محمد نجیب ملتان

وظائف اور ان کے فوائد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

خط ملا کاشف حالات ہوا پڑھتے ہی فوراً ایک لفافہ عزیزم ملک محمد سلطان صاحب کو بھیج دیا ہے کہ وہ جتنی جلدی ممکن ہو آپ کے پاس پہنچ جائیں باقی سارے خط کا جواب یہ ہے کہ ہمارا تو سوائے اللہ تعالےٰ کی ذات بابرکات کے اس دنیا میں اور کوئی سہارا ہے اور نہ مددگار۔ اسی کے فضل وکرم اور لطف وعنایت پر زندگی کے دن کاٹ رہے ہیں ہمیں نہایت ہی خلوص قلبی کے ساتھ فقط اسی کا ہو رہنا چاہیئے تاکہ ہمارا دعویٰ بھی صحیح وسچا ہو اور ہماری توقع اور توکل بھی صحیح ! اس بنا پر لکھا جاتا ہے کہ خدا کرے کہ آپ اپنے سب وظائف مع تسبیحات استغفار و نفل شریف وغیرہ پابندی کے ساتھ ادا کر رہے ہوں اگر ایسا ہی کر رہے ہیں تو آپ لوگوں کی عداوتوں اور مخالفتوں سے بے فکر ہو کر رہیں کوئی کچھ نہیں کرسکتا سب کی باگ ڈور اسی ایک مولا تعالےٰ "قادر مطلق" کے قبضہ قدرت ودست تصرف میں ہے جس نے اپنے فضل سے ہمیں اپنی طرف جھکا رکھا ہے اور الحمد للہ اپنا بنا لیا ہے ہمیں اپنے کردار سے ثابت کرنا ہے کہ ہم اسی کے ہیں اسی کے سہارے پڑے ہیں اور اسی کے دائرہ رضامندی وخوشنودی سے باہر نہیں جاتے اگر کوئی ہمارے ساتھ بدی کرتا ہے تو وہ اس کا بدلہ اپنے رب تعالےٰ سے ضرور پائے گا اس لیے ہمیں انتقام لینے کی حاجت نہیں۔ ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان پاک کے مطابق اس کے ساتھ نیکی ہی کرنی چاہیئے ہمیں انشاءاللہ رب تعالےٰ سے نیکی کا اجر نیک ہی ملے گا کیونکہ یہی قانون الٰہی ہے سے

نیکی کا بدلہ نیک بدلے بد سے بدی کی بات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے

جو بدی کرتا ہے ہمارے ساتھ نہیں کرتا اپنے لیے بدی کے کانٹے بوتا ہے
پھر ہم بھی کیوں اپنے لیے برائی کا بدلہ بدی میں دے کر بدی کے کانٹے بوئیں۔

آپ کے پہلے خط سے جو مفصل لکھا گیا ہے۔ کئی باتوں کا انکشاف ہوا جن کا پہلے علم نہیں تھا اور اب جن پر بحث کرنا لاحاصل ہے اگر آپ اس وقت فقیر کے پاس ہوتے تو سیر حاصل بحث کرکے آپ کو مطمئن کیا جا سکتا تھا لیکن اتنا تو ضرور عرض کرنا ہے کہ آپ معاملہ کو خداوند کریم کے سپرد بھی کرتے ہیں اور ناامیدی کا اظہار بھی کرتے ہیں اللہ تعالےٰ کی بارگاہ سے اس کے فضل و کرم سے ناامید ہونا کفر ہے کیا آپ کا گزارہ اور رزق کا محتاج ہیڈ کلرک یا آفس سپرنٹنڈنٹ ہونے پر ہی ہے ورنہ آپ کے لیے دنیا میں رہنا مشکل ہو جائے گا۔؟ یہ ہے مایوسی جو آپ جیسے سمجھدار انسان کے نزدیک نہیں آنی چاہیئے ہیڈ کلرکی یا آفس سپرنٹنڈنٹی ایک ذریعہ معاش ہے اللہ تعالےٰ کے پاس کئی ذریعے ہیں جن کے ذریعے وہ رزق پہنچاتا ہے" وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞ آؤ ہم اسباب کو خدا نہ بنائیں بلکہ مسبب کو اپنا خدا مان کر اسباب پر بھروسہ و اعتماد کرنے سے بے نیاز ہو جائیں وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞ کا انعام حاصل کرنے کے مستحق ہو جائیں کاش کہ کافی اسباب آپ کی کامیابی کے موجود نہ ہونے ان کا وجود آپ کی نظر میں نہ ہوتا تو آپ خدا کے فضل و کرم بغیر مایوس ہوتے کے کامیاب ہو جاتے اب بھی اس سے مایوسی کی کوئی وجہ نہیں ہمیشہ اُن کے فضل و کرم سے دلی یقین سے امیدوار رہنا چاہیئے

ہر روز آئندہ کے لیے صبح کی نماز کے بعد سات بار لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ مع بسم اللہ شریف اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ لیا کریں اعلیٰحضرت اقدس امیر ملت

Marfat.com

شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری مدظلہ العالی سے نئی اجازت ملی ہے آپ کو بھی اجازت ہے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سرہندیؒ اپنے مکتوبات شریف میں فرماتے ہیں کہ دشمن کے غلبے اور خوف کے وقت امن و امان کے لئے سورۃ لِاِیلٰفِ قُرَیشٍ کا پڑھنا بہت خوب ہے۔

اور ہر نماز کے بعد رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا ۱۱ بار درود شریف تین تین بار پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک کر دل پر پھیر لیا کریں آپ کو بھی اجازت ہے ان کو بھی اجازت ہے۔ ہمیشہ پڑھا کریں انشاء اللہ عالم و فاضل ہو جائیں گے۔

ہاں ضرورت تو ہے اگر آپ مہربانی فرما کر سکیں حق سبحانہ و تعالےٰ کا حضور دوام لینے آویں باقی بفضلہٖ تعالےٰ جو کچھ آپ کے پاس ہے وہ فقیر کا ہی ہے جو لائیں گے وہ پہنچ جائے گا اور جو کھائیں گے وہ بھی پہنچ جائے گا اس تعلق کی بنا پر ۔

چیز یکہ بے سوال رسد دادہ خدا است   آں را تو رو مکن کہ فرستادہ خدا ست

بن مانگے آئے تو حلال اور طیب اور سوال کرنے اور مانگ لینے میں کراہت تو ضرور ہے اللہ تعالےٰ سوال کرنے اور مانگنے سے بچائے آمین ۔ یہ مسئلہ کبھی آئیں تو ضرور پوچھیں مثنوی شریف سے بتایا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ ۔ حاضرینِ مجلس و پرسانِ حال و یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم ۔ بچوں کو پیار ۔

مکتوب نمبر ۵۴

بنام مرزا محمد یوسف صاحب لاہور

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

گرامی نامہ محبت شمامہ شرف صدور لا کر باعث تسکین خاطر ہوا ۔ الحمد للہ امولا تعالےٰ ہمیں بھی مومن بنائے جن کی تعریف کتاب دستت میں کی گئی ہے آمین ثم آمین ۔ علی پور شریف کے جلسہ میں بولنے کے لئے ضرور کوئی مضمون تیار کر کے لائیں محترم حافظ محمد زکریا

صاحب کو بھی عرض کر دیں تین نام پروگرام میں شائع ہونے کے لئے بھیجے گئے ہیں مولوی ضیاء اللہ صاحب نعمانی حافظ صاحب اور آپ کا۔ فقیر کی صحت بفضلہٖ تعالیٰ اچھی ہے۔ اب اس ارذل العمر میں نزلہ زکام تو عام چیز ہے کیونکہ قدرتاً بڑھاپے میں مزاج بلغمی ہوتا جاتا ہے راولپنڈی برات کی تاریخ بجائے 21/3 کے 29/3 کر دی گئی ہے اس لئے فقیر وہاں غالباً ۲۴ یا ۲۵ مارچ کے بعد ہی جائے گا لیکن یکم اپریل کو ضرور انشاء اللہ تعالیٰ کنجاہ میں ہوگا۔ کیونکہ یہاں بھی ایک خاص قریبی رشتہ دار کی مجلس نکاح خوانی میں حاضری ہے۔ ۶، ۷ اپریل کو علی پور شریف کا جلسہ مبارک ہے فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۴ یا ۵ اپریل کو وہاں پہنچ جائے گا اگر کوئی کنجاہ آنے والا ہو تو فقیر کا بڑا کلاک انشاء اللہ تعالیٰ بن گیا ہوگا وہ لیتا آئے یا ممکن ہو تو حفاظت سے گجرات ریلوے سٹیشن پر ملک بشیر صاحب پارسل کلرک کے پاس پہنچا دیا جائے حاضرین مجلس کی خدمت میں السلام علیکم۔

مکتوب نمبر ۵۴ الف

بنام شیخ معزالدین صاحب۔ لاہور

پابندی شریعت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کا اور شیخ سعید احمد صاحب کا بھی خط ملا۔ حالات سے اطلاع ہوئی فقیر دعا سے غافل نہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صدقہ میں قبول فرمالیوے۔ آپ حضرات کو سلامتی ایمان وجان اور عزت وآبرو کے ساتھ اپنے مخلص بندوں کی راہ پر قائم رکھے۔ آمین۔ اپنی خیر وعافیت سے جلدی جلدی اطلاع دیتے رہنا چاہیئے۔ اور خط آدھی ملاقات کا فائدہ دیتا ہے اگر ظاہر صحبت میسر نہ ہو

Marfat.com

سکے. حالانکہ ظاہری ملاقات کا جلدی جلدی نصیب ہونا بڑی نعمت ہے تاہم کاغذی ملاقات سے تو محروم نہ رہنا چاہیئے۔ اس میں تو بڑا خرچ نہیں ہوتا کسی موقعہ پر معلوم ہوگا کہ یہ ملاقاتیں کتنی ضروری اور کتنی نفع بخش تھیں ؎

نمازیں گر قضا ہوں پھر ادا ہوں
نگاہوں کی قضائیں کب ادا ہوں

ذکر، فکر، مراقبہ تہجد پابندی شریعت میں خوب ذوق شوق سے اور خشوع و خضوع سے کوشش کرتے رہنا چاہیئے اور آج کل رمضان شریف کو غنیمت سمجھ کر اس کی خیرات و برکات سے پورا فائدہ اٹھالینا چاہیئے کہ اس کا ایک دن کا روزہ دوسرے ہزار دنوں کے روزہ سے بھی افضل ہے اس میں نفل ادا کرنا فرائض کا درجہ رکھتا ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے یہ مغفرت اور بخشش کا مہینہ ہے جس نے اس میں اپنے گناہ نہ بخشوائے وہ بڑا بدنصیب ہے گویا یہ مہینہ ہمیں گناہوں سے پاک کرنے کے لیے ہر سال آتا ہے۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو اس راز کو سمجھتے اور اس سے پورا فائدہ اٹھاتے ہیں گھروں میں سلام۔ یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم۔

مکتوب نمبر ۱۴۶

بنام شیخ معزالدین صاحب لاہور

دینی کتب کی خرید انفاق فی سبیل اللہ ہے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جلد جواب دینے کا شکریہ۔ اللہ تعالےٰ آپ لوگوں کو خوش رکھے اور ظاہری اور

Marfat.com

باطنی نعمتوں سے مالا مال کرے آمین۔ عزیزم شیخ ثناء اللہ کو فقیر سکھر کے پتہ پر خط لکھنے والا تھا۔ اچھا ہوا کہ آپ نے اس کا موجودہ پتہ لکھ دیا ورنہ فقیر کا خط آوارہ ہی پھرتا رہتا افسوس کہ شیخ ثناء اللہ صاحب سے دو چار دفعہ ملاقات ہوئی تو بہت کچھ سمجھ جاتے۔ طبیعت اس کی بہت اچھی ہے آپ کی طرح خط بہت دیر سے لکھتے ہیں وہ بھی غالبًا المکتوب نصف الملاقات کے راز سے آگاہ نہیں کاغذی ملاقات جسمانی ملاقات بن سکتی ہے پرسوں انعام اللہ صاحب کا تعزیت نامہ آیا تھا جس کے جواب میں دونوں بھائیوں کی خدمت میں لکھا گیا ہے کہ اپنے اپنے مفصل دفتری پتے لکھیں ایک گھر میں ہونے کے سبب ایک انوار الصوفیہ اور دوسرے لمحات الصوفیہ خرید کریں آپ بھی ان کو فقیر کی طرف سے تاکید کر دیں مذہبی رسالوں پر خرچ کرنا تبلیغی اور خیراتی خرچ ہے جس پر ۷۰۰ گنا ثواب ملنے کی حسب نیت و خلوص توقع بارگاہ رب العزت سے ہو سکتی ہے کیونکہ یہ انفاق خرچ فی سبیل اللہ میں داخل ہے۔ نماز، روزہ نفل ورد، وظائف پڑھنا۔ ہل چلانا ہے اور روپیہ پیسہ اس کی راہ میں دینا بیج ڈالنا ہے اللہ تعالےٰ قرآن شریف میں انفاق فی سبیل اللہ کی مثال یوں بیان فرماتا ہے کہ ایک دانہ بیج اس میں، بالیں دسٹے نکلیں گے ہر ایک بال میں ۱۰۰ دانہ ہوگا اور اللہ چاہے تو اس کو دگنا اور پھر اس دگنے کو دگنا کر دے

سبحان اللہ! شیخ سعدیؒ ایک حدیث کا ترجمہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

بخیل ار بود زاہد بحر و بر　　بہشتی نباشد بحکم خبر

یاران طریقت و پرسانِ حال کی خدمت میں السلام علیکم ۔

مکتوب نمبر ۴۷-۱ بنام شیخ معزالدین صاحب لاہور

اتباع سنت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا کارڈ پریشانی دل لیے ہوئے اظہار مافی الضمیر کرتا ہوا کاشف حالات ہوا اللہ تعالےٰ آپ کو ہر طرح خوش وخرم رکھے آپ کے یا آپ لوگوں کے خلوص پر فقیر کو کوئی شبہ نہیں جو کچھ لکھا گیا ہے خیر خواہانہ اور دعائیہ لکھا گیا ہے تاکہ خلوص ومحبت قلبی کی زیادتی کے ساتھ استقامت بھی نصیب ہو اور غفلت وسستی راہ نہ پائے جیسا کہ اکثر ظاہر ہوتا رہتا ہے گجرات سے جنوب کی طرف خصوصاً لاہور میں یارانِ طریقت کا سرمایہ آپ لوگ ہی ہیں۔ خدا کرے کہ آپ لوگ اسوہ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فیشن اختیار کریں اور حضور اکرم کی صورت وسیرت کے لباس سے ظاہر وباطن کو ملبوس کریں آمین۔ ہماری مسلمانی کا ثبوت اور ہمارے ایمان کا مظاہرہ اس کے بغیر ہیچ ہے۔ وقت آگیا ہے کہ ہم کسی بڑی سے بڑی دنیاوی غرض کو اس معاملہ میں رکاوٹ نہ بننے دیں اور جو چیز اتباع سنت سے روکنے والی ہے اس سے دستبردار ہو جائیں ورنہ نام کی مسلمانی نہ یہاں کام دے سکتی ہے اور نہ قیامت میں سودمند ہو سکتی ہے ہم نے ایک نہ ایک دن یہاں سے جانا ہے اور آج جن لذائذ وشہوات سے بھری دنیا میں ہم خدا ورسول سے دور رہ کر یعنی ان کو بھلا کر مستغرق اور منہمک ہو رہے ہیں اس نے ہمارے ساتھ نہیں جانا بلکہ یہاں ہی رہ جانا ہے اس لئے آج اس سے ہمارا تعلق عارضی ہونا چاہیئے جو کہ سلوک الٰہی میں ہمارے لیے رکاوٹ نہ ہو سکے۔ اللّٰھم ربنا آمین۔ حاضرین مجلس وپرسانِ حال کی خدمت میں السلام علیکم۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۴۷ ب

مشکلے نیست کہ آساں نشود مرد باید کہ ہراساں نشود
برسرِ فرزندِ آدم ہرچہ آید بگذرد

عزیزم مخلصم شیخ محمد نصیب صاحب زاد محبتکم وحفظکم اللہ تعالیٰ
من کل بلا الدنیا و عذاب الاخرۃ - آمین

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ - طالب خیریت بخیریت خط ملا حالات سے اطلاع ہوئی - آپ ایسے بلند ہمت اور متین مومن سے گھرانے کی توقع نہیں کی جا سکتی - مولا تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طفیل آپ کی سب پریشانیاں دور فرما دے اور ہر طرح سے ہر طرف سے ہر قسم کی کامیابی عطا فرما دے - پاکستان اور پاکستانیوں کو آپ کے وجودِ مسعود کی خدمت سے مستفید و مستفیض فرما دے - حاسد اور کینہ ور آپ کے حسن سلوک کے معترف ہو کر آپ کے قدموں میں آ رہیں - آمین ثم آمین یارب الکریم لاہور سے واپسی پر عزیزم محمد سلطان مع برادرم خان صاحب کے چوہدری امانت علی صاحب ٹھیکہ دار اور عزیزم عالمگیر صاحب کو ساتھ لیے ہوئے سحری کے وقت جمعرات کو کار میں کنجاہ پہنچے دونوں نئے حضرات داخل سلسلہ عالیہ ہو کر سب دوست کار میں ۸ بجے کے قریب کنجاہ سے رخصت ہو گئے - آج پورے ۶ دن گزرے ہیں ان کا کوئی خط راولپنڈی سے خیریت کا نہیں آیا اس سے پہلے ابھی ابھی ان کو خط لکھا ہے اور اب آپ کی طرف لکھنا شروع کیا ہے - درشت کلامی کا جواب تو اوپر کے انڈر لائن میں آ چکا ہے - مکان ملنے کی صورت بھی بفضل تعالیٰ کوئی جلدی ہی بن جائے گی - مولا تعالیٰ کو معاذ اللہ کیا ضرورت ہے کہ بے وجہ آپ کو تکلیف دے جب کہ ہم اس سے بہتری کی توقع رکھتے ہیں اور اس کی

Marfat.com

پناہ میں رہ کر اسی کی ذاتِ اقدس پر توکل و بھروسہ کر کے زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں لیس اللہ بظلام للعبید ۰ اللہ اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتے۔ الحمدللہ! اہل و عیال کی جُدائی اور دوستوں کی مفارقت انشاءاللہ تعالیٰ عارضی ہے جلدی بکرمہٖ تعالیٰ دُور ہو جاوے گی البتہ یہ جُدائی اور مفارقت سبق آموز ہونے کے سبب بہت اہم اور فیض بخش ہے۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اشاعت سلسلہ عالیہ کا کام خدائی کام ہے اور انشاءاللہ تعالیٰ آہستہ آہستہ آپ کو اس کا شرف حاصل کرنے کا موقع بھی ملتا جاوے گا عزم بالجزم۔ شوق محبت و خلوص قلبی کی البتہ ضرورت ہے دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ آپ سے اشاعت سلسلہ (حقیقت اسلام) عالیہ کی خدمت لیں۔ آمین۔ اس کے فیوضات و برکات کا پتہ تب ہی لگے گا جب آپ اس میں منہمک ہوں گے اللّٰھُمَّ ارْزُقْنَاہُ۔ آمین! اگر ان حالات کو جن کو مصائب و مشکلات و تکالیف کا نام دے رہے ہیں آپ امتحان سمجھتے ہیں تو مبارک ہو یہ جذبہ و خیال۔ مومن صادق بن کر اس میں کامیاب نکلنے کی کوشش کریں جو جہاد بالکفار سے کئی گنا اعلیٰ افضل ہے بلکہ جہادِ اکبر ہے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے فضل و کرم سے آپ ضرور کامیاب ہوں گے۔ اللّٰھُمَّ رَبَّنَا آمین مومن پست ہمت نہیں ہوتا۔ مشکلات بلکہ موت کی بھی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مقابلہ کیا کرتا اور کامیاب ہوا کرتا ہے بفضلہٖ و بکرمہٖ تعالیٰ یہ بہت اچھا ہے کہ آپ کو کوئی نہیں جانتا آپ کا خدا تو آپ کو جانتا ہے۔ وہ خود آپ کا تعارف سب سے کرا دے گا۔ سنتِ الٰہی اسی طرح جاری ہے کہ وہ خود اپنے دوستوں کا تعارف زمین والوں بلکہ آسمان والوں سے بھی کرا دیا کرتا ہے۔ آپ کو مبارک ہو کہ تو بہ مومنانہ کرنے کے بعد آپ کو اس فہرست میں لے لیا گیا ہے۔ نبوت کا کام تو چالیس سال عمر کے بعد

Marfat.com

شباب پر آتا ہے جواں مرد بلند ہمت بنو اور اس عطیہ ربی پر خوش ہو کر رب العزّت کا شکریہ ادا کرتے رہو۔ ولایت بھی فیضانِ نبوّت میں سے ہے۔ الحمدللہ! نہ راولپنڈی میں دنیا رہنے دیتی تھی نہ ملتان میں قیام ملتا ہے۔ اس پر کیا لکھا جاوے، راولپنڈی میں کئی ایک خطوط میں یہ مسئلہ زیر بحث آچکا ہے بلکہ صاف یہ الفاظ لکھے گئے تھے کہ جو خدا راولپنڈی میں ہے وہی لاہور (ملتان وغیرہ) میں ہے۔ تبدیلی کی خواہش اچھی نہیں جو کچھ ہوتا ہے جہاں بھی ہوتا ہے، مرضیِ مولا سے ہوتا ہے۔ وُہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے۔ اب بھی فکر کی گنجائش نہیں۔ بہر جائیکہ باشی با خدا باشی پر عمل پیرا رہیں اس کے فضل وکرم سے طبیعت دُرست وخوش رہے گی۔ دل بھر آنا اچھی علامت ہے سر سجدہ میں رکھ کر زاری وفریاد اس کی بارگاہ میں کرنی چاہیئے۔ رقتِ قلبی رحمتِ ربی ہے۔ زندگی وعمر کی کشتی (ناؤ) تو ہمیشہ ڈانواں ڈول ہی رہتی ہے۔ مومن کا کام ہے کہ اس کو مستقیم الحال بنا کر ساحل پر لے جائے۔ آمین۔ رخصت مانگنے کا موقع نہیں نوکری میں کیا پڑا ہے؟ نوکری میں سب کچھ پڑا ہے۔ قوم وملت وملک (پاکستان اور پاکستانیوں) کی خدمت اس سے اعلیٰ اور اہم کام دنیا میں کیا ہوگا۔ ادائیگی فرائض خداوندی انشاءاللہ تعالیٰ آپ کو بہت جلد اس کا عمدہ صلہ ملے گا آپ خوش ہو جائیں گے فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًاؕ پر ایمان کامل ہونا چاہیئے ان سب مشکلات مصائب وتکالیف کا حل اور حل کی کلید (کنجی) آپ کے پاس ہے۔

جو اسباق آپ نے سیکھے ہیں سختی اور ہمت سے ان کی پابندی پر مداومت ہی کلید حلِ مشکلات ہے۔ خصوصاً پنجگانہ نماز کے بعد والی دُعائے مسنونہ استغفار کی تسبیحات وتسبیح، قل شریف میں کبھی ناغہ نہ ہونا چاہیئے۔ حاضرینِ مجلس واحباب کی خدمت میں سلام مسنوُن۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۴۸

پاکستانی پالیسی

بنام جناب شیخ سعید احمد صاحب لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

طالب خیریت بخیریت ۷/۹/۱۱ کا مرسلہ ۹/۹/۱۱ کو موصول ہوا۔ الحمدللہ کہ آپ بمعہ متعلقین بخیریت ہیں۔ حالات کچھ اس قسم کے ہیں کہ ان پر صحیح معنوں میں رائے زنی نہیں ہو سکتی۔ اتنا صحیح ہے کہ ہماری شامت اعمال نے ہی یہ صورت پیدا کر رکھی ہے، ورنہ مولا تعالیٰ کو اپنے بندوں (غلاموں) سے کوئی عداوت نہیں۔ اور یہ بھی اس کی شان سے بعید ہے کہ وہ اپنے بندوں پر ظلم کرے۔ اور وہ بھی اپنے بندوں اور اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُمت پر ع آنچہ برما است ازما است۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طفیل معاف فرمادے۔ آمین۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے امن و عافیت ہی مانگنا چاہیئے۔ مسلمانوں کو آج تک کبھی کوئی شکست نہیں ہوئی۔

جب کبھی بھی ہوئی تو وہ اَطِیعُو اللہ و اَطِیعُوالرَّسُول و اُولِی الاَمرِ مِنکُم کی خلاف ورزی سے ہوئی۔ اور جب بھی سچّے دل سے اپنے مولا کی طرف جھک گئے۔ اور اس کے حکم کے ماتحت چلتے رہے۔ چپہ چپہ پہ فتح قدم چومتی رہی۔ افسوس مسلمان مُردوں کی نیند سو یا ہے۔ کون جگائے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو پاکستان عنایت فرمایا تھا۔ لیکن وہ اس کو سنبھالتے نظر نہیں آتے۔ اگر ہر مسلمان پاکستان کی حکومت خدا داد کا وقار و رعب قائم کرنے میں کوشاں نہ ہوگا اور جس بدنظمی کا

وہ ثبوت دے رہا ہے تو خاکم بدہن پاکستان ایک خواب ہو کر رہ جائے گا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت پاکستان کی پالیسی کو بیک اپ کیا جائے۔ اس کے خلاف کوئی قدم نہ اٹھایا جاتے۔ خواہ اس میں بظاہر کتنا ہی نقصان نظر آتے یا اٹھانا پڑے۔ جو نقصانات ہوئے مسلمانوں کے مسلح نہ ہونے سے ہوتے۔ جتنی جلدی مسلمانوں کو مسلح کر دیا گیا۔ اتنی جلدی فسادات دُور ہو جائیں گے۔ اور کسی کو مسلمانوں کی طرف انگلی اٹھانے کی بھی جرأت نہ ہوگی۔ لیکن کاش نام کا مسلمان بھی کام کا مسلمان بن جاتے۔ آمین یارب الکریم۔ فقیر نہیں سمجھ سکا کہ نظام ملک میں کیا تبدیلی ہوئی ہے۔ جس سے یہ اب دارالحرب نہیں رہا۔ بظاہر تو یہ معلوم ہو رہا ہے کہ باوجود گورنر جنرل مسلمان ہونے کے بھی اگر یہ پہلے دارالسلام تھا تو اب دارالحرب بن گیا ہے۔ مسلم و غیر مسلم بر سر پیکار ہیں۔ جس کا داؤ چلتا ہے دوسرے کو تہ تیغ کر ڈالتا ہے۔ ملک میں امن مفقود ہے۔ نظام حکومت یعنی قانون بھی ابھی وُہی موجود ہے۔ شرعی احکام کا کوئی نیا اجرا نہیں ہوا۔ دارالحرب سے دارالسلام تب ہی بن سکتا ہے کہ کفر کے احکام کی جگہ اسلام (شریعت) کے احکام ملک میں جاری ہوں۔ خیر یہ مسئلہ علماء سے تعلق رکھتا ہے، فقیر تو ابھی تک احتیاط الظہر پڑھ رہا ہے۔ اور پڑھتا رہے گا۔ جب تک کہ اعلحضرت امیر ملت مدظلہ العالی سے دریافت نہ کر لے۔ حاضرین مجلس پرسان حال و یاران طریقت کی خدمت میں السلام علیکم بصد شوق ملاقات۔

عزیزم محمد امین ابھی جبل پور میں ہے۔ اللہ تعالیٰ خیریت سے پاکستان میں لائے۔ آمین۔ گھر سے گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو پیار۔ اللہ تعالےٰ حفاظت میں رکھے۔ آمین۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۴۹

اسلام اور پاکستان

بنام جناب محمد رواحق الدین بی۔اے۔لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

طالب خیریت بخیریت۔خط ملا۔کاشفِ حالات ہوا۔آپ نے نوکری سے بسبب ارتکاب گناہ صغیرہ بیزاری کا اظہار فرمایا۔عین سعادت ہے۔اگر کبیرہ گناہ میں مُبتلا ہونے کا ذکر ہوتا تو شرعی حکم یہی ہو سکتا تھا۔کہ وہ کام چھوڑ دینا چاہیئے۔جس کی وجہ سے گناہ کبیرہ کا مرتکب ہونا پڑے۔صغیرہ کا لفظ کسی خاص مصلحت ہی سے کیوں نہ لکھا گیا ہو۔بہر حال حکم نہیں بدل سکتا اگرچہ صغیرہ پہ اصرار او تکرار اس کو کبیرہ بنا دیتا ہے۔تاہم فرائض اور واجبات کے مقابلہ میں اس سے بایں لحاظ تجاہل کیا جا سکتا ہے کہ وظائف پابندی کے ساتھ ادا کرنے سے ان صغائر سے بچنے کی استعداد بفضلہ تعالیٰ پیدا ہو جاوے گی۔جتنی قربِ حق میں ترقی ہوتی جاوے گی اور بکثرت ذکر اللہ حضور دوام کا ملکہ پیدا ہوتا جاوے گا۔صغائر اور کبائر اور وساوس خطرات سب دور اور کافور ھباً منثوراً ہوتے جاویں گے۔بفضلہ تعالیٰ وبکرمہ۔ابتدا میں تکلّف کرنا پڑتا ہے۔یعنی نفس پر زور دینا پڑتا ہے اور درحقیقت اسی کوشش کا نام جہاد بالنفس ہے۔جس کو حدیث شریف میں جہادِ اکبر کا نام دیا گیا ہے۔مبارک ہو کہ اس مقام پر بفضلہ وبکرمہ تعالیٰ فائز المرام ہونے والے ہیں۔مولانا رُومؒ ؎

گرم باش اے مرد تا گرمی رسد

با دُرشتی ساز تا نرمی رسد

ہاں اتنی بات ضرور نگاہ رکھنے کی ہے کہ نوکری بال بچوں کے رزق و

روزی کی نیت سے نہیں کرتی کیوں کہ انکا اور اسی طرح ہمارا سب کا داتا اور رزاق مطلق وہ ربّ العٰلمین ہے جس نے اپنی کلام پاک میں وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُہَا فرما دیا ہوا ہے پھر کیا یہ گستاخی اور بے ادبی بلکہ کفرانِ نعمت نہیں کہ جس شئے کا ذمہ اس ربّ العالمین نے خود بخود اپنے لطف وکرم اور اپنی ربوبیت عالمین کے شایان شان لے رکھا ہے۔ ہم اسی کی خاطر حیران و پریشان اور سرگردان ہوں۔ نوکری کو آپ نوافل میں کیوں شمار کرتے ہیں۔ اگر صحیح نیت سے کی جائے تو اس کا ایمانداری اور دیانت داری سے کرنا فرائض سے بڑھ کر ثواب رکھتا ہے۔ اللہ کے بندوں کو اپنی یا اپنے بال بچوں کی روزی کا فکر نہیں ہوتا۔ وہ جو کام بھی کرتے ہیں اپنے ملک و قوم اور دین و ملت کی خدمت کی نیت سے کرتے ہیں یعنی اپنے مولا تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے۔ آپ (ہم سب) خدا کے سپاہی ہیں احکام خداوند تعالیٰ کے رواج دینے اور دنیا میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔ یہی وہ عبادت ہے جس کو لِیَعْبُدُوْنَ سے یاد فرمایا گیا۔ اسلام اور پاکستان دو الگ الگ الفاظ ہیں۔ مگر معناً ایک ہیں۔ اس وقت اسلام کی خدمت پاکستان کی خدمت ہے۔ اور پاکستان کی حفاظت اسلام کی حفاظت۔ اس لیے کہ پاکستان اسلام کے نام پر ہی (بمنشائے ربی) معرضِ وجود میں آیا ہے۔ آؤ ہم اپنی اپنی حیثیت اور استعداد کے مطابق دیانت داری سے پاکستان کی خدمت میں لگ جائیں اور جو کام بھی ہم کر سکتے ہیں۔ یا جو کام بھی ہمارے سپرد کیا گیا ہے۔ اس کو پاکستان کی خدمت کرنے کی نیت سے کریں۔ اللّٰھُمَّ وفقنا لہ وارزقنا ہٗ بحرمت حبیبک الکریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ آمین ؂

منت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنم
منت شناس ازو کہ بخدمت گذاشتت

(۲) بھلا یہ تو فرمائیے کہ آپ کے (ہمارے) مولا تعالیٰ احکم الحاکمین علیم و خبیر و سمیع و بصیر کو بھی یہ علم اور خبر ہے کہ نہیں کہ آپ ملازمین ریلوے کی خدمت کی خاطر یونین کے دفتر میں دس دس بجے رات تک اپنا گھر بار بھلا کر کام کرتے رہتے ہیں؟ اگر ہے اور ضرور ہے تو اس کے کارخانہ میں دخل در معقولات سے فائدہ (کہ ایسا ہوا اور ایسا نہ ہو) یا مخلوق خدا پر خدا سے بڑھ کر رحیم اور شفیق آپ اپنے تئیں سمجھتے ہیں؟ بندہ خدا! وہ مالک الملک ہے اس کا پورا اختیار ہے کہ اپنے ملک اور ملکیت میں جس طرح چاہے تصرف فرمائے۔ کس کو جرأت یا تاب چون و چرا ہے؟ ہماری سعادت۔ خیریت اور بہتری اسی میں ہے کہ بندہ باید کہ حد خود داند کا ہمیشہ خیال رکھیں۔ اسی کے ہو کر رہیں اسی پر توکل اور بھروسہ کریں اور ہر حالت میں اس سے بہتری کی امید بلکہ یقین رکھیں۔ وہ ہمارا غفور الرحیم اور مشفق و مہربان خدا ہے۔ دشمن نہیں کہ ہم پر ظلم کرے یا ظلم ہونے دے۔ لیس اللّٰہ بظلام للعبید (قرآن) یہ چند سطور ذرا تلخی لیے ہوئے ہیں۔ چونکہ بہتری اور فائدہ کی نیّت سے لکھی گئی ہیں داروئے "تلخ" سمجھ کر گوارا فرمالیں۔ المکتوب نصف الملاقات کو یاد رکھیں۔ آپ سے بڑی توقعات ہیں۔ وقت کو غنیمت جانیں جلدی کریں کہ میدان میں کام کرنے والوں کی اشد ضرورت ہے۔ اس معاملہ میں وہاں کوئی عذر مسموع نہیں ہوگا۔ خبر کرنا شرط تھی۔ کر دی ہے۔ اللہ تعالیٰ سلامتی ایمان و جان و عزّت و آبرو سے ہمیشہ مع اہل و عیال خوش و خرم رکھے۔ آمین
والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔ راقم فقیر اللہ دتا عفی اللہ عنہ

Marfat.com

مکتوب نمبر ۵۰

حقوق اللہ اور حقوق العباد

بنام۔ شیخ محمد نصیب صاحب
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

طالب خیریت بخیریت۔ لفافہ ملا پڑھا پھر پڑھا الحمدللہ! کہ حالات کچھ بہتر معلوم ہوتے ہیں۔ مولا تعالیٰ آپ کو وہاں پورے طور پہ کامیاب کرے پاکستان اور پاکستانیوں کی صحیح خدمت کرنے کی توفیق عنایت فرمائے آمین ؎

بھُولتے پھلتے نہیں ظالم زمانے میں کبھی
سبز ہوتے کھیت دیکھا ہے کبھی "تلوار کا

ایسے مفسدہ پرداز اور بدنیت لوگوں کے تعاون کی کیا حاجت اور اس پر کیا بھروسہ؟ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک پر کامل توکل اور بھروسہ رکھتے ہوئے حقوق اللہ اور حقوق العباد کا نہایت نیک نیتی اور دیانت داری سے لحاظ رکھتے ہوئے اپنے آپ کو مولا تعالیٰ کی بارگاہ میں جوابدہ اور ذمہ دار سمجھتے ہوئے اس طرح پر کہ وہ سمیع و بصیر ہر وقت ہر آن آپ کے ساتھ ہے اور دیکھ سن رہا ہے کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ اپنا کام کرتے چلے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب کام درست ہو جائیں گے۔ اعتبار کے لائق فقط مولا تعالیٰ ہے۔ البتہ A.P.O پر بیوجہ بدظن ہونے کی ضرورت نہیں کہ اس سے بدمزگی طبیعت میں رہے گی۔ امید ہے کہ آپ کا حُسن سلوک اس کو آہستہ آہستہ آپ کا گرویدہ بنا دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ جیسے جیسے اس کو معلوم و محسوس ہوتا جائے گا کہ آپ نیکی اور رحملہ انسانوں

Marfat.com

کی بہتری چاہتے ہیں تو وہ کچھ ضرر نہیں دے گا اور اگر خدا نخواستہ کچھ کرے گا تو آپ کی نیت بخیر ہونے کی وجہ سے آپ کو کوئی گزند نہیں پہنچا سکے گا۔ بلکہ خود نقصان اٹھا لے گا۔ آپ کو ہمیشہ اس کی خیر خواہی کا دم بھرتے رہنا چاہیئے۔ کتنا ہی انسان دشمن ہو جب وہ دیکھتا ہے کہ میری برائی کے عوض میری خیر خواہی اور بھلائی کی جاتی ہے تو آخر شرمسار ہو کر گر پڑتا ہے۔ حالات انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی FAVOUR میں نظر آ رہے ہیں۔ خدا کی طرف سے غافل نہیں ہونا اپنے روحانی اور اور شرعی فرائض کی بجا آوری میں ذرہ بھر بھی کوتاہی نہ ہو۔ اللّٰھم وفقنا ہٗ۔ آمین۔ آپ کسی کے پیچھے نہ پڑیں کسی کی برائی میں کوشش نہ کریں۔ یار اکثر جدائی اور مفارقت میں یاد آیا کرتے ہیں اور عزیزوں کی یاد بڑوں بڑوں کو رلا دیتی ہے۔ فقیر کو رونا رحمت الٰہی کا نشان نظر آتا ہے۔ کاش کہ ہمیں اپنے گناہوں اور گذشتہ کوتاہیوں پر رونا آئے اور رقت قلبی مجاز سے حقیقت کی طرف بدل جائے۔ آمین۔ پنجگانہ نماز کے بعد کی حدیث شریف والی دُعا نہایت خشوع اور خضوع سے باچشم تر مانگا کریں۔ اپنی بے کسی بے بسی پر نظر رہے گی تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ مقام ضرور نصیب ہو گا۔ جلدی کسی کام میں سوائے نیکی کے نہ کرنی چاہیئے ایسا نہ ہو کہ جلدی میں کوئی غلطی ہو جائے۔ ہر امر اہم کو خدا کے حوالے کرنا اس پر مراقبہ کرنا خدا سے امداد چاہنا اس کے بعد جو دل میں آ جائے کر لینا انشاء اللہ تعالیٰ صحیح طریق کار ہے۔ اپنی قابلیت پر بھروسہ کرنے کی گنجائش نہیں ہم کیا ہیں جو کوئی کام ہم سے ہو گا جو کچھ کہ ہُوا، ہُوا کرم سے تیرے جو کچھ کہ ہو گا وہ تیرے کرم سے ہو گا۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ دُعا سے غافل نہیں، آپ کو بھی بارگاہِ ربّ العزت سے ایک دم بھر بھی غیر حاضر نہ ہونا چاہیئے۔

Marfat.com

لاہور والے یاروں نے برادرم خاں صاحب سلمہ ربہ کے صلاح مشورے سے فقیر کو لاہور بلایا ہے۔ ان کے پروگرام کے مطابق فقیر ۹ہم ۶/ ۱۸ بروز ہفتہ بالوٹرین میں ۹ - ۹½ بجے کے قریب لاہور پہنچے گا۔ یہ نہیں کہہ سکتا کہ کتنے دن قیام رہے گا۔ امید ہے کہ عزیزم محمد سلطان بجائے کنجاہ کے شاید ۹ہم ۶/ ۱۹ اتوار ملاقات کو لاہور ہی آجائیں۔ اطلاعاً لکھا گیا ہے کہ شاید آپ کو اتوار لاہور آنے کا موقعہ مل سکے؟ اگر آپ کو موقعہ مل سکے تو اطلاع آنے پر اتوار صبح کو لاہور اسٹیشن پر آپ کا استقبال بھی کیا جا سکتا ہے۔ بہرحال اطلاعاً لکھا گیا ہے کہ بعد میں خبر ملنے پر آپ کو افسوس نہ ہو آپ کی مرضی اور فرصت پر منحصر ہے۔ حکماً نہیں۔ فقیر کو خط کے لکھنے کے بعد جلد از جلد آپ کے جواب کا انتظار رہتا ہے۔ مولا تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہماری بہتری میں راضی ہو ہماری بہتری کرے آمین اور ہمیں اس سے ہمیشہ بہتری ہی کی توقع اور امید ہے اللّٰھم فاعف عنا واغفرلنا وارحمنا انت مولانا فانصرنا علی القوم الکافرین والمشرکین والمنافقین والفاسقین والکاذبین آمین ثم آمین۔ حاضرین مجلس پرسان حال دیاران و احباب کی خدمت میں السلام علیکم۔

مکتوب نمبر ۵۱ نگاہِ مردِ مومن

بنام سردار نعیم اللہ خاں صاحب بی۔ اے انگیزیکٹو آفیسر قصور

ان کے خط میں علامہ اقبال مرحوم کا یہ شعر لکھا تھا ؂ نگاہ مرد مومن سے پلٹ جاتی ہیں تقدیریں۔ اس کا جواب۔ سلام مسنون کے بعد۔ اللہ تعالیٰ علامہ ڈاکٹر اقبال مرحوم کو جنت الفردوس نصیب فرما دے۔ کہ اس نے یہ لکھ کر انگریزی خوانوں کے ایمان کو بچا لیا۔ واقعی اللہ تعالیٰ کے نزدیک

مومن کی بڑی قدر ہے۔ ایمان ہی ایک چیز ہے جس کی بدولت دینی اور دنیوی سرداری (عزت و آبرو و سعادت دارین) حاصل ہو سکتی ہے۔ ایمان کیا چیز ہے۔ خدا تعالیٰ اور اس کے رسول سے پوچھنا چاہیئے۔ کیونکہ ہم مدعیان اسلام و ایمان (مومن مسلمان کہلاتے ہوتے بھی۔) موجودہ وقت میں اس قدر ذلیل و خوار ہوئے اور بیکسی کے عالم میں لاکھوں کی تعداد میں غارت و تباہ و برباد اور بے خانماں ہوئے کہ ہماری اس موت اضطراری پر رونے اور آنسو بہانے والا بھی کوئی نہ ہوا اس کا ذکر چھیڑنے سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ دل بیٹھ جاتا ہے اور سر شرم و ندامت سے جھک جاتا ہے کہ ہماری اس کافرانہ مسلمانی نے پیارے اسلام اور مومنوں کے نام کو بٹہ لگا دیا ہے۔ ضرورت ہے کہ درد دل رکھنے والے اسلام کے عقیدت مند خدا کا نام لے کر اٹھیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اسوہ حسنہ (صورتاً و سیرتاً) اختیار کر کے میدان میں آئیں اور اپنی بقایا زندگی اپنی لیاقت و استعداد کے مطابق اسلام اور پاکستان کی خدمت میں محض رضائے الٰہی حاصل کرنے کے لیے صرف کر دیں۔ ان کا شبانہ روز کا مشغلہ ٹاپک (TOPIC) مسلمانوں کو اسوۂ حسنہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف رہنمائی کرنا ہو۔ جس اسوۂ حسنہ کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے شانِ محبوبیت سے سرفراز فرما کر دنیا کے سامنے پیش فرمایا ہے۔ اور اسی کو سعادتِ دارین کا ذریعہ جملہ مشکلات و مہمات کی کلید اور اپنی محبوبیت کا نشان بنایا ہے۔

فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللہُ اس کی طرف مشیر ہے اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لَہٗ وَارْزُقْنَاہُ بِحُرْمَتِ حَبِیْبِکَ الْمُکَرَّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین ثم آمین

حاضرین مجلس پرسان حال و یاران طریقت کی خدمت میں السلام علیکم بعد شوق ملاقات۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو پیار و دعا۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۵۲

مالک و مختار

بنام شیخ معز الدین صاحب لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت۔ بخیریت۔ خیریت نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ اللہ تعالیٰ بشیخ سعید احمد کو کامل صحت عطا فرما دے۔ آمین! عذاب الٰہی کا دَور دورہ ہے۔ غافل نہیں ہونا چاہیئے۔ ایسا کوئی فعل نہ ہونے پائے جو اللہ تعالیٰ کی مرضی و حکم کے خلاف ہو اور اس کے غضب کے بڑھانے والا ہو۔ بہت بہت ڈرنے کا وقت ہے ذکر۔ فکر۔ مراقبہ تہجّد اور پابندیِ شریعت کی سخت تاکید ہے۔ معلوم طریقہ پر صبح و شام سو سو بار توبہ استغفار کرتے رہنا۔ صبر و شکر سے وقت گزارنا اور اس کی ذات پاک پر کامل توکل اور بھروسہ رکھنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ اس کائنات کا پیدا فرمانے والا اور اس کا مالک مختار ہے۔ جس طرح چاہے۔ اپنی مِلک۔ ملکیت و ملک میں دخل اندازی کرے۔ اس کا حق ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اس کی مرضی و منشا کے ماتحت ہو کر رہیں۔ پس بفضلِ تعالیٰ ہر طرح خیر ہی خیر و برکت ہو گی۔ بارش اس قدر ہے کہ فصل بظاہر تو تباہ ہو گئے ہیں۔ حقیقتِ حال تو وہ مالک خود جانے جس نے تمام جانداروں کے رزق پہنچانے کا خود اپنے لطف و کرم سے ذمہ لے رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے نیک بندوں میں شامل کرے اور رکھے۔ آمین۔ فقیر نے اس دفعہ آپ کے ہاں متواتر کئی دن ٹھہر کر اپنی ہمدردی۔ خیر خواہی۔ شفقت۔ پیار کا جو فقیر کے دل میں آپ کی نسبت تھی۔ ثبوت دیا تھا۔ لیکن شاید آپ اس کو سمجھ نہ سکے اور موقعہ کو غنیمت نہ جانا۔ صحبت ظاہری مبتدیوں کے لیے بڑی نعمت ہے۔ اگر دل میں جذب اور سچی تڑپ ہو۔ اور چونکہ دُنیاوی معاملات کی وجہ سے یہ بڑی مشکل سے نصیب ہوتی ہے۔ اس واسطے بھی اس

Marfat.com

کی بڑی قدر ہے۔ اس وقت تو آپ کے کارڈ کا بوالپسی ڈاک جواب دیا جا رہا ہے۔ تاکہ آج ہی ڈاک میں نکل جائے۔ نظمیں انشاءاللہ تعالیٰ لفافہ میں بند کر کے ارسال ہوں گی۔ حاضرینِ مجلس پرسانِ حال و یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم بصد شوقِ ملاقات۔ گھر سے گھر میں سلام بچوں کو پیار و دعا۔

مکتوب نمبر ۵۳

من کان للہ کان اللہ لہٗ

بنام کیپٹن محمد نصیر آر پی۔ اے ایس سی پٹاور چھاؤنی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت (۱) اچھا ہوا کہ آپ نے براہِ راست یاد فرمایا۔ اس حوصلہ افزائی کا شکریہ۔ آپ کے خط سے پہلے عزیزم ملک محمد سلطان صاحب سلمہٗ الرحمٰن نے آپ کے کیس (مقدمہ) کے متعلق سب کچھ لکھ دیا تھا کیوں کہ وہ آپ لوگوں کا مخلص خادم اور دعاگو دوست ہے۔ فقیر نے اس کو مناسب جواب دے دیا تھا۔ اور دُعا کا فریضہ بھی ادا کر دیا تھا۔ اس لیے خیال تھا کہ چونکہ فیصلہ کا دن قریب ہے۔ آپ جلد فیصلہ کی نوعیت سے اطلاع فرما دیں گے۔ اس لیے آپ کے خط کا جواب جلد دیا نہ جا سکا۔ آج انتظار کے بعد چند سطور آپ کے خط کے جواب میں قلمی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر شر سے بچائے۔ اور تائیدِ غیبی سے ہمیشہ آپ کی مدد فرمائے۔ آمین ع

از گدا جز دُعا نیاید ہیچ

(۲) جناب محترم نے لکھا ہے "ہر طرف سے کوئی نہ کوئی بلا بے وجہ آتی ہی رہتی ہے۔" جناب عالی کسی سے مانگنے سوال کرنے یا حصول مطلب کے لیے درخواست کرنے کا یہ طریقہ کار نہیں کہ آپ اپنے آفیسر سے کہہ دیں کہ چونکہ آپ نے بلاوجہ سزا دی ہے اس لیے جانے دیجئے اور معاف کیجئے اور پھر اس

سے بہتری اور فائدہ کی توقع رکھیں۔ اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں فرماتا ہے :
ما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم و یعفوا عن کثیر ؕ (جو مصیبت تم کو پہنچتی ہے تمہارے ہاتھوں کی کمائی (شامتِ اعمال) ہے۔ اور بہت کچھ درگزر کیا جاتا ہے) حق یہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے کلامِ پاک میں ارشاد فرمایا ہے۔ ہم اپنی لغزشوں، کمزوریوں (سینہ زوریوں) اور قصوروں پر تو نظر۔ غور و فکر کرتے نہیں کہ ہمارے دلوں میں خشیتِ الٰہی پیدا ہو اور ہم سچے دل سے اس کی طرف رجوع کریں۔ ہم ان کو عام واقعات اور وہ بھی بلاوجہ بلا سبب سمجھتے اور اس طرح اپنی معصومیت کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہمیں رجوع الی الحق کی توفیق نہیں ملتی۔ اور سچی توبہ نصیب نہیں ہوتی اور اس طرح اپنی قیمتی زندگی تباہ و برباد کرکے راہی ملکِ عدم ہو جاتے ہیں۔ اور وہاں جاکر ہماری آنکھیں کھلتی ہیں آپ اپنے کسی ملازم یا نوکر کو اس کے کسی جرم سے توبہ کرنے یا معافی مانگنے پر معاف کر دیں اور دوسرے دن وہ ملازم پھر وہی کل والا جرم کرے اور معافی کو حاضر ہو تو وہ اس کا توبہ کرنا یا معافی مانگنا صحیح توبہ ہوگی یا آپ سے مذاق ہوگا۔ اس وقت آپ کے مزاجِ مبارک کی کیا کیفیت ہوگی۔ خصوصاً اگر وہ جرم اس قسم کا ہو کہ اس میں مالی یا جانی نقصان متصوّر ہو۔ فافہم۔ فتدبّرا

(۳) "چند دشمنوں یا مہربانوں نے مل کر" - جب دشمن اور مہربان (دوست) آپ کے ساتھ یکساں سلوک کرتے ہیں جو ناقابلِ برداشت ہے تو فقیر مشورہ دیتا ہے کہ آپ ہر دو سے منہ موڑ کر اس پاک ذات کی طرف کیوں متوجہ نہ ہو جائیں جس کے ہاتھ میں ان سب کی باگ ڈور ہے ؎

از خدا دان خلافِ دشمن و دوست
کہ دل ہر دو در تصرّف اوست

حدیث شریف میں آتا ہے کہ مخلوق کے دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں۔ جس طرح اور جس طرف چاہے پھیر ڈالتا ہے۔ پھر کیوں نہ ہم

اپنے تئیں اس کے سپرد کر دیں۔ اس کی پناہ میں آ جائیں اور ہمیشہ اس کی رضا اور خوشی کے جویاں رہیں۔ کوئی کام ایسا نہ کریں جو اس کی پناہ کی حدود سے ہمیں باہر لے جائے۔ پھر کون ہے جو ہماری طرف بُری نیت سے انگلی اٹھا سکے نظرِ بد سے ہماری طرف دیکھ سکے۔ اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہم ہی اس سے سرکش اور باغی ہو رہے ہیں اور باوجود تازیانہ عبرت کے بھی اپنی اصلاح، فلاح اور بہبودی کی طرف توجہ نہیں کرتے اور رجوع الی الحق نہیں ہوتے۔

(۴) "ناراضگی کی وجہ سے دعا قبول نہیں کرتا"۔ عالیجاہ! جب یہ REALISE (مان لیا گیا۔ یقین کر لیا گیا) تو وہ کون سی چیز ہے جو ہمیں وجہ ناراضگی کو دُور کرنے نہیں دیتی؟ وہی بلا وجہ ناراضگی کا خیال تو نہیں معاذاللہ! اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر آؤ ہمیشہ کے لیے وجہ ناراضگی کو دُور کر کے آخری، سچی اور حقیقی توبہ کر کے اور معافی مانگ کر اس کو راضی کر لیں۔ اسی کے ہو کر رہیں۔ تاکہ بفضلِ تعالیٰ دُعاؤں کی حاجت نہ ہی رہے۔ اور ہماری دُعائیں رنگِ عبادت اختیار کر لیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے: مَنْ كَانَ لِلّٰهِ كَانَ اللّٰهُ لَهٗ مولانا رُوم ؎

چوں شدی من کان للہ از ولہ
من ترا باشم کہ کان اللہ لہ

(جب تم عشق و محبت کی بدولت من کان للہ (جو اللہ کا ہو گیا) کے مصداق ہو گئے تو میں تمہارا (رفیق و ناصر) ہوں کیوں کہ کان اللہ لہ (اللہ اس کا ہو گیا یا ہو جاتا ہے) حدیث برحق ہے۔ حضرت شیخ سعدی فرماتے ہیں ؎

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ
کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

(۵) "وسیلہ بن جائیں" یقیناً وہ شخص بہت خوش نصیب ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں کسی اپنے بھائی کا وسیلہ بننے کی اہلیت و

استعداد رکھتا ہے۔ لیکن خوب یاد رکھیں کہ وسیلہ بھی تب ہی کام دے گا جب کہ وسیلہ کی ہدایات پر (مذکورہ بالا تحریر پر) برضا و رغبت بلکہ عاشقانہ و والہانہ عمل درآمد کیا جائے گا۔ ورنہ وہی مدعی سست گواہ چست والی بات صادق آئے گی۔

(۶) "میرے لائق کوئی خدمت ہو تو بندہ کو یاد فرماویں"۔ اس ہمدردی اور مہربانی کا شکریہ۔ دعا کریں کہ فقیر حقیر پُر تقصیر کو اللہ تعالےٰ غیر سے مانگنے اور سوال کرنے کی حاجت ہی نہ رکھے۔ اور توفیق ایسا کرنے کی نہ دے۔ آمین۔ بھلا محتاج محتاج سے کیا مانگے؟ اگر یاد کرنا اور مانگنا ہے تو اس رب کو کیوں نہ یاد کرے اور اس سے کیوں نہ مانگے۔ جو سب کو بن مانگے دے رہا ہے۔ اور جب اپنے کسی بندے کی پرورش کرنی چاہتا ہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت اور اس کی خدمت کرنے کی رغبت ڈال دیتا ہے۔ وہ اپنی اپنی اغراض کی خاطر خود ان کے پاس جاتے اور بن مانگے ہی اس کو دیتے اور اس کی خدمت کرنے میں اپنی سعادت اور بہتری سمجھتے ہیں۔ واللہ خیر الرازقین! اللہ تعالیٰ ہمیں غیروں سے بچائے اور اپنا بنالے بحرمت حبیبہ مکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین۔

دل میں جب تک غیر تھا ویران و غیر آباد تھا
غیر سے خالی ہوا تو یار کا گھر بن گیا

جس نیک نیتی سے یہ عریضہ لکھا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرما کر اس کے ثمرات نیک سے بہرور کرے۔ آمین اور آپ کو سلامتی، ایمان و جان و عزت و آبرو سے ہمیشہ خوش و خرم رکھے۔ آمین

Marfat.com

مکتوب نمبر ۵۴

اِنتقام

بنام شیخ محمد نصیب صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - طالب خیریت بخیریت - گرامی نامہ شرف صدور لاکر کاشف حالات ہوا - آپ کو مقابلوں میں وقت ضائع کرنے کی کیا پڑی ہے - جو شرافت سے نہ مانے اُسے خدا کے حوالے کرے - وہ بہترین منتقم ہے - اگر ضروری سمجھے گا (وہ مستحق سزا ہے) تو ایسا انتقام لے گا کہ آپ اور ساری دنیا مل کر بھی اس سے ایسا انتقام نہ لے سکیں - اور اگر وہ مستحق سزا نہیں یا اللہ تعالیٰ ابھی اس کو سزا دینا نہیں چاہتے تو بھی آپ کی کوئی کوشش اس کے خلاف کامیاب نہیں ہوسکتی - تو پھر آپ کو ایسی خدائی بات میں الجھنے کی کیا ضرورت ہے - بہتر مفید اور کامیابی دلانے والی بات تو وہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمائی ہے - کہ جو تمھارے ساتھ برائی کرے تم اس کے ساتھ نیکی کرو - اعلیٰ حضرت امیرِ ملت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری فرمایا کرتے تھے - تمہارا مخالف تم سے بدی کرتے نہیں تھکتا تو تم اس سے نیکی کرتے کیوں تھکتے ہو - تم کو بھی نیکی کرتے نہ تھکنا چاہیئے - ہر شخص اپنے کئے کی سزا پائے گا - ہم اپنی نیت اور نیک عادت کو کیوں بدلیں - اور سزا کی لپیٹ میں آئیں - DEFENCE ہمارا حق ہے جو کرتے رہنا چاہیئے - وہ خود اپنے ظلموں کی لگائی ہوئی آگ میں جل مرے گا - ہمیں ہوا دینے کی کیا ضرورت ہے - اس سے خواہ مخواہ ہماری نیک عادت آہستہ آہستہ بدل جائے گی - جو انجام کار ہمارے حق میں اچھی نہ ثابت ہوگی - اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو آمین - اسی کے ہو رہے اور اس سے فریاد کیجئے - بس فیصلہ ہوگیا ہے کہ ۲۶، دسمبر بروز ہفتہ انجمن خدام الصوفیہ کنجاہ کا ایک تبلیغی جلسہ بتقریب سالانہ ختم شریف اعلیٰحضرت امیرِ ملت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ کنجاہ میں منعقد ہو۔

Marfat.com

عنقریب اشتہار آپ تک پہنچ جائے گا۔ امید ہے کہ بڑے دن کی چھٹیوں میں آپ بسہولت تشریف لا سکیں گے۔

واللہ اعلم بالصواب۔ حاضرینِ مجلس کی خدمت میں السلام علیکم۔

مکتوب نمبر ۵۵

پاکستان امن و سلامتی کا گہوارہ

بنام عبدالمجید ملک صاحب! بیرون ملک

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ طالبِ خیریت بخیریت۔ برخوردار۔ ۸/۳/۵۰ کا لکھا ہوا خط ۱۵/۳/۵۰ کو مل گیا تھا۔ لیکن یہ خاص ہوائی خط کنجاہ میں نہ مل سکا۔ اس لیے جواب وقت پر نہ دیا جا سکا۔ اب کہ عزیزم معزالدین شیخ نے لاہور سے ہوائی لفافہ ارسال کیا ہے۔ اس پر برخوردار کو جواب دیا جاتا ہے۔ فقیر نے کوشش کی تھی کہ ماہوار رسالہ انوار الصوفیہ جو پھر شہر سیالکوٹ سے شائع ہونا شروع ہو گیا ہے۔ ماہ بہ ماہ تمہارے پاس بھی پہنچ جایا کرے۔ ایڈریس بھی تمہارا دفتر انوار الصوفیہ محلہ کچی مسجد شہر سیالکوٹ حضرت مولانا الحاج ماسٹر محمد کرم الٰہی بی۔ اے ایڈوکیٹ کے پاس بھیج دیا تھا۔ اگر کوئی رسالہ تمہارے پاس پہنچا ہو تو بہتر ورنہ مذکورہ پتہ پر خط لکھ کر فقیر کا حوالہ دے کر منگوا لیں۔ مارچ کا رسالہ ضرور منگوا لینا۔ اس میں شجرہ شریف (مناجات) فقیر کی چھپ گئی ہے جو تم نے مانگی تھی۔ تمہارے والد صاحب کا کوئی خط دو ماہ سے نہیں آیا۔ کل عزیزم شیخ معزالدین کے خط سے معلوم ہوا کہ بخیریت ہیں۔ رمضان شریف کا مبارک مہینہ ہے۔ یہاں تو سخت گرمی پڑتی ہے۔ وہاں تو کوئی تکلیف روزہ کی نہ ہوتی ہوگی۔ کیوں کہ وہاں آج کل موسم بہت اچھا ہوتا ہے۔ پہلے خط جو ایک دو لکھے تھے۔ ان کو دوبارہ سہ بارہ گاہِ گاہِ پڑھ لیا کریں۔ تاکہ خیالات اور جذبات

Marfat.com

پر کنٹرول رہے اور خدا یاد رہے۔ فقیر بفضل تعالیٰ ہمیشہ تم کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھتا ہے۔ اپنا وقت سچے اور پکے مومنوں مسلمانوں کی طرح گزارنا چاہیئے۔ زہریلے اور تباہ کن و مخرب اخلاق جذبات و خیالات کو نزدیک ہی نہ آنے دینا چاہیئے۔ اپنے وظائف پابندی سے ادا کرتے رہیں۔ انشاءاللہ کامیابی سے وقت گزر جائے گا۔ ذکر، فکر، مراقبہ تہجد اور پابندی شریعت کی سخت تاکید ہے۔ اسلام ہی سلامتی اور امن کا ضامن ہے اور ان سب لڑنے والی قوموں کو جو ایک دوسرے کی خون کی پیاسی ہیں اپنے بچاؤ اور امنِ عامہ کے لیے ایک دن اسلام کے دامن میں ہی پناہ لینی پڑے گی۔ اور پاکستان کا سارے جہاں میں بول بالا ہوگا کیوں کہ وہ امن اور سلامتی کا گہوارہ ہوگا اور ہر ملک اسلام کی طرف محبت اور دوستی کا ہاتھ بڑھاتے گا۔ اور امنِ عامہ کا کفیل ہوگا۔ اسلام انسانوں کی بادشاہی کو مٹا کر خدائی بادشاہت قائم کرنی چاہتا ہے۔ انسانی قانون و آئین حکومت اپنوں کے لیے مفید اور دوسروں کے لیے تباہ کن ہوتا ہے لیکن اس کے مقابلے میں خدائی آئین و قانون سب کے لیے یکساں مفید ہے کیوں کہ وہ سب کے لیے سانجھے خدا تبارک و تعالیٰ کا بنایا ہوا قانون ہے۔ جس میں کسی ملک یا قوم کی رو رعایت نہیں کی گئی ہے۔ تم کو وہاں اسلامی کریکٹر پورے دل و جان کے ساتھ ظاہر اور قائم رکھنا چاہیئے۔ اسلام کی خوبیاں ہی موقعہ مل جاوے تو بیان کرتے رہنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ تمہارا حامی و ناصر ہو اور ہر مرحلہ پر تم کو نمایاں کامیابی نصیب فرماتا رہے۔ آمین۔ اپنی خیریت و عافیت سے جلد جلد اطلاع دیتے رہا کریں تاکہ تسلی رہے۔ والسلام

Marfat.com

مکتوب نمبر ۵۶

رمضان المبارک اور اعتکاف

عزیزم مخلصم مرزا محمد یوسف صاحب زاد محبتکم و حفظکم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، طالب خیریت بخیریت۔ گرامی نامہ محبت شمامہ بشرف صدور لاکر کاشف حالات ہوا۔ الحمدللہ کہ یہ ڈرامہ جلد ختم ہوا۔ ورنہ واللہ اعلم کیا کچھ ہونا ؎

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

یہ مولا کریم ورحیم کا خاص فضل وکرم ہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔ آمین

آپ نے اعتکاف بیٹھنے کے متعلق دریافت فرمایا ہے۔ نیکی اور پوچھ پوچھ اعتکاف کسی جمعہ مسجد یا ایسی مسجد میں جہاں پانچ وقت جماعت ہوتی ہو۔ آخری عشرہ۔ رمضان المبارک میں عبادت و انتظار نماز کی نیت سے بیٹھنا سنت مؤکدہ ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ مسجد میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ ایک دفعہ ایک وجہ سے نہ بیٹھ سکے۔ دوسرے سال رمضان میں اس کی قضا ادا کی۔ فقیر بھی ۱۹۲۰ء سے نوکری سے جب سے فارغ ہو کر گھر آیا۔ خداوندکریم کے فضل وکرم سے ہر سال اعتکاف بیٹھتا آیا ہے۔ الحمدللہ علیٰ ذالک۔ اعتکاف بیٹھنے سے پہلے مسائل متعلقہ ضرور دیکھ لینے چاہئیں۔ خط میں تو گنجائش نہیں۔ زبانی کا موقع نہیں رہا۔ کسی کتاب سے استفادہ کریں۔ رمضان شریف کا مبارک مہینہ حق تعالیٰ کی عنایت خاص سے پھر عمر میں آگیا اور نصیب ہوگیا ہے۔ اس کی برکات و انوار سے متمتع ہونا بڑی خوش قسمتی ہے۔ لیلۃ القدر جو بروئے قرآن اپنی قدر و منزلت میں ہزار ماہ سے بھی بہتر ہے۔ اس آخری عشرہ رمضان میں بیان فرمائی گئی ہے۔ اور آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کی جاتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات مقدسہ کے

Marfat.com

مطابق ۲۱-۲۳-۲۵-۲۷- اور ۲۹ تاریخوں میں ساری ساری رات ذکر، فکر، مراقبہ، نماز وغیرہ عبادات میں گزارنی چاہیئے- اس رات جبرائیل علیہ السلام معہ ملائکہ کے زمین پر اترتے ہیں اور عبادت کرنے والوں سے مصافحہ کرتے ہیں- انوار رحمت کی بارش ہوتی ہے- بڑا نشان یہ ہے کہ دل میں رقت و سوز آنکھوں میں آنسو اور عبادات میں کمال لذت حضور قلب کے ساتھ محسوس ہوتی ہے۔ اور ایک قسم کا ناقابلِ بیان سرور وکیف میسّر ہوتا ہے- صاحبان کشف میں سے اکثر کو ہر شے سجدہ میں اس وقت نظر آتی ہے- قرآن کریم کے مطابق ان حالات کے ظہور کا وقت عشاء کے بعد طلوعِ فجر تک ہوتا ہے۔

گو اعتکاف کے بغیر بھی گھروں میں جاگنے والے لوگ اس نعمتِ عظمیٰ کو پا سکتے ہیں- لیکن اعتکاف چونکہ اس کا ایک خاص اہتمام ہے- اور انسان بہت سی خانگی مجبوریات سے مسجد میں رہنے کی وجہ سے بچا رہتا ہے- اس لیے حسب منشا آسانی رات جاگ سکتا ہے- ویسے تو جو خوش نصیب لوگ ہمیشہ ہی اپنے اپنے عشق و محبت میں اور استعداد کے مطابق راتیں جاگنے کے عادی ہوتے ہیں اور تہجد میں حضور دوام کا لطف اٹھاتے رہتے ہیں- ان کے لیے ہر رات ہی لیلۃ القدر کی رات ہوتی ہے- جیسا کہ کسی بزرگ نے فرمایا ؎

اے خواجہ چہ پرسی (جوئی) زشب قدر نشانی
ہر شب شبِ قدر است گر قدر بدانی

حق سبحانہٗ تعالیٰ نصیب فرماتے- اور اپنے عشق و محبت میں روز افزوں ترقی نصیب فرماتے- آمین

آپکا والا نامہ پڑھ کر مسرت حاصل ہوئی- مولا کریم تصنع و ریاء- فخر و ناز سے بچائے رکھے- تاکہ عمل خالصاً للہ نصیب ہوں- آمین- حاضرین مجلس پرسانِ حال و یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم۔

مکتوب نمبر ۵۷

دُعا کی قبولیت

بنام شیخ سعید احمد صاحب راولپنڈی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت۔ گرامی نامہ شرف صدور لاکر کاشف حالات ہُوا۔ کام پُورا سرانجام وُہی پاتا ہے جو خدا کو منظور ہوتا ہے۔ جہاں تک دُعاؤں کا تعلق ہے۔ مدعی سُست گواہ چُست والا معاملہ یہاں نہیں ہوتا۔ یعنی دُعا کرنے والے کا تو لحاظ شاید اپنی مرضی سے (تبلیغ کی خاطر) کرتے ہی ہیں۔ لیکن دعا جس کے لیے کی جاتی ہے وہ بلاشبہ ان کے سامنے ہوتا ہے۔ اس کی استعداد اہلیت۔ خلوص ومحبت قلبی (اشد حُبًّا لِلّٰہِ) کو ضرور دیکھتے ہیں کہ ہمارے نام پہ یہ کتنا بکا ہوا ہے؟ دُنیا اور دنیا داری کی مصلحتیں دیکھتا اور سوچتا رہتا ہے۔ یا والہانہ ایثار وقربانی سے ہمیں اپنا لیتا ہے۔ اور اس طرح ہمارا سب کچھ اپنا بنا لیتا ہے۔ ھُوَ الَّذِی خَلَقَ لَکُمْ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعاً ہ اور یہ کچھ طبعی اور فطرتی جذبات کے ماتحت کرتا ہے یا تصنع وریا سے؟ ؎

عاشقاں را با مصالح کار نیست

قصہ ایشاں جز رضائے یار نیست

عزیزم ملک محمد سلطان صاحب پہ یہ اس مالک الملک غفور رحیم و منعم حقیقی کا خاص الخاص احسان وفیضان ہے کہ اس کی مبارکیں فقیر کو مل رہی ہیں۔ الحمد للّٰہِ عَلٰی ذالک! واللہ اعلم اس کی کون سی ادا اس رحیم وکریم کو پسند ہے۔ یہ تو اسی سے پوچھنا چاہیے کہ تم کیا عمل کرتے ہو کہ جو مانگتے ہو پا لیتے ہو۔ ان کامیابیوں کا راز کیا ہے؟ دُعا تو ہر طالب دُعا کے لیے کی جاتی ہے۔ بلکہ جو طالب دُعا نہیں ہوتے

Marfat.com

ان کو بھی ہمیشہ دعا میں شریک کر لیا جاتا ہے کیوں کہ دُعا کا مسنون طریقہ ہی یہی ہے کہ سب بھائیوں کو دعا میں شریک کر لیا جائے ۔ قرآنِ کریم و احادیث شریفہ کی اکثر دُعائیں اس کا ثبوت ہیں یعنی جمع کے صیغہ سے مانگی گئی ہیں - اور اگر کوئی اس پر بھی کہے کہ نہیں جی سلطان پر خاص نظر ہے تو اس کا سبب سُلطان صاحب سے یا اپنے دل سے پوچھے تیسرا کچھ بتا ہی نہیں سکتا - اپنا اور اس کا ہر بات ۔ ہر فعل میں موازنہ و مقابلہ کرے بشرطیکہ دل خوفِ الٰہی سے ڈرتا رہے ۔ اور وہ بھی وہ فعل اور کام کرنا شروع کر دے جو اس کی ترقی اور بہتری کا معلوم ہوتا ہو - فقیر کی دلی خواہش ہے کہ سب تعلیم یافتہ ملازم یا نظاہر و باطن میں سلطان صاحب کا نمونہ بن جائیں اور اس میں جو کمزوریاں ہیں اُن سے وہ اور ہم بھی سب بچ جائیں۔ آمین ثم آمین !

ع ہیں اپنے اپنے مقدر جُدا نصیب جُدا

مولا کریم آپ کو لبسبب ان تمام ریلوے ملازمین یارانِ طریقت میں سینئر SENIOR ہونے کے سب سے اعلیٰ پوزیشن عطا فرمائے اور پوسٹ جو آپ کے حسبِ خواہش اور آپ کے لیے زیادہ مفید ہو اپنے فضل و کرم سے وہی عطا فرمائے - آمین ثم آمین !! جو خیالات آپ نے سلطان صاحب تک پہنچانے کے لیے لکھے ہیں لکھ دیئے گئے ہیں۔ اور یہ بھی لکھ دیا ہے کہ "شیخ سعید صاحب کو آپ (سلطان صاحب) کی دُعاؤں اور کوشش کی اشد ضرورت ہے"

مولا تعالیٰ اپنے حبیب اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اپنے خاص فضل و کرم سے کسی کی ہی دُعا آپ کے حق میں قبول فرمائے۔ آمین اور آپ کو اپنے اہل و عیال کی طرف سے بھی مسرت اندوز فرمائے - آمین ! پرسانِ حال یارانِ طریقت و حاضرینِ مجلس کی خدمت میں السلام علیکم بصد شوق ملاقات ۔

گھر میں سلام بچوں کو دُعا و پیار

مکتوب نمبر ۵۸

اتباعِ رسولؐ

بنام شیخ معز الدین صاحب! لاہور

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ طالبِ خیریت۔ بخیریت۔ آپ کا کارڈ پریشانی دل لیے ہوئے اظہار مافی الضمیر کرتا ہوا کاشف حالات ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر طرح خوش و خرم رکھے۔ آپ کے یا آپ لوگوں کے خلوص پر فقیر کو کوئی شبہ نہیں۔ جو کچھ لکھا گیا ہے خیر خواہانہ اور دعائیہ لکھا گیا ہے تاکہ خلوص و محبت قلبی کی زیادتی کے ساتھ استقامت بھی نصیب ہو۔ اور غفلت و سستی راہ نہ پائے۔ جیسا کہ اکثر ظاہر ہوتا رہتا ہے۔ گجرات سے جنوب کی طرف خصوصاً لاہور میں یارانِ طریقت کا سرمایہ تو آپ لوگ ہی ہیں۔ خدا کرے کہ آپ لوگ اُسوۂ حسنہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خیش اختیار کریں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت و سیرت کے لباس سے ظاہر و باطن کو ملبس کریں۔ آمین۔ ہماری مسلمانی کا ثبوت اور ہمارے ایمان کا مظاہرہ اس کے بغیر ہیچ ہے۔ وقت آگیا ہے کہ ہم کسی بڑی سے بڑی دنیاوی غرض کو اس معاملہ میں رکاوٹ نہ بننے دیں۔ اور جو چیز اتباعِ سنت سے روکنے والی ہے اس سے دست بردار ہو جائیں ورنہ نام کی مسلمانی نہ ہمیں یہاں کام دے سکتی ہے۔ نہ قیامت میں سودمند ہو سکتی ہے۔ ہم نے ایک نہ ایک دن یہاں سے جانا ہے اور آج جس لذائذ اور شہوات سے بھری دنیا میں ہم خدا و رسول سے دُور رہ کر یعنی ان کو بھلا کر مستغرق اور منہمک ہو رہے ہیں اس نے ہمارے ساتھ نہیں جانا بلکہ یہاں ہی رہ جانا ہے اس لیے آج اس سے ہمارا تعلق عارضی ہونا چاہیئے۔ جو کہ سکون الٰہی میں ہمارے لیے رکاوٹ نہ ہو سکے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا۔ آمین۔ حاضرینِ مجلس۔ پرسانِ حال و یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم بصد شوقِ ملاقات۔ گھر سے گھر میں سلام۔ بچوں کو دُعا و پیار۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۵۹

سُلوکِ نقشبندیہ

بنام محمد نصیب صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ طالب خیریت بخیریت۔ فقیر کل دوپہر جمعرات کو کنجاہ بفضلہ تعالیٰ پہنچ گیا۔ بدھ وار نہ آسکا۔ عزیزم محمد سلطان بھی بدھ وار ۶/۲۲ وہاں ہی مڑ گیا اور شام ۷ بجے کے قریب میل پر سوار ہو کر راولپنڈی روانہ ہو گیا۔ غالباً کل اس کا خط آئے گا جمعہ کی تیاری ہے۔ کچھ ذہن میں نہیں کہ کیا لکھا جائے۔ یہ لکھے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جس راہ (سلوکِ نقشبندیہ) پر آپ لوگ بفضلہ تعالیٰ گامزن ہو گئے ہیں وہ تمام سلاسل طریقت سے اسہل و اقرب ہے اور جس مقام پر آپ پہلے بیعت و توبہ کے روز کھڑے کئے گئے ہیں۔ قرآن کریم اور حدیث شریف کی روشنی میں اگر آپ لوگوں نے سمجھ لیا ہے اور (REALIZE) کر لیا ہے تو ساری عمر میں اس کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے۔ آگے قدم بڑھانا اسی ریلائی زیشن پر منحصر ہے جو چیز دوسرے طریقوں میں سالہا سال کی محنت و جفاکشی کے بعد میسر آتی ہے اور اکثر حالتوں میں پھر بھی نہیں وہ ہمیں اس طریقہ میں پہلے روز ہی میسّر ہو گئی ہے اب آپ کا کام ہے کہ وہ کن فرم (CONFIRM) ہو جائے۔ آمین۔ اس طریقہ کا ایک قدم دوسروں کے ہزار قدم کے برابر ہے۔ مولا تعالیٰ ہم لوگوں کو اس سے کما حقہٗ مستفید اور مستفیض ہونے کی توفیق بخشے۔ آمین۔ پورے زور شور اور توجہ تامہ سے اس کی طرف لگ جائیں۔ اس کی برکت سے بفضلہ تعالیٰ سب مشکلیں آسان اور حل ہو جاویں گی اور کوئی پرواہ نہ رہے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر عالیجناب مخدومی و مطاعی قبلہ صاحبزادہ صاحب حافظ حاجی عالم پیر سید محمد حسین شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی علی پوری کی دست بوسی نصیب ہو تو فقیر کا بھی سلام عرض کر دیں۔ اپنی

اور اپنے اہل وعیال و یارانِ طریقت کی خیر وعافیت سے جلد جلد اطلاع دیتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی جلد مرادیں پوری کرے۔ سلامتی ایمان و جان عزت و آبرو سے خوش و خرم رکھے آمین اور آپ کو اپنے معزوضہ کام میں پوری طرح کامیاب کرے۔ آمین اور اس کے اچھے اثرات وثمرات سے متمتع کرے۔ آمین۔

حاضرین مجلس۔ پرسانِ حال واحباب کی خدمت میں السلام علیکم۔ گھر سے گھر میں سلام بچوں کو پیار و دعا۔

مکتوب نمبر ۶۰ نظامِ حکومت

بنام شیخ منظور الحق ڈار صاحب (وزیرآبادی) شیڈ مین انچارج ریلوے انجن شیڈ۔ کوہاٹ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت۔ بخیریت۔ آپ کا ۱۰/۱ کا لکھا ہوا خط۔ ۱۱/۱ کو کنجاہ پہنچا۔ فقیر وزیر آباد گیا ہوا تھا۔ وہاں سے ۱۳/۱ بروز جمعہ واپس آیا۔ ۴-۵ دن کی غیر حاضری کے سبب ڈاک جمع تھی۔ کل جمعہ بھی تھا۔ اس لیے آج جواب لکھ رہا ہے لیکن آج کی ڈاک میں بھی نکل نہیں سکے گا۔ فقیر موٹی عقل کا دیہاتی آدمی ہے۔ اس لیے سمجھ نہیں سکا کہ علی پور شریف آپ گئے تو بعیت بھی کر کے آئے؟ یا فقط زیارت کرنا۔ ایک صف میں نماز پڑھنا اور دعا میں شریک ہونا ہی مقصود و مطلوب تھا؟ اور یہ کہ فقیر کی طرف یہ قصہ لکھنے کی غرض وغایت کیا ہے؟ آپ نے سیاست پر جو بحث کی ہے۔ اگرچہ فقیر کوئی بڑا سیاست دان نہیں بقول حافظ صاحبؒ ؎

رموز مملکت خویش خسرواں دانند
گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش

Marfat.com

"تاہم اتنا عرض کر سکتا ہے کہ واقعی آپ کے خیالات پاکیزہ و شستہ ہیں اور دردِ اسلام سے لبریز۔ فقیر باوجود نا اہل ہونے کے کچھ عرض کرتا ہے خدا کرے کہ بہتری کا باعث ہو۔ آمین! پاکستان میں اس وقت مذہبی فرقہ وارانہ دھڑا بندی کو چھوڑ کر کئی ایک سیاسی جماعتیں ہیں۔ مثلاً مسلم لیگ عوامی لیگ۔ مجلسِ احرار۔ جماعت اسلامی جمعیت العلماء وغیرہ وغیرہ۔ بظاہر ان سب کا نصب العین پاکستان کو مضبوط اور صحیح اسلامی حکومت (سلطنت) بنانا ہے۔ کیوں کہ پاکستان اسلام کے نام پر ہی معرضِ وجود میں آیا ہے۔ لیکن ان سب جماعتوں کا طریقِ کار۔ و لائحہ عمل الگ الگ ہے۔ یہ سب مسلمان ہیں اور اسلام کا بول بالا دیکھنے کے آرزو مند۔ اختلاف رائے بھی ایک قدرتی امر ہے۔ یہ بھی ماننا ہی پڑتا ہے۔ اسلامی مذہبی مسائل میں اختلاف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں بھی موجود تھا۔ جو نماز کی مختلف صورتوں اور مسائل میں آجکل پایا جاتا ہے۔ اس لیے ہر مسلمان فرداً فرداً صحیح نظام حکومت اسلامی کے لیے وہی کچھ کر سکتا ہے جو اس کی جماعت مجموعی طور پر کرے گی جس میں وہ شامل ہے کیوں کہ اگر وہ خود کسی جماعت میں شامل نہیں تو وہ تنہا انفرادی طور پر کچھ ہی کیا سکتا ہے۔ البتہ اگر وہ کچھ کر سکتا ہے اور ایسا کرنا اس کا فرضِ اولین بھی ہے تو وہ یہ کہ پہلے وہ خود صحیح طور پر اندر باہر سے صورتاً و سیرتاً مسلمان بنے۔ اسوۂ حسنہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس کی ہر نقل و حرکت سے نمایاں ہو (حدیث) بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ کَانَ آیَۃً۔ فرمان نبی کا جذبہ لے کر میدان عمل میں نکلے اور موجودہ مسلمانوں کو اپنی مثل محمدی مسلمان بنائے۔ جو اس وقت اسلام۔ اسلامی رسوم و قوانین اور اسلامی طرزِ زندگی سے (اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَام) یعنی خود خداوند کریم سے اتنے ہی دور ہیں۔ جتنے ان کے آقا ولی نعمت فرنگستانی اور دیگر کفار۔ فرق فقط یہ ہے کہ ان کی زبان پر کلمہ (شہادت توحید و رسالت) شریف ہے۔ اور وہ اس سے محروم ہیں۔ ورنہ اعتقادیات۔ اعمال۔ رسوم اور فیشن وغیرہ میں ان کی مثل بلکہ ان کی

صحیح نقل ہیں۔ اگر ان انگریزی اور یورپ زدہ مسلمانوں پہ ان کی اسی ہیئت کذائی قانون شرعی ڈنڈے کے زور سے نافذ کرنے کے متمنی ہیں یعنی چاہتے ہیں کہ آپ کا گورنر جنرل WHO IS VICEROY OF THE KING OF ENGLAND جو انگریزوں کی منظوری کے بغیر مقرر ہی نہیں ہو سکتا۔ اس عہد کے لیے شاہِ انگلینڈ کا محتاج ہے۔ رات کو ایک آرڈی نلس نفاذ قانون شرلیعہ کا جاری کر دے تو اول تو ایسا کر ہی نہیں سکتا۔ یہ بات اس کے اختیار سے باہر ہے۔ دوم حکومت ابھی تک انہی فرنگیوں کے ایما پہ یورپین جمہوریت کی شکل میں ہے اکثریت کی رائے کے خلاف کوئی قانون نافذ نہیں ہو سکتا اور موجودہ وقت میں اکثریت ان ہی لوگوں کی ہے جو بارسوخ ہیں اور یورپین تہذیب اور فیشن کے دلدادہ اور اسلامی طرزِ معاشرت سے نفور! آپ بھول لیں نہیں! مذہبی دین دار آدمی بہت اقلیت میں ہیں۔ اگر نہیں تو پھر آپ کیوں نہ کوشش کر کے نئے الیکشنوں میں دیندار آدمی ایم۔ این۔ اے بنا کر بھیجیں کہ کونسلوں میں ان کی اکثریت ہو جائے تو بیڑا پار ہو جائے لیکن آپ ایسا ہرگز نہیں کر سکتے۔ کیوں کہ موجودہ مذہبی جماعتوں میں بھی بہت کم ایسے دیندار مسلمان ہیں جو کونسلوں میں جا کر کوئی کام کر سکتے ہیں رسوم طوعاً و کرہاً کوئی ایسا حکم جاری بھی کر دیا جائے کہ کل سے پاکستان میں شرعی قانون پہ عمل درآمد کیا جائے گا۔ تو یہ قانون موجودہ حالات میں ناقابل عمل ہو گا۔ کیوں کہ موجودہ وقت میں فقط ۵ فیصدی نمازی اور ایک دو فیصدی شرعی قانون پر عمل کرتے والے ہیں۔ تو ساری کی ساری آبادی صبح دس بجے تک بجرم عدم حاضری نماز جیل میں ہو گی۔ اس کے بعد جو کچھ ہو سو ہو۔ باور نہیں تو مسجدوں میں جا کر دیکھ لیجیے۔ وہ لوگ سخت غلطی کر رہے ہیں، بلکہ ایک جرم عظیم کے مرتکب ہو رہے ہیں جو اسلام کے نام پر طرح طرح سے عام مسلمانوں کو حکومت پہ بدظن اور بدگمان کر رہے ہیں اور اس طرح ان کو حکومت کے خلاف اکسا رہے ہیں۔ گویا کہ وہ اسلام کے نام اور اس کی حمایت کے زعم میں حکومت سے

Marfat.com

خلاف ایک بغاوت تیار کر رہے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ خاکم بدہن۔ نہ پاکستان رہے گا نہ یہ مسلمان۔ ایسا کر کے ملک کو کھو کر وہ شرعی قانون کہاں نافذ کریں گے؟ یہ ہیں ہمارے سیاست دان علماء کرام! ان کو اتنا بھی نظر نہیں آتا کہ اس وقتِ نازک میں پاکستان کی پوزیشن کتنی نازک ہے۔

۱۔ اُدھر جموں و کشمیر کے الحاق کا معاملہ جس پر پاکستان کی زندگی کا انحصار ہے۔ کھٹائی میں پڑا ہوا ہے۔ بلکہ نہرو سب قسم کی بدعہدیاں کر کے جنگ کی دھمکیاں دے رہا ہے۔

۲۔ اِدھر جو بے ایمان منصف اور کمیشن بن کر آتا ہے۔ ہند و روپے (رشوت) کی نذر ہو جاتا ہے۔ اور پاکستان کے خلاف جا کر زہر اگلنا شروع کر دیتا ہے۔

۳۔ مشرقی پنجاب کے قتلِ عام کے نتائج بد کا کالا دیو ہمارے سر پہ ہے۔ مہاجرین ابھی تک اِدھر اُدھر بے خانماں بھٹک رہے ہیں سر چھپانے کو بھی ابھی تک جگہ نہیں پاسکے۔ اب حال کے دو سیلابوں نے حکومت کو اور بھی نڈھال اور بے جان کر دیا ہے۔ سلاسل رسل و رسائل کے بند ہونے کی وجہ سے کروڑوں روپے کی آمدنی بند ہو گئی ہے۔ مزید برآں ان سلسلوں کی بحالی اور مرمت وغیرہ پر اور سیلاب زدگان کی امداد کے لیے جن کے پاس نہ مال رہا نہ مویشی نہ کپڑا تن ڈھانکنے کو نہ اناج کھانے کو۔ فصل تباہ و برباد ہو گئی۔ آئندہ فصل کی بھی کوئی امید نظر نہیں آتی۔ رہائشی مکانوں کے سیلاب نے نشان بھی مٹا دیئے ہیں۔ بیکس و لاچار لقمۂ اجل ہوتے ہوئے مسلمانوں کو مدد کے لیے پکار رہے ہیں۔ لیکن مسلمان چپ ہیں گویا کہ ہیں ہی نہیں۔ اتنا روپیہ درکار ہے جتنے سے کئی پاکستان خریدے جا سکتے ہیں۔ ایسے حالات میں جو لوگ اسلام اسلام پکار کر مسلمانوں کو بغاوت پر آمادہ کر رہے ہیں وہ پاکستان کے سجن ہیں کہ دشمن؟ پاکستان بننے سے پہلے یہی لوگ پاکستان کی مخالفت کی ہر ممکن کوشش کرتے رہے۔ یہ سب مذہبی اور سیاسی جماعتیں آخر تک قائد اعظمؒ پر زہر اگلتے رہے۔ بے دین۔ کافر۔ مرتد۔ بے ایمان اور

کیا کچھ انہوں نے کہا۔ پاکستان کے قیام کو ناممکن بناتے رہے۔ یہ بن ہی نہیں سکتا۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا۔ پاکستان کی نہ ضرورت ہے نہ اس کے بننے کا امکان۔ دو قوموں کی تھیوری غلط ہے، ہندوستان ہمارا وطن ہے ملت وطن سے بنتی ہے۔ ہندوؤں سے مل جل کر رہنا اور ہندی (ہندو) کہلانا درست ہے وغیرہ وغیرہ۔

آج وہی لوگ اسلام کے نام پر اس کی تخریب کے درپے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہدایت دے اور ہم پر رحم کرے۔ آمین! قربان جائیے اس نفاذِ قانون قرآن کے مطالبہ کے! کیا آئین اسلام خدائی قانون نہیں۔ محبوبِ خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحکم الٰہی اسے دنیا میں رائج و نافذ کیا کہ نہیں؟ اگر قانون لانے والے سے معاذ اللہ اس وقت کچھ نہیں ہوسکا تو آج نافذ کرنے والا کون؟ اور اگر نافذ فرمایا تو مسلمانوں کو اس پر عمل کرنے سے کس نے روکا؟ معاملات کو تو جانے دیجیے۔ ان کا قانون تو غیر اسلامی قانون سے ٹکراتا ہے۔ عبادات کو لیجیے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، کلمہ شریف (ارکان اسلام) جو اسلام کی بنیاد ہیں۔ خلفاء راشدین سے لے کر آج تک کس حکومت نے ان کے خلاف حکم صادر کیا۔ کس بادشاہ نے کہا کہ نمازیں نہ پڑھو۔ روزے نہ رکھو۔ زکوٰۃ نہ دو۔ حج کو نہ جاؤ۔ اسلام کا بدترین دشمن انگریز سمجھا جاتا ہے۔ اس کی تعزیرات ہند میں بھی کوئی قانون ارکان اسلام کے امتناع پر موجود نہیں۔ چودہ صدیوں سے خدا ورسول کا نافذ کیا ہوا قانون قرآنی آج ۵ فیصدی مسلمان بھی اس پر عمل نہیں کر رہے۔ مسلمانوں کا یہ فعل کتنا مضحکہ خیز ہے کہ خدا ورسول سے نڈر اور بے خوف ہو کر اس کے جاری کردہ قانون کو تو جانتے نہیں اور لیاقت علی خان اور ناظم الدین سے اس کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ گویا ان کے ڈر اور خوف سے یہ لوگ اس پر عمل کریں گے۔ کیا یہی ان کی توحید ہے۔ کیا یہ صریح شرک نہیں؟ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ

يُحِبُّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ کی آیت پاک کا
وہ کیا مفہوم سمجھتے ہیں؟ سچ ہے جو لوگ خدا سے نہیں ڈرتے خدا ان پر
ان جیسوں کا ڈر مسلط کر دیتا ہے اور جو لوگ خدا سے ڈرتے اور خوشی سے اس
کے حکم پر چلتے ہیں۔ ان سے سب دنیا ڈرتی اور اس کی اطاعت کرتی ہے ؎

ترسد از وے جنّ و انسان ہر کہ دید — ہر کہ ترسید از حق و تقویٰ گزید

کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ — تو ہم گردن از حکم داور مپیچ

مسلمان سیدھا اور پُر امن راستہ چھوڑ کر الٹا اور تباہ کن راستہ اختیار کر رہے ہیں۔ جو ان کے اسلام۔ ایمان اور مسلمان ہونے کے بھی منافی ہے احکام عبادات پر عمل کرنے سے تو یقیناً ہمیں کوئی نہیں روکتا اور نہ کسی کی جرأت! اسلام اسلام پکارنے والے اسلام کے شیدائیوں کو ان پر تو خوشی خوشی عمل کرنا چاہیئے۔ باقی رہا احکام متعلقہ معاملات۔ اگر ہم آج قسم کھالیں: اپنے معاملات اور جھگڑے عدالتوں میں نہیں لے جائیں گے۔ اپنے گھروں میں مسجدوں میں شریعت کے مطابق طے کر لیا کریں گے تو ۶ ماہ و سال کے اندر اندر سارے ملک میں احکام اسلام جاری ہو جائیں گے۔ حکام اپنی عدالتوں کو بیکار بے رونق اور اجڑتی ہوئی دیکھ کر مجبور ہو جائیں گے کہ قانون شریعت پر عدالتوں میں عمل درآمد کیا جائے۔ عجیب معاملہ ہے جو لوگ احکام شریعت پر عمل نہیں کرتے۔ وہی ان کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہی چور وہی کوتوال! دنیا میں قدرت کا اٹل قانون MIGHT IS RIGHT جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ ابتدائے آفرینش سے کام کر رہا ہے۔ جدھر دیکھو انسانوں میں۔ حیوانوں میں۔ چرندوں۔ پرندوں۔ بری۔ بحری جانوروں میں حشرات الارض میں ہر جگہ یہی قانون جاری اور اسی پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔ جب اسلام اور احکام اسلام پر چلنے والوں کی اکثریت ہو جائے گی۔ تو حاکم اور حکومت وقت کو خود جھکنا پڑے گا۔ جو قانون اکثریت چاہے گی بنالے گی یا منوالے گی۔ مطالبات کرنے اور حکومت سے مسلمانوں کو بدظن

Marfat.com

کرنے کی انشاءاللہ نوبت ہی نہیں آئے گی۔ لیکن جب تک ایسے دیندار مسلمان اقلیت میں ہیں۔ کمزور ہیں۔ بے طاقت ہیں وہ کوئی مطالبہ نہیں منوا سکتے۔ اور نہ کوئی قانون اپنے حسب مرضی بنوا کر اکثریت پر ٹھونس سکتے ہیں۔ عنقریب پاکستان جمہوری سلطنت بن رہا ہے۔ انگریزوں سے تعلق قطع ہو رہا ہے۔ نئی الیکشنیں ہوں گی۔ مطالبات کرنے والے اعلیٰ تعلیمیافتہ دیندار اور متقی سیاست دانوں کو کونسلوں میں بھیجیں۔ اکثریت نہیں تو اگر کونسل میں آدھی سیٹیں بھی انہوں نے حاصل کر لیں تو پھر بھی ہم کامیاب ہوں گے۔ لیکن اگر ایسے ممبر وہاں آ بیٹھے ہیں نمک بھی نہ ہوتے تو پھر کس منہ سے مطالبہ نفاذِ احکام شرعیہ کیا جا سکتا ہے۔ اور ایسی حالت میں حکومت کے خلاف پروپیگنڈہ کرنا۔ مسلمانوں کو اسلام کے نام پر حکومت سے بدظنی کرنا اور مسلم حکومت کے برخلاف ابھارنا خودکشی کے مترادف ہے۔ اور خلافِ شریعت بھی ! اردو ترجمہ تجرید بخاری باب ۱۰۲ کتاب الفتن حدیث ۱۹۸۷ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص کو اپنے امیر کے ذریعہ تکلیف پہنچے تو اس کو مناسب ہے کہ صبر اختیار کرے۔ کیوں کہ جو شخص (مسلمان) بادشاہ کے حکم سے ایک بالشت بھی باہر ہو گا۔ اس کی موت جاہلیت کی سی ہوگی۔ دوسری روایت میں ہے کہ جو شخص اپنے حاکم سے کوئی ایسی بات محسوس کرے جو اس کو اچھی معلوم نہ ہو تو ان کو صبر کرنا مناسب ہے۔ کیوں کہ جو شخص جماعت (اکثریت) سے ایک بالشت دور ہو گا۔ اور اسی حالت میں مر گیا تو اس کی موت جاہلیت کی سی ہوگی۔

حدیث ۱۹۸۸۔ حضرت عبادہ بن صامتؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو بلایا اور ہم نے بیعت کی۔ آپؐ نے بیعت میں ہم سے جن باتوں پر عہد لیا۔ ان میں سے چند یہ بھی ہیں کہ ہم جن کام پر خوش ہوں یا ناراض یا ہم پر سختی ہو یا کشادگی ہر حالت میں ہم حاکم کی اطاعت کریں۔ حاکم اگرچہ ہم کو چھوڑ کر اپنے لیے بعض حقوق خاص کر لے۔

ہاں اس صورت میں کہ جب اس سے ظاہر کفر کی بات دیکھ لیں اور اس کے کفر پر کوئی دلیل قطعی ہو۔ (تو اطاعت سے انحراف جائز ہے) حدیث ۱۹۹۰ حضرت انس بن مالکؓ سے لوگوں نے حجاج کے ظلموں کی شکایت کی۔ فرمایا صبر کرو۔ کیونکہ تم پر جو زمانہ گذرے گا۔ وہ پہلے سے بدتر ہوگا۔ لہٰذا تم صبر ہی کی حالت میں خدا سے مل جاؤ۔ اور میں نے یہ بات (حدیث) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے۔

فقیر نے کسی اور جگہ ایک حدیث اس مضمون کی پڑھی ہے کہ اگر تم اپنے حاکم (مسلمان بادشاہ) سے کوئی مکروہ (منکر) چیز دیکھو تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا نہ چھوڑنا ورنہ تم میں نا اتفاقی بڑھ جائے گی اور تمہاری طاقت (حکومت) منتشر ہو جائے گی۔ فقیر نے دیدہ و دانستہ آپ کے سوالات کو ٹچ (TOUCH) نہیں کیا کہ خطوط ان کے جواب کے متحمل نہیں ہو سکتے فقیر نے کوشش کی ہے کہ ان سے اوپر اوپر رہ کر کچھ عرض کیا جائے۔ شاید کہ اگر طبع سلیم ہے تو تفہیم اور تدبر سے کام لیا جائے گا۔ اور غلط پروپیگنڈہ سے بچنے کی کوشش کی جائے گی۔ آپ کے سوالات اپنی جگہ صحیح اور درست ہیں۔ لیکن جو کچھ عرض کیا گیا ہے۔ تقاضائے وقت کے لحاظ سے بہی مناسب ہے۔ اگر آپ اپنی اسلامی تاریخ پر نظر غائر ڈالیں گے۔ اور خلافت راشدہ کے بعد مختلف خاندانوں کے جو مسلمان خلیفے۔ حاکم اور بادشاہ آج تک ہوتے رہے ہیں۔ ان کی نظام سلطنت و سیاسی معاملات کے حالات اور واقعات پر گہری نظر ڈالیں گے تو ان شاء اللہ العزیز فقیر کے لکھے کی تصدیق ہو جائے گی۔ پھر یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ سب سے پہلے سلطنت و حکومت جس میں قانون الٰہی کا اجراء ہوا وہ وہ تھی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قائم فرمائی تھی۔ وہ کس طرح قائم ہوئی۔

آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبلغ اعظم۔ گریٹ ریفارمر سیدالانبیاء و اولیاء (یعنی ایک مذہبی اور روحانی رہنما اور پیشوا) مانتے

ہیں یا جابر اور قہار بادشاہ ؟ یہ آخری دو سطریں سارے مضمون کا خلاصہ یا نچوڑ ہیں جس کا اس کے سوا کوئی اور مطلب نہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تبلیغی جدوجہد اور صحبت پاک کی برکت سے جوں جوں صحیح مسلمانوں کی تعداد بڑھتی گئی ۔ وہ ایک طاقت بنتی گئی جس نے بالآخر سب طاغوتی طاقتوں کا خاتمہ کر دیا۔ آج بھی اسی نقشِ قدم پہ چلنے کی ضرورت ہے ۔ ہمیں چاہیئے اور مولا تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہمیں توفیق بخشے آمین کہ ہم تمام غیر اسلامی فیشن ۔ تہذیب ۔ رسم ورواج اور قوانین چھوڑ کر اسوہ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صورتاً وسیرتاً (ظاہر اور باطن سے) اختیار کر کے لیعنی اپنے آپ کو اندر و باہر ظاہر اور باطن سے سچا (محمدی) مسلمان بنا کر میدان عمل میں آئیں اور اسلام سے دور ماندہ مسلمانوں کو پھر اسی اسوہ حسنہ کے اختیار کرنے پر مجبور کر دیں جس اسوہ حسنہ کو مولا تعالیٰ نے ساری دنیا کے سامنے بطور بہترین ۔ خوب ترین ۔ کامل ترین ۔ محبوب ترین ۔ اور مقبول ترین نمونہ کے پیش فرمایا ہے ۔ اس طرح جب ہماری تعداد بڑھتی جائے گی ۔ سنت الٰہیہ کے مطابق طاقت بنتی جائے گی ۔ اور بفضلہ وبکرمہ تعالیٰ دنیا ہمارے قدموں میں ہو گی ۔ آمین واللہ اعلم بالصواب۔

مکتوب نمبر ۶۱

توکّل علی اللہ

بنام شیخ محمد نصیب صاحب راولپنڈی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ طالب خیریت بخیریت ۔ بڑی انتظار کے بعد آج خط ملا ۔ الحمد للہ کہ خیریت کی خبر آئی ۔ اگرچہ خط پریشانیوں سے پُر ہے ۔ حالات ہر حالت میں اور جلدی جلدی لکھتے رہنا چاہیئے اور جیسے بھی حالات ہوں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ۔ محض اس لیے کہ جو

کام کیا جاتا ہے

ایمانداری اور نیک نیتی سے کیا جاتا ہے۔

ملک و ملت کی بہتری کے لیے کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے توکل و بھروسہ پہ کیا جاتا ہے۔ دوسری طرف سے جو کچھ بھی کیا جاتا ہے وہ اس کا خمیازہ بدیر یا بزود خود اٹھالیں گے۔ ہمیں ہر حالت میں بایں حسن نیت بہتری کی ہی امید و توقع ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہو گا اور نہ کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ حسب اللہ تعالیٰ کے قبضے میں سب کے دل ہیں وہ جدھر چاہے موڑ سکتا ہے۔ اس کی مرضی اذن حکم و اجازت کے بغیر کوئی کچھ نہیں کر سکتا تو ہمیں اس قادر مطلق مولا تعالیٰ کی بارگاہ میں سربسجود ہو کر اپنی عاجزی بے کسی اور بے گناہی کا اعتراف کرتے رہنا اور اس کے ہر کام ہدایت (سیدھی راہ) پہ رہنے اور پورے طور سے مدد کرنے کی درخواست کرتے رہنا چاہیئے۔ اور اس طرح اپنے آپ کو اور اپنے سب معاملات کو اس کے سپرد کر کے پریشانیوں سے نجات حاصل کرنی چاہیئے۔ آزمائش کا وقت حوصلے، صبر اور توکل علی اللہ سے ہی اچھی طرح کٹ سکتا ہے ؎

از خدا داں خلافِ دشمن و دوست

کہ دل ہر دو در تصرف اوست

خدا تعالیٰ آپ کے دل، نیت اور کام کو دیکھ رہا ہے۔ لَیْسَ اللّٰہُ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ہ خود اس کا فرمان پاک ہے ہم خدا کے ہو رہیں اس کو ہر طرح سے خوش رکھیں۔ بفضلہ تعالےٰ دیکھ رہے ہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا رب راضی سب راضی۔ رب مہربان سب مہربان۔ لغزشوں اور کوتاہیوں کی معافی کے لیے استغفار کی تسبیحات رقت قلب سے پڑھتے رہنا چاہیئے۔ ہر نماز کے بعد اور گھر سے ادھر ادھر نکلتے وقت آیت الکرسی۔ قل اعوذ برب الفلق۔ قل اعوذ برب الناس تین تین بار پڑھ کر اپنے آپ پہ دم کر لینا

Marfat.com

اور بسم اللہ و توکلتُ علی اللہ کہہ کر قدم باہر رکھنا چاہیئے۔ ہر نماز کے بعد حدیث شریف والی دُعا، حضورِ قلب سے تین بار مانگتے رہیں اور اپنے وظائف و اسباق کی پابندی سے محافظت کرتے رہیں۔ اپنے آپ کو ہر وقت اللہ تعالیٰ کے حضور میں تصور کریں۔ اور شیر بن کر رہیں پریشان وہ ہوں اور ڈریں۔ جو خدا سے غافل اور دُور ہیں ہم بفضلہ تعالےٰ اس کے زیر سایہ (حق تعالیٰ) رہ کر غیر حق سے کیوں ڈریں اور پریشان ہوں۔ اَللّٰھُمَّ احْفِظْنَا مِنْ کُلِّ بَلَاءِ الدنیا و عذاب الاخرۃ

بحرمتِ خیرِ خلقہٖ محمد و آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین۔ آمین

فقیر بھی بفضلہ تعالیٰ دُعا سے غافل نہیں کہ از گدا جُز دعا نباید ہیچ حاضرین مجلس پرسانِ حال و یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم بصد شوق ملاقات۔ گھر سے گھر میں سلام بچوں کو دُعا و پیار۔ فی امان اللہ۔

مکتوب نمبر ۶۲

طالبِ مولا

بنام شیخ سعید احمد صاحب، لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت۔ بخیریت۔ لفافہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ یاد آوری کا شکریہ! اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ اپنی وہ محبت عطا فرمائے کہ جس کے سبب اس کے غیر کی محبت و گرفتاری سے رہائی حاصل ہو۔ آمین اور اپنے فضل و کرم سے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے آپ کی دلی مُراد پوری کرے۔ آمین!

مدت ہو گئی ہے کہ آپ ہمیشہ سستی اور کاہلی پر نادم ہو کر معافی کو اس کا علاج سمجھ کر بے فکر ہو جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں وہ سستی کیسے دُور ہو سکتی ہے؟ اگر آپ کے افسروں کے ساتھ کام کرنے والے کلرکوں اور دنیاوی

Marfat.com

کاروبار کرنے والے احباب اور متعلقین کا آپ کی نسبت یہی فتویٰ ہے کہ آپ کاہل و سُست ہیں تو پھر آپ کا نادم ہونا اور معافی چاہنا گو نہ صحیح کہا جا سکتا ہے۔ لیکن معاف ہوتے رہنے سے سستی دُور نہیں ہو سکتی۔ لیکن اگر کوئی بھی آپ کو کاہل اور سُست نہیں سمجھتا۔ تو پھر جو سستی آپ کی زندگی میں موجود ہی نہیں۔ وہ خط و کتابت کے سلسلے میں کہاں سے آگئی۔ ویسے بھی اشد ضروری اور اہم کاموں میں جن پر کامیاب زندگی اور کامیاب کیریئر CAREER کا دار و مدار ہو سستی کیسے دخل دے سکتی ہے۔ حقیقت میں یہ سستی اور کاہلی نہیں بلکہ ایک قسم کی لاپرواہی ہے جو کسی چیز کی عدم طلب اور عدم ضرورت سے پیدا ہوتی ہے۔ ورنہ اگر معلوم اور یقین ہو کر فی خط پانچ روپے یا اتنی مالیت یا قدر و وقعت کی کوئی چیز مل جائے گی۔ تو پھر کبھی سستی اور کاہلی ہو گی نہ اس کا عذر سستی و کاہلی اور معافی دفع الوقتی کے الفاظ ہیں۔ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ اس مرض سے نجات بخشے۔ آمین۔ ہر کام اور ہر حاجت کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا اور دُعائیں مانگنا درست اور صحیح ہے لیکن "طلب اور تڑپ بھی علاوہ اور حاجات کے طلب کرتا ہوں۔ خدا جانے کیا دیر ہے؟" یہ تو آپ کے خیال میں بھی کبھی نہ آیا ہو گا۔ کہ متضاد چیزوں کی درخواست کرکے" خدا جانے کیا دیر ہے" تو لکھنا ہی پڑے گا۔ بلکہ دیر کے ساتھ اندھیر بھی لکھ دیا جائے تو کیا عجب ہے ؎

ہم خدا خواہی و ہم دُنیائے دوں
ایں خیال است و محال است و جنوں

عزیزم معزالدین کی طرف جو خط کل لکھا گیا ہے۔ اس کو غور سے پڑھیں ممکن ہے کہ یہ مشکل بھی حل ہو جائے۔ آمین۔ آیہ کریمہ رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنیَا حَسَنَۃً وَّفِی الآخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ سے آپ کو مدت سے یہ غلط فہمی (ٹپلا) ہو رہی ہے

آیت کریمہ میں حسنہ کے معنی کیا ہیں - اور پھر تفسیروں میں فی الدنیا حسنہ کے کیا معنی اور مطلب دیا ہے - اور فی الآخرۃ حسنہ کا کیا مفہوم ہے۔ کسی اچھے باخبر صوفی مولوی صاحب سے پوچھیں اور پھر فقیر کو بھی لکھیں کہ کیا بتایا ہے۔ شعر مذکورہ کا مطلب تو صاف ہے کہ تو خدا کو بھی چاہتا ہے اور دنیائے دوں (دولت - مال - جاہ و حشم) خدا سے دور لے جانے والی کمینی دنیا کو بھی چاہتا ہے۔ نور بھی چاہتا ہے۔ ظلمت بھی چاہتا ہے - چاننا بھی مانگتا ہے - اندھیرا بھی مانگتا ہے۔ فرماتے ہیں یہ اجتماع ضدین ہے۔ دو ضدیں جمع نہیں ہو سکتیں - یہ ناممکن ہے۔ دیوانہ پن ہے۔ اور صرف خیال ہی خیال ہے۔ حقیقت نہیں ہے۔ تین قسم کے لوگ پائے جاتے ہیں۔

۱۔ طالبِ دنیا
۲۔ طالبِ عقبیٰ
۳۔ طالبِ مولا

تصوف کی اصطلاح میں طالبِ دنیا کو مؤنث - طالبِ عقبیٰ کو مخنث اور طالبِ مولا کو مذکر لکھا گیا ہے۔ جس راہِ سلوک میں ہمیں چلنے کا فخر حاصل ہوا ہے وہ طالبانِ مولا سے تعلق رکھتا ہے - دو تین شعر لکھ کر اس بحث کو صحبت پر ملتوی کیا جاتا ہے۔ خدا سے ہمیشہ خدا کو ہی مانگو۔ اس کی برکت اور تصدق میں وہ اپنے ساتھ ہی اپنی نعمتیں بھی لاویں یعنی عطا فرماویں تو الحمد للہ ورنہ ؎

جنت مجھے حرام اگر تو وہاں نہ ہو
کون منظور کر سکتا ہے سوائے مخنث کے

؎ حُبِّ حق ہو دل میں یا حُبِّ پسر
جمع ان دونوں کو تو ہر گز نہ کر

؎ ز سودائے جہاں بگذر اگر سودائے ما داری
ہوائے خویشتن بگذار اگر با ما ہوا داری

Marfat.com

ے رہ روانِ عشق را با دولتِ دنیا چہ کار
پاک می دارند ایناں راہ را از ننگ و خار

پرسان حال و یاران طریقت کی خدمت میں السلام علیکم۔ گھر میں سلام مسنون بچوں کو دعا پیار۔

مکتوب نمبر ۶۳

اسوۂ حسنہ

بنام سردار نعیم اللہ خاں صاحب قصور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت۔ بخیریت۔ والا نامہ شرف صدور لاکر کاشف حال ہوا ت رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت والا معاملہ معلوم ہوا۔ الحمدللہ آپ کو اب آرام ہے۔ بے شک دو چار دن سخت گرمی رہی۔ ابھی شروع اساڑھ سے ہوا خنک ہو گئی ہے۔ الحمدللہ علی ذالک۔ ان گرمی کے دنوں میں بھی گو آپ کے رشک جنت دفتر کی طرح یہاں آسائش میسر نہیں تھی تاہم مسجد کے ایک معمولی نہ خانہ میں چلے جانے سے باہر کی تپش معلوم نہیں ہوتی اور بھوک و پیاس کا الحمدللہ کہ احساس تک نہیں ہوتا۔ رمضان شریف کی برکات نے اپنا پورا اثر دکھایا۔ فقیر کا معمول افطاری کے وقت یہ ہے کہ تین دانہ کھجور سے افطار کرتا ہے۔ اس کے ساتھ مسجد کا معمولی سادہ پانی جو برف کی طرح ٹھنڈا ہے۔ پاؤ بھر کے قریب پی لیتا ہے۔ پھر نماز پڑھ کر گھر جا کر بقدر دو پیالی چائے برف سے ٹھنڈی کر کے پیتا ہے۔ اور اس کے بعد کھانا ماحضر جو غربا و فقراء کی خوراک ہے کھاتا اور اس کے ساتھ برف والا ٹھنڈا پانی ایک ڈاڑھ سیر گلاس پی لیتا ہے اور تراویح کی نماز کو جاتے سے قبل پھر دو پیالی چائے برف سے ٹھنڈی کردہ پی لیتا ہے۔ الحمدللہ کہ نہ غیر معمولی پیاس

لگتی ہے اور اس کے فضل و کرم سے نہ کسی قسم کی تکلیف ہی ہوتی ہے۔
سحری کو اپنی پوری خوراک میسرہ کھا لیتا ہے اور دہی کی لسی جو ساتھ میسّر
ہو گئی گلاس ڈیڑھ پی لیتا ہے۔ پھر سارا دن بھوک معلوم ہوتی ہے۔ نہ
پیاس اور یہ خاص فیضان رمضان شریف کا اہلِ عقیدت کو نصیب ہے
الحمدللہ! فقیر چار دن آپ کی خدمت میں پھڑا رہا، آپ کی محبت و خلوص
اور خدمت میں جو آپ ایسے رؤسا و اہلِ کرم کا شیوہ ہے کوئی کمی
نہ تھی۔ الحمدللہ اللہ آپ کو اس کی جزائے خیر دے۔ آمین اس کا شکریہ!
لیکن جب کبھی آپ کے چہرہ پر نظر پڑتی تھی جو باطن کا انڈکس سمجھا جاتا ہے
تو دل ہی دل میں شرمندہ ہو کر رہ جاتا تھا اور اس روحانی کوفت میں خیال
آتا کہ کہیں یہ پہلی آخری ملاقات ہی نہ ثابت ہو۔ دنیا داری اور
اہلِ دنیا کو خوش کرنے کے لیے خدا تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے احکام بے باکانہ چھوڑے جا سکتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی خوشنودی اور رضامندی کے لیے دنیا اور اہل دنیا کے
عیش پرست خواہشات کو چھوڑنا موت کے مترادف سمجھا جاتا ہے۔ اے
کاش کوئی آ کر سمجھائے کہ یہ کونسا اسلام اور ایمان ہے کہ رحمانی مطالبات
سے نفرت و حقارت اور شیطانی حرکات سے الفت و محبت! وہ باطن اور
قلب کیسے اچھا سمجھا جا سکتا ہے جس کی ڈیوڑھی اور دروازہ کے سائن بورڈ کا
یہ حال ہو کہ محمدی بنا ہونے کی بجائے فرنگی بنا ہو۔ اگر فقیر کسی غریب محمدی مسلمان
کے گھر مہمان ہوتا اور وہاں آپ ملاقات کو آتے جاتے تو شاید اتنی کوفت روحانی
نہ ہوتی۔ اللہ تعالیٰ ظاہر و باطن یکساں اچھا کرے تاکہ سلسلہ ملاقات قائم رہے۔
آمین ورنہ اچھل: درخت کو کون اپنے باغ میں لگاتا اور اس پر اس کی بالیدگی
و نشو و نما پر کون اتنی سر دردی کرتا ہے؟

پرسان حال۔ یاران طریقت و حاضرینِ مجلس کی خدمت میں السلام علیکم
گھر میں سلام مسنون بچوں کو پیار و دعا۔

مکتوب نمبر ۶۴

خواہشات

عزیزم مخلصم و محترم شیخ محمد نصیب صاحب زاد محبتکم حفظکم اللہ تعالیٰ
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ طالب خیریت بخیریت۔ آپ کے پہلے گرامی نامہ کا جواب کل مفصل عرض کیا گیا۔ خدا کرے کہ ایمان افروز ثابت ہو۔ (آمین) پچھلے دونوں گرامی نامے آج موصول ہوئے ان کی رسیدگی کی اطلاع کے لیے یہ عریضہ لکھا جا رہا ہے۔ اب تو اس کے سوا کوئی دعا نہیں کہ جو سلسلہ آپ نے شروع کیا ہے اس میں خیر و بہتری ہو۔ اور مولا کریم و رحیم اپنے فضل و کرم سے وہ بات کرے جس سے آپ مطمئن ہو جائیں۔ یعنی آپ کی مشکلات آسان فرمائے اور پریشانی دور فرمائے۔ (آمین) فقیر کو اس بات سے ڈر آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ایسی چیز کی طلب خواہش اور دعا کی جائے جو اس قادر مطلق غفور الرحیم کی مرضی و منشا کے خلاف ہو۔ وہ ہماری حسب خواہش پوری نہ ہوں۔ کیوں کہ اس کا انجام ہمارے لیے اچھا نہ ہو گا۔ اور یہی وجہ اس کی عدم قبولیت کی ہو گی۔ اور اس سے ہمارے ایمان کے خراب یا کمزور ہو جانے کا خدشہ ہو۔ کیوں کہ حدیث شریف میں ہے کہ انسان ناشکرا جھگڑالو واقع ہوا ہے۔ جب تک بندے کی مرضی کے موافق ہوتا رہے خوش ہوتا ہے جب ذرا اس کی مرضی یا خواہش کے برخلاف ہوا وہ خدا پر بھی ناراض ہونے لگتا ہے۔ اگرچہ عنداللہ اس میں اس کی بہتری ہی ہو۔ لیکن یہ ناواقفی کی وجہ سے بے صبر و مضطر ہو کر اپنے اعتقاد کو خراب کر لینا اور اس طرح معمولی دنیاوی خواہشات کے سبب اپنا نقصان (روحانی و دینی) کر لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہر قسم کے نقصان دنیا اور خرابی یقین و ایمان سے محفوظ رکھے اور جب کہ وہ اپنے بندوں سے پیار رکھتا ہے۔ اور ان کی بہتری چاہتا

Marfat.com

ہے۔ ہمارے لیے فلاح و بہبودی و بہتری کے سامان مہیا فرمائے۔ اور ہمیں اپنا تا قیامت شکر گزار بنائے۔ آمین ثم آمین

الحمدللہ کہ آپ بخیریت اس جگہ پہنچ گئے۔ جہاں مولا کریم آپ کو لے جانا چاہتے تھے اور یہاں اس کے فضل و کرم سے آپ کے لیے بہتری ہی بہتری ہوگی۔ بشرطیکہ آپ اپنی تجاویز سے باز رہے۔ البتہ جو بات توکل علی اللہ اس کی رضا مندی و خوشنودی کے لیے نیک نیتی سے کی جاتی ہے۔ وہ اگرچہ کہ ہماری ہی تجویز ہو بکرم و فضل تعالیٰ ہمیشہ پوری ہوتی ہے اور مفید پڑتی ہے۔ اپنی ڈیوٹی بھی اپنے آقا و مولا تعالیٰ کے دکھانے کو کرنا کسی غیر حق سے داد نہ چاہنا۔ کسی سے محبت کرنا تو اسی محبوب محباں و خالق دکل شئی) کون و مکان کے لیے اور کسی سے محبت نہ کرنا تو بھی اسی کے لیے کسی سے عداوت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے

کفر است در طریقت ماکینہ داشتن
آئین ما است سینہ چوں آئینہ داشتن

ہر خوشگوار بات پر اسی کی تعریف کرنا و شکر کے گیت گانا اور ہر ناخوشگوار حال میں اس کی پناہ لینا اس پر بھروسہ کرنا۔ اپنے آپ کو اس کی بہترین مخلوق اور اس کی مخلوق کا ادنیٰ غلام سمجھنا۔ مولا کریم ہمیں ایسا ہونے اور ایسا بننے کی توفیق بخشے۔ آمین۔ آپ کے درجات ظاہر و باطنی میں روزافزوں ترقی نصیب فرمائے۔ آمین۔ بہر جا بکہ باش با خدا باش پر عمل پیرا رہنا مومن کی شان ہے۔ فقیر کے عریضہ جات و معروضات گاہے بگاہے بار بار دیکھتے رہا کریں تاکہ صحبت و معیت کی برکات دوری یا مجبوری میں بھی فرما لیں۔ آمین، اپنی خیر و عافیت سے جلدی جلدی اطلاع بخشتے رہیں تاکہ تسلی رہے۔ آپ کو اسلام کا ادنیٰ خادم سمجھتے ہوئے مبلغانہ زندگی بسر کرنی چاہیئے اس ضمن میں اس کا رحم و کرم زیادہ سے زیادہ ہوتا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حاضرین مجلس کی خدمت میں السلام علیکم۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۶۵

نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم

بنام جناب محمد رشید صاحب، راولپنڈی

یادم نمی کنی و زیادم نمی روی
عمرت دراز باد فراموشگان من

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ معلوم ہوتا ہے کہ کراچی کی سیر وسیاحت آپ کو مفید نہیں پڑی بلکہ نقصان دہ ثابت ہوئی۔ کاش آپ چھٹی نہ جاتے اور اس رجعت قہقری سے بچ جاتے۔ بعض لوگ عقل کے دشمن بلکہ جان وایمان کے دشمن یہ سمجھتے ہیں کہ یہ دُنیا عیش وعشرت کرتے اور مزے اڑانے کی جگہ ہے۔ اس لیے وہ بہتر صورت نفع ہو یا نقصان۔ جان جائے یا ایمان بغیر سوچے سمجھے باوجود خیرخواہ احباب کے سمجھانے کے بھی ایسا کرنے سے باز نہیں آتے۔ انہیں ہوش اس وقت آتا ہے جب وہ کسی طرف کے نہیں رہتے۔ کفِ افسوس ملتے اور کہتے پھرتے ہیں

گئے دونوں جہاں کے کام سے ہم
نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے
نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم
نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے

یہ عارضی تعیش زندگی میں ہی ان کے لیے سوہانِ روح ہو جاتا ہے اور اگر بدقسمتی سے دُنیا میں شامتِ اعمال سے بچ رہے اور سارا بوجھ عاقبت پر ہی جا پڑا تو خدا کی پناہ کفار کے ساتھ ہی اس گھر کی ہوا کھانی پڑے گی جس کی ہولناکیوں اور عقوبت وعذاب النار سے قرآن مجید میں بار بار ڈرایا گیا ہے۔ لیکن تعجب تو آپ ایسے سچے مومن مسلمان اور لکھے پڑھے فہمیدہ انسان پر ہے کہ وہ عقل سلیم وہوش وحواس رکھتے ہوئے بھی

Marfat.com

اپنا نفع و نقصان نہ سوچے۔ اللہ جل شانہٗ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور ہدایات پہ کان نہ دھرے اور جو نعمت خدا تعالیٰ نے اپنے بندے کے ذریعے عطا فرمائی ہو۔ اس کی قدر نہ کرے بلکہ کفرانِ نعمت کر کے بنا بنایا کام بگاڑنے کی کوشش کرے۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ قرآنی ہدایات پر عمل کرے اور طاغوتی اور شیطانی حرکات سے بچے پ۲ ع ۹۔

یا ایھا الذین آمنوا ادخلوا فی السلم کافۃً ولا تتبعوا خطوات الشیطٰن ط انہ لکم عدو مبین ۝

"ایمان والو۔ اسلام میں پورے پورے داخل ہو اور دفاسد خیالات میں پڑ کر، شیطان کے قدم بقدم نہ چلو۔ واقعی وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔"

فرمائیے جو شخص اپنے اعلانیہ دشمن کی چال میں آ کر اس کے کہے کے مطابق کرے۔ وہ اپنی عقل و جان اور ایمان کا دشمن ہے کہ نہیں؟ جس کسی پر شیطان یا جن چڑھا ہوا ہو تو وہ خود نہیں سمجھ سکتا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے یا کیا کر رہا ہے۔ جب جن اتارنے والے جن اتارتے ہیں تو اپنی بے ہوشی کا علم اور احساس ہوتا ہے۔ آپ خدا کے فضل و کرم سے دانا اور بینا اور اور خاص اہلِ علم مسلمان ہیں اور عقیدہ و ایمان بھی الحمدللہ صحیح رکھتے ہیں۔ آپ سے توقع نہیں کہ جان بوجھ کر ایک عارضی خطا اور لذت کے لیے جو خسران الدنیا والآخرۃ کا باعث ہو اپنا نقصان کر بیٹھیں اور اللہ تعالیٰ کی ظاہری و باطنی نعمتوں کو کھو دیں۔ بہرحال اتقو اللہ حقّا تقاتہٖ۔ اس سے ڈرنا چاہیے جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے۔ انوار الصوفیہ میں خشیتِ الٰہی کا مضمون بار بار پڑھنا چاہیے تاکہ ایمان تازہ ہو۔ فقیر کا آپ کے متعلق بہت بلند خیال ہے اور اگر آپ اس کو دور کرنے اور توڑنے کی کوشش بھی کریں تو انشاءاللہ نہیں ٹوٹے گا۔ فقرا کی محبت خدا کی نعمتوں میں ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ اس کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ کئی دن آپ کے خط کا انتظار کرنے کے بعد دلی محبت نے مجبور کیا۔ کہ کچھ لکھا جائے۔۔

Marfat.com

فضلِ عظیم

مکتوب نمبر ۶۴

بنام چوہدری محمد انور صاحب، گڑھی شاہو، لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ طالب خیریت بخیریت۔ گرامی نامہ عقیدت شمامہ شرف صدور لاکر کاشف حالات اور باعث تسلی ہوا۔ الحمدللہ کہ مولا کریم نے اپنے فضل وکرم سے آپ کو اس الجھن سے نکال کر تقویت ایمان کا شرف بخشا ثمہ الحمدللہ علیٰ ذالک! فقیر نے عزیزم شیخ معز الدین سلمہ اللہ کے خط کے جواب میں لکھا ہے جو آپ کے اس گرامی نامہ سے پہلے آیا تھا۔ اس میں بھی آپ کی شکایت خط نہ ملنے کی لکھی تھی۔ اب تو اس خط سے آپ کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ آپ کا گرامی نامہ ۵/۷ کو ملا اور ۷/۷ کو فقیر نے اس کا جواب دے دیا۔

فقیر ڈاک کے معاملہ میں بڑا محتاط ہے۔ جواب دینے میں انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کوتاہی نہیں کرتا فقیر کو آپ کے نوشتہ پر پورا اعتماد ہے۔ اور آپ کی ظاہری و باطنی ترقیوں کے لیے ہمیشہ بارگاہ ربّ العزت میں دست بدعا رہتا ہے۔ مولا کریم قبولیت کا شرف بخشیں تو زہے قسمت، امتحان کے لیے فقیر نے دعاؤں میں کبھی غفلت نہیں کی۔ اور اس کی بارگاہ معلیٰ سے کامیابی کی امید بھی کی تھی۔ لیکن سارے راز اس کے کون جان سکتا اور بتا سکتا ہے۔ فِعْلُ الْحَکِیْمِ لَا یَخْلُوْا عَنْ حِکْمَۃٍ اس کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ کریم حکیم مطلق بھی ہے۔ وہی جانتا ہے کہ دعاؤں کا اثر کس شے نے روکا۔ اور کیا وجہ ہوئی کہ شرف قبولیت سے سرفراز نہیں فرمایا گیا۔ بندہ باید کہ حد خود داند۔ اس پر روشنی ڈالنے کی جرأت نہیں ہو سکتی۔ وہ مالک ہے۔ جو چاہے کرے۔ البتہ اس قبولیت اور عدم قبولیت میں ہمارے اعمال کو بہت بڑا دخل ہے۔ وما

Marfat.com

اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ (القرآن)، جو کچھ از قسم مصیبت تم کو پہنچتا ہے۔ پس وہ تمہارے ہی ہاتھوں کی کمائی ہے۔ (تمہارے شامت اعمال کے باعث ہے) حالانکہ وہ (حق تعالیٰ) بہت سوں سے تو درگزر فرماتا رہتا ہے۔ اس آیت کریمہ میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جس مصیبت اور ناکامی کا ہمیں منہ دیکھنا پڑتا ہے۔ وہ کسی اہم بدعملی کا نتیجہ ہے۔ اور اس میں کسی کی سفارش یا دعا کو شرف قبولیت اس لیے نہیں بخشا جاتا کہ جس کے بدلہ میں ہی ہماری بہتری اس کے مدنظر ہوتی ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو ہمیں اپنے موازنہ کرنے اور پھر ان سے توبہ کرنے کی توفیق نہ ہوتی اور کسی بھی رحمت و نعمت کے ہم مستحق نہ سمجھے جاتے۔ یہ بھی یعنی ایسا کرنا بھی ہم پر اس کا فضل عظیم ہے۔ اور وہ جو فرمایا کہ بہت سوں سے درگذر فرماتے ہیں تو یہ بھی اس کا فضل عظیم ہے کہ ان بداعمالیوں اور سیاہ کاریوں میں ہماری دعاؤں اور سفارشوں کو شرف قبولیت بخش کر درگزر فرماتا ہے تاکہ اس کی رحمت، شفقت اور مغفرت کے شکریہ میں آئندہ ناپسندیدہ اعمال سے سچے دل سے توبہ کر کے ان سے باز آجائیں۔ اگر اس آیت شریفہ کے اس صحیح مفہوم کو ہم سمجھ جائیں تو اس کے فضل سے ہمارا معاملہ ہمیشہ کے لیے پاک اور صاف ہو جاتے۔ آمین یا رب الکریم۔ آمین!

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ آمین۔ حاضرین مجلس۔ پرسان حال و یاران طریقت کی خدمت میں السلام علیکم۔ بصد شوق ملاقات۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو دعا و سلام۔

للہیت کے ساتھ پیر بھائیوں کی زیارت بھی پیر کی زیارت مانی گئی ہے۔ اس لیے ذکر کے حلقوں میں حاضر ہونے کی تاکید فرمائی گئی ہے کہ یاروں کی صحبت میں حالت بحال رہے۔ آمین

Marfat.com

مکتوب نمبر ۶۷

عاشق پیر

ایک عاشق پیر کا خط اور اس کا جواب ماہنامہ
لمعات الصوفیہ کے شمارہ ماہ فروری ۱۹۵۰ء میں شائع ہوا۔

خط:۔ بندہ کا دل تو نہیں چاہتا تھا کہ حضور کی خدمت سے پہلے آؤں۔ مگر مجبوری بھائی صاحب کے ہمراہ ہی آنا پڑا۔ الحمد للہ کہ اس دوست نے بھی اپنے آپ کو حضور کی غلامی میں دے دیا۔ اور خوشی خوشی واپس گیا۔ کاش کہ مجھے بھی کوئی آج سے دس بارہ سال پہلے سمجھاتا تو بندہ شاید اتنا بوجھ گردن پر نہ اٹھاتا۔ مجھے اپنے خراب کئے ہوئے وقت کا بہت افسوس ہے۔ یہ اسی کی شانِ کریمی ہے کہ مجھ جیسے ناکارہ کو بھی اپنے حبیبؐ کا صدقہ سیدھے راستہ پر لے آیا ہے۔ اور حضور کی غلامی نصیب ہو گئی ہے۔ بندہ کی طبیعت بہت اداس ہے۔ دل گھبراتا ہے کہ مولا کریم خیریت سے کوئی انتظام فرماویں کہ بندہ حضور کی خدمت میں پہنچ جاوے۔ میرے لیے یہ سب جگہیں اُجڑے دیار کی مانند ہیں نہ مجھے تو انہی سہانی گلیوں میں مزہ آتا ہے جہاں حضور کے قدم مبارک لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ دل میں جو محبت بھری پڑی ہے۔ وہ صرف مولا کریم ہی جانتا ہے۔ باقی رہا رونا تو یہ ایک خاص رحمتِ الٰہی ہے۔ جس کے سہارے جی رہا ہوں۔ اور جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی۔ سچ تو یہ ہے کہ جب وہ محبت بھری نصیحتیں یاد آتی ہیں تو فوراً رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور سوائے رونے کے اور کوئی چارہ نہیں۔ لکھنے سے گھبراتا ضرور ہوں۔ مگر میں سوائے حضور کے اور کس کو اپنا حال بتاؤں مولا کریم تو دیکھ رہا ہے۔ کیا وہ اس آرزو کو بھی کبھی پورا کرے گا کہ جس وقت چاہوں حضور کے قدموں میں پہنچ جاؤں۔ اے اللہ مجھے اپنے پیر کا دیوانہ بنا دے۔ جہاں سے مجھے ہدایت نصیب ہوئی ہے۔ یہ سب تیرا

Marfat.com

ہی فضل و کرم ہے کہ تو نے اپنے حبیب اکرمؐ کا صدقہ میرے دن پھیر دیئے۔ اور مجھے گڑھے سے نکال کر ہدایت پر کر دیا۔ بندہ کے دو چار دوست ایسے ہیں کہ اگر حضور توجہ فرماویں تو شاید ہدایت پر آجائیں۔ امید ہے کہ آپ دُعا فرماویں گے۔ اور دعا فرماویں کہ مولا کریم ملنے کا کوئی انتظام فرماویں۔ خط تمام ہوا۔

جواب :۔ خط کسی تشریح کا محتاج نہیں اور نہ ہی اس قابل کہ لمعات الصوفیہ ایسے پاک اور متبرک رسالہ میں درج کیا جاوے۔ لیکن جس غرض کے لیے رسالہ میں درج کرنے کو بھیجا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس میں بعض باتیں قابلِ غور اور عبرت انگیز ہیں اور اس لائق ہیں کہ ان سے فائدہ حاصل کیا جائے مثلاً

ا۔ ایک دوست کو حضور کی خدمت میں لا کر داخل سلسلہ کرانے کا ذکر ہے اور یہ فعل محبت شیخ اور صداقت و عظمت سلسلہ پر دلالت کرتا ہے ہمیں بھی تو شیخ سے محبت کا دعویٰ ہے۔ ہم اس طریق پر کتنے آدمیوں کی ہدایت کا باعث ہوئے اور ہماری کوشش سے سلسلہ میں کتنے بھائی زیادہ ہوئے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رح نے اپنے ایک مکتوب میں جو اپنے ایک خلیفہ بزرگ میر محمد نعمان صاحب کی طرف صادر فرمایا ہے ان کے مریدوں کی زیادتی پر اس طرح اظہار مسرت کیا ہے۔ فرماتے ہیں "آپ کا مکتوب شریف جو خواجہ رحمی کے خدمت گار کے ہمراہ ارسال کیا تھا پہنچ کر نہایت ہی خوشی کا باعث ہوا اور چونکہ آپ کے مریدوں کے احوال مفصل طور پر درج تھے اس لیے خوشی پر خوشی حاصل ہوتی رکیوں کہ بھائیوں کے زیادہ ہونے میں اَکْثِرُوا اِخْوَانَکُمْ فِی الدِّیْنِ (حدیث) (اپنے دینی بھائیوں کو زیادہ بناؤ) کے بموجب بہت بہت امیدیں ہیں اور آیہ کریمہ : عَضُدَکَ بِاَخِیْکَ (تیرے بازو کو تیرے بھائی سے قوی کریں گے) بھی اسی مضمون کی مویدہے۔

۲۔ کاتب خط اپنی گذشتہ خراب کردہ عمر پہ بایں الفاظ افسوس کرتا ہے کہ مجھے آج سے دس بارہ سال پہلے کوئی سمجھاتا اور حضور کی غلامی میں داخل کراتا۔ تو ایک میں گناہ کرنے سے بچ جاتا۔ دوسرے حضور کے ہاتھ پہ توبہ کرنے سے ساری عمر کے گناہ کرنے سے بچ جاتا۔ دوسرے حضور کے ہاتھ پہ توبہ کرنے سے ساری عمر کے گناہ معاف ہو جاتے جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے: التائبُ عنِ الذنب کمن لا ذنب لہ (گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہی ہے۔ جیسا کہ گویا اس نے گناہ کیے ہی نہیں)

۳۔ جس راہ میں میں نے قدم رکھا ہے۔ اس کا اکثر حصہ بفضلِ تعالیٰ حضور کی توجہ کی برکت سے طے کر لیتا ہ

بے عنایات حق و خاصان حق

گر ملک باشد سیاہ ہستش ورق

باقی خط پر بہ حیثیت مجموعی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر فقرہ اور ہر سطر ذوق وشوق اور محبت واخلاص سے بھری پڑی ہے۔ اور یہ وہ نعمت ہے جو ہم میں سے بہت کم کو حاصل ہے۔ اگرچہ ہم سب کا دعویٰ ہے کہ ہمیں اپنے شیخ سے محبت ہے۔ لیکن اس خط کے پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ محبت کے لوازم اور آثار ہم میں مفقود ہیں۔ الا ماشاءاللہ۔ شیخ کی جدائی میں نہ ہم اداس ہوتے ہیں اور نہ بیقرار کہ دعائیں مانگیں کہ مولا کریم ہمیں جلدی شیخ کے حضور میں پہنچاتے اور جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا ہے۔ ہم میں بہت کم ہیں جو یہ آرزو رکھتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ مولا کریم ایسا کر دے کہ میں جب چاہوں حضور کے قدموں میں پہنچ جاؤں۔ کیا ہم میں سے کسی نے کبھی یہ خواہش اور التجا کی ہے کہ اے اللہ مجھے ان کا دیوانہ بنا دے۔ جنہوں نے مجھے تیرا راستہ دکھایا ہے۔ ناظرین یہ سب سمع خراشی اس لیے کی جا رہی ہے کہ ہم سوچیں اور غور کریں کہ کیا ہم میں یہ محبت کے آثار

اور لوازم محبت پائے جاتے ہیں۔ ؟ کیوں کہ اکثر مشائخ کا یہ قول ہے ؟

پہلے عشق پیر ہے بعدۂ عشق رسول
بعدۂ عشق خدا اس قاعدہ کو تو نہ بھول

چنانچہ مکتوبات حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رح سے اس مسئلہ کے متعلق چند عبارتیں نقل کی جاتی ہیں۔

۱۔ فقرار کی محبت اور اس گروہ سے توجہ رکھنا خدا تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے۔ حضرت حق تعالیٰ سے اس پر استقامت طلب کرتے رہیں۔

۲۔ فقرار کی محبت دنیا اور آخرت کی سعادت کا سرمایہ ہے۔ دو چیزوں کی محافظت ضروری ہے ایک صاحب شریعت صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت دوسرے شیخ مقتدار کی محبت اور اخلاص۔

۳۔ وصول الی اللہ کے لیے رابطہ سے زیادہ اقرب کوئی طریقہ نہیں۔

۴۔ رابطہ نسبت کے بغیر مطلوب حاصل ہونا مشکل ہے۔

۵۔ مکتوب ۸۷ دفتر دوم میں ہے :

" جب اللہ تعالیٰ کی عنایت سے یہ محبت یہاں تک غالب آجائے کہ دل سے دوسروں کی محبت اور تعلقات کو دور کرے۔ اور لوازم محبت یعنی محبوب کی اطاعت اور اس کی مراد پر قائم رہنا اور اس کے اخلاق اور اوصاف سے متعلق ہونا ظاہر ہو جائے۔ تو اس وقت محبوب میں فنا حاصل ہو جاتی ہے۔ جس کو فنا فی الشیخ کہتے ہیں۔ جو اس راہ میں پہلا زینہ ہے۔ یہی فنا فی الشیخ پھر فنا فی الرسول اور فنا فی اللہ کا وسیلہ بن جاتی ہے۔ جس پر بقا باللہ مرتب ہے۔ جو ولایت کا ماحصل ہے۔"

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس پاک و بزرگ اور شریف گروہ کی محبت نصیب کرے اور اس پر ثابت قدم رکھے۔ بحرمت اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین

Marfat.com

مکتوب نمبر ۶۸

صحبت

بنام سردار نعیم اللہ خاں صاحب قصوری

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ - طالب خیریت - بخیریت - محبت نامہ موصول ہو کر کاشف حال ہوا۔ آپ کی نیک دلی اور صاف گوئی کا تو فقیر پہلے دن (خط وکتابت کے شروع) سے ہی معترف ہے اور اب بھی اس خیال اور گمان میں کچھ کمی واقع نہیں ہوئی۔ الحمدللہ اور نہ ہی آپ ایسے سعادت مند روح سے تنقید کی توقع کی جاسکتی ہے۔ بات یہ ہے کہ دلی محبت نے جو آپ کے ساتھ آپ کی نیک دلی اور صاف گوئی کے سبب مولا تعالیٰ نے فقیر کے دل میں پیدا کر دی ہے۔ گوارا نہ کیا کہ جو نعمت الٰہی آپ کو آج معمولی سی جرأت اور ہمت سے بفضلہٖ حاصل ہو سکتی ہے۔ اس کا حصول برسوں پر جا پڑے۔ وہ بھی اس صورت میں کہ عمر اکتفا اور وفا کرے ورنہ (خاکم بدہن) رہ ہی جائے۔ یہ اسی خیر خواہی اور محبت کا صدقہ ہے کہ آپ کے ساتھ اس بیج پر خط وکتابت جاری ہے اور اتنی دماغ سوزی کی جاتی ہے ورنہ آجکل تنخواہ دار ایڈیٹر بھی اتنی محنت اور جانفشانی سے کام نہیں کرتے جو رکاوٹیں خیال کی گئی ہیں محض نفس غیر مہذب از تہذیب اسلامی کے عذر لنگ یا شرارتیں ہیں جو غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کے روز مرہ بارگاہ رب العزت میں وعدے کو ایفا کرنے کے لیے جلدی تیار نہیں یا محروم رکھنا چاہتا ہے۔ اسی حالت میں سامنے دیکھتے ہوئے فقیر کیسے خاموش رہ سکتا ہے۔ اور اپنے عزیزوں کے نقصان کو کیسے برداشت کر سکتا ہے۔ آیت کریمہ سے جو استدلال قلیل اور کثیر نفع سے کیا گیا ہے۔ خوش فہمی کے سوا کچھ نہیں۔ خط میں گنجائش نہیں۔ صحبت سے یہ باتیں تعلق رکھتی ہیں جس صحبت سے

یہ نفس شیطان حیلوں بہانوں سے دور دور رکھتا ہے۔ دنیا نقد مال ہے اور آخرت ادھار۔ اس لیے نقد کی طرف زیادہ رغبت ہوتی ہے۔ بہ نسبت ادھار کے کہ نفس ادھار کو موہومی جانتا ہے۔ اس لیے دنیا کی بھلائی پہلے مانگی گئی ہے کہ نو نقد نہ تیرہ ادھار۔ یہ امتحان کا پرچہ نہیں بلکہ منعم حقیقی انعام فرمانا چاہتے ہیں۔ حصولِ انعام کے لیے اپنے بندوں کے درخواست کے فارم تقسیم فرماتے ہیں۔ اور یہ اس فارم کی عبارت ہے۔ بندہ چونکہ دنیا میں موجود ہے۔ فوری ضرورت کو اہم جان کر پہلے اس کو مانگتا ہے۔ بلکہ دینے والے نے خود سکھایا ہے کہ جو چیز فوری ضرورت کی اور ہر لحاظ سے اہم ہے اس کو پہلے طلب کر کے پہلے حاصل کر لو۔ آسان اور مشکل۔ قلیل اور کثیر نفع اہم اور غیر اہم فرائض یہ بھی نفس کے بہلاوے ہیں کہ حقیقت سے دور لے جا رہا ہے جس کو غیر اہم بتا رہا ہے۔ وہ اہم سے اہم تر ہے کہ آپ کو کبھی صحبت میسر ہو تو اہم اور غیر اہم کا مسئلہ دریافت فرمانا۔ معلوم ہو جائے گا کہ اہم کون اور غیر اہم کیا! سب سے پہلے ظاہری شکل وصورت ہے۔ اگر وہ آپ کے دل بھا جائے۔ اور آنکھوں میں سما جائے تو پھر اندرونی خواص پہ نظر کی جائے گی۔ اگر ظاہر سے ہی کراہت پیدا ہو گئی تو اندر کون نظر کرے گا؟ اللّٰھم ارنا الحق حقاً والباطل باطلاً آمین اللہ سبحانہ تعالیٰ حقیقت کے سمجھنے اور نیک عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو پیار و دعا۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۶۹

اسلامی زندگی

بنام شیخ محمد نصیب صاحب راولپنڈی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ۔ طالب خیریت بخیریت ۔ خط ملا حال معلوم ہوا جو کچھ آپ نے لکھا ہے ۔ درست ہے جو لوگ راہ مولا کو اپنا نصب العین بنا لیتے ہیں ۔ انہیں اکثر غم کھانا پڑتا ہے ۔ رنج و غم سہنے پڑتے ہیں ۔ کیوں کہ وہ رنج سہتے ہیں مگر وہ رنج پہنچاتے نہیں ۔ ان کا مسلک مبارک ہوتا ہے مگر اہل اللہ چونکہ ان باتوں کے عادی ہو جاتے ہیں ان کو یہ رنج و غم محسوس نہیں ہوتے ۔ آپ کی نسبت چونکہ ایک ایسے مبارک و ذیشان سلسلے میں نصیب ہوئی ہے جو سب طریقوں میں اقرب الی اللہ طریقہ سمجھا جاتا ہے اس لیے آپ کو ایسا ہی دل و گردہ بنانا چاہیئے اور اس نسبت پر آپ کو ہمیشہ فخر صحیح ہونا چاہیئے جو آپ کو بہت جلدی ظاہری و باطنی مقامات عالیہ پر سرفرازی بفضلہ تعالیٰ بخشے گا ۔ اللّٰھُمَّ ربّنا آمین اعلیٰ حضرت اقدس امیر ملت حضرت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری مدظلہ العالی کی زیارت و قدم بوسی و خدمت مبارک ہو ۔ ایسے مبارک مواقع بڑی خوش قسمتی سے میسر آتے ہیں ۔ آپ جتنی کوشش اس راہ میں کریں گے ۔ خلوص قلبی اور محبت دلی سے اپنے آپ کو اس کے حوالے کر کے پھر اسی کے ہو رہیں گے ۔ اتنے ہی آپ کے تمام تر مشکل مسائل جلد از جلد حل ہوتے جائیں گے ۔ بفضلہ و بکرمہ تعالیٰ آج ہی عزیزم سلطان صاحب سلمہ کا خط آیا ہے ۔ پچھلی اتوار آیا تھا آپ کا سلام و دعا اسکی طرف سے نقل کر دیا ہے ۔ زیادہ کچھ نہیں لکھا ۔ وہ بھی اس طرح آپ کا غم کھاتا ہے ۔ جس طرح آپ اس کا غم کھاتے ہیں ۔ اس لیے فکر کی بات نہیں ۔ اللہ تعالیٰ حالات خوشگوار کرے آمین کہ جلد جلد ملاقات

نصیب ہونے کا موقعہ ملے آمین ۔ حاضرینِ مجلس ۔ پرسانِ حال و یارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم ۔ بصد شوقِ ملاقات اپنے ہر دو دونوں سے بیچک کہہ دیں کہ فقیر دعا سے غافل نہیں ۔ کچھ حرکت کرو ہاتھ پاؤں مارو ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح سے کامیابی نصیب ہوگی اور کوئی مشکل بفضلہٖ تعالیٰ مشکل نہیں رہے گی ۔

اُٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے
پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

فقیر تو آجکل یہی دُعا مانگ رہا ہے کہ مولا تعالیٰ اپنی رحمتِ واسعہ سے کام لے کر آپ کو یکے بعد دیگرے جلد از جلد دونوں ترقیاں نصیب فرماوے ۔ آمین ۔ ختم خواجگان سب گھر والے مل کر روزانہ شام کے بعد یا عشاء کے بعد پڑھ کر یہی فقیر والی دُعا مانگا کریں ۔ ہر کام توکلاً علی اللہ کریں ۔ اور اسی کے سپرد کر دیا کریں ۔ کسی سے اُلجھنے کی ضرورت نہیں ۔ اگر آپ اندرون خانہ اسلامی زندگی بسر کرنے کرانے میں کامیاب ہو گئے ۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کی پرواہ نہیں رہے گی ۔ ظاہری باطنی انعامِ الٰہی نصیب ہوگا ۔ آمین ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو خوش و خرم سلامتی ایمان و جان سے رکھے اور زیادہ سے زیادہ خوشی نصیب بنائے ۔ آمین ۔ فقیر کو آپ کے ہاں کوئی تکلیف نہیں ہوئی ۔ مگر یہ کہ آپ کو کھانا پینا بے وضو غافل اور بے نماز ہاتھوں سے ملتا ہے کس قدر دل تنگ رہا ۔ اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت دے اور وہ آپ کی قدر و قیمت جانیں ۔ اور آپ کی خدمت کا حق ادا کر کے سعادتِ دارین حاصل کریں ۔ آمین ثم آمین ۔

Marfat.com

مکتوب نمبر ۷۰

تسلیم و رضا

بنام ملک محمد سلطان صاحب راولپنڈی

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ' - طالب خیریت - بخیریت - محبت نامہ موصول ہو کر کاشفِ حالات ہوا۔ حق سبحانہ' و تعالیٰ زیادہ سے اور زیادہ نعمتیں فرمائے اور اعلیٰ مقامات (ظاہری و باطنی) پر پہنچائے - اپنا بنالے اور بنائے رکھے - اور اپنی ہی پناہ میں رکھے اور دین و ملت کا کام لے- آمین ثم آمین ! خدا کرے کہ دیگر سب یارانِ طریقت بھی اپنے حق میں اس دُعا کی قبولیت کی استعداد پیدا کرنے کا ذوق و شوق رکھیں - اور اس کی کوشش کریں - آمین - جن دنیاوی کاموں میں وہ مصروف ہیں (بشرطیکہ وہ کام عنداللہ جل شانہ' و عندالرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گناہ نہ ہوں) وہ کام کرتے رہیں کون روکتا ہے - لیکن وہ کام بھی تو ہمارے ہی کرنے کے ہیں - جو ان سے بھی زیادہ اہم ہیں - جن کا کرنا یہاں بھی ہمارے لیے وجہ عزت و افتخار ہے - اور آخرت میں بھی باعثِ نجات و صد وقار ! انسان کا ہوش سنبھالتے ہی سب سے پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اپنے خالق و مالک اور پروردگار کا عرفان اور اس کی جان پہچان حاصل کرے (اس غرض کے لیے اسے اسلام لانے (مسلمان بننے) کے بغیر چارہ نہیں) اور اگر وہ مسلمان ہے تو اس کا پہلا فرض تسلیم و رضا کے ساتھ خدا تعالیٰ کی فرمانبرداری (اطاعت و عبادت) ہے جس کی صحیح صورت اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم (فَاتَّبِعُونِی یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ (میری پیروی کرو- اللہ تمھیں دوست بنالے گا) اور آپ کے اسوۂ حسنہ (صورتاً و سیرۃً) کے اختیار کرنے میں بتائی گئی ہے - مبارک اور خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو شوق و محبت اور خلوص قلبی سے یہ کرتے ہیں - آرام اور

Marfat.com

اطمینان محسوس کرتے ہیں۔ دُنیاوی امُور میں بھی حصّہ لیتے ہیں لیکن باامر مجبوری وبکراہت۔ یہی لوگ سرفرازی کا) استحقاق رکھتے اور سرفراز فرمائے جاتے ہیں۔ اور سعادتِ دارین کا انعام پاتے ہیں۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْھُمْ (الٰہی ہمیں بھی ان میں کا بنا) آمین! نہایت ہی بدقسمت اور سیاہ بخت ہیں وہ لوگ جو آج پیر زال (بوڑھی عورت) دنیا کے دول (رکمینی دُنیا) کے حسُن ناپایئدار پر فریفتہ ہو کر اس کی جھوٹی لذّتوں اور فانی مزوں کا شکار ہوتے اور مستحق عذاب النار بنتے ہیں۔ وہ نار (آگ) جس کی شدت سوزش وحدّت تابش کی صفت وَقُوْدُ هَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ (اس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں) بیان کی گئی ہے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ (ہم اس آگ سے اللّٰہ کی پناہ مانگتے ہیں) اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ (الٰہی ہمیں ان لوگوں میں سے نہ بنا) آمین یارب الکریم آمین۔

جمعرات کو ختم خواجگان وحلقۂ ذکر کے بعد یہ خط سب یاروں کو سُنا دیا جائے۔ شاید کوئی سعید رُوح پک اپ (اختیار) کرے۔ اور اپنی دین ودُنیا سنوارنے کی فکر میں لگ جائے اور گوہر مقصود کو حاصل کر کے فقیر کو دُعائے خیر سے یاد کرے۔ آمین۔ حال پرسان ویارانِ طریقت کی خدمت میں السلام علیکم بصد شوق ملاقات۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچّوں کو پیار ودُعا۔

مکتوب نمبر ۱۷

رباعیاتِ نماز

بنام شیخ محمد نصیب صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت آپ کا ۱۰/۷ کا لکھا ہوا خط ۱۱/۷ کو کنجاہ موصول ہوا۔ فقیر غیر حاضر تھا۔ جمعہ کی خاطر ۱۳/۷ کو گھر آیا تو ملا۔ اب راستے کھلتے جا رہے ہیں۔ اس لیے امید ہے کہ جس جواب خط کے نہ ملنے کی آپ شکایت فرما رہے ہیں۔ وہ پہنچ گیا ہوگا اور باعثِ تسلّی ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس لیے کہ خاص محنت سے لکھا گیا ہے۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ آپ کو روز افزوں شوق و شغف خدمتِ اسلام کا عطا فرمائے۔ آمین۔ پڑھ کر دل خوش ہوا کہ آپ دن بدن اس طرف زیادہ متوجہ ہو رہے ہیں۔ اللّٰھُمَّ زِدفزِد۔ آمین۔ دفتر کی گڑبڑ اور ہ۔م۔ر کے معاملات کو حوالہ بخدا کریں اور اپنے کو بھی مکمل طور پر اس رحمٰن و رحیم غفور و کریم کی پناہ میں دے دیں۔ اور کسی پہ حملہ نہ کریں۔ جدھر دین کی طرف) آپ نے کام شروع کیا۔ اس کے توکل و بھروسہ پر اس کو ساتھ پوری کوشش سے کرتے رہیں۔ اور سوائے خوشنودی خدا تعالیٰ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کچھ مدِنظر نہ ہوتا کہ اس خلوص نیّت کی برکت سے آپ کی سب مشکلیں آسان اور پریشانیاں دُور ہو جائیں۔ ایمان کامل رکھیں۔ خدا تعالیٰ پر توکل و بھروسہ کرنے والا دُنیا سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور کوئی اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔ بُرے کام اور ظلم و ستم کرنے والا الٰہی گرفت سے کبھی بچ نہیں سکتا۔ بدیر یا بزود سزا پا کر رہے گا۔ احکم الحاکمین سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ سمیع و بصیر علیم و خبیر ہے۔ ڈرنا چاہیئے کہ ڈرنے کا مقام ہے۔ چند ایک رباعیاں نماز کے متعلق لکھی ہیں۔ انوار الصوفیہ اکتوبر میں شائع ہونے سے رہ

گئی ہیں۔ اس دوسری طرف آپ کو لکھی جاتی ہیں کہ ان سے کام لیں حاضرینِ مجلس، پرسانِ حال کی خدمت میں السلام علیکم۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو پیار و دعا۔

ثابت سو بار حکمِ قرآں ہیں — مومنوں کو ہوا نماز پڑھیں
سب سے پہلا سوال ہو اس کا — حشر کے دن بھری عدالت میں

ہر شے سے اک نشانِ ممتاز — اور ایمان کا نشان نماز
من ترک الصلوٰۃ فقد کفر — ہے رسولِ خدا کی یہ آواز

فرض پانچوں نمازیں ہیں اے جان — چھوڑو قصداً نہ تم ہو نادان
ترک جس نے کی نکلا ملت سے — ہے حبیبِ خدا کا یہ فرمان

دن قیامت کا جب بپا ہوگا — بے نمازوں کا حشر کیا ہوگا
درمیان کافر و مسلمان کے — فرق اس دن نماز کا ہوگا

دوزخیوں سے جب پوچھیں گے — تم کو ڈالا سقر میں کس شے نے
یہی بولیں گے وہ بصد حسرت — ہم نمازیں پڑھا نہ کرتے تھے (قرآن)

ہے نمازوں میں شرط پاکی کی — پاک ہوتے ہیں بس نمازی ہی
پاک ہی پاک کے ہیں روح و رواں — دور آفت ہوئے نمازی کی (پاکستان)

شرک سے یہی باز رکھتی ہے — اور گناہوں سے پاک کرتی ہے
دینِ ملت اسی سے ہیں قائم — کتنی خدمت نماز کرتی ہے

گر ہو مسلم ادا نماز کرو — سجدے حق کو بصد نیاز کرو
تارکِ سجدہ مثلِ شیطاں ہے — ترکِ سجدہ سے احتراز کرو

دفتروں، محفوظ جگہوں جہاں عام لوگوں کی نظر پڑے وہاں خوش خط لکھوا کر لگاؤ۔

مکتوب نمبر ۴۷

اتباع

(ماخوذ از ماہنامہ "انوار الصوفیہ" اگست ۱۹۵۴ء)

عزیزم محترم ——— حفظکم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت۔ گرامی نامہ موصول ہو کر کچھ مسرت بخش نہ ہو سکا۔ اس لیے کہ حرف حرف سے پریشانی کی بو آتی۔ اور لفظ لفظ سے اضطراب اور بے قراری کا لہو ٹپکتا نظر آیا۔ ہر ایک فقرہ اپنے اندر پورا پورا قلق اور دردِ دل رکھتا ہے۔ آپ کا خیر خواہ دعا گو خادم پڑھ رہا ہے۔ اور حیران ہے کہ کیا جواب لکھے جو آپ کی تسکینِ قلب کا باعث ہو۔ اور غبار اور کدورتوں کو دل سے صاف کرنے والا ہو۔ توکلاً علی اللہ معروض ہے کہ اگر فقیر کے خطوط جو اگرچہ بہت معمولی طور پر لکھے جاتے رہے ہیں۔ بار بار مطالعہ کیے جاتے تو ان گلوں شکووں تک بفضلہ تعالیٰ نوبت نہ آتی۔ فقیر کا شروع سے آپ کے ساتھ یہ مسلک رہا ہے اور اسی کی تاکید بھی بارہا کرتا رہا ہے۔ کہ ہر شخص جیسا کرتا ہے ویسا پا لیتا ہے اور جب قدرت ہم سے بہتر انتقام ہمارے اعدا سے لے سکتی ہے تو ہمیں یہ کام اسی خالق و مالک۔ قادرِ مطلق کے حوالے کرنا چاہیئے جس سے بہتر کوئی دوسرا معاملات کو سلجھا نہیں سکتا۔ ہمیں قانون اپنے ہاتھ نہیں لے کر خود اپنے

دشمنوں کے خلاف کوشش کرنے اور ان پر جارحانہ کاروائیاں کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ ہم ان کے خون سے خواہ مخواہ اپنے ہاتھ رنگین کیوں کریں قدرت کے انتقام سے وہ بچ نہیں سکتے۔ ہمیں فقط صبر و تقویٰ اور توکل علی اللہ سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ ہمارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا (بفضلہ تعالیٰ) بار ہا لکھا گیا ہے کہ ہمیں اسوۂ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صورتاً و سیرتاً اپنے سامنے "نصب العین" رکھنا چاہیئے تاکہ ہمارا کوئی قول و فعل ہماری کوئی نقل و حرکت اس کے خلاف نہ ہو سکے۔

اعلیحضرت امیر ملت حضرت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری نور اللہ مرقدہٗ فرمایا کرتے تھے کہ اے دوست تیرا دشمن تیرے ساتھ اگر برائی کرتا نہیں تھکتا تو تو نیکی کرتا ہوا اس کے ساتھ کیوں تھکتا ہے۔

سبحان اللہ! یہی وہ طریق کار اور لائحہ عمل تھا کہ جس نے عرب جیسے اجڈ۔ جاہل اور سرکش انسانوں کی تھوڑے ہی عرصے میں کایا پلٹ دی۔ اور جو مشرکین حضور کے خون کے پیاسے تھے۔ وہی ایمان لا کر آپ کے خون کے ضامن - محافظ اور پاسبان بن گئے۔ ہمیں حکم بھی ہے اور حضور کے اتباع میں ہمارے لیے محبوبیت الٰہی کا (فاتبعونی یحببکم اللہ) میں وعدہ بھی موجود ہے تو پھر ہم اس آزمودہ اور مجرب نسخہ کو استعمال میں لا کر کیوں نہ آزمائیں اور اپنے دین و دُنیا و آخرت کو کیوں نہ سنواریں۔ الٰہی ہمیں ایسا کرنے کی توفیق بخش۔ بحرمت خیر خلقہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آمین ثم آمین۔ پرسانِ حال کی خدمت میں السلام علیکم و شوقِ ملاقات۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو پیار و دعا۔

مکتوب نمبر ۷۳

درسِ بندگی

عزیزم مخلصم و محترم جناب انور صاحب نور اللہ قلبکم و حفظکم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ۔ طالب خیریت ۔ بخیریت ۔ گرامی نامہ فرحت شمامہ شرفِ صدور لا کر باعث مسرت و تسلی ہوا ۔ الحمد للہ کہ اللہ تعالیٰ نے عجز و نیاز و شکستگی کو شرف قبولیت بخشا ۔ مایوس کن حالات میں کامیابی عطا فرمائی رشتہ الحمد للہ ! پرچے اچھے تھے تو فیل پرچے خراب تھے تو پاس ۔ ہمیں درسِ بندگی دیا جا رہا ہے ۔ نیستی (عدم) سے ہستی میں لانے والی سرکار کا یہی دستور اور سنت جاریہ ہے ۔ مولا کریم اپنے فضل و کرم سے بدظنیوں اور خیالی لغزشوں سے بچائے ۔ اور اگلے سال نمایاں کامیابی عطا فرمائے ۔ آمین ! خدا کرے کہ ہم وہی کام کریں جن میں اس کی رضا ہو ۔ آمین ! اس کی رضا اور منشا کے خلاف چلنے کی ہمیں توفیق ہی نہ ملے ۔ آمین ! عزیزم محمد رفیق صاحب نے اپریشن کا بھی ذکر کیا تھا ۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کامل عطا فرمائے ۔ آمین ! تعویذ ارسال خدمت ہے ۔ حسب معمول بچے کے گلے میں ڈال دیں ۔ اللہ تعالیٰ اس کو نیک اور عمر دراز عطا کرے ۔ آمین ! یاران کنجاہ کے مشورہ سے انجمن خدام الصوفیہ کنجاہ کا پہلا تبلیغی جلسہ بتقریب سالانہ ختم شریف اعلیٰ حضرت امیر ملت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ کنجاہ میں بتاریخ ۲۶ دسمبر بروز ہفتہ منعقد ہوگا ۔ اشتہار عنقریب ارسال خدمت ہوں گے ۔ عزیزم شیخ معز الدین صاحب سے عرض کیا تھا کہ جو کچھ لاہور والے حضرات کریں ۔ سو کریں ۔ نعت خواں چونکہ ریل کے محکمہ میں بکثرت ہیں ان کو ضرور ساتھ لائیں ۔ اب اس میں ترمیم کی جاتی ہے کہ کوئی نعت خواں داڑھی منڈانے والا نہ ہو ۔ داڑھی والا ہو خواہ چھوٹی ہی ہو ۔ ہاں جس کے ابھی داڑھی نہ آئی ہو وہ ساتھ لے آئیں ۔ پھر یاد رہے کہ داڑھی منڈانے والا کوئی نعت خواں

Marfat.com

نہ لائیں ۔ ذیل کے حضرات اپنے نام کے مقابل مضمون تیار کر کے لائیں جو جلسہ میں بیان کرنا ہوگا ۔

ا۔ حافظ محمد ذکریا صاحب بی اے علمائے ربانی ۔
۲ ۔ چوہدری محمد انور صاحب بی اے ۔ صحبت صالحین
۳ ۔ محمد یوسف صاحب منشی فاضل ۔ توبہ
۴ ۔ مولوی ریاض الدین صاحب بی اے ۔ محبت شیخ
۵ ۔ غلام حیدر نعیم صاحب ۔ راہِ نجات
۶ ۔ غلام احمد اپل صاحب بی اے ۔ اسلامی زندگی ہی ذریعہ فلاح دارین ہے ۔

مہینہ بھر سے زیادہ ابھی مہلت ہے ۔ مضامین خوب دل لگا کر تیار کئے جائیں ۔ لکھے ہوئے لائیں ۔ آپ حضرات کے مضامین ، انوار الصوفیہ میں بھیجے جائیں گے تاکہ دیگر یاران طریقت بھی مستفیض ہو سکیں ۔ یہ عرلصنیہ حلقہ ذکر کے دن اپنی انجمن میں پیش کر دیں ۔ جلسہ میں تمام یاروں کو شامل ہونا چاہیئے ۔ اسی واسطے دسمبر کی چھٹیوں میں رکھا گیا ہے ۔ سب کو السلام علیکم گھر میں سلام مسنون ۔ بچوں کو پیار و دعا ۔

مکتوب نمبر ۷۴

عملِ پیہم

(ماخوذ از ماہنامہ انوار الصوفیہ مارچ ۱۹۵۳ء)

عزیزم مخلصم و محترم زاد محبتکم ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ طالب خیریت بخیریت ۔ گرامی نامہ محبت شمامہ شرف صدور لاکر کاشف حالات ہوا ۔ الحمد للہ کہ آپ لاہور میں

آکر مطمئن معلوم ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کراچی کے دُور دراز سفر سے آپ کو بچا لیا ہے۔ آپ کی لڑکی کی پیدائش اور فوری چند گھنٹوں میں فوتیدگی کا سن کر صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡن ۔ مولا کریم طریق کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آپ نے کبھی ذکر نہیں فرمایا۔ ممکن ہے عورتوں والی کوئی بیماری ہو (خون کے متعلق) اس کا ضرور خیال کر کے علاج کرنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سلامتی ایمان و جان و عزت و آبرو سے ہمیشہ خوش و خرم رکھے اور اپنی محبت میں جذب فرمائے۔ تاکہ کسی بھی دشمن کا آپ پہ غلبہ نہ ہو سکے۔ آمین۔

آپ نے لکھا ہے کہ مجھ پر شیطان حد درجہ حاوی ہے۔ مگر یا! شیطان ہر کسی کے ساتھ ہے بلکہ خون کی رگوں میں جاری و ساری بتایا گیا ہے اور یہ کسی سے بھی نہیں ٹلتا۔ ہر کسی کی حیثیت کے مطابق اسے گمراہ کرنا چاہتا ہے۔ اس سے بچنے کی ایک ہی صورت ہے اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ڈر و خوف ہر وقت دل میں موجزن رہے۔ موت سامنے نظر آتی ہو۔ مرنے کے بعد قیامت میں جواب دہی اعمال کا فکر دامن گیر رہے۔ پھر انشاء اللہ تعالیٰ کسی شیطان کی دال نہیں گل سکتی۔ جب تک ہر لحہ ہر گھڑی اللہ تعالیٰ کو سمیع و بصیر، علیم و خبیر نہ جانے (وہ سنتا ہے دیکھتا ہے۔ جانتا ہے اور ہر بات سے آگاہ و خبردار ہے۔) جیسا کہ اس نے خود کئی بار اپنی ان صفات کو قرآن مجید میں دُہرایا ہے اور وہ اسی لیے ہے کہ بندہ عملی طور پر اس کے رعب و داب میں رہے تاکہ کوئی بڑے سے بڑا شیطان بھی اس کی راہ میں کھڑا نہ ہو سکے۔ اس وقت تک شیطان سے بچنا مشکل ہے حق سبحانہٗ و تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں امر و نہی کے احکام صادر فرماتے وقت اکثر دفعہ اتقوا اللّٰہ! اتقوا اللّٰہ کے الفاظ مبارک ذکر فرماتے ہیں (اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو) اس کی بھی علت غائی یہی ہے کہ بندہ ہر وقت اللہ سے ڈرتا رہے۔ ہر قول و فعل ہر نقل و حرکت کرتے وقت

Marfat.com

خیال رکھے کہ اللہ دیکھ رہا ہے۔ سنتا ہے جانتا ہے۔ خبر رکھتا ہے۔
اس سے ہمارا کوئی حال پوشیدہ اور مخفی نہیں۔ ایسی حالت میں اگر بندہ
خود بھی شیطان مجسم بن جاتے تو بھی خلاف ورزی احکام نہیں کر
سکتا۔ کیوں کہ محاسب اور کوتوال کے سامنے چوری نہیں ہو سکتی۔ نیز
آپ نے تحریر فرمایا ہے کہ جب کسی نیک صحبت۔ عبادت گاہ یا زیارت
گاہ پر بھی جاتا ہوں تو جانے سے پیشتر یہ دعا ہے کہ جاتا ہوں کہ خداوند
دو عالم جس حالت میں جا رہا ہوں والیسی پر مجھ کو اس سے بدل دے
اپنی محبت، اسلام کی روشنی۔ احکام اور عمل سے مجھے رنگ دے۔
میرے مکرم دوست! آپ کس زمانے میں ایسی باتیں کر رہے ہیں
جو دنیا والوں میں بڑا روشنی کا مینار سمجھا جاتا ہے۔ جس میں ہر کسی کی
زبان پر عمل عمل کا لفظ جاری ہے ؎

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

آپ انشاء اللہ تعالیٰ بفضلہ و بکرمہ ضرور بدل جائیں گے اور مطلوبہ
رنگ میں رنگے بھی جائیں گے۔ مگر عمل اور کوشش کرنے سے! دلی خلوص و
محبت اور کوشش کرنے سے! قرآن کریم میں: وابتغوا الیہ
الوسیلۃ کے آگے جاھدوا فی سبیلہٖ لعلکم تفلحون۔
پ۶ ع۱۰ آیا ہے۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ ایمان والو! اللہ سے ڈرتے
رہو۔ اس کی طرف کوئی وسیلہ تلاش کرو۔ اور پھر اس کی راہ میں جہاد (جہاد
بالکفار ہو یا جہاد بالنفس جیسا موقعہ ہو) یعنی کوشش کرو تاکہ تم فلاح
پاؤ (کامیاب ہو جاؤ۔ نجات حاصل کرو) اس آیت مبارکہ سے معلوم
ہوتا ہے کہ کسی کا وسیلہ اختیار کر لیا ہے تو محض وسیلہ اختیار کر کے نظر۔
توجہ اور دعا کا انتظار کرتے رہنا نہیں چاہیئے بلکہ جاھدوا کے حکم کے تحت
سخت کوشش بھی کرنی چاہیئے تاکہ گوہر مقصود تک رسائی ہو۔ جب حکم

Marfat.com

قرآن (قانون الہی) کے ماتحت کوشش کی جائے گی تو اس وقت نظر اور توجہ کا اثر چمکتا ہوا اور رنگ چڑھتا ہوا خود بخود معلوم ہو جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ محض ہاتھ پہ ہاتھ باندھے رکھنے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا؛

گفت پیغمبر باآواز بلند ۔۔۔ بر توکل زانوئے اشتر بہ بند
گر توکل میکنی در کار کن ۔۔۔ کسب کن پس تکیہ بر جبار کن

مولانا رومؒ فرماتے ہیں کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ پہلے اونٹ کا گھٹنا باندھو اور پھر توکل کرو یعنی کام کرو اور بعد ازاں اس قادر مطلق پر بھروسہ کرو۔ محض نظر اور توجہ کے انتظار میں نہ بیٹھے رہو۔ نقل و حرکت کرو۔ مقصود کو پا لوگے مثل مشہور ہے حرکت میں برکت۔ نظر اور توجہ کا مسئلہ صحبت میں حل ہو سکتا ہے۔ جس کے لیے آپ وقت نہیں نکال سکتے۔ خطوط میں نہیں سما سکتا۔ ہاں آپ کے فائدہ کے لیے اشارہ کر دیا جاتا ہے۔ لوگ بہت کم اس حقیقت سے واقف ہیں کیوں کہ بوالہوس (نفسانی خواہشات کی بڑی حرص کرنے والا) ہوتے ہیں۔ بوالمحبت (اہل محبت عاشق) نہیں ہوتے اور حقیقت یہ ہے کہ پیر کی توجہ یا نظر کا اثر مرید پہ نہیں ہوتا بلکہ معشوق کی نظر اور توجہ کا اثر عاشق پہ ہوتا ہے۔ کتنی بجلی کوند رہی ہو۔ اس کی (معشوق کی) نگاہوں میں مگر عاشق پہ گرتی ہے۔ غیر عاشق پہ نہیں گرتی۔ فافہم فتدبر (سمجھو اور غور کرو)

جب فقیر اعلحضرت امیر ملت شاہ صاحب قبلہ محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ حق پرست پہ مئی ۱۹۰۹ء میں علی پور میں ہی بیعت ہوا۔ تو آپ نے تلقین کرتے وقت فرمایا تھا کہ انسان کے دل پر شیطان کا پنجہ ہوتا ہے۔ جب وہ کسی مرد کامل کے ہاتھ پہ بیعت کرتا ہے تو دل سے شیطان کا پنجہ چھوٹ جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر ان تین حالتوں میں سے ایک بھی حالت میں مرید رہے گا۔ تو شیطان دوبارہ دل پر پنجہ نہیں مار سکتا۔ اور اگر ان تینوں میں سے ایک بھی حالت نہ رہے بالکل خالی رہے (نظر اور توجہ

سکے ہی انتظار میں رہے) تو شیطان بھیڑیا دل پر قابو پا لیتا ہے۔ وہ تین حالتیں یہ ہیں :

۱۔ مرید اپنے پیر و مرشد کی صحبت میں رہے چنانچہ مولانا روم فرماتے ہیں :

دیو گرگ است و تو ہمچوں یوسفی
دامن یعقوب مگذار اے صفی

شیطان بھیڑیا ہے اور تو مثل یوسف علیہ السلام کے۔ اگر تو بھیڑیا (شیطان) سے بچنا چاہتا ہے تو اے پاک دل ! یعقوب علیہ السلام کا دامن نہ چھوڑنا (پیر کامل کا ساتھ نہ چھوڑنا) کیونکہ ؎

گر شوی دور از حضورِ اولیاء
در حقیقت گشتہ دور از خدا

اگر تو اولیاء (پیر و مرشد) کے حضور (صحبت) سے دور ہو گیا ہے تو جان لے۔ درحقیقت تو خدا سے دور ہو گیا ہے (بے پناہ ہو گیا ہے)

۲۔ شیخ کی صحبت و معیت روحانی (قلبی) میسر رہے۔ چنانچہ فرمایا حضرت مولانا نے ؎

دلبر و مطلوب با ما حاضر است
در نثار رحمتش جاں شاکر است

دلبر اور مطلوب ہمارے پاس اور ساتھ ہے اور جان اس کی مہربانیوں کی مشکور ہے کیوں کہ ؎

ایں ہوا را نشکند اندر جہاں
ہیچ چیزے ہمچو سایہ ہمرہاں

اولیاء کی صحبت (سایہ) کے سوا کوئی چیز بھی جہان میں شیطانی وسوسوں کو دور نہیں کرتی۔ (صحبت ظاہری ہو یا باطنی)

۳۔ جو ذکر فکر مراقبہ وغیرہ بتایا گیا ہے۔ دلی خلوص و محبت سے کرتا رہے۔ فرمایا مولاناؒ نے :

Marfat.com

ذکر حق پاک است وچوں پاکی رسید
رفت بر بند و برون آید پلید

ذکرِ حق خود پاک ہے۔ اس لیے ذکرِ حق کرنے سے زبان اور دل پاک ہو جاتے ہیں۔ پلیدی اور شیطنت دُور ہو جاتی ہے۔ اس لیے ؎

ذکرِ حق کن بانگ غولاں را بسوز
چشم نرگس را ازیں کرگس بدوز

ذکر اللہ کرتا رہ تاکہ شیطان کی آواز جل جائے (وہ بھاگ جائیں) اپنی آنکھ ان مردار خوروں کی طرف سے بند کر لے۔

یہ تینوں مضامین شرح وبسط کے ساتھ "انوار الصوفیہ" میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ لاہور میں محکمہ ریلوے کے یارانِ طریقت ہر جمعرات کو حلقۂ ذکر کرتے ہیں۔ آپ بھی ان میں شامل ہوا کریں۔ انشاء اللہ سب کمزوریاں وسستیاں دور ہو جائیں گی۔ ذوق وشوق پیدا ہو جائے گا۔ اور آپ خوش ہو جائیں گے۔ اگر جلنا سیکھنا ہے تو پروانوں کی صحبت میں بیٹھا کر۔ عشق کی آگ میں جلے ہوؤں کی صحبت اختیار کر۔ امید ہے کہ تو بھی اس محبت اور عشق کی آگ میں جلنے لگے۔

سفرِ حجاز

مکتوب نمبر ۷۵

بنام جناب شیخ محمد نصیب صاحب لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ طالب خیریت۔ بخیریت۔ گرامی نامہ عین انتظار میں شرف صدور لاکر کاشفِ حالات ہوا۔ پرسوں عزیزم شیخ سعید احمد صاحب کا ملتان سے خط آیا تھا۔ جس میں آپ کے لاہور ریلوے ہسپتال میں داخل ہونے کا ذکر تھا۔ بڑی پریشانی ہوئی کہ خدایا یہ کیا

Marfat.com

خبر ہے کہ نصیب صاحب لاہور ہسپتال میں داخل ہیں اور فقیر کو معلوم تک نہیں۔ بہر حال آپ کے گرامی نامہ سے پریشانی دور ہوئی۔ اور ملاقات کا مژدہ سن کر تسلی ہوئی۔ آج ہی آپ کے خط کے ساتھ راولپنڈی سے عزیزم سلطان صاحب کا خط آیا ہے۔ اس نے بھی آپ کے متعلق فقط اتنا ہی لکھا ہے۔ سُنا ہے کہ نصیب صاحب لاہور ہسپتال میں ہیں۔ خدا خیر کرے۔ سلطان صاحب جیسا کہ آپ کے خط سے معلوم ہُوا ۵/۲۰ کو لاہور آرہے ہیں۔ واپسی پہ ۵/۲۱ یا ۵/۲۲ کو ضرور کنجاہ آئیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اگر ۵/۲۰ سے پہلے فارغ ہو کر کنجاہ تشریف لے آئیں تو بہتر ہے۔ ورنہ پھر ان کے ساتھ آسکتے ہیں۔ وہ وہاں آپ کو ملنے کی کوشش کریں گا۔ آپ کے بچوں کی تعلیمی حالت کا پڑھ کر خوشی و تسلی ہوئی۔ مولا کریم اپنے فضل و کرم سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے کہ آپ کی پریشانیاں سب دور ہو جائیں آمین۔ آپ کو غالباً معلوم ہو چکا ہے کہ فقیر براستہ خشکی بذریعہ لاریوں کے ہمراہ قافلۂ حجاج کے راولپنڈی سے وسط جون کے قریب روانہ ہو گا۔ فقیر امسال حج کے لیے جا رہا ہے۔ اس لیے کہیں باہر نہیں جا سکتا۔ رمضان شریف تو خصوصیت سے کنجاہ ہی قیام رہے گا۔ آپ نے اپنی حسبِ عادت کریمانہ لکھا ہے کہ کسی چیز کی ضرورت ہو تو لیتا آؤں۔ محترمی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ظاہری و باطنی نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ سب سے بڑی ضرورت تو آپ کی زیارت کی ہے۔ وہ تو الحمدللہ جلدی نصیب ہونے والی ہے۔ قافلہ حجاج راولپنڈی سے روانہ ہو کر گجرات کھانے اور نمازِ ظہر کے لیے ٹھہر کر شام کو لاہور پہنچے گا۔ رات وہاں قیام کر کے صبح چائے کے بعد روانہ ہو کر دوسرا قیام ملتان کرے گا۔ دوپہر کا کھانا۔ نمازِ ظہر اوکاڑہ میں ہو گا۔ وہاں کسی نے سارے قافلے کی دعوت کی ہے۔ شام ملتان پہنچ جائے گا۔ ایک رات اور ایک دن وہاں قیام کر کے غالباً

Marfat.com

دوسری رات کو روانہ ہوگا۔ پھر ایک قیام سکھر روہڑی کرکے کوئٹہ پہنچ جائے گا۔ دو دن رات وہاں قیام کرکے براستہ زہدان ایران میں داخل ہوگا۔ شمالی سرحد کے ساتھ ساری زیارتیں کراتا ہوا عراق، بغداد شریف بصرہ کویت سے ہوکر مدینہ شریف۔ وہاں ۸/۱۰ دن رہ کر مکہ شریف براستہ جدہ شریف حج کرنے کے دو تین دن بعد چھوٹے راستے سے جس میں کل ۲۲ دن خرچ ہوں گے واپس آئے گا۔ آنے جانے کے کل سفر پر ۳ ماہ لگیں گے۔ غالباً وسط ستمبر تک واپس پہنچ جائے گا۔ مولا کریم سفر مبارک کرے۔ آمین۔ لاہور یاروں کے حلقہ ذکر ختم خواجگان میں ضرور شریک ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی طبیعت وہاں بہل جائے گی۔ حاضرین مجلس پرسانِ حال کی خدمت میں السلام علیکم گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو دعا اور پیار۔

مکتوب نمبر ۷۶

مادرزاد ولی

بنام جناب شیخ سعید احمد صاحب، راولپنڈی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ طالب خیریت بخیریت۔ گرامی نامہ شرف صدور لاکر کاشف حالات ہوا۔ یہ دنیا رنج و محن کی جگہ ہی ہے غالباً اسی لحاظ سے فرمایا گیا ہے کہ: "الدنیا سجن المومن (الحدیث) لیکن مومن کے لیے خالی از فائدہ نہیں ہوتیں۔ کفارہ گناہ اور باعث ترقی درجات ہوتی ہیں۔ اس لیے حوصلہ اور صبر سے برداشت کرنے میں ہی فائدہ ہے ع

برسر فرزند آدم ہرچہ آید بگذرد"

Marfat.com

کے خیال سے تقویت حاصل کرنی چاہیئے۔ نیز فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا (القرآن) کے فرمانِ حکمت نشان پر صدقِ دل سے ایمان رکھ کر تائید غیبی (امدادِ الٰہی) کی امید رکھنی چاہیئے کیونکہ لا یُخْلِفُ اللّٰہُ المیعاد ہ (القرآن) کے مطابق اس میں کسی تخلف کی گنجائش ہی نہیں۔ اس طرح ہر حال میں خوش رہنے کی توفیق ملے گی۔ خدا تعالیٰ کے ہر کام میں مومن کے لیے بہتری اور بھلائی ہی ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے: الخیر فی ما صنع اللّٰہ

"جو کچھ اللہ کرتا ہے اس میں بھلائی اور بہتری ہے۔"

مادر زاد ولی اللہ کے متعلق جذباتِ ایمانیہ قابلِ قدر و ستائش ہیں اور دلی دعا بھی ہے کہ مولا کریم و رحیم اپنے فضل و کرم اور اپنے حبیبؐ اکرم کے صدقہ میں آپ کو شرفِ قبولیت بخشے۔ آمین۔ وہاں کسی چیز کی کمی نہیں۔ وہ (اللہ تعالیٰ) اپنی وسیع رحمتوں سے اپنے بندوں کو ہمیشہ نوازتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر طرح سے رحم فرمائے۔ آمین۔ آپ کی اس خواہش سے کئی ایک گفتنی و ناگفتنی باتوں کا انکشاف ہوا ہے۔ جس کا ذکر صلاحیت احوال کے لیے ضروری معلوم ہوتا ہے۔

۱۔ دعا کی قبولیت میں حضرت ذکریا علیہ السلام کی کبر سنی اور آپ کی اولاد سے محرومی کو بڑا دخل تھا۔ یہ مثال آپ کے احوال سے مطابقت نہیں رکھتی۔ دوسرے وہ خدا کے پیارے نبی تھے جن کی دعائیں کبھی رد نہیں کی جاتی ہیں۔ اولیاء اللہ کتنے بھی بلند پایہ ہوں۔ اس معاملہ (قبولیتِ دعا) میں انبیاء کے ہم پلہ نہیں ہو سکتے۔

۲۔ آپ صاحبِ اولاد ہیں اور خدا کے فضل و کرم سے کئی بیٹوں کے باپ ہیں۔ اور صاحبِ حیثیت ہیں۔ جن کا شکر تا قیامت نہیں ہو سکتا۔

۳۔ اب بار بار مادر زاد ولی اللہ کی درخواست کرنے والا معلوم نہیں

Marfat.com

دل ہے یا کوئی اور؟ اگر واقعی دل ہی ہے جسے مخزنِ انوار رحمانی کہا جاتا ہے تو پھر بڑی مبارک بات ہے اور شرفِ قبولیت کی زیادہ توقع۔

۴۔ لیکن بار بار درخواست کرنے والے نے یہ اندازہ کیسے لگا لیا کہ پہلے بیٹوں میں کوئی مادر زاد ولی نہیں ہے؟ اور یہ بھی ضروری نہیں کہ یہ اندازہ صحیح ہے۔

۵۔ صحیح اور جائز طور پر سالقہ اولاد پر حسن ظن رکھتے ہوئے یہ درخواست کی جا سکتی تھی کہ مولا کریم اپنے فضل و کرم سے سب اولاد کو نیک اور ولی اللہ کر دے۔ اور ایک انہی سے مادر زاد ولی اللہ ثابت ہو وغیرہ وغیرہ ..... اس طریقہ سے مادر زاد ولی اللہ کی بار بار درخواست کرنے کی بھی ضرورت نہ رہتی اور پہلی اولاد کے کیریکٹر پر بھی حسن ظن رہتا۔

۶۔ آپ پر اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل و کرم ہے۔ خود نیک ہیں۔ نیکوں کو دوست رکھتے ہیں۔ فقیر کے نزدیک ولی اللہ بھی ہیں۔ بارگاہِ رب العزت سے امید ہے اور آپ کو بھی امید رکھنی چاہیئے کہ آپ کی اولاد بھی آپ کے نقشِ قدم پر چل کر نیک اور بزرگ ہو جائے گی اور اپنے بزرگوں کا نام روشن کرے گی۔

۷۔ یہ اچھا معلوم نہیں ہوا کہ آپ اپنی سالقہ اولاد کا (نادانی کا زمانہ) دیکھ کر ان کے نیک اور پرہیزگار ہونے سے مایوس ہو گئے ہیں۔ آپ کو کیا معلوم؟ خداوند کریم انہی میں سے کسی کو آفتاب درخشاں بنا دے۔

۸۔ بروئے حدیث شریف شقی و سعید ماں کے پیٹ میں ہی پیشانی پر لکھا جاتا ہے۔ اس لیئے جو بعد میں جا کر ولی اللہ ثابت ہوگا وہ مادر زاد ہی سمجھنا چاہیئے۔ اگرچہ طفل پن میں اس سے کچھ امور ناگوار اور ناپسندیدہ ظہور میں آ جائیں۔ شریعت میں یہ جائز ہے کہ کسی ولی اللہ سے گناہ صغیرہ صادر ہوں۔ اولیاء اللہ معصوم نہیں۔ یہ ضروری نہیں جو مادر زاد ولی ہو

Marfat.com

بچپن میں ہی اس سے کرامات صادر ہوں ۔ اگر ساری عمر کسی ولی اللہ سے کوئی کرامت صادر نہ ہو تو اس کی ولایت میں کوئی خامی یا کمی نہ سمجھی جائے گی ۔ اس بارے میں مکتوبات حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کی طرف رجوع فرمائیں ۔

بہر حال آپ کی جملہ دُعاؤں پر فقیر آمین کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ انھیں شرفِ قبولیت بخشے ۔ آمین ۔ لیکن اس دُعا کے عجیب ہونے میں کیا شک ہے ۔ عجیب ہونے سے یہ لازم نہیں آیا کہ دُعا درست یا جائز نہیں ۔ اور آپ کے اس خط کو جو بھی پڑھے گا وہ یہی کہے گا کہ عجیب دعا ہے ۔ عجیب عجیب دُعائیں مانگنا یا کرانا بھی ہر کسی کے حصّہ میں نہیں اور آپ کو مبارک ہو کہ آپ اس معاملہ میں بھی فردِ واحد ہیں ۔ امتِ مسلمہ میں سے شاید ہی کسی نے اس خواہش اور ان الفاظ و جذبات سے دُعا مانگی ہوگی ۔ اور یہی اس کے عجیب ہونے کی دلیل ہے ۔ دل کی خواہش اور نفس کی خواہش کے درمیان آپ فرق جانیں تو بڑی خوش اسلوبی سے معاملہ صاف ہو جاتے اور آپ ہنسی خوشی تحریر بالا کو اپنے حق میں مفید مان لیں ۔ مختصراً عرض کیا گیا ہے تاکہ آزردہ نہ ہوں ۔ زبانی بہت کچھ عرض کیا جا سکتا ہے ۔ گھر میں سلام مسنون ۔ بچوں کو دُعا و پیار ۔ والسلام

مکتوب نمبر ۷۷

لیلۃ القدر

عزیز مخلصم شیخ معزالدین صاحب زاد محبتکم وحفظکم اللہ تعالیٰ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ طالب خیریت بخیریت۔ محبت نامہ موصول ہو کر باعث تسلی ہوا۔ الحمد للہ۔ اللّٰھُمَّ زد فزد۔ جو کچھ قول و تحریر سے متعلق تھا۔ وہ آپ نے اپنا اشتیاق ظاہر کر دیا ہے مولا کریم اپنے حبیب اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ آپ کے اس اشتیاق کو ثابت کرنے کے لیے ایسے افعال کی بھی توفیق بخشے۔ آمین ثم آمین۔ اس راہ میں غیر اللہ (دُنیا وما فیھا) ہی رکاوٹ ہے۔ اور غیر اللہ کی طلب اپنے نفس کی خاطر ہے۔ جب اپنا آپ فنا ہوا تو انفسی اور آفاقی سب کچھ جاتا رہا۔ یہ فنا محبت اور عشقِ مطلوب پر منحصر ہے۔ محبت اور عشق کا تقاضا ہے کہ دنیا و ما فیھا اسی راہ میں قربان و نچھاور کرنا سہل ہو جاتے۔ جس کی طرف مولانا رومؒ اس شعر میں اشارہ فرماتے ہیں ؎

ہم خدا خواہی وہم دُنیائے دُوں
ایں خیال است و محال است و جنوں

لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ط میں بھی فرمایا گیا ہے۔ مولا کریم ہمیں یہ مقامِ عالی اپنے محبوبوں کے صدقے حضور صلی اللہ علیہ وسلم خوباں و محبوباں کے صدقے عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس رات کو تلاش کے لیے آخری عشرہ رمضان شریف کا اعتکاف فرمایا ہے اور خاص کر طاق راتوں میں تلاش کرنا فرمایا ہے۔ اس لیے ۲۱ ۲۳۔ ۲۵۔ ۲۷ اور ۲۹ پانچ راتیں اگر خدا تعالیٰ توفیق دے تو ساری ساری رات عبادت میں گزار دینی چاہیئے۔ ذکر فکر مراقبہ تہجد ختم خواجگان

Marfat.com

وختم معصومیہ وختم مجددیہ کسی میں وقت باوضو گزارا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ لیلۃ القدر کی رات عبادت کرنے کا ثواب ضرور مل جائے گا۔ اسی کی ضرورت ہے۔ اس کے اثرات ہم پر ظاہر ہوں یا نہ ہوں۔ کیوں کہ علامات ونشانات کا ظہور عام طور پر اہلِ کشف لوگوں پر ہوا کرتا ہے۔ سب سے بڑی علامت جو تحریروں میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ عبادت میں دل لگتا ہے۔ رقتِ قلب۔ چشم گریاں نصیب ہوتی ہے۔ اور ایک قسم کا ناقابلِ بیان سرور وکیف میسر ہوتا ہے۔ صاحبان کشف میں سے اکثر کو ہر شے سجدہ میں اس وقت نظر آتی ہے۔

قرآن کریم کے مطابق ان حالات کا ظہور کا وقت عشا کے بعد سے شروع ہو کر طلوعِ فجر یعنی ختم سحری تک رہتا ہے۔ اس لیے ساری رات ہی جاگنا چاہیئے۔

مکتوب نمبر ۷۸

قرن ہا باید کہ تا یک مرد صاحب دل شود

عزیزم مخلص ومحترم محمد یوسف صاحب، اعلیٰ اللہ درجاتکم ظاہراً وباطناً
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالبِ خیریت بخیریت گرامی نامہ شرف صدور لاکر کاشفِ حالات ومعطی برکات ہوا۔ جواب میں مختصراً اہم ناقص میں جو کچھ لکھ دیا ہے خدا کرے مسئلہ واضح ہو گیا ہو۔ زبانی بہت کچھ عرض کیا جا سکتا ہے۔ خط اور چٹھیاں اس کی متحمل نہیں ہو سکتیں۔ جس طرح مرید بنتے ہی مرید کامل نہیں بنتا۔ ارادت اور عقیدت کی پختگی وقت چاہتی ہے۔ اسی طرح ایمان لاتے ہی کامل ہو جانا یا مومن کامل الایمان ہو جانا کارے دارد والا معاملہ ہے۔ اِلّا ماشاءَ جس کی شہادت قرآن شریف کی آیت آیت دے رہی ہے۔ خواب کا واقعہ بہت نفیس ہے۔ خشیتِ الٰہی اور محبتِ الٰہی کثرت ذکر کا ہی نتیجہ ہے اور ذکر کرتے

Marfat.com

رہنے کی کوشش جبر و کراہ ہی سے کیوں نہ ہو۔ یہی جہادِ اکبر ہے جو قابلِ ستائش صد مبارکباد ہے۔

عزیزم عبدالقیوم اطال اللہ العمرہ واسعد اللہ تعالیٰ کی افتاد تو اچھی معلوم ہوتی ہے۔ خداوند کریم باعثِ رحمت و برکت کرے۔ آمین۔ کمی ملاقات ترقی میں بڑی حارج ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماتے۔ اور دلوں کو وسیع فرماتے، آمین! اِنَّمَا کا کلمہ حصر کا ہے جو ظاہر کر رہا ہے کہ یہاں مومنوں سے مراد وہ (یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا) والے لوگ مراد نہیں بلکہ ان سے زیادہ اوصاف والے مراد ہیں۔ خیال فرمایئے کہ اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا کے معنے بتا کر کہ وہ وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں ثُمَّ کا کلمہ یا حرف لاتے ہیں ثُمَّ (پھر معنے) بہت بڑا وقفہ کو چاہتا ہے۔ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا (سورۃ الحجرات) کے وصف کے ساتھ ہی واؤ عاطفہ لا کر ایک دوسرے وصف یعنی جانی اور مالی مجاہدہ کا ذکر فرمایا ہے۔ یہاں مومنوں کی تعریف فرماتے ہوئے ایمان اور کچھ اعمال کا ذکر فرما دیا ہے۔ حالانکہ سوائے وہابیہ کے جن کے ہاں اعمال ایمان میں ہی شامل ہیں باقی تمام اہلسنت کے نزدیک ایمان میں اعمال شامل و داخل نہیں، اب آپ جانیں کہ اس آیت میں کون سے مومن کی تعریف کی گئی ہے مبتدی کی یا منتہی کی؟ جن لوگوں نے مالی اور جانی جہاد نہیں کیا۔ اس آیت کے مطابق وہ مومن ہیں کہ نہیں؟ اگر ہیں تو مبتدی یا منتہی؟ اگر ہر جگہ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا سے کامل الایمان لوگ ہی مراد ہیں مذکورہ تعریف کے ساتھ تو یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ وَجَاھِدُوْا فِیْ سَبِیْلِہٖ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ پ ۶ کی آیت پاک ۱۰۴ پر غور فرمائیں کہ وہاں تو مجاہدہ فی سبیل اللہ مومنوں کی تعریف میں آ رہا ہے اور یہاں یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا پر تقویٰ۔ وسیلہ اور مجاہدہ مستزاد فرما کر فلاح کی اُمید دلائی گئی ہے۔ اس آیت میں غور کرنے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہر جگہ اتَّقُوا اللّٰہَ سے حَقَّ تُقٰتِہٖ مراد نہیں فَاتَّقُوا اللّٰہَ مَا اسْتَطَعْتُمْ

Marfat.com

پ۲۶ ع ۱۴) قابلِ غور ہے۔ جو ابتدائے تقویٰ پر دال ہے۔ نیز شروع سورۃ بقرہ میں ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ کے بعد متقین کی جو تعریف اور تشریح کی گئی ہے۔ اس پر غور فرمائیں اور اس آیت زیر بحث کے اوپر قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ط قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰکِنْ قُوْلُوْآ اَسْلَمْنَا وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ ط (الحجرات پ۲۶ آیت ۱۴) بدووں نے کہا ہم ایمان لے آئے (اے محبوب) تو فرما تم نہیں لائے ہو ہاں یہ کہو کہ جبکہ ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا) والی آیت آئی ہے۔ ان کے دعوٰئے ایمان کے مقابلہ پر یہ آیت لائے ہیں۔ فتدبر۔ دین کی تکمیل سے پہلے جو مومنین گزر چکے ہیں۔ ان کی نسبت کیا ارشاد ہے،

۳۔ اگر ہر جگہ اتَّقُوا اللّٰہَ کے بعد ایک دو یا چند اوامر و نواہی حقوق اللّٰہ حقوق العباد وغیرہ اعمال کا ذکر آیا ہے حَقَّ تُقٰتِہٖ والا تقویٰ ان سب پر حاوی ہے۔ حَقَّ تُقٰتِہٖ (جیسے ڈرنے کا حق ہے) کے بعد اگر ذکر ہے تو بس مرنے کا ذکر ہے۔ جو انسان کا اختیاری فعل نہیں ہے۔

۴۔ اگر ہر جگہ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا میں کامل الایمان لوگ ہی مراد ہیں تو الحمدللہ چشم ما روشن دل ما شاد! کیونکہ جتنے انعام و اکرام کے وعدے فرمائے گئے ہیں سب مومنین کاملین کے لیے ہیں۔ موج ہوگئی۔ لیکن پھر اوامر و نواہی (افعال تقویٰ) پر ترغیب و ترہیب واللّٰہ اعلم بالصواب کیا ضرور ہے تقویٰ کا مطلب صاف فقط اتنا ہی ہے کہ اس کے خوف سے اس کے اوامر و نواہی کی تعمیل کی جائے تاکہ اس کی خوشنودی اور رضا حاصل ہو۔ اس کی کمی بیشی پر مومنوں کے درجات قرب مدارج مومنین کا دارومدار ہے۔

۵۔ تکمیلِ دین کے الفاظ دو بار آپ نے تحریر فرمائے ہیں۔ فقیر ان کا مدعا نہیں سمجھ سکا۔ (النبی اولیٰ) سورۃ الاحزاب والی آیت ہی ہے اور آپ کے حسنِ ظن کا خیال کرکے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت عمر رضؓ نے لوگوں کی تعلیم کے

Marfat.com

ہے یہ وطیرہ اختیار کیا ہو جس طرح حدیث بخاری کتاب الایمان میں خود حضرت جبرائیل علیہ السلام آکر ایمان، اسلام، احسان اور قیامت کے متعلق سوال کرتے اور جواب پاتے ہیں۔ تو حضور صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم بعد میں فرماتے ہیں کہ یہ جبرئیل تھے تم کو دین سکھانے آئے تھے۔ واللہ اعلم بالصواب اولی کے معنے مترجم محدّث نے یہاں مالک ہیں۔ اور اس کی اگلی ساتھ والی آیت میں اقرب (زیادہ قریب) کے لیے ہیں۔ فرما رہے ہیں اس پر زبانی بہت کچھ عرض کیا جا سکتا ہے ع

قرن ہا باید کہ تا یک مرد صاحب دل شود

۲۶ ص ۳۴۵ والی آیت میں اِنَّہٗ کی ضمیر حضرت نوح علیہ السلام کی طرف راجع ہے (اِنَّہٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ (صٰفّٰت) اور مومنین سے مُراد یہاں انبیاء علیہم السلام ہیں۔ ترجمہ میں اعلیٰ درجہ کے کامل الایمان کے الفاظ ہیں اس پر دال ہیں۔

واللہ اعلم بالصواب سب کو سلام گھر میں سلام مسنون بچوں کو پیار و دعا

مکتوب ۷۹

بےپھلدار اور اپھل درخت

بنام سردار نعیم اللہ خان صاحب بی اے۔ ایگزیکٹو آفیسر قصور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ طالب خیریت بخیریت۔ دستی نامہ موصول ہو کر کاشفِ حالات ہوا۔ خلافِ احکام خدا و رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جن پر فقیر کے عریضہ جات میں کافی بحث موجود ہے آپ کا روزانہ داڑھی مونڈنا یا منڈوانا اس کو اپھل سمجھ کر نہیں کرتے تو اور کیا ہے؟ اگر اس کو پھل لانے والی یعنی مفید سمجھتے تو ہرگز ہرگز۔ پیش

Marfat.com

مبارک سے چہرہ کو محروم نہ کرتے بلکہ چہرہ کو بھی مبارک بناتے۔ کیونکہ عقلمند کبھی اپنے نقصان پر راضی نہیں ہوتا اور اپنا فائدہ نہیں کھوتا! اب آپ دیکھیں کہ جو کچھ لکھا گیا تھا وہ عین آپ کا عمل ہے کہ نہیں ؟ اور آپ کا اپنے آپ کو اچھا سمجھ کر اپنے ناصح کے ساتھ راہِ حق دکھانے پر روٹھ جانا ؎

"سخن شناس نے دلبرا خطا ایں جا است"

کے مصداق ہے کہ نہیں ؟ آپ ایسے چشمۂ فیض کو اچھا کون کہہ سکتا ہے۔ یہ تو خواہ مخواہ "کون نے کون سہی" والا معاملہ ہوا۔ یہ الگ بات ہے کہ اسوۂ حسنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس کو حق تعالیٰ نے عمل اور نقل کرنے کے لیے پیش فرمایا ہے۔

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ (القرآن پ۲۱ ع۱۹)

تمہارے لیے رسول اللہ کی ذاتِ اقدس اور وجودِ پاک میں عمدہ نمونہ (عمل اور نقل کرنے کے قابل) ہے۔ پر عمل کرنا نہیں چاہتے۔ لیکن گستاخی معاف آپ نے اتنی اعلیٰ تعلیم اور ایک بڑے شریف گھرانے میں تربیت و پرورش پا کر اپنے بزرگوں کا احترام و اکرام کرنا یہی سیکھا ہے کہ ان کی نصیحت کرنے پر روٹھ گئے۔ فقیر کے ساتھ جو تعلق آپ نے پیدا کیا ہے وہ اتنا ہلکا نہیں جتنا آپ نے سمجھا ہوگا۔ فقیر مجبور ہے بلکہ فقیر کا منصب یہی ہے کہ خلافِ شریعت چلنے سے اپنے عزیزوں کو روکتا اور منع کرتا رہے اور ؎

"اگر بینی کہ نابینا و چاہ است
وگر خاموش بنشینی گناہ است"

کے مطابق اپنے آپ کو بھی گناہ سے بچاتا رہے۔ ذرا خوفِ خدا دل میں رکھ کر اور ہولِ قیامت کو خیال میں لا کر دور اندیشی سے کام لیں کہ اگر خدانخواستہ آج ہی موت آجائے تو ان کوتاہیوں کا جواز وہاں کیا پیش

Marfat.com

کیا جا سکے گا؟ کیا اگر بچہ آگ میں ہاتھ ڈالے تو اس کو ڈالنے دینا چاہیئے؟
اور اگر بچہ ہاتھ جلنے سے بچانے والے کے ساتھ روٹھے تو وہ حق بجانب
ہوگا؟ اگر در خانہ کس است یک حرف بس است ؎

اندکے پیش تو گفتم غم دل ترسیدم
کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

اللہ تعالیٰ ہدایت دے۔ آمین۔ گھر میں سلام مسنون۔ بچوں کو پیار
و دعا۔

مکتوب نمبر ۸۰ اہلِ خانہ کے نام

مندرجہ ذیل خطوط اعلیحضرت سرکار کیخا ہی طالب الٰہیؒ نے نیو سنٹرل جیل
ملتان سے اپنے اہل خانہ کو ارسال فرمائے جبکہ تحریک آزادی کشمیر ۱۹۳۱ء
میں سرگرم حصہ لینے کی پاداش میں حکومت برطانیہ نے آپ کو جیل خانہ میں
ڈال دیا تھا۔

میرے پیارو، جگر کے پارو (ٹکڑو) کنیز فاطمہ۔ نور فاطمہ۔ عزیزہ فاطمہ
اللہ تعالیٰ تم کو خوش و خرم و سلامت رکھے۔
اور تمام آفات و بلیات سے بچائے بطفیل حبیبہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم۔ آمین۔
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ میں بخیریت پہنچ گیا ہوں۔ کسی قسم کا
کوئی فکر اندیشہ نہ کریں۔ سب طرح خیریت ہے۔ اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ
رکھو۔ وہی سب کا کارساز ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہر
حقیر عمل کو قبول فرمائے آمین۔ تم لوگ بھی حوصلہ سے اور صبر سے برداشت
کرو۔ میں تمہاری تکلیفوں کو جانتا ہوں۔ لیکن اگر اللہ تعالیٰ کی رضامندی
حاصل ہو جائے تو پھر یہ تکلیفیں سب راحتوں میں بدل جائیں گی۔ ذکر۔
فکر۔ مراقبہ۔ تہجد اور پابندئ شریعت میں خوب کوشش رکھو۔ ان شاء اللہ العزیز

Marfat.com

سب کام آسان ہو جاویں گے۔ چچا صاحب قبلہ کو اسلام علیکم۔ محلہ میں سب حال پوچھنے والوں اور خورد کلاں سب کو سلام مسنون قبول ہو۔ سیف الملوک کو اسلام علیکم۔

والسلام

۱۲-۳-۳۲

مکتوب نمبر ۸۱

میری پیاری بیٹیو! کنیز فاطمہ۔ نور فاطمہ۔ عزیز فاطمہ اللہ تعالیٰ تم سب کو حفظ و امان میں رکھے۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، میری پیاری بچیو۔ تم کو خوب معلوم ہے کہ دنیاوی چیزوں میں سے مجھے تم سے بڑھ کر کوئی چیز پیاری نہیں۔ لیکن یاد رکھو کہ مسلمان وہ ہے کہ جب دین کا معاملہ پیش ہو جاوے۔ تو اپنی جان۔ مال اور اولاد کو دین پر قربان کر دے۔ اللہ تعالیٰ دین اور دنیا مقابل کر کے مسلمان کی آزمائش کرتا ہے۔ خوش نصیب ہے وہ مسلمان مرد ہو یا عورت کہ جس کو اللہ تعالیٰ اس آزمائش وامتحان میں پاس ہونے کی توفیق بخشے کوئی ایسا کام نہ کرو۔ کوئی ایسی بات منہ سے نہ نکالو کہ جس سے بے صبری ظاہر ہو۔ صبر اور شکر سے اللہ تعالیٰ کی یاد میں وقت کاٹو گی تو اللہ کے ہاں بے شک بڑے درجے ملیں گے۔ یہاں دنیا کا آرام اور خوشی چند روزہ ہے۔ اس کا بہت خیال نہ کرو۔ بلکہ عاقبت کی فکر کرنا چاہیئے جہاں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی مرضی پر لگائے اور اپنی تابعداری کی توفیق بخشے آمین۔ شیخ کریم بخش کے خط میں تم کو بھی لکھ دیا تھا۔ تم کو انہوں نے خط دکھایا ہوگا۔ امید ہے کہ یہ خط بھی تم کو عید سے ایک دو دن پہلے مل جاوے گا۔ پوری طرح سے پہلے کی طرح ہی عید مناؤ۔ قربانی ضرور

کرو۔ کسی کے ساتھ حصّہ ڈال لینا۔ بلکہ عید کے دن خاص طور پر دعا کرنا کہ تم نے خدمتِ دین و قوم میں جو قربانی کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے قبول فرمائے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا آمین۔ چاچا صاحب قبلہ کو السلام علیکم قبول ہو۔ خطان کو بھی پڑھنے کے لیے دے دیا کرو۔ محلے کی مائیوں کو بھی بے شک سنا دیا کرو۔ محلہ میں تمام خورد و کلاں مرد و زناں کو نام بنام اسلام علیکم کہہ دیا کرو۔ سیف الملوک اور اس کے تمام اہل قبیلہ کو اس کی وساطت سے السلام علیکم۔ منتظر کو دیدہ بوسی و دعائے عمر درازی۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو تمام آفات و بلیات سے بچائے اور اپنی محبت میں قائم رکھے۔ آمین۔

مکتوب نمبر ۸۲

میرے پیارے بچو کنیز فاطمہ، نور فاطمہ، عزیزہ فاطمہ اللہ تعالےٰ تمہیں ظاہری باطنی آفات سے بچائے۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ ایک لفافہ تمہارا کارڈ پہنچنے سے پہلے حوالدار فیروز خان (حضرت باباجی فیروز خاں صاحب فیروز آبادی گجراتی خلیفہ مجاز اول اعلحضرت سرکار کنجاہی طالب الہیؒ) کے نام ارسال کیا تھا۔ صبح لفافہ ڈالا اور پچھلے پہر تمہارا لفافہ ملا۔ اس میں تمہارے نام بھی خط تھا۔ امید ہے کہ فیروز خاں نے پہنچا دیا ہوگا۔ اس میں شیخ کریم اور عبدالحمید کی طرف بھی رقعے تھے لیکن نہ فیروز خاں کی طرف سے جواب آیا ہے نہ شیخ کریم یا عبدالحمید کی طرف سے۔ اس لیے آج یہ لفافہ تمہارے نام بھیجا جاتا ہے۔ تاکہ تم جواب دو کہ وہ پہلا لفافہ بھی تم کو ملا ہے کہ نہیں۔ اس میں بھی لکھا تھا کہ انشاء اللہ تعالیٰ اب جلدی پیارے بچوں کے چہرے دیکھنے نصیب ہوں گے۔ اگر اس مہینہ میں کوئی صورت پیدا نہ ہوئی تو اگلے مہینے یعنی جولائی میں تو قید کے دن ہی ختم

Marfat.com

ہو جائیں گے۔ اگر کچھ اور دن رعایت کے نہ بھی ملے تو بھی بیس اکیس جولائی تک انشاءاللہ تعالیٰ رہائی ہو جائے گی۔ گویا یہ خط تمہارے پاس پہنچنے تک فقط بیس یا بائیس دن رہ جائیں گے باوجود دن کی گرمی کے رات عام طور پر ٹھنڈی ہوتی ہے۔ ہوا چلتی رہتی ہے۔ مجھے تو کنجاہ کی گرمی سے زیادہ گرمی یہاں معلوم نہیں ہوتی۔ جیل خانہ شہر سے باہر جنگل میں ہونے کی وجہ سے گرمی زیادہ معلوم نہیں ہوتی۔ یہاں سے آخری لفافہ انشاءاللہ تعالیٰ دس بارہ جولائی کو لکھوں گا۔ اگر کسی چیز کی ملتان سے ضرورت ہو تو لکھ بھیجو اگر رہائی کے دن وقت مل سکا تو شہر سے لیتا آؤں گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ورنہ خیر۔ پچھلے خط میں کنیز فاطمہ نے درد بھرا مضمون لکھا تھا۔ میرا اور تمہارا سب کا والی خدا ہے۔ ہمارا سب کا اسی پر توکّل ہے اور اسی پر بھروسہ ہے۔

جب تک زندگی ہے جو کچھ نصیبوں میں ہے ملتا رہے گا۔ ہمیں فقط اسی کے دروازے پر گرے رہنا چاہیئے۔ اور سوائے اس کے در کے کسی در سے امید نہ رکھنی چاہیئے۔ ذکر، فکر، مراقبہ، تہجد اور شریعت کی تابعداری میں پوری کوشش کرتے رہنا چاہیئے۔ جو جو کسی کا حق ہم پر ہے اس کو اچھی طرح سے ادا کرنا چاہیئے اور بس۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ گھبرانے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ صبر اگرچہ کڑوا ہے لیکن اس کا پھل میٹھا ہے۔ صبر کرنے اور اللہ تعالیٰ کی مرضی پر راضی رہنے سے تمام رنج و تکلیف خوشی میں بدل جاتی ہے۔ چاچا صاحب قبلہ کو السلام علیکم۔ محلہ میں سب خورد و کلاں کو سلام و دعا۔ سیف الملوک اور اس کی معرفت اس کے سب قبیلے والوں کو سلام مسنون۔ بچوں کو پیار۔ منتظر کو دیدہ۔

تمّت بالخیر

Marfat.com